سلسلۂ انجمن ترقی اردو

نمبر ۱۱

# فلسفۂ اجتماع

یعنی

جماعات کی دماغی زندگی کی تحلیل و تشریح

از

عبدالماجد، بی۔ اے

مصنف "فلسفۂ جذبات"، "غذائے انسانی" و سایکالوجی آف لیڈرشپ (انگریزی) وغیرہ

دارالناظر پریس واقع چوک لکھنؤ طبع گردید

اول سنہ ۱۹۱۵ء قیمت عہ

عبدالماجد بی۔ اے

URDU STACKS

# فہرست مضامین

# دیباچہ

سنہ ۱۹[illegible] مین میرے زیر صدارت بعض احباب نے ایک مختصر علمی انجمن قائم کی، جسکا معیار بہت بلند، اور جس مین داخلہ کے شرائط نہایت سخت رکھے گئے۔ نتیجہ یہ ہوا، کہ ارکان کی تعداد کبھی نصف درجن سے بڑھنے نہین پائی۔ لیکن انجمن کا ابھی ایک ہی آدھ جلسہ ہوا تھا، کہ آپس مین اختلاف پیدا ہوا، جو چند روز مین مخالفت کی حد تک پہونچ گیا، یہانتک کہ مجبوراً انجمن کو توڑ دینا پڑا۔ عام مجلسون اور انجمنون کی شکست کے جو اسباب عموماً بیان کیے جاتے ہین (مثلاً ارکان کی ذاتی رنجش)، ان مین سے یہان کوئی سبب موجود نہ تھا۔ مین نے ہر چند غور کیا، مگر کوئی بات صاف سمجھ مین نہ آئی۔ البتہ اتنا ضرور پاتا تھا، کہ ہم مین سے ہر شخص دوران جلسہ مین اکثر بے اختیارانہ ایسا طرز عمل اختیار کر بیٹھتا تھا، جو اسکی عام افتاد طبیعت سے بہت بعید ہوتا تھا، اور جس پر وہ خود بعد کو تاسف کرتا۔ گویا، ہر شخص کی ذہنیت جو جلسہ کے اندر ہوتی، وہ اس سے مختلف ہوتی تھی، جو جلسہ کے باہر ہوتی۔

عین اسی زمانہ مین فرانس کے مشہور فلسفی گسٹیو لی بانؔ کی ایک کتاب،
نظر سے گزری، جس نے دفعۃً نگاہ کے سامنے سے غلط فہمیون اور خود فریبیون
کا بہت بڑا طلسم، باطل کردیا، اور سے نئے حقائق کا، ایک میدان آگے کردیا،
لیکن جو آنکھین مدت سے تاریکی کی خوگر ہون، وہ دفعۃً نور آفتاب کے مقابل
کردی جائین، تو خواہ مخواہ خیرہ ہو جائین گی، مجھے اعتراف کرنا چاہیے کہ اول
نظر مین مجھے سخت وحشت ہوئی۔ مگر راستی دیر یا سویر اپنا اثر ضرور دکھاتی ہے
یہ وحشت محض چندروزہ ثابت ہوئی۔ اب مجھے اپنے تمام معتقدات اجتماعی پر
نظر ثانی کرنا پڑی، انکار، شک مین، اور شک، اقرار مین تبدیل ہونے لگا تا آنکہ
کچھ روز مین مین لی بان کی پیمبری پر ایمان لے آیا۔

اسی زمانہ سے مین نے اپنی تاریخی مطالعہ کو زیادہ وسیع کردیا۔ تاریخ سے
سنین و اعداد کے رجسٹر مراد نہین، بلکہ اقوام معاصر و گذشتہ، اور جماعات موجودہ
کے طریق حیات کا مطالعہ مقصود ہے۔ تاریخ کی کتابین، سفرنامہ، سیاحون
کے مشاہدات، ناول و ڈراما، اور اخبارات کی فائلین، جو حیات اجتماعی کے
بہترین ترجمان ہوتے ہین، غور سے پڑھتا رہا۔ ہندوستان کی بڑی بڑی
انجمنون، لیگون، اور کانفرنسون مین کثرت کے ساتھ شریک ہوا، اور شرکا،
کے دماغی طریق حیات کا مشاہدہ کرتا رہا۔ ۱۹۱۲ء مین محض آزمایش کی غرض
سے۔ چند مخصوص اشخاص کی جنکی خلوص نیت پر اعتماد تھا، ایک سوشل
(معاشرتی) انجمن قائم کی، تاکہ اجتماعی زندگی کا کوئی خفیف پہلو بھی نظر انداز

لہ Gustave Le Bon

نہ ہونے پائے۔ ان سب مختلف ذرائع سے جو تجربات حاصل ہوئے اُن سے گزشتہ استنباطات کی تائید ہوتی رہی، اور ہر متاخر تجربہ اپنے پیشرو کی تصدیق کرتا رہا۔

اس پنجسالہ تفحص و مشاہدہ سے جو نتائج حاصل ہوئے، اُسکا جزو غالب صفحات آیندہ مین بیان کیا جاتا ہے، اِن کا محرک اول، جیسا ابھی عرض ہوچکا ہے، لی بان کی تصانیف ہین، اسکے علاوہ میرے علم مین، ابتک مخصوص اس موضوع پر اور کسی شخص نے قلم نہین اُٹھایا ہے، البتہ بعض اور مصنفین نفسیات و عمرانیات کی تحریرون مین جستہ جستہ اس طرف کچھ اشارات ملتے ہین، مثلاً انگلستان مین، ........ پروفیسر میکڈوگل[1] و ڈاکٹر مرسیر[2] یا امریکا مین پروفیسر گڈنگس[3] و ڈاکٹر بورس سیڈس[4] کی تحریرون مین۔ عنویہ مواد بھی سارے کا سارا میرے پیش نظر تھا، لیکن مین استنباط نتائج مین ان مین سے کسی کا دست نگر نہین، اس سارے لٹریچر کے مطالعہ سے صرف اتنا ہوا، کہ ان کی تائید سے مجھے اپنے نتائج مین اور زیادہ تقویت ہوگئی، نہ یہ کہ مین نے اس کے بل پر اپنے کلیات و استنباطات کی عمارت قائم کی ہو۔ ان لوگون کے اقوال مین نے جابجا تائیداً نقل کیے ہین

---

[1] Prof Wm McDougall

[2] Dr Mercier

[3] Prof: Giddings

[4] Dr Boris Sidis

لیکن جہان ان سے اختلاف کرنا پڑا ہے، اسکی مثالین بھی شاذ نہین۔

اس تفصیل سے ہمارے باخبر اخبار نویسون و ریویو نگارون کو یہ معلوم ہو جانا چاہیے، کہ رسالۂ ہذا "تراجم" کی فہرست مین شامل نہین، گو یہ امر بہت مشتبہ ہے کہ ان تصریحات کے بعد بھی اس طرح کی تنقیدون کی روک تھام ہو سکے گی، جس ملک کے بہترین دماغون کی پرواز فکر کا سدرۃ المنتہی یہ ہو کہ کوئی کتاب خواہ کسی درجہ کی ہو، یورپ سے ترجمہ ہو کر آجائے، اور جس زبان کے ناقدین، انجمن ترقی اردو کے کارنامون کا طغراے امتیاز یہ سمجھتے ہون، کہ "اس نے اردو مین ایک اور مفید ترجمہ کا اضافہ کیا ہے"، وہان یہ توقع رکھنا، کہ اجتہاد فکری، ذاتی تحقیق و تفحص، اور مشاہدۂ جزئیات سے استنباط کلیات، کو وقعت واجب کی نظرون سے دیکھا جائے گا، ایک طرح کی حماقت ہے۔

غالب سوختہ جان را چہ بہ گفتار آری

بہ دیارے کہ نہ دانند نظیرے ز قتیل

اس سلسلہ مین شاید بعض ناظرین اس اطلاع کو دلچسپی سے سنین، کہ رسالۂ ہذا کا ملخص، کسی قدر اختلاف مضمون کے ساتھ، "سایکالوجی آف لیڈر شپ"، کے عنوان سے، لنڈن کے مشہور پبلشر فشر انون کمپنی کے یہان سے، انگریزی مین بھی شائع ہو گیا ہے۔

افسوس ہے کہ اس کتاب مین کتابت کی دوسری غلطیون کے علاوہ رموز اوقاف (Punctuation) کی غلطیان بہت کثرت سے رہ گئی ہین،

ہمارے یہاں کے کاپی نویس و مصحح اس شے سے بیگانہ ہوتے ہیں، خود مصنف کہاں تک درست کرتا۔

گولہ گنج، لکھنؤ،
۱۸ دسمبر ۱۹۱۵ء

عبدالماجد

# مقدمہ

مملکت فرانس کی کسی عدالت کے سامنے ایک مقدمہ درپیش ہے، جج کے گرد جوری حلقہ کئے ہوئے ہین، ملزم کی طرف سے پیروکار مشہور و معروف فرنچ بیرسٹر مسیو لاشاو ہے۔ وہ تقریر شروع کرتا ہے، اور ساتھ ہی جج اور ممبران جوری متاثر ہونے لگتے ہین۔ لیکن ایک خاص جوری اس عام کیفیت سے مستثنیٰ ہے۔ اسنے مقدمہ کے واقعات کی رتی رتی اطلاع ہوچکی ہے۔ وہ دل مین یہ عہد کرکے آیا ہے، کہ وکلا و بیرسٹرون کی خطابت اُسے کسی طرح شاہراہ انصاف سے منحرف نہ ہونے دیگی، مانا کہ بریت جرم پر تقریر کرنے والا نہایت مشہور سحر بیان بیرسٹر ہے، مگر اس سے کیا ہوتا ہے، وہ خود ذاتی طور پر ملزم کے مجرم ہونے کو متحقق کر چکا ہے، اور آج وہ ہرگز اپنے حسِّ عدل پروری کو وکیلانہ چرب زبانی سے نہ مغلوب ہونے دیگا۔ لاشاو کی تقریر کو شروع ہوئے دس منٹ، پندرہ منٹ، بیس منٹ ہوچکے ہین، اور تمام سامعین اسکے زور بیان و فصاحت پر مرحبا و آفرین کہہ رہے ہین، لیکن اس جوری کا یقین واثق اب بھی بالکل غیر متزلزل ہے۔ ناواقفون کا فریب مین آجانا ممکن ہے۔ لیکن اُسے ناواقف کون کہہ سکتا ہے؟ وہ ذاتی طور پر اس معاملہ کی تحقیق کرکے ملزم کے قصوروار ہونے کے نتیجہ پر پہنچ چکا ہے، اور اسکے یقین کامل کو دنیا کی کون سی زبان آوری شکست

دے سکتی ہے ۹۔ آدھ گھنٹہ ہوگیا، پینتیس، چالیس، یہانتک کہ پورے پینتالیس منٹ گذر گئے، اور عہدِ راسخ، ابتک خطابیات کی حملہ آوریوں سے غیر مغلوب ہے۔ میپولا شناو کا جوش تقریر اب اپنے منتہائے شباب پر ہے، سامعین مین سے ہر شخص ہمہ تن گوش ہے، اور عدالت کے در و دیوار کے ساتھ حاضرین کے دلون سے بھی اسکے موثر الفاظ کی صدائے بازگشت آرہی ہے، کہ بے شان وگمان دفعۃً وہ اپنی تقریر مین قطع کلام کرکے، حاکم عدالت سے مخاطب ہو کر کہتا ہے،

"براہ مہربانی چپراسی کو حکم دیجیے، کہ سامنے کے دریچہ پر پردہ چھوڑ دے ادھر سے دھوپ آرہی ہے، جس سے فلان جوری صاحب کو تکلیف ہو رہی ہے!"

یہ جملہ ایک عمل تسخیر تھا، عہد و پیمان عزم و ثبات کا قلعہ بات کی بات مین مسخر ہوگیا۔ چہرہ پر سرخی کا آنا، لبون پر خفیف مسکراہٹ کا نمودار ہونا، اور زبان کا شکریہ کے لیے کھلنا آناً فاناً کا کام تھا، بالآخر چند منٹ کے بعد جب ملزم کی رہائی کا حکم سنایا گیا تو دیکھنے والون نے دیکھا، کہ اس فرمان رہائی پر ان جوری صاحب کے بھی دستخط تھے!

نفس بشری کی اثر پذیری و تلون کی یہ کیسی روشن مثال ہے!

---

یورپ کی بین الاقوامی صلح کانفرنس کی طرف سے ایک پادری صاحب ہندوستان کے ایک مشہور شہر مین بھی عقاید صلح و آشتی کی تبلیغ کے لیے مقرر کیے جاتے ہین۔ یہان روزانہ شام کو کسی نمایان مقام پر وہ صلح و آشتی حلم و درگزر کی خوبیون پر وعظ کرتے ہین، اور غیظ و غضب کو دنیا کی سخت ترین لعنت سے تعبیر کرتے ہین۔ سامعین ان کی آزمایش کے لیے اثنائے تقریر مین ان کو طرح طرح چھیڑتے ہین، لیکن ان کو کبھی

اشتعال نہین آتا۔ شدید ترین سخت کلامیون کا جواب بھی وہ ہمیشہ خندہ روئی کے ساتھ دیتے ہین۔ ایک عرصہ کے تجربہ کے بعد لوگون کو یقین ہوجاتا ہے کہ پادری صاحب ایک پیکر حلم و متانت اور مجسمہ ضبط و تحمل ہین۔ خاص معتبر و ثقہ اشخاص کا بیان ہے، کہ انھون نے کبھی پرایوٹ صحبتون مین بھی انھین برہم یا چین بہ جبین ہوتے نہین دیکھا۔ یہی پادری صاحب ایک مرتبہ گھر مین کھانے پر بیٹھتے ہین تو ہندوستانی باورچی غلطی سے کھانے مین نمک زیادہ کر دیتا ہے، پادری صاحب اُسے بلا کر فہمایش کرتے ہین، دوسرے دن اتفاق سے وہ پھر ویسی ہی غلطی کرتا ہے، پادری صاحب آج بھی اُسے فہمایش کرتے ہین، مگر کسی قدر خشونت کے ساتھ۔ لیکن جب تیسرے دن، پادری صاحب دن بھر کے تھکے ماندے، رات کے وقت کھانے پر بیٹھتے ہین، اور باوجود اپنی مکرر فہمایش کے، پھر نمک زیادہ پاتے ہین، تو فرط غضب سے کھانا اُٹھا کر پھینک دیتے ہین، اور باورچی کو انتہائی سخت سُست الفاظ سے یاد کرتے ہین، بلکہ جب وہ سامنے سے ہٹ جانا چاہتا ہے، تو اسے مارنے دوڑتے ہین۔

بعض دل لگی باز اس پیکر متانت کی اس غیر متین حالت کو چھپکر دیکھتے ہین، اور اس پر ایک گونہ تعجب کرتے ہین۔

---

سقراط، یونانی فلسفہ کے نظام شمسی کا آفتاب ہوا ہے۔ ارسطو، فلاطون، دیوجانس، اپیکورس، جملہ اساطین فلسفہ نے جنکے ذریعہ سے علم و حکمت کی روشنی آج تمام عالم مین موجود ہے، براہ راست یا بالواسطہ علم کا پہلا جرعہ اسی ساقی کے دست کرم سے لیا تھا۔ علم و فضل کے ساتھ زہد و اتقا بھی اسکی گھٹی مین پڑا تھا۔

سارا یونان اسکی پاکبازی کا قائل تھا، دیانت داری، راست بازی، حلم، ضبط نفس، وغیرہ تمام محاسن اخلاق جو اخلاقیات کے عنوانات جلی ہوتے ہین، سب اسکی ذات مین مجتمع سمجھے جاتے تھے۔ اسکے خاص رازدار دوستون کی یہ متفق علیہ روایت ہے، کہ اسکا قدم کبھی شاہراہ اخلاق سے باہر نہین پڑا۔ ان زبردست شواہد نے خود ہمین اسکی معصومیت کا معتقد کردیا، اور ہمین یہ یقین آچلا کہ خواہ کچھ ہو، مگر یہ ناممکن ہے، کہ سقراط کے قدم کو کسی شدید سے شدید تقویٰ شکن صحبت مین لغزش ہوسکے لیکن دفعتاً اسی مرقع کا دوسرا ورق ہمارے سامنے کھلتا ہے، اور ہمین یہ تماشا نظر آنے لگتا ہے، کہ اسپیپیا نامی ایک زن بازاری کے گرد اسکے حلقہ بگوشون کا مجمع ہے[۱]، اور اسی حلقہ مین حضرت سقراط بھی موجود ہین، ہم اس نظارہ کو اپنی نگاہ کا دھوکا تسلیم کرکے اسکی طرف سے اپنا منھ پھیر لیتے ہین، لیکن معاً یہ دوسرا سین سامنے آجاتا ہے، کہ ایک دوسری آبرو باختہ عورت ڈیوٹیما کی خلوت بستر گرم ہے، اور اس دربار کے حاشیہ نشینون مین پھر سقراط کی صورت جلوہ گر ہے۔ ہم اب بھی حسن ظن سے کام لیتے، لیکن تیسرا منظر اُس سے بھی زیادہ بے پردہ ہمارے سامنے آموجود ہوتا ہے۔ ایک محفل نشاط برپا ہے، ایک نہایت خوشرو امرد ساقی گری کر رہا ہے، جام پر جام دودہ کر رہا ہے، اور جو شخص سب سے زیادہ شوق و بیتابی کے ساتھ اس ساقی ہوش ربا (الکیا بیڈس نامی) کے ہاتھ سے جام لے رہا ہے، وہ وہی پیکر علم و فضل، وہی تمثال ورع و تقویٰ، وہی زاہد نفس کش ہے، جسکو دنیا سقراط کے نام سے پکارتی ہے!

[۱] چیمبرز انسائیکلوپیڈیا کا مضمون نگار عام مورخین کے خلاف یہ دعویٰ کرتا ہے کہ اسپیپیا زن بازاری نہ تھی۔ اسکا بیان اگرچہ صحیح بھی تسلیم کرلیا جائے تاہم اسکی بدچلنی و آوارگی کے نہایت قوی تاریخی شواہد موجود ہین۔

کیا فطرت بشری کی تناقض عملی کی اس سے روشن تر نظیر کسی کے تصور مین آسکتی ہے؟

---

۱۹۰۹؁ء مین اسلامی ہند کا ممتاز ترین عالم، پیمبر اسلام کی خانگی زندگی کے متعلق ایک تصنیف شائع کرتا ہے، جسکی عبارت مین بعض مولویون کو سوء ادب کی جھلک نظر آتی ہے، اور اس سے حاسدون کی جماعت فائدہ اُٹھانا چاہتی ہے، اس اثنا مین یہ خبر مشہور ہوتی ہے، کہ اسی زمانہ مین، دہلی مین مولویون کا جو جلسہ ہونے والا ہے اُس مین اس کتاب کو صفحۂ ہستی سے مٹا دینے کی کوشش کی جائے گی، یہ خبر پھیلتی ہے، مگر اکثر دن کو اس پر اسلیے یقین نہین آتا، کہ اس جماعت مین بعض غیر متعصب و آزاد خیال مولوی صاحبان بھی شامل ہین، جو ہرگز اس تنگ خیالی کو جائز نہین رکھ سکتے، خصوصًا وہ مشہور عالم تو ہر حال مین اسکی مخالفت شدید کریگا، جسکی آزاد خیالی و وسیع المشربی ایک عالم کو مسلم ہے، جو رواداری کی ایک زندہ تصویر ہے، جس نے سیزدہ صد سالہ تاریخ اسلام کے چہرہ سے تعصب و عدم مسالمت کے ہر داغ کو ایک ایک کرکے دھونے مین اپنی عمر صرف کر دی، اور جس نے ایک نہایت مبسوط و محققانہ رسالہ کے ذریعہ سے دنیا پر ثابت کر دیا، کہ خلیفہ عمر فاروق پر کتبخانہ اسکندریہ کی بربادی کا الزام لگانا ایک بے بنیاد تاریخی غلطی کا ارتکاب کرنا ہے۔ لیکن واقعات کی رفتار اس حسن ظن کو قائم نہین رہنے دیتی، علما کی اسی کمیٹی کی طرف سے ایک فتویٰ شایع ہوتا ہے، کہ اس کتاب کا مصنف کافر اور اسکو برباد کر دینا ہر مسلمان پر لازم، چنانچہ اسکی تعمیل مین اس کتاب کی تمام جلدین یکجا کرکے اُن مین علانیہ آگ لگا دی جاتی ہے، اور ادب و انشا پردازی کا ایک ناقابل تقلید

نمونہ اور منتہائے تحقیق و کاوش کا ثمرہ، چند منٹ مین تودۂ خاکستر بن جاتا ہے
بالآخر جب اسکی تلاش ہوتی ہے، کہ

کس کس کی مُہر تھی سرِ محضر لگی ہوئی؟

تو یہ حقیقت رونما ہوتی ہے، کہ اس حزب المحرّقین کے ایک رکن وہ مشہور فاضل
بھی تھے، جنکی زندگی کا مقصد وحید، مسلمانونکو مسالمت، تحمل اور رواداری کا درس دینا تھا
مگر جنھون نے اس کتاب کے "قتل نامہ" پر بلا جبر و اکراہ و بطیب خاطر اپنے دستخط ثبت فرمائے۔
جو لوگ حیات نفسی کے حقیقی طریق کار سے ناواقف اور نفس بشری کی یکرنگی
و یکسانیت کے معتقد تھے، وہ اس انکشاف سے محوِ حیرت ہو گئے۔

---

اگر کوئی شخص اپنے عالم رویا کا بالالتزام جائزہ لیتا رہے، تو اکثر اسے اپنا
عکس اپنے سے اتنا مختلف نظر آئے گا، کہ خود اُسے شناخت کرنے مین دقت ہوگی۔
ایک نہایت جری و جوانمرد سپاہی یہ خواب دیکھتا ہے، کہ اسکے مکان مین ایک
چور گھس آیا ہے، جس سے وہ اسقدر خائف ہو گیا ہے، کہ بجائے مدافعت
کے، اس کا سارا جسم لرز رہا ہے۔ ایک نہایت بزدل اور استعمال اسلحہ سے ناواقف
شخص کو خواب مین یہ نظر آتا ہے کہ وہ میدان جنگ مین بکمال دلیری مصروف
قتال ہے، یا پھر ایک نہایت متقی و پاکباز بزرگ، خواب مین، اپنے تئین بعض سخت
شرمناک و شہوت پرستانہ افعال مین مبتلا پاتے ہین۔ غرض اسی طرح ہم مین سے
ہر شخص خواب مین ایسی عجیب عجیب صورتین، ایسے عجیب و غریب مناظر دیکھتا ہے
جو بیداری مین کبھی اُسکے تصور مین نہ تھے، اور بار ہا اپنے تئین ایسے افعال کا مرتکب

پاتا ہے، جن کے صدور کی طرف کبھی اسکا وہم وگمان بھی نہین جاتا تھا۔

اس طرح کے پیہم تجربات کے بعد یہ راز بالکل آشکار ہوجاتا ہے، کہ انسان کی حیات نفسی، حالات بیداری وخواب مین ایک دوسرے سے بالکل متباین ہوتی ہے، اور ایک ہی شخصیت کے اندر بالکل مخالف ومتضاد اجزا کام کرتے رہتے ہین۔

---

حضرت مسیح کی ولادت کو ابھی تین صدیون سے زائد زمانہ باقی ہے یونانی تمدن وفلسفہ کا آفتاب نصف النہار پر ہے۔ سکندر اعظم کی وفات کا واقعہ ابھی بالکل تازہ ہے۔ عین اس زمانہ مین دار الحکومت یونان مین ایک عصمت فروش عورت فراینی کی دلربائیون کا چرچا پھیلنے لگتا ہے، اسکا حسن اس بلا کا تھا، کہ اُسوقت کے بہتر سے بہتر نقاش یا مصور کو جب کبھی مجرد حسن ونزاکت کا مرقع تیار کرنا ہوتا، تو بجائے اپنی قوت تخئیل پر زور دینے کے وہ حسن وجمال کی اسی تمثال مادی کا عکس اُتار لیتا۔ گویا نقاشون اور مصورون کی جماعت مین یہ ایک عقیدہ مسلّم تھا، کہ "حسن وجمال" ایک ایسا اسم ہے، جسکا مسمّیٰ تمام عالم مادی مین، بجز فراینی کے جسم کے اور کوئی ہو ہی نہین سکتا۔ مگر یہ فراینی بہ این دلربائی، اپنے عقائد کے لحاظ سے سخت بدمذہب تھی اور صرف یہی نہین، بلکہ اسکی بدمذہبی متعدی تھی، جو اسکے حاشیہ نشینون کی جماعت کثیر مین سرایت کرتی جاتی تھی۔ یہانتک کہ کچھ روز مین عاملین حکومت کو یہ صاف محسوس ہونے لگا، کہ اسکی وجہ سے ہمارے ملک کی مذہبی واخلاقی فضا مسموم ہوتی جارہی ہے، اور اس خطرہ کا سدِّ باب کرنا چاہیے۔ یہ ارادہ کرکے فراینی پر تخریب عقائد واخلاق کی دفعہ عاید کرکے نہایت اہتمام سے مقدمہ

چلایا گیا، اور ایک ایسی عدالت مین پیش کیا گیا جسکے تمام جج نہایت درجہ محتاط، مستقل مزاج
و انصاف پرست ہونے کے ساتھ اسقدر مُسِن تھے، کہ کسی کو یہ احتمال بھی نہ تھا کہ
ان پر جذبات کا جادو چل سکے گا، بہرحال مقدمہ پیش ہوا، بریت جرم کی طرف سے
یونان کا مشہور ترین وکیل، ہایپریڈس تھا، جو ملزمہ کے خاص شیدائیون مین تھا،
اُس نے اپنی طلاقت لسانی کی پوری طاقت صرف کر دی، مگر حقایق و واقعات
کی سخت چٹان کے سامنے خطابیات کی موجین بے اثر رہین۔ جرم بالکل ثابت
تھا، شہادت قطعًا غیر مشتبہ تھی، ججان عدالت کسی سخت سزا کا حکم دیا ہی چاہتے تھے،
کہ دفعةً فرائنی نے اپنے چہرہ کو بے نقاب کر دیا، اور صرف اسی پر اکتفا نہ کی، بلکہ ساتھ
ہی اکبارگی اپنے جسم کا بالائی حصہ کمر تک عریان کر دیا[۲]۔ اس ادا کے ظاہر ہوتے
ہی ججان عدالت بیخود ہو گئے۔ نگاہون مین خیرگی پیدا ہوئی، جذبات کشی، انصاف
پرستی، فرض شناسی، خوف رسوائی، دیانت داری کی متحدہ قوتیں ہتیار ڈال دیے،
اور معًا کل کبیر السن، محتاط، و معدلت شعار کرسی نشینان عدالت نے متفقہ طور پر
ملزم کی رہائی کا حکم سنا دیا۔

نفس انسانی کی ان نیرنگیون کے سامنے کیا دنیا کے کسی بڑے سے بڑے
مضبوط و مستقل کیرکٹر کے شخص پر بھی اعتماد کامل کیا جا سکتا ہے؟

---

[۱] ناظرین کو یہ خیال رکھنا چاہیے، کہ یونانی قانون مین لامذہبی کی تلقین و اشاعت ایک شدید ترین جرم تھی جسکی
سزا اکثر حالتون مین موت ہوتی تھی، سقراط اسی الزام مین شہید کیا گیا تھا۔

[۲] بعض مورخون نے بالائی حصۂ جسم کی عریانی کی قید نہین لگائی ہے بلکہ صرف اتنا لکھا ہے کہ "فرائنی نے دفعةً اپنے
تئین برہنہ کر دیا،" مگر ہم نے اُن مورخون کا تتبع کیا ہے، جنکی روایت ناظرین کو نسبتًہ کم مستعبد معلوم ہو گی۔

پر مرد، عورت، بچہ، بلکہ کسی غیر مسلح جوان شخص پر بھی تلوار اُٹھانا آئین سپہگری
مین شدید ترین معصیت ہے۔ بیگناہون اور کمزورون پر حملہ کرنا صرف قزاقون
یا رہزنون کا شیوہ ہے، جو فوجی نقطۂ نظر سے انتہا ے بزدلی کی علامت ہے
اور جو فن سپہگری کے لیے داغ ہے، لیکن با اینہمہ جب جنگ شروع ہو جاتی ہے
تو کتنے سپاہی کتنے افسران فوج، کتنے جنرل، اپنے تئین اُس طرز عمل سے بالاتر
رکھ سکتے ہین، جسکا انتساب ایک سپاہی کے نام کے ساتھ اسکی انتہائی تحقیر ہے
رسالۂ ہذا زیر ترتیب تھا کہ یورپ مین اُس عظیم الشان جنگ کے چھڑنے کی خبر آتی
ہے، جسکے ہولناک نتائج کا تصور ہی ہر امن پسند عافیت دوست شخص کے لیے
روح فرسا ہے، اس جنگ مین وہ قومین شریک ہوئی ہین، اور نہایت فخر کے
ساتھ شریک ہوتی ہین جنھین اپنے تمدن، شائستگی، و علم پر ناز تھا، اور جن کے
فضل وکمال کے سامنے، قدیم مصر، یونان، و روم کے کارنامے بھی دب گئے تھے
انھین مہذب و شائستہ اقوام کی فوجین جسوقت قتل وخون کے اکھاڑے مین
قدم رکھتی ہین، تو ان کی سفاکی، شقاوت، و سبعیت کے آگے، افریقہ کے وحشیون
کو بھی شرم آنے لگتی ہے، پھر یہ بھی خیال رکھنا چاہیے، کہ یہ فوجین تمام تر ادنی طبقہ
کے افراد قوم پر مشتمل نہین ہوتین، بلکہ اکثر ان کا مقدمۃ الجیش اُن بزرگان قوم سے
مرکب ہوتا ہے، جو حالت امن مین علم و فضل کے دیوتا سمجھے جاتے تھے، جرمنی
ساری دنیا کو تہذیب و تمدن کے درس دینے کا مدعی تھا لیکن یہی جرمنی قہر و غضب
کا عفریت بنکر اُٹھتا ہے، اور لووین کے نہایت قدیم و مشہور کتب خانہ اور واجب الاحترام
دار العلوم کو چشم زدن مین تودۂ خاکستر بنا دیتا ہے۔ ہیگل کو دنیا نے فلسفہ

اس حیثیت سے جانا، کہ وہ علم الحیات کے عقدہ ہاے مسائل کا مکتشف اور حجت قطعی کا وارث ہے، لیکن آج دفعۃً یہ حقیقت بے نقاب ہو گئی ہے کہ وہ شمشیر بکف میدان جنگ مین اپنے ابناے جنس کو خون مین غسل کرتے دیکھکر مسرور ہو رہا ہے۔ پروفیسر ونٹ و منسٹربرگ نے اپنی ساری عمر نفسیات کے مباحث مین صرف کر دی، اور واقعہ یہ ہے کہ آج اُن سے بہتر عالم اس فن کا تمام دنیا مین نہین لیکن اس موقع پر وہ اسقدر بدحواس باختہ ہو رہے ہین کہ اپنی تمام قوت لوگون کو شرکت جنگ کی ترغیب مین صرف کر رہے ہین۔ اناطول فرانس اسوقت فرنچ انشا پردازون کا مسلم امام تھا، مگر جنگ کے شروع ہوتے ہی یہ نظارہ دیکھنا ہوتا ہے کہ اس کی اُنگلیان، قرطاس و قلم کی جگہ، سیف و تفنگ سے کھیل کر رہی ہین۔ انگلستان کا مشہور عالم کیمیائیات سر ولیم ریمزے، کل تک جرمن علماء سائنس کی مدح و ثنا مین رطب اللسان تھا، مگر آج اُسے یہ دفعۃً انکشاف ہوتا ہے کہ جرمن سائنس دانون مین اجتہاد و انکشاف، ایجاد و اختراع کی مطلق قابلیت نہین۔[1]

کیا ان حالات سے یہ صریح نتیجہ نہین نکلتا، کہ مہذب اشخاص ہمیشہ مہذب نہین رہتے، اور معقول پسند افراد ہر وقت معقول پسند نہین رہتے؟ علم و جہالت آدمیت و سبعیت، تہذیب و وحشت مین، فن صرف چند سکنڈ کا آگا پیچھا ہوتا ہے اور دونون کے حدود ایک ہی جسم کے اندر باہم متصل و پیوستہ رہتے ہین۔

---

شریف خاندان کی باعصمت لڑکیان، شرم و حیا کی تصویر ہوتی ہین، ان کی

[1] رسالہ "نیچر" مورخہ ۱۲ نومبر ۱۴ء۔

آنکھیں فحش مناظر سے اور ان کے کان فحش الفاظ سے یکسر نا آشنا ہوتے ہیں بلکہ اگر ان کے دماغ میں بھی اتفاقاً کوئی ایسا تصور پیدا ہوتا ہے جس میں کوئی بعید سا بعید پہلو لذائذ جنسی کا نکلتا ہو، تو وہ فرط حجاب وحیا سے جھجک اُٹھتی ہیں، لیکن یہی غیرت وناموس کی پتلیاں جب اپنے تئیں اپنے شوہروں کے آغوش اختلاط میں دے دیتی ہیں، تو اسوقت ان کے جذبات شرم وحجاب، غیرت وحیا کو کیا ہو جاتا ہے؟ کیا ان کو اسوقت کی انتہائی بیحجابیوں اور اپنے عام کیرکٹر میں کوئی تناقض نہیں نظر آتا؟ نہیں مطلق نہیں۔

وہ فطرت کے اس قانون کے سامنے بے بس ہیں، کہ اختلاف حالات کے ساتھ انسانی کیرکٹر کے رنگ لا محالہ بدلتے رہتے ہیں۔

---

۱۹۰۹ء کا ذکر ہے کہ فرانسیسی اخبارات میں ایک مقدمہ کی بظاہر نہایت حیرت انگیز روئیداد شائع ہوئی تھی کہ واقعات حسب ذیل ہیں:- ایک مقام پر کسی بچہ کی لاش پڑی ہوئی ملی، اتفاقاً ایک دوسرا لڑکا ادھر آنکلا، اور اس نے بیان کیا کہ یہ تو میرے اسکول کے فلان دوست کی لاش ہے۔ اس پر اس کی ماں کو خبر کی گئی، وہ آئی، اور لاش کو دیکھتے ہی چلائی کہ یہ تو میرا بچہ ہے، پھر اُس نے اسکے جسم ولباس کو بغور دیکھکر کہا کہ، اسکی پیشانی پر جو نشان ہے، یہ خاص میرے بچہ کی شناخت ہے، معلوم ہوتا ہے کسی شقی نے اسے قتل کر ڈالا، اس کے بعد اُس ماں کے بہنوئی کو اطلاع ہوئی، جس نے آکر بیان کیا کہ، ہاں یہ میرا پیارا بھانجہ ہے۔ حاکم کو شناخت میں بھی تشکین نہیں ہوئی، اُس نے مزید شہادت طلب کی

متعدد معزز گواہ پیش ہوئے، اور سب نے بالاتفاق یہ گواہی دی، کہ یہ وہی لڑکا ہے۔ انھیں گواہوں میں اُس لڑکے کے اسکول ماسٹر بھی تھے، جنھوں نے ایک بڑی شناخت یہ بتائی، کہ اس لاش کے گلے میں جو تمغہ پڑا ہے، یہ وہی ہے، جو اس بچہ کو اسکول سے انعام میں ملا تھا کیا کسی دعوے کی تائید میں اس سے زیادہ قطعی الدلالت شہادت آسانی سے تصور میں آسکتی ہے؟ لیکن واقعات مابعد نے ثابت کردیا، کہ یہ تمام ذخیرۂ شہادت مجموعہ خرافات تھا۔ جس لڑکے کی واقعتہً یہ لاش تھی، وہ پیرس کا تھا ہی نہیں، وہ بورڈو کا تھا، وہیں قتل کیا گیا، اور اُس کی لاش پیرس میں لاکر ڈال دی گئی، چنانچہ بالآخر خالو، استاد، کلاس فیلو، و دیگر معزز گواہوں میں سے سب نے اپنی غلط شناسی کا اعتراف کیا،

جن لوگوں کا یہ خیال تھا، کہ کسی رائے پر بہت سے اشخاص کا متفق ہوجانا اسکی صحت و واقعیت کی دلیل ہے، وہ اس روداد کو پڑھکر سوچ میں آگئے

---

صفحات بالا میں ناظرین کو متعدد واقعات سے، جو تاریخ یا روزانہ زندگی کے مشاہدات سے ماخوذ ہیں، روشناس کیا گیا۔ لیکن کیا اِن، بہ ظاہر باہم غیر مربوط معلومات کے اندراج سے ناظرین کی محض تفریح طبع یا ضیافتِ ذوق منظور تھی؟ نہیں، انکا اصلی مقصد، متفرق مادی مثالوں کے ذریعہ سے ایک اہم ترین حقیقت نفسیاتی کو ذہن نشین کرانا تھا، جس سے لاعلم رہ کر کوئی شخص انسان کی حیات نفسی کے حقیقی طریق کار کو نہیں سمجھ سکتا۔ اس سے ہماری مراد اس عام عقیدہ کی تغلیط سے ہے، کہ انسان کا کیرکٹر یا مزاج شروع سے آخر تک یکساں رہتا ہے۔ فطرت

بشری کے متعلق جو خیالات عام طور پر شایع ہین، ان مین سے اس سے زیادہ بعید از واقعیت کوئی دوسرا خیال نہین۔ درحقیقت، نفس انسانی کی تشبیہ مطلقاً کسی صاف سطح سے نہین دی جاسکتی، جو یکسر ہموار ہو۔ وہ اگر سطح ہے بھی، تو ایسی جو متعدد ناہمواریون سے لبریز ہے۔ خوب یاد رکھنا چاہیے کہ بجز اُن خصائص نوعی کے، جن کا ہر فرد بشر مین پایا جانا لازمی ہے، اور بجز اُن خصائص قومی کے جن کا کسی خاص قوم کے تمام افراد مین موجود ہونا ضروری ہے، افراد کے خصائص ذاتی تمامتر موثرات خارجی کے تابع و محکوم ہوتے ہین، اور چونکہ یہ موثرات خارجی ہر لحظہ تبدیل ہوتے رہتے ہین، اسلیے نفس بشری بھی ایک مستمر تلون کی حالت مین رہتا ہے، البتہ چونکہ یہ تغیرات عموماً خفیف مدارج اور تدریجی رفتار کے ساتھ واقع ہوتے رہتے ہین، اسلیے عام نظرون سے مخفی رہتے ہین۔ مگر جب کبھی ماحول یعنے گردوپیش کے حالات مین کوئی غیر معمولی تغیر ہوتا ہے، تو اسکے ماتحت انسان کے مزاج و طبیعت مین بھی دفعۃً ایسا نمایان انقلاب ہوجاتا ہے، کہ ہر شخص کی نظر اُس پر پڑنے لگتی ہے۔ یہ بے شبہہ صحیح ہے کہ ہم اپنی روزانہ گفتگو مین ہر شخص کے ساتھ ایک خاص کیریکٹر یا افتاد طبیعت کا انتساب کرتے ہین، مثلاً فلان نیک چلن ہے، فلان بدمزاج ہے، فلان دانشمند ہے، فلان علم دوست ہے، لیکن اس سے ہماری مراد ہمیشہ یہ ہوتی ہے، یا یہ ہونا چاہیے کہ فلان شخص کا مزاج اس طرح کا صرف اوسطاً یا بلحاظ اکثریت حالات ہے، ورنہ نیک چلنی، بدمزاجی دانشمندی، علم دوستی، وغیرہ مین سے ایک خصوصیت بھی ایسی نہین، جسے کوئی شخص ہر حالت مین اور ہر موقع پر ملحوظ رکھتا ہو۔

اصل یہ ہے کہ انسان کی حیاتِ نفسی دو بالکل مختلف و متبائن عناصر سے مرکب ہے۔ اس کا ایک پہلو وہ ہے، جسے ہم نفس شاعرہ یا نفس ذاتی سے موسوم کرتے ہیں، اور جسکے تحت میں وہ تمام کیفیات داخل ہیں، جن میں انسان اپنے پورے شعور و ارادہ سے پورا کام لیتا ہے۔ یہ شعبۂ نفسی، نظام عصبی کے مراکز اعلیٰ یعنے دماغ کا محکوم ہوتا ہے۔ اسی کے مقابل دوسرا عنصر حیاتِ نفسی کا وہ ہے، جسے نفس نیم شعوری یا نفس تحت الذات کہہ سکتے ہیں، یہ اُن کیفیات پر مشتمل ہے جن میں انسان محض شعور خفی سے کام لیتا ہے، اور قوائے شعوری و ارادی معطل رہتے ہیں (مثلاً حالت خواب میں) یہ شعبہ، نظام عصبی کے مراکز ادنیٰ یعنے نخاع و نخاع مستطیل کا محکوم ہوتا ہے، حیات انسانی جن افعال کے مجموعہ سے عبارت ہے، انسان اگر اُن کی تحلیل کرے، تو معلوم ہوگا کہ انکا بیشتر حصہ اسی شعور خفی کی ماتحتی میں انجام پاتا ہے، افعال قسری[1]، افعال اضطراری[2] افعال عادیہ[3] کے علاوہ جذبات، احساسات، معتقدات، و محرکات عمل، عموماً اسی نیم شعوریت یا نفس تحت الذات کے مظاہر ہوتے ہیں، اور ان کے بعد جو کچھ باقی رہ جاتا ہے، وہ اعمال عقل کا حصہ ہے، جو دماغ کا محکوم ہوتا ہے۔ لیکن پھر غور کرو

[1] مثلاً حرکت قلب، دوران خون، تنفس، اور معدہ، جگر، انتڑیوں وغیرہ کے حرکات۔

[2] مثلاً کھانسنا، چھینکنا، ہنسنا، آنکھ جھپک جانا وغیرہ۔

[3] یعنے وہ افعال جنھیں ابتداً ہم نے قصد و ارادہ سے اختیار کیا تھا مگر اب وہ از خود ہم سے سرزد ہوتے رہتے ہیں۔ مثلاً ہم ایک خاص انداز سے چلتے ہیں، ایک خاص اسلوب نشست و برخاست کا رکھتے ہیں، ایک خاص لہجہ میں گفتگو کرتے ہیں، اور یہ سب بہ تقاضائے عادت ہوتا ہے۔

کہ ان تمام چیزوں کو حذف کرنے کے بعد، حیات نفسی کا جزو باقی ہی کون سا
رہ جاتا ہے؟ سوا اسکے اور کچھ نہیں، کہ مفردات تحت الشعور ہیں، یعنی اُن
اجزاء ذہنی ہیں، جو شعور خفی کے عناصر ترکیبی کا کام دیتے ہیں، ایک خاص
نظم و ترتیب پیدا کی جائے۔ تو گویا شعور کا فریضۂ اصلی تمام تر یہ ٹھہرتا ہے کہ تحت
الشعور کے مفردات متفرق میں تنظیم و تنسیق پیدا کرے، اور دماغ کے وظیفۂ طبعی
کا نچوڑ یہ آکر نکلتا ہے، کہ نخاع و نخاع مستطیل کے افعال و وظائف کی نگرانی
کرتا رہے۔

اسکو زیادہ توضیح سے یوں سمجھنا چاہیئے، کہ خارج سے جو تہیجات آآکر ہمارے
لخلیہ نظام عصبی میں داخل ہوتے ہیں، اور جو شعور خفی کے مواد کا کام دیتے ہیں،
وہ اکثر ایک دوسرے سے بالکل مختلف، بلکہ کبھی کبھی باہم بالکل متضاد و متناقض
ہوتے ہیں۔ ان کے تناقض کو اگر یونہی اسی حال پر چھوڑ دیا جائے، تو انسانی زندگی
دشوار کیا معنی، ناممکن ہو جائے۔ پس لازمی ہے کہ ان تناقضات کو رفع کیا جائے
اور شعور خفی کے متباین عناصر کو ایک خاص نظام و ترتیب کے ماتحت لایا جائے
چنانچہ ایک خاص عضو اسی مقصد کے لیے مخصوص ہے، اور اس کا نام دماغ
ہے جسکے وظیفۂ طبعی کو نفسیات کی اصطلاح میں وقوف، یا شعور عقلی کہتے
ہیں۔ فرض کرو، کہ زید ایک شخص ہے جسکے بعض افعال سے ہمیں تکلیف
ہوتی ہے، اور بعض سے مسرت۔ تو ایسے شخص کو ہم اپنا محسن قرار دیں گے
یا دشمن؟ نظام عصبی میں اسکے متعلق دونوں طرح کے تہیجات داخل ہو چکے
ہیں، دونوں طرح کے نقوش قائم ہو چکے ہیں، اور شعور خفی میں اسکے بارہ میں

دو متضاد رجحانات پیدا ہو چکے ہیں۔ اب ایسے موقع پر اکثریت کی بنا پر کوئی فیصلہ کرنا، اور اس شخص کی طرف خوشی یا ناخوشی کا کوئی ایک جذبہ متعین طور پر قائم کرنا، دماغ کا کام ہے۔ یا مثلاً فرض کرو کہ ایک شخص ہمارا بہت بڑا دوست و محسن ہے جو شروع سے برابر ہمارے ساتھ دوستی کرتا رہا ہے، مگر اب ایک خاص وقت پر اسکی طرف سے ہمیں سخت تکلیف پہونچی ہے، ایسی حالت میں ہمیں دفعتہً اشتعال ہوتا ہے، اور ہم بے اختیار یہ چاہتے ہیں کہ اُسے کوئی نہایت شدید سزا دیں۔ یہ خواہش، یہ جذبہ، یہ ہیجان، ایک نیم شعوری یا نخاعی فعل ہے، لیکن ہم ہی میں ایک دوسری قوت ایسی ودیعت ہے، جو انجام کار کا خیال دلا کر ہمیں اپنے ارادہ کو قوت سے فعل میں لانے سے روکتی ہے، یہ قوت عقل یا شعور عقلی کی ہوتی ہے، اور اسی کا مستقر دماغ؎ ہے، خلاصہ یہ کہ ہیجانات خارجی سے براہ راست متاثر ہونا، اور محرکات عمل کو بجنسہ قبول کرنا، نظام عصبی کے مراکز اسفل، یا نخاع و نخاع مستطیل کا کام ہے، اور ان افعال کی ایک افسرانہ حیثیت سے نگرانی کرتے رہنا دماغ کا کام ہے۔

لیکن دماغ و نخاع کا یہ تعلق صرف ایک عام حیثیت سے بیان کیا گیا

---

؎ دماغ و نخاع کی ساخت اور ان کے باہمی تعلقات کو سمجھنے کے لئے ناظرین کو "فلسفۂ جذبات" کا باب دوم اول سے آخر تک پڑھنا چاہیے۔ یہاں اگر اس کا خلاصہ بھی درج کیا جائے، تو موجب طوالت ہوگا۔ نظام عصبی کے مراکز اعلیٰ و اسفل سے یہ مراد ہے، کہ عصبی مادہ کے جو خلایا (یا ذرات مدوّر) نظام عصبی کے سب بالائی حصہ یعنی دماغ کے اوپر نیچے ٹکڑوں میں ہوتے ہیں، وہ اعلیٰ مراکز عصبی کہلاتے ہیں، اور جو خلایا پست و زیریں قطعات، یعنی نخاع و نخاع مستطیل میں ہوتے ہیں، اُنھیں اسفل مراکز عصبی کہتے ہیں۔

جو بیداری کی حالت مین اوسطاً ہر فرد بشر کے ذہن مین پایا جاتا ہے۔ اور جسوقت
تک یہ تعلق قائم ہے، اُسی وقت تک یہ کہنا درست ہے، کہ نفس اپنی حالت
شاعرہ مین ہے، لیکن انسان کی زندگی مین ایسے مواقع بھی پیش آتے ہین، اور
بکثرت پیش آتے رہتے ہین، جب تعلقات کی یہ ترتیب اُلٹ جاتی ہے، دلاغ
بجاے افسر و حاکم کے ماتحت و محکوم ہو جاتا ہے، اور وظائف نخاعی غلبہ و تصرف
حاصل کر لیتے ہین، اس تعلق معکوس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کسی انسان کی سیرۃ
و کردار کے متعلق، اُسکے عام طرز زندگی کو دیکھ کر، ہم نے اوسطاً جو نتائج نکالے تھے
وہ باطل ہو جاتے ہین، اس سے جو توقعات قائم کیے تھے، وہ غلط ثابت ہونے
لگتے ہین، اور خود وہ شخص اپنے تئین جن مشاعر و افکار، احساسات و جذبات کا
حامل سمجھتا تھا، اب وہ اُس سے بالکل مختلف نظر آنے لگتے ہین، اس قلب
ماہیت ذہنی، اس استحالہ نفسی کا بہترین نمونہ ہر شخص کو اپنے خوابون مین مل سکتا
ہے، دن بھر کی محنت و مشغولیت کے بعد اعلیٰ مراکز عصبی کو یقیناً آرام کی حاجت
ہوتی ہے، جسے دوسرے الفاظ مین یہ کہنا چاہیے، کہ وہ اپنے فرائض سے
معطل ہو جاتے ہین، اور ان کے ذرات و خلایا مین بجاے حرکت کے ایک
طرح کا جمود آ جاتا ہے، بس اسی کا نام نیند ہے، سو جانے پر جب مراکز اعلیٰ
کے فرایض معطل ہو جاتے ہین، تو مراکز اسفل کو غلبہ و تسلط کا موقع مل جاتا ہے،
اُسوقت انسان کی قوت فکر و عقل ماند ہوتی ہے، اب نہ وہ مآل اندیشی سے
کام لے سکتا ہے، نہ کسی قانون یا اخلاق کا پابند ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ اپنے
تئین، وہ عجیب و غریب، بلکہ بعض مرتبہ سخت مضحکہ انگیز مناظر کا تماشاگاہ پاتا ہے

کبھی اُسے خواب مین یہ نظر آتا ہے کہ اُس نے اپنے عزیز ترین دوست کو قتل کر ڈالا ہے، کبھی یہ دیکھتا ہے کہ وہ خود قتل ہو گیا ہے، اور کبھی اپنے تئین ایسے سخت اخلاق شکن مشاغل مین مصروف پاتا ہے جن کی طرف عالم بیداری مین کبھی اُسکا خیال نہین گیا تھا۔ سیرت (کیرکٹر) کا یہ غیر متوقع تغیر، یہ محیّر العقول انقلاب، تمامتر معلول ہوتا ہے اسی دماغی تعطل اور نخاعی تسلط کا۔

مگر غلبۂ نخاعی کی یہ کیفیت، صرف عالم رویا پر موقوف نہین، عالم بیداری مین بھی اسی طرح کی حالتین ہم سب پر طاری ہوتی رہتی ہین۔ شدید دہشت وہراس کے عالم مین کس کے حواس بجا رہتے ہین؟ سخت اشتعال کی حالت مین کون شخص اپنے آپ مین رہتا ہے؟ جوش عشق مین کس کی نظر انجام پر رہتی ہے؟ فرط غم مین کس کے ہوش ٹھکانے رہتے ہین؟ اس قبیل کی کیفیات نادر الوقوع نہین، بلکہ کثرت سے پیش آتی رہتی ہین۔ ان سب مین مشترک یہ ہے کہ انسان سے اضطراراً ایسے افعال سرزد ہونے لگتے ہین، جو اُس کی عام سیرت کے بالکل منافی ہوتے ہین، اور جن کے ارتکاب کا اُسکی ذات سے سان وگمان بھی نہین ہوتا۔ اس طرح شواہد سے اس حقیقت پر کافی روشنی پڑتی ہے، کہ سیرت بشری کی اوپری سطح کے نیچے بہت سے ایسے خصایص نفسی

---

سلہ "اپنے آپ مین نہ رہنا"، "آپے سے باہر ہو جانا"، "بیخود ہو جانا"، "از خود رفتہ ہونا"، یہ اور اسی طرح کے دیگر محاورات جو زبان مین شائع ہین اُن سے یہ صاف ثابت ہوتا ہے کہ یہ واقعۂ استحالۂ نفسی، عوام کیلئے بھی ایک غیر معلوم شے نہین، البتہ یہ ضرور ہے، کہ اس کی اصل ماہیت اور اہمیت سے بجز چند ماہرین فن کے اور کوئی باخبر نہین۔

مخفی رہتے ہین، جو سیرت نمایان کے بالکل منافی ہوتے ہین۔ معمولی حالات کے درمیان، یہ پردۂ خفا مین رہتے ہین، لیکن جب کبھی کوئی ایسا غیر معمولی واقعہ، کوئی ایسا قوی مہیج، رونما ہوجاتا ہے، جو اپنی اچانک تیزی و قوت سے عام نفسی توازن کو درہم و برہم کر دیتا ہے، اور نفس کے عناصر ترکیبی کے باہمی تعلقات کی فطری ترتیب اُلٹ دیتا ہے، تو یہ دبے دبائے جذبات اکبارگی نہایت خوفناک تیزی سے نکل پڑتے ہین، اور اپنی نیرنگیون سے دیکھنے والون کو متحیر کر دیتے ہین۔ اسفل مراکز عصبی کے سامنے اعلیٰ مراکز عصبی کی شکست قوائے نخاعی کے مقابلہ مین قوائے دماغی کی سپر افگندگی اور نفس تحت الشعور سے نفس شاعرہ کی مغلوبیت کا یہ ایک بالکل قطعی و لازمی نتیجہ ہوتا ہے کہ نفس بشری کے جن خصایص پر ضعف و مجہولیت کا پردہ پڑا ہوتا ہے، وہ دفعۃً نمایان ہوجاتے ہین، جو نمایان رہتے ہین، وہ دب جاتے ہین، جس استعداد کا محض امکان ہوتا ہے، وہ قوت سے فعل مین آجاتی ہے، جس شئے کو را کھ کا ڈھیر خاکستر سمجھا جاتا تھا، اُسکے نیچے سے اکبارگی شعلے نکلنے لگتے ہین، اور ہیئت مجموعی سیرت بشری کے خط و خال مین، اسقدر عظیم الشان انقلاب ہوجاتا ہے، کہ ہر شخص کو خود اپنا عکس شناخت کرنا محال ہوجاتا ہے۔

تجربہ و مشاہدہ سے ثابت ہوتا ہے، کہ منجملہ دیگر اسباب کے، جو توازن نفس کو درہم و برہم کر دیتے ہین، اور سیرت بشری کی ہموار سطح کو شدت سے پرشکن بنا دیتے ہین، ایک خاص و اہم سبب "اجتماع" یعنے افراد کا جزو جماعت بنتا ہے۔ نفسیات اجتماع کی تفصیل تو آیندہ ابواب مین آئے گی، یہان صرف یہ بتانا ہے

کہ نفسیات فردیہ کیونکر نفسیات جمعیہ مین تبدیل ہوجاتی ہے۔ یا بہ الفاظ دیگر، کن کن شرائط کے جمع ہوجانے پر نفس ذاتی کی قلب ماہیت ہو کر اُس مین نفس اجتماعی کے خصائص پیدا ہوجاتے ہین۔

---

نفس اجتماعی کی بابت اس سے زائد کچھ نہین، کہ وہ نفس ذاتی ہی ہوتا ہے، جس کا توازن طبعی مختل ہوگیا ہے، اس اختلال توازن کے اسباب جیسا کہ ڈاکٹر سڈس نے بہ کمال دقت نظر تشخیص کیے ہین حسب ذیل ہوتے ہین۔

(۱) **حرکات ارادی کی تحدید**۔ پہلا سبب، حالت اجتماع مین افراد کے اعمال و حرکات ارادی کا محدود ہوجانا ہے۔

اگر ہم اپنے نفس سے سوال کرین، کہ کیا شے ہے، جو ہم مین انفرادیت یا شخصیت کا احساس پیدا کرتی ہے؟ تو اس کا جواب صرف ایک ہوسکتا ہے یعنے ہماری نقل و حرکت ارادی، فرض کرو، کہ ہم سے نقل و حرکت ارادی کی قوت سلب ہوجائے، ہم اپنے قصد سے نہ بات چیت کرسکین، نہ چل پھر سکین نہ اپنی جگہ پر ہاتھ پیر کو جنبش دے سکین، تو پھر کیا شے باقی رہ جائے گی، جو ہم مین یہ احساس پیدا کرسکتی ہے، کہ ہم مستقلاً ایک نفس ذاتی یا ایک مستقل شخصیت رکھتے ہین یقیناً کچھ نہین۔ یا پھر اسی طرح اگر نفسیات طفولیت کا مطالعہ کیا جائے، تو معلوم ہوگا، کہ بچہ مین جذبۂ انانیت[۱] ہمیشہ اسکی قدرت

---

[۱] ‌"انانیت" سے یہان کبر و خود پرستی مفہوم نہین، بلکہ اُس سے مراد خود شعوری، یعنے نفس کے اس احساس سے ہے کہ وہ اپنا ایک مستقل و علیحدہ ذاتی وجود رکھتا ہے، (بقیہ بر صفحہ ۲۱)

حرکات ارادی کے متناسب ہوتا ہے۔ یعنے جسوقت تک بچہ حرکات ارادی پر قادر نہین ہوتا، اُس مین شعور ذات پیدا ہی نہین ہوتا، لیکن جون جون اُس مین نقل وحرکت ارادی کی قابلیت بڑھتی جاتی ہے، اُسی نسبت سے اُس مین اپنی شخصیت کا احساس بھی زیادہ وضاحت، زیادہ تیقن، اور زیادہ استحکام کے ساتھ پیدا ہوتا جاتا ہے۔ غرض یہ کہ خود شعوری و حرکات ارادی کا نشوونما پہلو بہ پہلو ہوتا ہے، اور اگر کسی ذریعہ سے حرکات ارادی محدود ہوجائین، تو لازمی طور پر ہمارا شعور شخصی بھی ماند پڑجائے گا، اور نفس ذاتی کی قدرتی ساخت وترکیب مین اختلاط انگیز فرق واقع ہوجائے گا۔

دلیل کا پہلا مقدمہ ہوچکا۔ دوسرا مقدمہ مشاہدہ کی اُس حقیقت پر مبنی ہے کہ جماعت مین، تحدید حرکات ارادی کی خصوصیت بدرجہ اتم موجود ہوتی ہے نتیجہ یہ نکلا کہ افراد جماعت کا شعور ذات لامحالہ ناقص رہجاتا ہے، اور اُن کے

---

(بقیہ از صفحہ ۲۰) انانیت، شخصیت، شعور ذات، الفوئیت، خود شعوری یہ سب مترادف اصطلاحات ہین۔ انانیت کی توضیح ہم نے "فلسفۂ جذبات" مین ان الفاظ مین کی تھی

"شیرخوارگی مین بچہ کا شعور جس ناقص حالت مین ہوتا ہے وہ ظاہر ہے، اسوقت تک وہ بالکل نہین سمجھتا کہ وہ خود بھی کوئی ذات یا شخصیت رکھتا ہے، بلکہ سچ یہ ہے کہ سرے سے ذات یا شخصیت کا مفہوم ہی اسکی سمجھ سے باہر ہوتا ہے۔ البتہ جب اس دور سے نکلتا ہے، تب وہ سمجھنے لگتا ہے کہ مثل دیگر ہستیون کے وہ بھی ایک مستقل و قائم بالذات وجود رکھتا ہے، اور یہ کہ دنیا کی دوسری ہستیون کے مقابلہ مین اسکی ہستی قوی یا کمزور ہے۔ اس اپنی ذات، خودی، یا شخصیت کے شعور سے اُس مین جو کیفیت جذبی پیدا ہوتی ہے اسی کا نام جذبۂ انانیت ہے" - صفحہ ۱۹۰ و ۱۹۱

تو اسے دماغی کا میدان عمل تنگ و محدود ہو جاتا ہے، ہم میں سے کون شخص ایسا ہے، جو کسی اجتماع عظیم کا جزو ہو کر پوری آزادی کے ساتھ نقل و حرکت کر سکتا ہے؟ اور اگر نہیں کر سکتا، تو ماننا پڑیگا، کہ اسکی سطح دماغی پست ہو گئی اور عقلی حیثیت سے وہ اُس مرتبہ پر نہیں رہا جس پر وہ جزو اجتماع بننے سے پیشتر تھا۔ فطرت بشری کا یہ ایک ناقابل تغیر قانون ہے کہ اجتماع کی وسعت اور افراد کی خود شعوری کے درمیان تناسب معکوس ہوتا ہے۔

(۲) **سکون خیال و یکسوئی**۔ جماعت کی حیات شاعرہ کا دوسرا بڑا دشمن اُسکے افراد میں غیر معمولی سکون خیال، مرکز توجہ، و یکسوئی کا پیدا ہو جاتا ہے۔ ناظرین میں سے جو لوگ خود مسمریزم و ہپناٹزم سے واقف ہیں، یا کم از کم جنھوں نے دوسروں پر یہ عمل ہوتے دیکھا ہے وہ اس نکتہ کو آسانی سے سمجھ سکتے ہیں۔ ہپناٹزم کے عمل کے مختلف طریقہ ہیں۔ بعض عامل معمول کے جسم پر اوپر سے نیچے کی طرف ہاتھ پھیرتے ہیں، بعض اُس کی نگاہ کو تمام یا کسی اور چمکدار شے پر جماتے ہیں، بعض اپنی نگاہ اسکی نگاہ سے لڑاتے ہیں وغیرہ لیکن ان سب طریقوں میں، با این ہمہ اختلاف طرق مشترک یہ ہوتا ہے کہ معمول کی توجہ اور تمام چیزوں کی طرف سے ہٹا کر کسی ایک خاص شے پر محدود کر دی جاتی ہے، تم نے خیال کیا ہو گا کہ عمل کرتے ہوئے عاملین اسکا بھی خاص اہتمام رکھتے ہیں کہ کمرہ میں شور و غل نہ ہوتا ہو، اس کا مقصد بھی یہی ہے، کہ معمول کی توجہ منتشر نہ ہونے پائے۔ ایسے موقع پر نفسیات کی اصطلاح میں جو کچھ ہوتا ہے وہ یہ ہے، کہ تہیجات در آور کا راستہ اسقدر رُک جاتا ہے، کہ وہ یا تو نظام عصبی

مرکزی کے اُن قطعات تک پہونچنے ہی نہین پاتے، جہان پہونچکر حرکت عصبی حالت شعوری مین تبدیل ہوتی ہے، یا اگر پہونچ بھی جاتے ہین، تو خلایا سے مرکزی مین وہ حرکات نہین پیدا ہونے پاتین، جو تکوین حالت شاعرہ کی مستلزم ہین، غرض بہرصورت عامل اپنی قوت ارادی سے کام لیکر، معمول کی توجہ کو یکسو کر کے، اُسکا مرکز صرف اپنے احکام کو بنالیتا ہے، اور اسکے سوا خارج سے آنے والے تمام تہیجات کا دروازہ، معمول پر بند کردیتا ہے، اس یکسوئی خیال و مرکزیت توجہ کا جو اثر معمول پر پڑتا ہے، جس کو رانہ اطاعت کے ساتھ وہ عامل کے تمام احکام کی تعمیل کرتا ہے، بلکہ جس قطعیت کے ساتھ وہ عامل کے ہاتھ مین ایک بیجان آلہ بن جاتا ہے، اُس کا تماشہ ناظرین بارہا دیکھ چکے ہون گے، اور اس سے یہ حقیقت اُن پر منکشف ہو گئی ہو گی، کہ یکسوئی خیال و مرکزیت توجہ، حیات شاعرہ کے حق مین کس درجہ سم قاتل کا حکم رکھتی ہے۔

اب ذرا کسی اجتماع عظیم کا تصور کرو، اور دیکھو کہ اُس مین بھی اسی مرکزیت توجہ کا کس قدر سامان جمع ہو جاتا ہے، سامنے پلیٹ فارم پر ایک سحر بیان خطیب تقریر کررہا ہے، موضوع تقریر کسی مذہبی یا سیاسی ہیجان سے کام لیتا ہے، ہزارون آدمی سامنے ہین، لیکن خطابیات کی یہ سحر طرازی ہے کہ ہزارہا متنفس مین اسوقت گویا ایک شخص بھی ذی روح نہین، ہر شخص ہمہ تن گوش ہمہ تن چشم ہے۔ ہر کان، مقرر کی آواز کا استقبال کر رہا ہے، اور ہر آنکھ اُسکے چہرہ پر گڑی ہوئی ہے۔ شور و غل کا نام نہین سکون و خاموشی کا یہ عالم ہے کہ مکھی کی بھنبھناہٹ تک سنائی دیتی ہے۔ اور کسی کے ہٹانے

یا کسی کو کھانسی آنے کا شور رتو نا قابل برداشت معلوم ہوتا ہے، ہر قلب گویا مسحور ہے، اور ایک ربودگی کے عالم مین کسی عجیب و غریب واقعہ کا منتظر و متوقع ہے۔ مشہور روسی انشا پرداز کونٹ ٹالسٹائے ضمناً ایک موقع پر ایک مجمع کا مرقع ان الفاظ مین کھینچتا ہے:۔

"مجمع پر ایک سکون کا عالم طاری تھا، اور ہر شخص گویا ایک دوسرے کو آگے کی طرف بلا قصد ڈھکیل رہا تھا۔ ایک دوسرے پر پلا پڑتا تھا، فضا آدمیون کی کثرت سے مسموم ہو گئی تھی، سانس لینا دشوار تھا، حرکت کرنا محال تھا، اور ہر شخص کسی عجیب و غریب کسی پُر اسرار، کسی عظیم الشان واقعہ کے انتظار مین تھا، غرض اس مجموعی حالت کا دیر تک قائم رکھنا ممکن تھا، جو لوگ آگے کی قطارون مین تھے، اور جو سب کچھ دیکھ اور سُن رہے تھے اُن کی قطع یہ تھی، کہ منہ کھلے ہوے تھے آنکھین پھیلی ہوئی تھین، اور اُن سے خوف و ہیبت ٹپک رہی تھی۔ اس وضع سے کھڑے ہوے یہ لوگ پشت والون کے دباؤ اور دھکّون کو روک رہے تھے"

غور کرو، یہ حالت بہ لحاظ سکون و فکر یکسوئی ذہن، و مرکزیت توجہ، اُس حالت سے کس درجہ مشابہ و مماثل ہے، جو عمل ہپنا ٹزم کے وقت معمول کی ہوتی ہے اور اسکا لازمی اقتضا یہ ہے، کہ افراد جماعت کی حیات نفسی مین قواے نخاعی، قواے دماغی پر غالب آجائین۔

(۳) سریانِ تاثیر۔ جماعت کی حیاتِ شاعرہ کے قاطعات فہرست مین سب سے آخری، مگر سب سے جلی، عنوان اسکی اس خصوصیت کا ہے، کہ اُس مین ہر اثر غیر معمولی سرعت و قوت سے پھیل جاتا ہے۔

اسکے اثرات اسقدر واضح ہین، کہ غالباً کسی تصریح کی بھی حاجت نہین تشخصیت کا اقتضا یہ ہے، کہ ہر فرد اپنی اپنی ذات کے تناسب، فکر، احساس، وارادہ سے کام لے، اور ہر مہیّج سے اسی قدر متاثر ہو۔ جتنا معمولی حالات کے درمیان اُسے انفراداً متاثر ہونا چاہیے۔ لیکن حالت اجتماع مین، شعور ذاتی کا یہ وصف امتیازی، مطلق نہین قائم رہنے پاتا۔ حالت اجتماع مین ہر مہیج اپنی عام و معمولی قوت سے سو گنی، ہزار گنی، لاکھ گنی، قوت حاصل کر لیتا ہے، جماعت کا ہر فرد جب نظر اُٹھاتا ہے، تو اُسے چارون طرف ایسے ہی لوگ دکھائی دیتے ہین، جو خود بھی اُسی طرح متاثر ہین، اور اس سے اُس فرد کا تاثر بدرجہا بڑھ جاتا ہے گویا ایک عام و مشترک مہیج کے علاوہ، جماعت کا ہر فرد بجاے خود، باقی ماندہ افراد کے لیے مہیّج کا کام دیتا ہے، اور اسطرح ہر فرد مہیّج اصلی کے علاوہ، صدہا ہزارہا بلکہ بےشمار مہیّجات سے متاثر ہونے لگتا ہے۔ یہین سے ڈاکٹر سیڈس نے اس کلیہ کی بنا ڈالی ہے، کہ جو جماعت جسقدر کثیر التعداد افراد پر مشتمل ہوتی ہے اسی تناسب سے اسکے ہر فرد مین قوت تاثر بڑھی ہوئی ہوتی ہے۔ اور یہ فوق الحد تاثر بداہتہً حیات شاعرہ کے منافی ہے۔ کلیہ مذکور کی توضیح مزید کے لیے ہم ایک مثال ڈاکٹر موصوف ہی کے صفحات سے نقل کرتے ہین۔ فرض کرو کہ ایک جماعت ...۱۔ افراد پر مشتمل ہے، جس پر ایک سحر بیان خطیب کوئی

اثر ڈالنا چاہتا ہے۔ یہ بھی فرض کر لو، کہ جو اثر اُس خطیب کو پیدا کرنا مدنظر ہے اسکی قوت کا درجہ ۵۰ ہے، اور حاضرین مین سے ہر فرد مین اسکا صرف نصف ہی اثر پیدا ہو سکتا ہے۔ تو گویا خطیب، ہر فرد مین ۲۵ درجہ کا اثر پیدا کرتا ہے اور ہر فرد خود اپنی جگہ ہر دوسرے فرد مین ۱۲½ درجہ کا اثر پیدا کرتا ہے۔ اس حساب سے خطیب کا پیدا کردہ اثر ہر فرد پر ۱۰۰۰ × ۲۵ یعنی ۲۵۰۰۰ درجہ کا ہوا، اور جو اثر ہر فرد نے ہر دوسرے فرد پر پیدا کیا ہے وہ ۱۰۰۰ + ۱۲½ یعنی ۱۲۵۰۰ درجہ کا ہوا۔ اب اگر جماعت کے مجموعی تاثر کا حساب کرنا چاہین، تو افراد کی تعداد (یعنی ۱۰۰۰) سے ایسے ضرب دیکر، اس مین اثر کا وہ درجہ جوڑ دین، جو خود خطیب نے پیدا کیا ہے (یعنی ۲۵۰۰۰) پس اس طرح جماعت کے مجموعی تاثر کا شمار (۲۵۰۰۰ + (۱۰۰۰ × ۱۲۵۰۰)) یعنی ۱۲۵۲۵۰۰۰ درجہ تک پہونچ جاتا ہے!!!۔

یہ لحاظ رکھنا چاہیے، کہ اس مثال مین افراد جماعت کی تعداد صرف ایک ہزار فرض کی گئی ہے۔ اس سے تم خود اندازہ کر سکتے ہو، کہ جو جماعت ہزارون، لاکھون، بلکہ کرورون افراد پر مشتمل ہوتی ہے، اسکے مدارج تاثر کا حساب لگانا کیا بڑے بڑے ریاضی دان کے لیے بھی دشوار نہین ہے؟ —

---

بیانات بالا کا ماحصل ناظرین کے ذہن مین شاید وضاحت ذیل کی صورت مین زیادہ محفوظ رہے:—

(۱) افراد کی سیرت، یا کیرکٹر، عبارت ہے، اُن کے اُس کردار سے جو خود شعوری

شخصیت، یا انفرادیت پر مبنی ہوتا ہے،

(۲) انسانی زندگی مین ایسے مواقع بکثرت پیش آتے ہین، جب سیرت شاعرہ یا شخصیت، لاشعوریت سے مغلوب ہو جاتی ہے۔

(۳) اس مغلوبیت شعور و فنا شخصیت کے باعث انسان سے اضطرارًا ایسے اعمال صادر ہونے لگتے ہین، جو اسکی عام سیرت کے لحاظ سے نہایت حیرت انگیز، بلکہ بعض دفعہ اُس سے بالکل متناقض، ہوتے ہین۔ فرشتہ خود فتنۂ شرارت مجسم ہو جاتا ہے، دانشمند احمق بن جاتا ہے، اور پیکر متانت عفریت غضب ظاہر ہونے لگتا ہے،

(۴) اس تحت الشعور یا شعور خفی کی تکوین کا ایک نہایت اہم و نمایان مظہر نفوس انسانی کا حالت اجتماع مین ہوتا ہے۔

اسی اجتماع کے فلسفہ، یا زیادہ صحیح طور پر اسکی نفسیات کی تفصیل کرنا صفحات آیندہ کا فرض ہے۔

---

# جماعات کے اجمالی خصائص

جو لوگ اُس عالمگیر ناموسِ طبعی کے اصول و فروع سے واقف ہیں
جسکا نام قانونِ ارتقا ہے، اُنھیں شاید یہ بتانے کی حاجت نہیں کہ اس
قانون کی ایک اہم ترین تفریع توارثِ عمرانی کا وجود ہے، میراثِ عمرانی کی
اصطلاح اُن تمام چیزوں پر حاوی ہے، جو کسی ہیئت اجتماعیہ کے افراد
اپنے اسلاف سے کسی حیثیت سے، بطور ترکہ یا ورثہ کے پاتے ہیں۔ دولت
و جائداد، علوم و فنون، زبان و ادب، اخلاق و آداب، شرع و آئین، معتقدات
و تخیلات، شعائر و افکار، احساسات و جذبات، حظوظ و آرام، غرض ہر وہ شے جو
کسی حیثیت سے بھی ہیئت اجتماعی کے وجود کا رکن یا جزو بن سکتی ہے،
یا کسی جماعت کے قیام میں کچھ بھی معین ہو سکتی ہے، میراث عمرانی کے
مفہوم میں داخل ہے۔

یہ حقیقت غالباً کسی زیادہ تصریح کی محتاج نہیں، کہ اگرچہ تمام چیزیں

افراد کو اُن کی ولادت کے ساتھ ایک بڑی حد تک بنی بنائی اور تیار شدہ نہ
مل جاتیں، تو حیاتِ اجتماعی کا شیرازہ چند روز کیا چند لمحہ بھی بندھا نہیں رہ سکتا تھا
اور جب حیاتِ اجتماعی کا قیام ناممکن تھا، تو ظاہر ہے کہ افراد کی ہستیاں بھی
زیادہ دیر نہیں قائم رہ سکتی تھیں، غور کرو، کہ اگر ہمیں پیدا ہوتے ہی اپنے مافی الضمیر
کے اظہار کے لیے زبان نہ مل جاتی، تو ہم کیونکر اپنے ضروریات و حوائج کو دوسروں
پر ظاہر کر سکتے؟ کیسے اپنے درد و غم میں دوسروں کو شریک کر سکتے؟ کس طرح
اپنی تکالیف شاقہ دوسروں کی مدد سے رفع کر سکتے؟ یا اگر ایک متعارف
نظامِ اخلاق و آداب پیشتر سے نہ موجود ہوتا، تو کیونکر ہم اپنے ابنائے جنس سے
راہ و رسم پیدا کر سکتے؟ کس طرح فضائل و رذائلِ اخلاق کے درمیان حدِ فاصل
قائم کرتے؟ کس بنا پر بعض افعال کو ترک اور بعض کو اختیار کرتے؟ یا پھر اگر
دنیا میں قدم رکھتے ہی، ہمیں خواص اشیا کا علم ایک بڑی حد تک ارثاً نہ حاصل
ہو جاتا، تو لامحالہ ہمیں اپنے گرد و پیش کی ہر چھوٹی سی چھوٹی چیز کا علم اپنے
ذاتی تجربہ و آزمایش سے حاصل کرنا ہوتا، اور یہ یقینی ہے، کہ اسی دوران تجربہ
میں ہمارا خاتمہ ہو جاتا، "آگ جلاتی ہے"، "پانی ڈبوتا ہے"، "زہر ہلاک کرتا
ہے"۔ اگر ان چیزوں کا علم ہمارے ذاتی تجربہ و تحقیقات کا محتاج ہوتا، تو خود خیال
کرو، کہ ہم میں سے کتنوں کی جانیں اسی تحقیقات کی نذر ہو جاتیں! غرض اسی
طرح میراثِ عمرانی کے جتنے مفردات ہیں، غور کرنے سے اُن میں سے ہر عنصر
کی عظیم الشان اہمیت ظاہر ہو گی، پس اگر افراد کو ان کی ولادت کے ساتھ ہی
معلومات و احساسات کا ایک نہایت وسیع ذخیرہ، بلا ذاتی تحقیق و تفتیش و شخصی

جد و جہد کے، محض ارثاً نہ حاصل ہو جایا کرتا، تو نظام جماعت کی شیرازہ بندی قطعاً ناممکن تھی، اور ساتھ ہی حیات انفرادی کی ایک ایک گھڑی خطرات و مشکلات سے لبریز ہوتی ۔

لیکن، کیا اس میراث عمرانی میں ہر شخص برابر کا شریک ہوتا ہے؟ کیا اس نعمت عظمیٰ کو بھی اس ترکہ بیش بہا کے حصول کے لیے کسی قید و شرط کی حاجت نہیں؟ کیا ہر وہ ہستی، جس پر انسان کا اطلاق ہو سکتا ہے، اس کی مساوی حقدار ہوتی ہے؟ مشاہدہ ان سوالات کا جواب نفی میں دیتا ہے دار و زندان کا وجود، پاگل خانہ و اصلاح خانہ کا قیام، پولیس و عدالت کی کارفرمائی یہ تمام واقعات بزبان حال سے شہادت دے رہے ہیں، کہ ہر شخص کو اس ورثہ میں یکساں حصہ نہیں ملا ہے، بلکہ بہت سے افراد ایسے ہیں، جو اس دولت سے ایک بڑی حد تک محروم ہیں (مثلاً مجانین، حمقاء، یا جرائم پیشہ گروہ) اور اس محرومی کی سزا و پاداش کے لیے یہ مختلف ذرائع و مقامات عالم وجود میں لائے گئے ہیں، اب دیکھنے کی بات یہ ہے کہ وہ کیا اسباب ہیں، جو بعض افراد کو اس علم ارث میں حصہ دار بننے کے ناقابل بنا دیتے ہیں، اور اُن سے اس کی شرکت کی اہلیت و صلاحیت سلب کر لیتے ہیں؟

اس کے دریافت کرنے کا سب سے بہتر طریقہ یہ ہے، کہ جن مختلف افراد یا طبقات سے اس ارث کے حصول کی قابلیت سلب ہو گئی ہے، یہ دیکھا جائے کہ اُن سب میں، با ایں اختلافات باہمی خصوصیات مشترک کیا ہیں؟

اس نظر سے ہم سب سے پہلے مجانین کو لیتے ہیں، اور بغور کر کے

دیکھو کہ ایک دیوانہ یا مجنون، عام صحیح الدماغ افراد سے، کن حیثیات سے مختلف یا ممتائز ہوتا ہے؟ صرف اس لحاظ سے کہ سوسائٹی نے جو آداب ضوابط مقرر کیے ہین، وہ اسکی عقل و فہم کی دسترس سے باہر ہوتے ہین۔ سوسائٹی چاہتی ہے کہ مختلف اشخاص سے مخاطب ہوتے وقت فرق مراتب ملحوظ رکھا جائے لیکن مجنون کو اسکا لحاظ نہین رہتا۔ سوسائٹی کا قانون ہے کہ ہر شخص کو اپنی تقریر کے مختلف حصون مین ایک ربط و نظم مرعی رکھنا چاہیے، مگر بیٹری سے اسکی پابندی نہین ہوسکتی، آئین معاشرت کا اقتضا یہ ہے، کہ ہر شخص لباس ساتر پہنے، لیکن دیوانہ کو عریانی محض مین بھی کوئی مضایقہ نظر نہین آتا، عدالت عمرانی کا فیصلہ یہ ہے، کہ کوئی شخص اپنے طرز عمل سے دوسرون کی تکلیف یا دل آزاری کا باعث نہ بنے، لیکن مخبوط الحواس کو اس طرح کی حرکات مین مطلق تامل نہین ہوتا غرض سوسائٹی، افراد کے ذمہ جو خدمات عاید کرتی ہے اور جن ذمہ داریون کی اُن سے توقع رکھتی ہے، مجنون انھین برتنا تو ایک طرف، انھین سمجھ بھی نہین سکتا، اور یہی اُسکا جنون ہے،

بعینہ یہی حال اُن افراد کا بھی ہوتا ہے، جو احمق یا بے عقل کہلاتے ہین۔ اپنے گرد و پیش، اس قسم کے افراد کو دیکھو، تو صاف معلوم ہوگا، کہ یہ لوگ بھی اُن تعلیمات کو جو سوسائٹی ہر وقت دیتی رہتی ہے، جذب یا ہضم نہین کرسکتے، نظام اجتماعی اپنی ترقی یافتہ صورت مین، افراد سے چاہتا ہے، کہ وہ کافی قوت حافظہ رکھتے ہون تاکہ اہم واقعات یاد رکھ سکین، ذہانت و قوت مشاہدہ رکھتے ہون تاکہ خواص اشیا کو سمجھ سکین، قوت استدلال سے بہرہ ور ہون تاکہ استنباط

نتائج کر سکیں، خاندان و جماعت کے متعلق اپنے عام فرائض انجام دیں، دوسروں کے حقوق ادا کر سکیں، اور حاکم و محکوم، زن و شوہر، خورد و بزرگ کے فرق تعلقات کا لحاظ رکھیں، لیکن احمق یا ناقص العقل، ان تعلیمات کو اخذ کرنے اور پھر اُن پر عمل کرنے کے ناقابل ہوتا ہے، اور اسی باعث ناقص العقل کہلاتا ہے۔

اور یہی نتائج کے اعتبار سے بالکل یہی کیفیت اُن افراد کی بھی ہوتی ہے جو جرائم پیشہ ہوتے ہیں۔ البتہ عادی مجرم، اور مجنون ناقص العقل کے درمیان یہ فرق ہوتا ہے کہ بہ خلاف مجنون و احمق کے جو سوسائٹی کے آئین و ضوابط کو گویا سمجھ ہی نہیں سکتے، مجرم اُنھیں سمجھتا ہے، مگر ان کے مطابق عمل نہیں کرتا، وہ جانتا ہے کہ بعض مقاصد کے حصول کے لیے سوسائٹی نے ایک خاص شاہراہ مقرر کر دی ہے، مگر وہ اس پر نہیں چلتا۔ وہ واقف ہے کہ سوسائٹی کے فوائد کے لیے خاص خاص مواقع پر خاص خاص طریق عمل متعین ہیں، مگر وہ عملاً ان کی تقلید نہیں کرتا۔ خلاصہ یہ کہ گو وہ نافہم و بے عقل نہیں ہوتا، تاہم اسکی قوت عمل، سوسائٹی کے اثرات سے غیر متاثر رہتی ہے

اب ہر سہ طبقات بالا یعنے دیوانوں، احمقوں اور مجرموں، کی جو سب کے سب میراث عمرانی سے محروم یا تقریباً محروم رہتے ہیں خصوصیات مشترک پر یکجائی نظر کرنے سے بصراحت معلوم ہو جاتا ہے کہ جو شے ان سب میں عام ہے، وہ ان کا یہ وصف ہے کہ عقلی خواہ عملی حیثیت سے سوسائٹی کے اثرات و تعلیمات سے غیر مستفید رہتے ہیں۔ اور اسی باعث حیات اجتماعی سے بیگانہ بلکہ ایک طرح پر خارج رہتے ہیں۔ گویا نظام جماعت کی شیرازہ بندی تمام تر

اس امر پر منحصر و موقوف ہے، کہ افراد، سوسائیٹی کے اثرات و تعلیمات سے متاثر ہوں۔ اس بنا پر کہہ سکتے ہیں کہ حیات اجتماعی کا جوہر حقیقی یا پایہ خمیر افراد کی تعلیم پذیری ہے۔

اور پھر یہ نتیجہ محض سلبی و منفیانہ شواہد سے نہیں پیدا ہوتا، بلکہ اس کی تائید پر مشاہدہ کی ایجابی و ثبوتی شہادت بھی موجود ہے۔ ایک مرتبہ اور غور کرو، کہ جن اشخاص کی سوشل حیثیت سے نہایت قدر و عزت کی جاتی ہے، اُن کا وصف مخصوص کیا ہوتا ہے؟ صرف یہ کہ وہ سوسائیٹی کے مروجہ آداب و دستور سے خوب واقف ہوتے ہیں، افراد کے باہمی فروق کو ہر جگہ ملحوظ رکھتے ہیں، اور خردی و بزرگی، اُستادی و شاگردی، قرابت و ہم نسلی، اخوت و دوستی، زوجیت و فرزندی وغیرہ رشتوں کی پاسداری کسی وقت نہیں چھوڑتے، شادی غمی، ولادت، موت، ازدواج، وغیرہ ہر تقریب میں وہ اپنا طرز عمل وہی رکھتے ہیں جو ایسے موقع پر اپنے گرد و پیش رائج دیکھتے ہیں۔ وضع و قطع، لباس و غذا، اور عام طرز معیشت کے بارہ میں، جس راستہ پر وہ اپنے ہموطنوں اور ہچشموں کو چلتے ہوئے دیکھتے ہیں، خود بھی انھیں کے نقش قدم پر چل لیتے ہیں، جو مسلمات و معتقدات اُنکی سوسائیٹی میں شائع و مقبول ہوتے ہیں، اُن پر وہ بھی بلا تکلف ایمان لے آتے ہیں، اور جو خیالات و نظریات اُن کے ہمنشینوں میں غیر مقبول و مردود ہوتے ہیں، وہ اُن کے نزدیک بھی مضحکہ خیز ہوتے ہیں، جو اوصاف و خصائص اُن کے حلقہ صحبت میں تہذیب، شایستگی، خوش مذاقی، یا کمال کے علامات خیال کیے جاتے ہیں، وہ اُن میں بدرجہ اتم موجود

ہوتے ہین، اور جو چیزین اُن کی سوسائیٹی کے نقطۂ خیال سے بد ذاتی پر
دلالت کرتی ہین، اُن سے وہ بمراحل دور رہتے ہین، الغرض جو لوگ اپنے
حلقۂ احباب واعزہ کی زیب وزینت کا باعث ہوتے ہین، جو لوگ اپنی صحبت
مین ایک جوہر تابان کی حیثیت رکھتے ہین، جو لوگ روزمرہ کی حیات اجتماعی
کے رستم داستان ہوتے ہین، وہ ہمیشہ وہی اشخاص ہوتے ہین، جنھون نے
سوسائیٹی کی تعلیمات سے انتہائی استفادہ کیا ہے، اور جو سوسائیٹی کے اثرات
سے بدرجۂ غایت متاثر ہو چکے ہین۔ اور یہ اس امر کی ایک مزید شہادت ہے
کہ سوسائیٹی مین افراد کے مقبول ہونے، یا بہ دیگر الفاظ، ہیئت اجتماعی کے
بحُسن اسلوب قائم رہنے کا اصل الاصول، افراد کی تعلیم پزیری ہے۔

مگر، خود یہ تعلیم پزیری کیا شے ہے؟ اسکے معنے یہ ہین، کہ افراد، یعنے
متعلمین کے نفوس مین ایک خاص طرح کی لچک ہونی چاہیے، کہ وہ موثرات
خارجی کو جذب وہضم کر سکین، اور نہ صرف اسی قدر، بلکہ ان مین یہ خصوصیت بھی
ہونا چاہیے، کہ خود اپنی طرف سے کوشش کرکے اِن موثرات سے متاثر ہون،
تو گویا تعلیم پزیری مشتمل ہے، دو رُخ یا دو پہلوؤن پر، جن مین سے ایک حیثیت
انفعالی ہے، یعنے وہ کیفیت جس مین نفس، موثرات خارجی سے متاثر ہو رہا
ہے اور دوسری فاعلی، یعنے وہ کیفیت جس مین نفس خود اپنے تئین موثرات
خارجی کے زیر اثر لا رہا ہے۔ اس دُہری کیفیت نفسی کو ادا کرنے کے لیے زبان
نے دو اصطلاحین مقرر کر دی ہین۔

ایک ۱ محاکات (یا نقالی) یعنے نفس کی کیفیت فاعلی۔

دوسرے اثر پزیری یعنے نفس کی حیثیت انفعالی، پس یہ دو الفاظ درحقیقت دو مختلف و متباین مفاہیم پر دلالت نہین کرتے، بلکہ ان اسما کے مسمّی ایک ہی کیفیت کے دو پہلو، ایک ہی تصویر کے دو رخ، ایک ہی واقعہ کی دو تعبیرین ہین۔ اور یہین سے اس قانون کی بنیاد پڑتی ہے، کہ افراد کے نفوس مین قوت محاکات ہمیشہ انکی قوت اثر پزیری کے متناسب ہوتی ہے۔

یہان تک ہم مختلف و متعدد شواہد کی بنا پر اس نتیجہ پر پہونچے کہ محاکات یا اثر پزیری، حیات اجتماعی کے لیے بمنزلہ بنیاد کارکے ہے، اور مدنیت انسانی کی جو کچھ مدح وستایش کی جاتی ہے، وہ حقیقۃً اسکی قوت تقلید و محاکات ہی کی مدح وستایش ہوتی ہے۔ کس قدر صحیح کہا ہے پروفیسر جیمس نے کہ

"انسان اصولاً ایک تقلید کرنے والا حیوان ہے، اسکی ساری تعلیم پزیری، بلکہ درحقیقت اسکی ساری ترقی تمدن کا دار و مدار اسکی ایک اسی خصوصیت پر ہے، جیسے رشک، تفوق، و مسابقت کی قوتون سے اور تقویت پہونچتی رہتی ہے"

(جیمس پرنسپلز آف سایکالوجی، جلد ۲ - صفحہ ۴۰۸)

---

لیکن اگرچہ حیات اجتماعی کی تشکیل مین انسان کی قوت محاکات و تقلید ایک نہایت اہم مرتبہ رکھتی ہے تاہم مزید غور سے معلوم ہوگا کہ یہی اسکا عنصر وحید نہیین، بلکہ اس مین بہت بڑا دخل اسکی ایک اور خصوصیت کو بھی ہے

اسکا نام ہم تجدید شخصیت رکھ سکتے ہین، اس سے مدعا اس حقیقت کا اظہار ہے، کہ افراد جون ہی جزو جماعت بنکر باہم تعارف شروع کرتے ہین، ان مین یہ جدید خاصّہ پیدا ہوجاتا ہے، کہ ان کے ذاتی ارادے جماعت کے ارادے سے مغلوب ہو جاتے ہین، کائنات کے ہر شعبہ مین معاوضہ اور داد وستد کا قانون جاری ہے، کوئی شے کسی کو بلا معاوضہ نہین حاصل ہو سکتی، ہر فرد، جو کسی جماعت کا جزو ہوتا ہے، ظاہر ہے کہ اُسی نظام جماعت کے طفیل مین، امن سکون، و بیشمار حوادث سے تحفظ حاصل کرتا ہے، لیکن یہ بیش بہا نعمتین مفت نہین مل جاتین، ان کے لیے اُسے قیمت ادا کرنا ہوتی ہے۔ اور اس قیمت کی شکل یہ ہوتی ہے، کہ ہر فرد، جماعت کی خواہشات اور ارادون کے سامنے اپنے ذاتی خواہشون اور ارادون کی گردن جھکا دے،

یہ خصوصیت کچھ تنہا نوع بشر کے ساتھ مخصوص نہین، بلکہ مظاہر فطرت کے ہر گوشے مین اسکی جلوہ آرائیان نظر آتی ہین۔ اور یہ قانون جس طرح انسانی مجموعون پر عائد ہوتا ہے، اسی طرح ہر دیگر اجتماع حیوانات و جمادات پر محیط ہے یہانتک کہ یہ قانون اگر طبیعات کے کسی رسالہ مین درج کیا جائے، تو اس مین بھی یہ ویسا ہی موزون و منطبق ہوگا، جیسا رسالۂ ہذا مین۔ کیونکہ فی الحقیقت جس طرح کسی انسانی اجتماع مین افراد اپنی شخصی حریّت سے لازمًا دست بردار ہوجاتے ہین، بعینہٖ اسی طرح ہر مادی اجتماع مین بھی ذرّات کی حرکت ایک بہت بڑی حد تک سلب ہوجاتی ہے، فرض کرو، کہ ایک لوہے کی سلاخ ہمارے سامنے موجود ہے، اور ہم اُسے چند ٹکڑون مین توڑنا چاہتے ہین

اسکی سب سے آسان صورت یہ ہے، کہ ہم لسے آگ پر گرم کرتے ہین، اور حرارت
پاکر وہ نرم ہو جاتی ہے، لیکن خود یہ حرارت پہونچانا، بجز اسکے کوئی معنی نہین
رکھتا، کہ ہم نے اس سلاخ کے ذرّات مین زیادہ انتشار پیدا کر دیا، یعنی اب
ہر ذرّہ سابق کی بہ نسبت بجاے خود زیادہ آزادی کے ساتھ متحرّک ہو گیا۔ اور
اس طرح ہم مشاہدۃً اس نتیجہ پر پہونچ گئے، کہ کسی اجتماع مادی کے اجزاء ترکیبی
مین زیادہ آزادئ حرکت پیدا کرنا، لازماً اس مین تفرق و انتشار پیدا کر دیتا ہے۔
یا پھر فرض کرو، کہ ہمارے سامنے پانی رکھا ہوا ہے، اور ہم اُسے برف کی صورت
مین بستہ کرنا چاہتے ہین، اب اس غرض کے لیے ہم خواہ کوئی سا بھی میکانکی
طریقہ اختیار کرین، مگر اسکا ماحصل ہمیشہ یہی ہوگا کہ ہم اسکے ذرّات کی حرکت کو
محدود کر رہے ہین، اور جون جون یہ منفرد ذرّات زیادہ محدود الحرکت و بطی السّیر
ہوتے جائین گے اتنا ہی یہ باہم زیادہ پیوستہ و ملتصق ہوں گے، اور اسی نسبت
سے انکے مجموعہ مین انجماد زیادہ بڑھتا جائے گا، جو اس امر کی مزید شہادت ہے
کہ انجماد و اجتماع کی قوت مین ذرّات کی تحدید حرّیت کے مناسبت کے ساتھ،
اضافہ ہو جاتا ہے، طوالت کے خوف سے ہم یہان انھین دو مثالون پر اکتفا
کرتے ہین، ورنہ عالم مادّی مین اس قانون کے بیشمار نظائر مل سکتے ہین،

ہان تو جیسا ہم ابھی کہہ رہے تھے یہ قانون جس قوت، وسعت و تعمیم کے
ساتھ کیمیائی مرکبات و میکانکی اجتماعات پر حاوی ہے، اسی قوت، وسعت و تعمیم
کے ساتھ انسانی اجتماعات پر بھی عامل ہے، بلکہ سچ یہ ہے، کہ ہمارے ذہن
مین کسی ایسی انسانی جماعت کا تصور پیدا ہونا ہی دشوار ہے، جسکے تمام افراد

مطلق الاختیار ہوں، یا اتنی بڑھی ہوئی آزادی رکھتے ہوں، کہ جو کچھ چاہیں، بلا کھٹکے کر گذریں، ہم جب کسی جماعت کا تصور کرتے ہیں، خواہ وہ کیسی ہی غیر منتظم و ابتدائی صورت میں ہو، تو اس میں اتنا یقیناً پاتے ہیں، کہ افراد کے آزادی اعمال کے لیے کچھ نہ کچھ حدود ضرور مقرر ہیں، ورنہ کسی جماعت کا قیام ایک لمحہ کے لیے بھی ناممکن ہوگا، خود غور کرو، کہ جب ہر شخص اپنی اپنی رائے و خواہش کے مطابق کام کرنے کے لیے آزاد ہوگا، تو کیا صورت ہے، کہ مختلف اشخاص کی آرا میں اختلاف و تصادم نہ پیدا ہو؟ اور ظاہر ہے کہ یہ اختلاف باہمی، قیام جماعت و نظام اجتماع کے حق میں سم قاتل ہے، پس کوئی طریق عمل، خواہ عقلی حیثیت سے، کتنا ہی بیجا، نامناسب و غیر معقول ہو، لیکن اگر جماعت کے نزدیک متفق علیہ ہے، تو افادۂ اجتماعی اور بقاے جماعت کے نقطۂ خیال سے یقیناً قابل ترجیح ہے اُس طریق عمل پر جو، گو عقلی حیثیت سے کتنا ہی درست و معقول ہو، مگر اس سے شیرازۂ جماعت کی پراگندگی یا اجماع میں خلل اندازی کا احتمال ہو، بقول ڈاکٹر مرسیر کے، ذرا خیال تو کرو، کہ

"اگر کسی گلہ یا جھنڈ میں سے چند حیوانات ایک راستہ پر چلنے لگیں اور چند دوسرے پر، یا بعض تیز چلیں اور بعض سست، تو نتیجہ کیا ہوگا؟ یہ ہوگا، کہ گلہ چھوٹی چھوٹی ٹکڑیوں میں تقسیم ہو جائے گا یا پھر اگر ہر جانور اپنا اپنا راستہ الگ اختیار کر لے، یا ہر جانور کی شرح رفتار، دوسرے سے مختلف ہو، تو نتیجہ یہ ہوگا کہ گلہ بالکل شکست ہو جائے گا، ہر جانور اپنی اپنی جگہ پر ممکن ہے کہ زندہ رہے

لیکن گلہ کا وجود تو سرے سے فنا ہو جائے گا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ افراد کی حرّیت فعلی کی تحدید حیات اجتماعی کے لیے قطعًا لازمی ہے، اور اسکے بغیر کسی جماعت کا قیام ممکن ہی نہین"

مختصر لفظون مین، محاکات و تقلید کے بعد جو شے حیات اجتماعی کے لیے سنگ بنیاد کا کام دیتی ہے، "وہ افراد کی سلب حرّیت و فنائے شخصیت ہے۔

---

اب حیات اجتماعی سے چند منٹ کے لیے قطع نظر کر کے نفس انسانی کے ایک اور قانون کی طرف متوجہ ہوتے ہین، وہ قانون یہ ہے، کہ وہ تمام خصائص نفسی جو نافع للبقا مین کسی وقت نوع یا افراد کے لیے مفید رہ چکے ہین، وہ اُس زمانہ مین بھی جبکہ انکی حیثیت افادی مٹ چکی ہے پورے زور و قوّت کے ساتھ ظاہر ہونے لگتے ہین، بشرطیکہ ان کے متلازمات، یا اُن متلازمات کے مماثل واقعات عالم وجود مین آجائین۔

یہ قانون علم النفس کے لیے اُس لحاظ سے بالکل نیا ہے کہ نفسیات کے سارے لٹریچر مین ان الفاظ کے ساتھ اسکا اندراج کہین نہین مِل سکتا اس بنا پر ممکن ہے کہ تعلیم یافتہ ناظرین؛ سے تمامتر مصنف ہذا کا اجتہاد و خیال کرین، لیکن درحقیقت یہ حسن ظن مبالغہ آمیز ہوگا جن لوگون نے ڈارون کی کتاب "مظاہر جذبات" Expression of Emotions کا مطالعہ کیا ہے، وہ واقف ہین، کہ اس محقق اعظم نے ایک جگہ اُن قوانین کو شمار کرتے ہوئے جن کے تابع جذبہ کے آثار جسمی ہوتے ہین، "قانون التزام عوائد مفیدہ کا

ذکر کیا ہے۔ ہم نے اس کلیہ کی تشریح مع مثالوں کے اپنی کتاب "فلسفۂ جذبات" میں کی ہے، جس میں سے ذیل کا طویل اقتباس موجودہ ناظرین کی واقفیت کے لیے نقل کرتے ہیں:—

"اس قانون کا منشا یہ ہے، کہ جو حرکات یا تغیرات جسمانی کسی زمانے میں کسی خواہش کے پورا کرنے یا کسی ناگوار احساس کے رفع کرنے میں معین تھے، انسان انھیں نسلاً بعد نسل عمل میں لاتے لاتے اُن کا اتنا خوگر فتہ ہو گیا، کہ وہ اصول توارث کے بموجب اسکے نظام عصبی میں منقش ہو گئے ہیں اور گو اب اُن سے کوئی نفع نہ ہوتا ہو، لیکن ایک ضعیف صورت میں وہ برابر اضطراراً واقع ہوتے رہتے ہیں، اور اُنکی موجودہ ضعیف و ہلکی صورت اُن کے سابق قوی و شدید صورت کی یادگار کا کام دیتی ہے، اس قانون کے شواہد روزانہ زندگی میں نہایت کثرت سے ملتے ہیں۔ خطرہ سے بھاگنا، بداہۃً حفظ جان کے لیے ضروری ہے، اور ابتداءً ہم نے اسے یقیناً اپنے ارادہ سے اختیار کیا ہوگا، لیکن اب یہ حالت ہے، کہ کسی معمولی درجہ کے خطرناک نظارہ کو دیکھ کر یا کسی مہیب آواز کو سُن کر ہم دفعۃً چونک پڑتے ہیں۔ یہ اضطراراً چونک پڑنا یا جھجک اُٹھنا اُسی ابتدائی عادتِ فرار کی ایک ہلکی صورت ہے، جذبۂ خوف، صیانتِ حیات کا آلۂ ایجابی ہے، یعنے اسی کی اعانت سے ہم اپنے تئیں عوامل

ہلاکت سے محفوظ رکھتے ہین، لیکن غور کرکے دیکھو تو معلوم ہوگا
کہ خوف کے آثار جسمانی (بدن مین رعشہ پڑجاتا، دل دھڑکنے
لگتا، آنسو بہنے لگتا، وغیرہ) تمام تر وہی ہین، جو کم وبیش قوت
کے ساتھ کسی وقتی تکلیف یا مؤدی الی الفنا حالت مین
انسان پر طاری ہوتے ہین۔

غصہ کی حالت مین ہم دوسرے پر جھپٹتے ہین اسے اپنی
گرفت مین لانا چاہتے ہین، اُسکی زدوکوب کرتے ہین مگر ظاہر
ہے کہ یہ تمام آثار جسمانی اُن حرکات کی یادگار ہین، جنھین ہمارے
وحشی اسلاف اپنے مخالف کے فنا کرنے یا اپنے شکار کے
ہلاک کرتے وقت عمل مین لاتے تھے۔ پھر غصے کی حالت
مین ہمارے نتھنے پھول جاتے ہین، مگر یہ اس لیے کہ تنفس
مین سہولت ہو، اور اسکا باعث یہ ہے، کہ انسان اپنے
ابتدائی عہد توحش مین جب کسی دشمن یا شکار پر حملہ کرتا، تو اسکا
کوئی عضو اپنے منھ مین دبا لیتا، اور اس طرح چونکہ منھ سے
سانس لینے کا راستہ بند ہوجاتا، اس لیے ضرور تھا، کہ ناک
کا منفذ تنفس زیادہ وسیع ہوجائے، اور یہ اسی زمانے کی
یادگار ہے کہ آج غصہ کی حالت مین ہمارے منخرین پھول
جاتے ہین، اور پھر اسی جذبہ غضب، یا زیادہ صحیح طور پر
طعن کی (جو جذبہ غضب ہی کی ایک شکل ہے) ایک خاص

علامت بالائی لب کا اوپر سکڑ جانا، اور اوپری قطار کے بعض دانتوں کا کھل جاتا ہے۔ اس واقعہ کی علت اگر تلاش کرنا ہو تو اس امر کو خیال رکھو کہ ہمارے اسلاف کے انیاب¹ بہت بڑے ہوتے تھے۔ جو فطری آلۂ حرب کا کام دیتے تھے، اور اس لیے حملہ کرتے وقت اُن پر سے گوشت کا پردہ ہٹا لینا، اور ان کو باہر نکال لینا ضروری تھا، (جیسا کتّے غرانے اور حملہ کرنے کے وقت کیا کرتے ہیں) ظاہر ہے کہ آج طنز و طعن کے وقت یہ فعل کچھ بھی مفید نہیں ہوتا تاہم اسکا وجود ایک گذشتہ مُفید فعل کی یادگار کی حیثیت سے باقی ہے۔ یا مثلاً کشتی اور ہاتا پائی کے وقت، جس فریق کا رُخ آفتاب کی تیز شعاعوں کی جانب نہ ہوگا، وہ یقیناً فائدہ میں رہے گا، پھر اگر کوئی شخص اپنا ہاتھ پیشانی پر رکھ کر دھوپ کی آڑ کرنا چاہے، تو یہ بلاشبہ اسکے حق میں مضر ہوگا، پس اسکی بہترین صورت یہ ہے، کہ پیشانی پر از خود ایسی شکنیں پڑ جایا کریں جن سے آنکھیں تمازت و خیرگی سے محفوظ رہیں، اسی کا دوسرا نام تیوری پڑ جانا ہے، اور گو آج اس سے غضبناک شخص کا کوئی نفع نہیں ہوتا تاہم بطور ایک گذشتہ فعل مفید کی یادگار رہے،

¹ انیاب، سامنے کے وہ چار دانت (دو بالائی اور دو زیریں جبڑے میں) ہیں، جو کسی غذا (مثلاً گوشت) کے پھاڑنے کا کام دیتے ہیں۔

اب تک قائم ہے"

امثلۂ بالاسے، جو ڈاروِن و اسپنسر کے مذاق کے مطابق تھین، یہ بخوبی
واضح ہو گیا ہو گا، کہ جذبات کے آثار جسمانی کی تشکیل مین یہ قانون کس بڑی حد تک
موثر ہے، لیکن ڈاروِن چونکہ نفسیات کا ماہر نہ تھا، اس سے سخت فروگذاشت
یہ ہوئی، کہ اُس نے اسکا دائرہ عمل صرف جذبات تک محدود رکھا، حالانکہ
اس قانون کے حدود ہرگز اتنے مختصر نہین، بلکہ اسقدر وسیع ہین کہ ان کے
تحت مین تمام کیفیات نفس آجاتی ہین۔ جذبات کے متعلق متعدد مثالین ابھی
گزر چکین، لیکن نظر دوڑاؤ، تو اسی کثرت سے ارادہ و وقوف کے طبقات مین
بھی اسکی مثالین ملین گی۔ ہم مین سے ہر شخص کچھ نہ کچھ خاص عادتین رکھتا
ہے، اور اکثر یہ ہوتا ہے، کہ جب وقت وہ یہ عادات ابتداءً اختیار کرنے لگتا ہے،
اُس زمانے مین یہ اس کے لیے مفید ہوتی ہین، لیکن امتداد زمانہ و تغیر حالات
کے ساتھ عموماً اُن عادات کے فوائد جاتے رہتے ہین اور وہ عادتین بھی
چھوٹ جاتی ہین۔ تاہم آئندہ چل کر جب اُن پچھلے حالات کے مشابہ و مماثل حالات
محض اتفاقی طور پر جمع ہو جاتے ہین، تو وہ عادات سابقہ بلا قصد و ارادہ، بلکہ بعض
مرتبہ باوجود ان کی روک تھام کی کوشش کے، اضطراراً عود کر آتی ہین، حالانکہ
اب اُن کا وجود سراسر غیر مفید و بیموقع، بلکہ بعض مرتبہ صریحاً مضر ہوتا ہے، ایک
شخص اپنی طویل بیماری کے اثنا مین دوا شراب استعمال کرنا شروع کرتا
ہے، جس سے رفتہ رفتہ میخواری کی عادت پڑ جاتی ہے۔ آخر کار اُسے
صحت ہو جاتی ہے، اور یہ عادت چھوٹ جاتی ہے۔ مگر ایک زمانہ کے بعد

اتفاقاً وہ شخص ایسے حالات کے درمیان آجاتا ہے، جو اسکے زمانۂ علالت کے حالات کے مماثل و مشابہ ہوتے ہین، ایسی حالت مین وہ شخص بے اختیار جام کو منھ سے لگا لیتا ہے۔ یہ ایک مثال ہے انسانی ارادون کے طبقہ مین قانون مذکورۂ بالا کے عملدرآمد کی، اسی طرح وقوف کے دائرہ مین اگر قانون بالا کے نظائر تلاش کرتا ہون، تو یہ امر پیش نظر رکھو، کہ آج کل کے تعلیم یافتہ افراد کس کثرت سے اُن مسلمات و معتقدات کے پیرو ہین، جو ایک زمانہ مین ناتربیت یافتہ نفوس کے حق مین ضروری و مفید تھے، مگر جنکا بطلان ایک تعلیم یافتہ دماغ کے لیے واضح بلکہ بدیہی ہے۔ آج بڑے سے بڑے حکماء عصر بھی اپنے ذہن مین غیر مادی ہستیون (مثلاً خدا، روح، وغیرہ) کے تصور کو، مادیت و تجسیم سے منزہ نہین کر سکتے۔ حالانکہ یہ عقیدہ ایسا ہے جو گو ارتقاء انسانیت کی منازل اولین مین ضروری تھا، مگر آج عقلی حیثیت سے خود انھین لوگون کے نزدیک مضحکہ خیز ہے۔ غرض اس طرح نہ صرف نباتات بلکہ انسان کے وقوف و ارادہ کے طبقات مین بھی قانون مذکور کے متعدد شواہد ملتے ہین۔

ممکن تھا کہ اس موقع پر ناظرین کو حیاتیات کے اس مشہور قانون کی یاد دلائی جاتی، جس سے علم حیوانات کا ہر ابجد خوان واقف ہے جسکا منشا یہ ہے، کہ وہ خصائص جسمی جو بعض حالات مین نوع یا افراد کے لیے مفید ثابت ہوئے ہین، اپنے موافق، یا حالات سابقہ کے مماثل، حالات پاکر پھر ظہور کرنے لگتے ہین۔ اور پھر یہ ممکن تھا، کہ اس قانون کو، اُس قانون سے ملا کر

جسکی تصریح اوپر گذر چکی، ایک جدید قانون کی تدوین کی جاتی، جو اپنی وسعت کے لحاظ سے ہمہ گیر ہوتا، اور جو نفس وجسم، ذہنیات و مادیات دونوں پر یکسان حاوی ہوتا، لیکن ہم اسوقت نفسیات پر لکھ رہے ہین، نہ کہ الہیات وعام فلسفہ پر، اسلیے اس مبحث کو یہان قلم انداز کرتے ہین۔

---

ان بیانات کے خلاصہ کو اگر منطقی حیثیت سے ترتیب دینا چاہین، تو مقدمات ذیل کی شکل مین رکھ سکتے ہین۔

(۱) جو خصایص نفسی، کسی زمانہ یا بعض حالات مین، نوع یا افراد کے لیے مفید رہ چکے ہین، وہ اُن حالات کے مماثلات کے ظہور پر اضطراراً پیدا ہونے لگتے ہین۔

(۲) تقلید، تحدید حریت، وغیرہ بعض خصایص نفسی، نظام اجتماعی کی تشکیل کے لیے بیحد مفید بلکہ لازمی ثابت ہو چکے ہین۔

ان مقدمات کے ملانے سے ہر معمولی سمجھ کا آدمی بھی اس نتیجہ پر پہونچ سکتا ہے کہ

آج بھی جب کبھی ایسی صورت پیش آجاے گی، جو کسی حیثیت سے ابتدائی نظام اجتماعی کے مماثل ہے، تو تقلید، تحدید حریت وغیرہ خصایص معلومہ اُسی زور وقوت کے ساتھ افراد مین اضطراراً پیدا ہو جائین گے۔

یہ ہے منطق کا وہ قیاسی نتیجہ جسکی تصدیق مشاہدہ کے استقرائی نتایج ہماری

عملی زندگی مین ہر ہر قدم پر کرتے جاتے ہین - مشاہدہ بتاتا ہے، کہ جون ہی چند افراد مل کر کوئی جماعت قائم کرتے ہین، یا کسی خاص غرض مشترک کے لیے مجتمع ہوتے ہین، اُن افراد مین اُن کے عام خصایص ذہنی سے علیحدہ، کچھ جدید خصایص پیدا ہو جاتے ہین، اور یہ خصایص وہی ہوتے ہین، جن کے دم سے نظام جماعت کا وجود قایم ہی، باجود کم از کم حیات اجتماعی کے لوازم مین داخل ہین، ان خصایص کا ایک اجمالی و سرسری ذکر تو اوپر گزر چکا، اب ان کے عنوانات مہم کی تفصیل آیندہ ابواب مین ملے گی -

مگر اس سلسلہ مین ناظرین کو یہ خوب ملحوظ رکھنا چاہیے، کہ رسالہ ہذا مین جہان کہین جماعت کے خصایص بتائے گئے ہین، وہان "جماعت" سے یہ مراد ہرگز نہین رکھی گئی ہے، کہ اُسکے اجزاء ترکیبی، یا افراد کسی جگہ اکٹھا بھی ضرور ہون، افراد مین نفس اجتماعی کے تمام خصائص پیدا کر دینے، یا انھین جزو جماعت بنا دینے کے لیے، مادی یکجائی ہرگز لازمی نہین، بلکہ صرف اشتراک خیال کافی ہے، جسے دوسرے الفاظ مین نفسی یکجائی کہہ سکتے ہین، اور جسکے لیے انگریزی مین (Psychological unity) کی اصطلاح موجود ہے، صحرائے افریقہ مین ایک کلمہ گو شہید کیا جاتا ہے، لیکن اسکے قاتلون سے نفرت و انتقام کے جذبات ہندوستان تک مین پیدا ہو جاتے ہین، قیصر جرمنی سفیر انگلستان کی توہین کرتا ہے، مگر ہزارون میل کے فاصلہ پر کناڈا و آسٹریلیا کی نوآبادیان جوش غضب سے بیخود ہو جاتی ہین، آسٹریا کا ولیعہد سرویہ مین قتل ہوتا ہے، مگر روئے زمین پر جہان جہان آسٹروی عشرتکدہ ہین سب ہنگا

بیچراغ ہوجاتے ہین۔ یہ سب شواہد ہین اسی حقیقت کے، کہ نفس اجتماعی کے تشکیل، جغرافیانہ حدود، یا کسی مادی وجسمانی اتصال پر موقوف نہین، بلکہ تمام تر نتیجہ ہین نفسیانی اتصال یا اشتراک خیال کا۔ بےشبہہ مدنیت انسانی کے دوراولین مین اشتراک خیال پیدا کرنے کا بھی ایک ذریعہ تھا، کہ افراد یکجا ومجتمع ہون، لیکن تمدن کی ترقی نے اب ایک مدت دراز سے نفس اجتماعی کی تشکیل کو، افراد کی یکجائی وجسمانی اتصال سے بے نیاز کردیا ہے۔ ہم قومی ہم مذہبی، ہم زبانی، ہم تعلیمی، ہم وطنی، ہم نسلی، وغیرہ ایسی متعدد قوتین پیدا ہوگئی ہین، جو افراد کو، باوجود اُن کے درمیان ہزارہا ون میل کے فاصلہ اور اُن مین باہم مطلق شناسائی نہ ہونے کے جزو جماعت بنا دینے کے لیے بالکل کافی ہین، پھران سب قوتون سے بھی بڑھکر جن چیزون نے پچھلی دوایک صدیون سے عمل کرنا شروع کیا ہے، وہ وسائل سفر کی سہولت، اخبارات کا اجرا اور کتابون کی اشاعت ہین، مختلف دماغون مین یکسانیت، مختلف افکار کی ہم سطحی، مختلف اذہان کی ایک ہی محور پر گردش، اتحاد مقاصد اتحاد اغراض اشتراک خیال، غرض وہ تمام چیزین جو نفس اجتماعی کی مظاہر ہوسکتی ہین آج دور دراز ملکون مین یکسان نظر آتی ہین۔ اور یہ اسی کا اثر ہے، کہ رسالۂ ہذا کی ترتیب کے وقت، جنگ کے متعلق جو افواہین، رنگون ومدراس مین شایع ہوتی ہین، مَعًا اُن کی صدائے بازگشت، کراچی وپشاور مین سنائی دینے لگتی ہے۔ نفس اجتماعی بھی گویا ایک لہر ہے، جو بعض مواقع پر دنیا کے ایک سرے سے لیکر دوسرے تک دوڑجاتی ہے۔

اس طرح یہ بھی بالکل ممکن ہے کہ کسی مقام پر محض اتفاقی اسباب سے ہزاروں لاکھوں آدمی اکٹھا ہو جائین، لیکن اگر وہ سب ایک دوسرے کے خیالات و احساسات سے اجنبی محض ہین، اگر اُن کے درمیان کوئی اشتراک خیال نہین، اگر اُن کے اغراض متحد نہین، تو خواہ وہ کتنے ہی کثیر التعداد ہون، مگر افراد ہی رہین گے، اور اُن کے مجموعہ پر نفسیات کی اصطلاح مین جماعت یا اجتماع کا لفظ کبھی صادق نہ آئے گا۔

---

# باب (۳)

## ضعف عقل، تخییل آرائی، مبالغہ پسندی

جماعت کے خصایص نفسی کا مجمل ذکر اوپر گزر چکا، اس اجمال کی تفصیل کرتے وقت جماعات کی جو خصوصیت سب سے زیادہ نمایان نظر آتی ہے، وہ انکی ضعف العقلی ہے، جیسا پچھلے باب مین کہا جا چکا ہے، جس بنیاد پر نظام جماعت کی ساری عمارت قایم ہے، وہ اتحاد آرا ہے، اختلاف آرا حیات عمرانی کا قاطع ہے، کیونکہ جب ہر شخص نے اپنا راستہ علٰحدہ اختیار کر لیا، تو گو مسافرون کا مجموعی شمار جون کا تون رہا، لیکن قافلہ کا وجود کہان باقی رہا؟ برخلاف اسکے، اگر جماعت کا کوئی متفقہ فیصلہ، چند یا اکثر ارکان کے لیے مضر یا مہلک ہی ثابت ہو، تو بھی دو چار، دس بیس، کچھ افراد تو آخر کار بچین گے، اور انھین بقیہ افراد سے نظام جماعت کا شیرازہ قائم رہے گا۔ پس اعمال اجتماعی کا مطمح نظر کہو خواہ محور فکر، یہ ہوتا ہے کہ اتحاد آرا قائم رہے، اور اس مقصد کے حصول کے لیے، جماعت ہر طرح کے ایثار، ہر طرح کی قربانی کے لیے تیار رہیگی

لیکن یہ طریق تصفیہ فصل خصومات کا طریقہ، بداہۃً عقل و منطق کے مطابق فیصلہ کرنے کے منافی ہے، اسی لیے جماعت کے قوائے عقلی نسبتہً کمزور رہتے ہین۔ دنیا کی ہر زندہ شے کی طرح، عقل و فہم اپنے نشو و نما کے لیے اسکی محتاج ہے، کہ اس سے کام لیا جائے، لیکن جب اس سے عرصہ تک کام نہین لیا گیا تو اسکا قدرتی نتیجہ یہ نکلا، کہ بجاے نمو کے اس مین انحطاط پیدا ہو گیا، بجاے صیقل کے قوت تعقل، زنگ آلود ہو گئی، اور قوی ہونے کی جگہ اعمال فکری مدہم پڑ گئے ہزارون لاکھون سال کے عمل متواتر سے یہ خصوصیت، جماعت کی سرشت و خمیر مین داخل ہو گئی ہے، اور اب اگر کوئی جماعت، من حیث الجماعت، اسکو اپنے سے علٰحدہ کرنے کی سعی کر رہی ہے، تو اسے یقین کر لینا چاہیے، کہ وہ ایک سعی لاحاصل مین مصروف ہے۔

تم نے بارہا یہ واقعہ دیکھا ہو گا، کہ وہ افراد جن کو تم بہت بڑے عالی دماغ و معاملہ فہم خیال کرتے تھے کسی کمیٹی یا انجمن مین شرکت کے لیے گئے ہین، مگر وہان جا کر انھون نے بعض ایسی رایون کا اظہار کیا ہے، جن پر ایک بچہ کو بھی ہنسی آتی ہے، تم نے یہ تماشہ بارہا دیکھا ہو گا، اور ہر بار اس پر حیرت کی ہو گی بلکہ بہت ممکن ہے کہ خود ذاتی طور پر تمھین اسکا تجربہ ہوا ہو یعنی تم کسی جلسہ مین کسی مسئلہ پر خوب تیار ہو کر گئے ہو، مگر وہان جا کر تمھاری زبان نے جن خیالات کو ادا کیا ہے، ان پر تمھین، جلسہ سے باہر نکل کر، عرصہ دراز تک افسوس یا ندامت رہی ہو، لیکن درحقیقت، اس طرح کے واقعات پر تعجب، افسوس و ندامت سب لاحاصل ہے۔ ان نتائج مین نہ تمھارا قصور ہے، نہ کسی اور شخص کا، بلکہ یہ نتائج ہین

خود حیات اجتماعی کی تشکیل کے۔ نظام جماعت کی ساخت و ترکیب ہی اس کی
متقاضی ہے، کہ اس طرح کے نتائج ظہور پذیر ہون۔ افراد جسوقت سے جزو
جماعت ہونے لگتے ہین، اُسی وقت سے اپنی شخصیت کو خیرباد کہہ دیتے ہین، اور
یہ ظاہر ہے کہ ان کی عقل و فہم ان کی شخصیت ہی کے تابع ہوتی ہے۔ کیا خوب
کہا ہے لی بان نے کہ ارسطو اسی وقت تک ارسطو ہے، جبتک ایک مصنف
محض کی حیثیت سے حجرہ نشین ہے، اور جسوقت وہ کسی جماعت کا رکن بنا
اُسی گھڑی سے منجملہ دیگر احمقون کے ایک احمق وہ بھی ہے۔

قواے عقلی کے ماند پڑجانے کا ایک اثر یہ ہوتا ہے، کہ جماعت نہ تو
خود صحیح استنباط کرسکتی ہے، اور نہ دلائل و براہین سے کوئی امر اسکے ذہن نشین
کیا جاسکتا ہے۔ مہمل سے مہمل اعتراضات، اور ان کے مہمل تر جوابات دونون
اس کے نزدیک قابل قبول ہوتے ہین۔ بحث مین متعلق و غیر متعلق کی تمیز
جاتی رہتی ہے، اور بڑے سے بڑے دور از کار جوابات سے اسکی پوری
تشفی ہوجاتی ہے، بشرطیکہ وہ خوشنما و پرشوکت الفاظ مین دیے گئے ہون جو
لوگ جماعت سے کام لیتے رہتے ہین، وہ اس نکتہ کو خوب سمجھ گئے ہین اور اپنی
تحریر و تقریر مین جماعت کی اس خصوصیت کو ہمیشہ پیش نظر رکھتے ہین ابھی کچھ
زیادہ عرصہ نہین گزرا، کہ ہندوستان کے ایک اسلامی پرچہ کے اڈیٹر کو
جسکی زبان قلم پر ہر وقت قال اللہ و قال الرسول جاری رہتا تھا کسی شخص
نے یہ لکھا کہ، مجوزہ مسلم یونیورسٹی ایک خالص تعلیمی مسئلہ ہے، جسکے متعلق دیگر
فنون کی طرح، صرف ماہرین فن کی رائین قابل وقعت ہوسکتی ہین، اور آپ جو

غایت شغف و انہماک کے ساتھ اس پر مخالفانہ مضامین کا سلسلہ نکال رہے ہین، تو براہ کرم یہ فرمائیے، کہ خود آپ کو اس معاملہ مین بہ حیثیت ماہر فن کہانتک رائے زنی کا حق حاصل ہے؟ آپ نے مشرق یا مغرب کی کسی یونیورسٹی مین اعلیٰ یا ادنیٰ تعلیم پائی ہے؟ فن تعلیم کا کبھی مطالعہ کیا ہے؟ اصول تدریس و تربیت پر کبھی غور کرنے کا اتفاق ہوا ہے؟،، ان سوالات کے، جو اگرچہ ذاتیات پر مبنی تھے مگر نا قابل التفات نہین کہے جا سکتے، جواب مین اس ایڈیٹر نے بہ کمال جسارت اپنے پرچہ مین لکھا کہ ،، الحمد للہ مین مشرق و مغرب کی کسی یونیورسٹی سے مستفید نہین ہون۔ البتہ مین نے استفادہ کیا ہے رب المشرقین و رب المغربین کی اُس رُوحانی یونیورسٹی سے، جس نے مجھے تمام کاغذ کی سند دینے والی درسگاہون سے بے نیاز کر دیا ہے،، غور کرو، کہ کیا اس جواب مین کچھ بھی معقولیت ہے؟ کیا اسے اصل سوالات سے کوئی لگاؤ ہے؟ لیکن چونکہ یہ خوشنما پُر شوکت الفاظ مین دیا گیا تھا، اور اس مین جس استدلال کی جگہ پبلک کے معتقدات مذہبی کو مخاطب کیا گیا تھا، اسلیے یہ نہایت موثر رہا ہندوستان کے اس سرے سے اُس سرے تک ناظرین کو بالکل معقول و تشفی بخش معلوم ہوا۔ ان ناظرین اخبار کی ایک بڑی تعداد تعلیم یافتہ اشخاص کی تھی، جو یقیناً بحث کے متعلق و غیر متعلق اجزا مین تمیز کر سکتے تھے، مگر چونکہ حیات شاعرہ پر نفس اجتماعی غالب آچکا تھا کسی کو اسکا احساس تک نہوا البتہ عام قوائے عقلی کے ضعف و انحطاط کے ساتھ، جماعت کی جس خصوصیت نفسی مین ترقی ہو جاتی ہے، وہ تخییل ہے۔ جماعت کا تخیلہ اسقدر

غیر معمولی طور پر تیز و قوی ہوتا ہے، کہ وہ حقایق و واقعات کی دنیا سے بالکل الگ ہو کر تخیلات و مفروضات کے عالم میں رہتی ہے، کوئی تخیل خواہ کتنا ہی بعید از قیاس، مگر جماعت کے ذہن کی دسترس سے باہر نہیں ہوتا۔ اجتماع نقیضین، اہل منطق کے نزدیک، محالات عقلی کی سب سے واضح و بدیہی مثال ہے، لیکن جماعت کی تخئیل کو اس میں بھی کوئی استبعاد نہیں نظر آتا۔

اسی تخئیل کا ایک مظہر زود اعتقادی ہے، جماعت کا متخیلہ چونکہ غیر محدود ہوتا ہے، اور ساتھ ہی اسکی روک تھام کی جو زنجیریں عقل کی طرف سے عاید ہوتی ہیں، وہ تقریباً بالکل حذف ہو چکی ہوتی ہیں، اسلیے جماعت ہر خلاف عقل خبر کے باور کرنے اور ہر ناممکن واقعہ کو صحیح تسلیم کر لینے کے لیے مستعد رہتی ہے، سطور ہذا کی تحریر کے وقت (یعنی اکتوبر ۱۹۱۴ء میں) مصنف اپنے گرد و پیش تماشہ دیکھتا ہے کہ یورپ کی ہولناک جنگ کے متعلق ہر طرح کی بیسروپا افواہیں نہایت کثرت سے مشہور ہو رہی ہیں اور وہ لوگ تک جو سوسائٹی میں اپنی تعلیم و واقفیت کے لحاظ سے ممتاز خیال کیے جاتے ہیں، اُن پر بلا تامل ایمان لا رہے ہیں۔ معمولی سیارہ، جنگ کے زمانہ میں، جماعت کو جرمن کا ہوائی جہاز نظر آتا ہے، جو روز شام کو شمالی ہند کی فضا پر منڈلایا کرتا ہے، اُسکی تیز چمک میں صاف برقی روشنی کی جھلک نظر آنے لگتی ہے، بلکہ اکثروں کو اُسکے اندر جرمن سپاہیوں کی صورتیں بھی بہت صاف دکھائی دیتی ہیں۔ شاہ جارج لکھنؤ میں آ کر نظر بند ہو جاتے ہیں شاہ البرٹ، والیٔ بلجیم دہلی کے قلعہ میں پناہ گزین ہو جاتے ہیں، اور اسی طرح کے

تمام مزخرفات پر ایمان لانے والے، ان کے سچے دل سے تصدیق کرنے والے محض ناخواندہ دیہاتی نہین ہوتے، بلکہ گریجویٹ، وکیل بیرسٹر، تاجر، اڈیٹر، طبیب، ڈاکٹر غرض ہر طبقہ و درجہ کے ذمہ دار لوگ ہوتے ہین۔ نقص اجتماعی مین زود اعتقادی و تخیل آرائی کے سامنے عقل کی بے بسی کی، اس سے زیادہ واضح نظیر اور کیا ہو سکتی ہے!۔

بہ حیثیت مجموعی، جماعت کی حیات نفسی بہت کچھ بچون کی حیات نفسی کے مشابہ ہوتی ہے۔ کم عقلی بے غوری جلد بازی، زود اعتقادی وغیرہ جتنے خصائص، بچون کی دماغی زندگی کے اجزاء امتیازی ہوتے ہین، تقریبًا تمامتر وہی ہوتے ہین، جو جماعت کی بھی دماغی زندگی کے مواد کا کام دیتے ہین۔ اور یہ مماثلت بلا وجہ نہین جس طرح بچہ اپنی نشو دنما کی منازل مین اُن منازل ارتقائی کا گویا عکس ہوتا ہے، جو نوع نے اپنے ہر دور مین طے کی ہین، اور اس لیے شروع شروع اسکے خصائص بالکل وہی ہوتے ہین جو نوع انسان اپنے عہد ابتدائی مین رکھتی تھی، ٹھیک اسی طرح چونکہ جماعت بھی من حیث الجماعت، اسی ابتدائی عہد انسانیت کی یادگار ہوتی ہے اسلیے اسکے خصائص مین اُن خصائص کا اعادہ ہونا لازمی ہے، جو دور توحش مین انسان کے لیے بمنزلہ لوازم تھے، چنانچہ ہم مشاہدۃً یہی پاتے ہین کہ وہی زود اعتقادی نافہمی، کم عقلی وغیرہ خصائص جو انسانیت کے دور اولین کے یادگار ہین، اور جو موجودہ وحشی قبایل کے لیے مایۂ امتیاز ہین انہین کی صدا ے بازگشت آج اُن جماعات کے معتقدات و تخیلات سے بھی

آتی ہے۔ جو تعلیم یافتہ و شایستہ افراد سے مرکب ہین۔

جماعت کی حیات نفسی کی اس سے بھی بہتر تشبیہ بالغوں کی اُس کیفیت نفسی سے دی جاسکتی ہے، جو خواب کی حالت مین اُن پر طاری ہوتی ہے تم نے بارہا ایسے خواب دیکھے ہون گے، جن پر بیدار ہونے کے بعد تمھین سخت حیرت ہوئی ہوگی، بارہا تم نے خواب مین اپنے تئین ایسے افعال کا مرتکب پایا ہوگا، جو بیداری مین تم سے صادر ہونا ممکن نہین۔ عالم خواب و بیداری مین اس نامناسبت کا اصلی باعث یہ ہے کہ خواب مین ہماری وہ شخصیت ہی نہین قائم رہتی، جو بیداری مین ہوتی ہے۔ بیداری مین ہمارا شعور جلی قائم رہتا ہے، ہم اپنے دماغ کے مراکز اعلیٰ سے کام لیتے ہین، اور اپنے افعال ارادی پر پورے حکمران و متصرف رہتے ہین۔ برخلاف اسکے خواب مین ہم خود اپنے حاکم و آقا نہین رہتے ہین، شعور جلی کے بجاے شعور خفی کام کرنے لگتا ہے، دماغ کے مراکز اعلیٰ معطل ہو کر اپنا کام نظام عصبی کے مراکز ادنیٰ کے سپرد کر دیتے ہین، اور ہمارے ہوش و حواس ہماری عقل و ارادہ کی دسترس سے باہر ہو جاتے ہین، اس تغیر حالات کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہم اضطراراً اپنے تئین خواب مین ایسے افعال کا مرتکب پانے لگتے ہین، جنکی اپنی ذات سے خود ہمین کبھی توقع نہین ہوسکتی تھی[۱]، اسکی وجہ ظاہر ہے

[۱] حالی نے، جن کے عاشقانہ کلام مین بھی غالب کی طرح اکثر کوئی نہ کوئی حکیمانہ پہلو ضرور موجود ہوتا ہے ایک غزل مین یہ شعر کہا ہے،

رات انکو بات بات پہ سو سو دیے جواب ÷ مجھکو خود اپنی ذات سے ایسا گمان نہ تھا ÷ (بقیہ صفحہ ۵۸)

یعنے یہی کہ خواب مین ہم وہ شخص ہی نہین رہتے، جو عالم بیداری مین ہوتے ہین اور نفس قومی کے مساوی ہی، غیر شعوری حالت نفس اجتماعی کی بھی ہوتی ہے، افراد جسوقت جزو جماعت ہونے لگتے ہین، تو اپنی شخصیت و انفرادیت سے پہلے ہی رخصت ہو چکتے ہین۔

عقل کی کمی اور تخییل کی افراط کا ایک خاص مظہر یہ ہے کہ استدلال و استشہاد، جماعت کے لیے بے معنی الفاظ رہ جاتے ہین۔ کسی دعوی کو باور کرنے کے لیے جماعتین نہ ثبوت کا مطالبہ کرتی ہین، اور نہ اسکے دلائل و شواہد کی تلاش کرتی ہین، بلکہ ان کے یقین کے لیے صرف اتنا کافی ہوتا ہے، کہ جس شے کا انھین یقین دلانا منظور ہو اسکی تصویر ان کی نظر کے سامنے پھر جائے کسی شے کا امکان، اور اسکی واقعیت، جماعت کے نقطۂ خیال سے، مرادف الفاظ ہین۔ اسی لیے اسرار جماعت کے رازدان جب اُسے کسی شے کی واقعیت کا یقین دلانا چاہتے ہین، تو اُس شے کا بیان نہایت تفصیل و توضیح سے کرتے ہین، جس سے اسکی تصویر کا ایک ایک خط و خال نظر کے سامنے آجاتا ہے، لیکن اسکی زحمت کبھی نہین گوارا کرتے، کہ یہ ثابت کرین کہ وہ واقعتہً موجود بھی ہے، ہم مین سے بہت لوگون نے شکسپیر کا ناٹک، جولیس سیزر

(بقیہ از صفحہ ۵) واقعی شاعر کو ایسا موقع کہان نصیب ہو سکتا تھا کہ اپنے محبوب سے رات مین تنہا ملے اگر اتفاق سے ایسا موقع مل گیا، اس اچانک اور غیر متوقع اتفاق وقت نے شاعر کی زبان سے اُن خیالات کو ادا کیا، جن کی طرف خود اُسکا وہم و گمان نہین پہونچا تھا، ثنویت نفس (Duality of mind) کی یہ کیا اچھی نظیر ہے!

پڑھا ہوگا، اس ناٹک مین انھین یہ منظر یقیناً یاد ہوگا، کہ جب سیزر قتل ہو چکتا ہے اور عام اہل شہر اسکے قتل کو نہ صرف اطمینان و پسندیدگی کی نظرون سے دیکھتے ہین، بلکہ اس پر بیحد جوش مسرت کا اظہار کر چکتے ہین، تو اسکے بعد سیزر کا ایک دوست انٹونی نامے آتا ہے، اور پلیٹ فارم پر کھڑے ہوکر سیزر کی حمایت و موافقت مین تقریر کرتا ہے۔ تقریر اگرچہ بہت طویل ہے لیکن جانتے ہو کہ اس مین کیا ہے؟ کیا کہین واقعات کی مدد سے سیزر کی معصومیت ثابت کی گئی ہے؟ کیا اسکی بریت مین کوئی استدلال پیش کیا گیا ہے؟ کیا کہین دلائل و شواہد کی بنا پر اسکے قاتلون کے بیانات کی تغلیط کی گئی ہے؟ نہین، کچھ بھی نہین ہے۔ وہ ایک جگہ بھی یہ غیر ضروری زحمت اپنے سر نہین لیتا کہ سیزر کے حق بجانب اور اسکے مخالفین کے بر سر ناحق ہونے کا کوئی ثبوت پیش کرے وہ جو کچھ کرتا ہے، وہ صرف یہ ہے کہ سیزر کی عظیم الشان شخصیت، اسکی مظلومیت اور اسکی محسنانہ حیثیت کا بار بار ذکر کرتا ہے، تاکہ سامعین کے ذہن مین اسکی مظلومیت کی تصویر منقش ہو جائے۔ اور اپنی اس کوشش کو زیادہ موثر بنانے کے لیے وہ سیزر کی نعش پر سے چادر ہٹا دیتا ہے، اور زور دیکر کہتا ہے کہ "دیکھو اسکے جسم پر کس کثرت سے زخم لگائے گئے ہین! یہ کس بیدردی سے چور چور کیا گیا ہے" بالغرض ہر طریقہ سے وہ اسکی مظلومیت ہی کے ہر پہلو کو نمایان کرتا ہے، اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اُسے اپنے مقصد مین پوری کامیابی ہو جاتی ہے یہانتک کہ وہی اہل شہر جو چند گھنٹہ پیشتر سیزر کے قتل پر نعرہائے مسرت بلند کر رہے تھے اب فوراً اسکے قاتلون سے انتقام لینے کے لیے چل کھڑے ہوتے ہین،

اور اس مثال کے لیے اتنی دور جانے کی کیا ضرورت ہے! آج خو
تمہارے گرد و پیش جن افراد نے جماعات کو اپنا معمول بنا رکھا ہے، جو شخص
زعیمانہ تحریر و تقریر میں مصروف رہتے ہیں، اور جن لوگوں نے اپنی خطیبانہ
قابلیت کو قیمت میں دیکر قبول عام و پیشوائی کا سودا کیا ہے، ان کا طریق
کار بعینہ یہی ہے، ان سب کی خصوصیت مشترک یہ ہے کہ جب کوئی
اہم دعوی پیش کرتے ہیں، تو اسکی اُن تمام درمیانی کڑیوں کو، جو نفیاً یا
اثباتاً اسکے شواہد یا دلائل کا کام دے سکتی ہیں، یا تو اپنے سلسلۂ بیان
میں سرے سے پی جاتے ہیں، اور یا اگر انھیں ظاہر بھی کرتے ہیں، تو
اسقدر دبا کر کہ باوجود سامنے ہونے کے نگاہوں سے مخفی رہیں۔ اور اسکے
صرف اُن اجزاء کو خوب نمایاں کرکے دکھلاتے ہیں جن سے عوام کی قوت
متخیّلہ خاص طور پر متاثر ہوتی ہے، مگر جو استدلالی حیثیت سے محض ناقابل
لحاظ ہوتے ہیں، مثلاً جب وہ کسی انسٹیٹیوشن پر حملہ کرتے ہیں، تو ان کی ساری
زبان آوری کا لب لباب اسی قدر ہوتا ہے، کہ "فلاں انسٹیٹیوشن استبداد کا
مرکز ہے" "ہم استبداد کے دشمن ہیں" "ہم استبداد کو مٹا دینا چاہتے ہیں"
"ہم قوم میں جمہوریت کی روح پھونکنا چاہتے ہیں" وغیرہ، لیکن یہ ثابت
کرنا یہ حقیقۃً نظر انداز کر جاتے ہیں کہ جو خاص انسٹیٹیوشن ان کے حملوں کا
ہدف ہے، اس میں بھی وہ نقائص و معائب موجود ہیں، جنکی بنا پر استبداد
علی العموم استقدر بدنام ہے۔

اسی اسلوب بیان کی ایک دوسری شکل یہ ہے، کہ کسی مسئلہ پر بحث

کرتے ہوئے جو مقدمات متنازع فیہ ہین، اور جنکے طے ہونے ہی پر اصل بحث کا دارمدار ہے، اُنھین اپنے موافق، مثل مسلّمات کے بیان کیا جائے، جن مین اختلاف کی گنجایش نہین۔ اس سے نتیجہ خواہ مخواہ اپنے موافق نکلے گا اور اس نتیجہ کو بہت آب وتاب سے اپنے مخالفین کے سامنے پیش کیا جاے حالانکہ یہ ظاہر ہے کہ اگر وہ مقدمات، فریقین کو مسلّم ہوتے، تو اختلاف ہی کیون پیدا ہوتا، نفس اجتماعی کا مثل اُن تمام نفوس کے جو شعور خفی کی حالت مین ہوتے ہین، یہ ایک وصف امتیازی ہے، کہ جو باتین اُسکے سامنے بطور مسلّمات ومتعارفات کے پیش کی جاتی ہین، انھین وہ بیچون وچرا تسلیم کرلیتا ہے، اسلیے تمام ایسی تحریرین وتقریرین جو مقدمات مختلف فیہ کی اختلافی حیثیت کو نہایت ہلکا بلکہ معدوم کرکے دکھاتی ہین۔ اپنے مقصد مین عموماً کامیاب ہوجاتی ہین، یعنے مخاطبین فوراً انھین کے ہم نوا وہم رائے ہوجاتے ہین۔

اردو کا ممتاز ترین روزانہ اخبار، مجوّزہ مسلم یونیورسٹی پر دو کالمون کے طویل آرٹکل مین بحث کرکے یہ دکھانا چاہتا ہے، کہ گورنمنٹ کے حدود مداخلت ہمارے لیے ناقابل قبول ہین، اس پر دلیل یہ پیش کرتا ہے، کہ یہ مداخلت اس سے بہت زائد ہوگی، جتنی موجودہ حالت مین گورنمنٹ کو حاصل ہے، اور یہ قومی خودداری کے منافی ہے، لیکن اصل سوال یہ ہے کہ آپ خود بھی تو اپنی موجودہ حالت سے بہت زیادہ بڑھنا اور پھیلنا چاہتے ہین پس جب آپ اپنے حقوق وآزادی کو بدرجہا وسیع کرنا چاہتے ہین، تو کیون نہ اُنھین کے تناسب سے اپنی ذمہ داریون وفرایض مین بھی اضافہ قبول

کیجیے (یہ ایک بالکل علیحدہ مسئلہ ہے کہ کون کون فرائض اُن حقوق کے متناسب ہین۔ مگر اس اصول کو تو بہر حال تسلیم کیجیے کہ اضافہ حقوق کے ساتھ اضافہ فرائض بھی ناگزیر ہے) اخبار مذکور کے اصل الفاظ یہ ہین،

"سب سے زیادہ اہم اور سب سے زیادہ قابل لحاظ مسئلہ گورنمنٹ کی مداخلت کا ہے۔ اس سے کوئی انکار نہین کرسکتا کہ گورنمنٹ کے لیے ایک حد تک اختیار مداخلت ضروری ہے۔ لیکن جو اختلاف ہے وہ اسی حد کے تعین مین ہے۔ ہمارے پاس ایک تعلیم گاہ پہلے سے موجود ہے جو اپنی اہمیت کے لحاظ سے کسی یونیورسٹی سے کم نہین ہے اور اس کالج مین خود بانی کالج نے جس سے زیادہ گورنمنٹ اور قوم دونون کا کوئی یکرنگ بہی خواہ نہین ہوسکتا گورنمنٹ کو مداخلت کے اختیارات دے رکھے ہین۔ یہ مداخلت کالج کے قیام کے زمانے سے اب تک خود گورنمنٹ اور مسلمانون دونون کے نزدیک کافی سمجھی گئی۔ اب اگر اس کالج کو یونیورسٹی کے درجہ تک ترقی دیجائے تو کوئی وجہ نہین معلوم ہوتی کہ ترقی معکوس کرکے بجائے اس کی آزادی مین اضافہ کرنے کے اس کی قیود بڑھائے جائین" (مورخہ ۱۱- اپریل ۱۹۱۵ء)

جن عبارات کو ہم نے زیر خط کردیا ہے، درحقیقت انھین کے طے ہونے پر بحث کا فیصلہ موقوف ہے۔ وہی اصل متنازع فیہ مسائل ہین

لیکن اخبار نویس اُنھیں اس طرح بیان کر رہا ہے کہ گویا وہ حقایق مسلّمہ ہیں،
مخالف یقیناً کہہ سکتا ہے کہ اگر آپ کی موجودہ تعلیم گاہ "واقعی کسی یونیورسٹی
سے کم نہیں"، تو آپ کیوں اس قدر جد وجہد اُسے یونیورسٹی کے درجہ
تک پہونچانے کے لیے کر رہے ہیں؟ اسی طرح دوسری عبارت زیر خط
مین بھی کافی اختلاف آرا کی گنجایش نکل سکتی ہے، یہ اخبار اپنے معاصرین
مین نسبتہً بہت سنجیدہ لکھنے والا ہے، اس لیے اس نے ان اختلافی مسائل
کا تذکرہ بھی کر دیا گو اس کا مقصد اظہار اختلاف نہین بلکہ اظہار اجماع و اتحاد
تھا، لیکن دوسرے اخبار نویس، جو اس فن مین زیادہ ترقی کر چکے ہین، ان
چیزون کا نام تک نہین لیتے۔

تخئیل کو متاثر کرنے مین علاوہ اُن طریقون کے جن کا ذکر جستہ جستہ
کتاب ہذا کے مختلف مقامات مین ملے گا، چار طریقہ خصوصیت کے ساتھ
کامیاب ثابت ہوتے ہین۔

(۱) اول یہ کہ بجاے کسی شے کی بُرائیان یا خوبیان تفصیلاً ثابت کرنے
کے اُس شے کا محض ذکر ایسے الفاظ کے ذریعہ سے کرنا، جو اپنے اندر بجاے
خود رغبت یا نفرت کے جذبات کو برانگیختہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہین، اصل
یہ ہے کہ بعض محاسن و معائب کو ادا کرنے کے لیے زبان نے چند خاص الفاظ
وضع کر لیے ہین۔ اب نفس اجتماعی کی ساخت، جماعت کو یہ غور کرنے کی
مطلق اجازت نہین دیتی، کہ جن اشیا کے متعلق اس طرح کے الفاظ استعمال
کیے گئے ہین، اُن مین فی الواقع بھی یہ محاسن یا معایب موجود ہین یا نہین، جماعت

صرف الفاظ کو پکڑ لیتی ہے، اور اپنی عجیب و غریب منطق سے اس نتیجہ پر پہونچ جاتی ہے، کہ جس شے کے متعلق یہ الفاظ استعمال کیے گئے ہین ضرور ہے کہ اُس مین فی الواقع وہی اوصاف موجود ہون، جن پر یہ الفاظ اپنے لغوی یا اصطلاحی معنے کے لحاظ سے دلالت کرتے ہین۔ اس طرح کے الفاظ عموماً ہر ملک اور ہر زمانے مین بدلتے رہتے ہین۔ فرانس مین ایک زمانے مین ''حریت''، ''اخوت''، ''مساوات''، اپنے اندر ایک طلسمی قوت رکھتے تھے۔ مگر اسوقت یہ قوت ''حب وطن''، ''جرمن کشی''، ''انگریز دوستی'' کی طرف منتقل ہو گئی ہے۔ ہندوستان مین بھی بیشتر اس طرح کے پُر قوت الفاظ کچھ اور تھے، مگر پچھلے سالون ہندوستانی مشاعر و احساسات نے جو کروٹ بدلی ہے، اسی کے ساتھ ان الفاظ کی فہرست بھی نئی ہو گئی ہے۔ قدیم اصطلاحات دفعۃً متروک ہو گئے ہین، اور ان کے بجاے جدید الفاظ نے وہ مرتبہ حاصل کر لیا ہے۔ مثلاً ادھر دو چار سال سے جو الفاظ اپنے اندر قبول عام و مرجعیت کے خزائن مخفی رکھنے لگے ہین اُن مین سے چند یہ ہین ''حریت'' ''آزادخیالی''، ''اشاعت مذہب''، ''وطن پرستی''، ''جمہوریت''، ''آئین و دستور'' ''خدمت قومی''، ''روشن خیالی''، ''ایثار''، ''اصلاح'' (اور ایک خاص حلقہ مین) ''حسیات ملی''، ''قوم کا درد اور ٹیس''، ''امر بالمعروف و نہی عن المنکر''، ''دعوت حق''، اسی طرح ان کے مقابل، اُن الفاظ کا نمونہ، جن سے کسی شے کو موسوم کرنا اسے ہر طرح کی تحقیر کا ہدف بنا دینا ہے، یہ ہے۔ ''الحاد''، ''دہریت'' ''استبداد''، ''قوم فروشی''، ''وفاداری''، ''اعتدال و متانت''، ''اہل حل و عقد''

"خان بہادر"، "تقلید" (اور ایک خاص حلقہ مین) "متفرنجین"، "منافقین"، "مارقین"۔ اپنے گرد وپیش سے آج کسی ایسے مقرر یا اخبار نویس کو منتخب کرلو، جو جماعات مین خاص اثر ومقبولیت رکھتا ہے، تمھین اسکی ہر تحریر وتقریر مین یہ ملے گا، کہ وہ جس شخص یا جس چیز کو پبلک کی نظر مین معزز وممتاز یا رُسوا و ذلیل بنانا چاہتا ہے، اسکے لیے الفاظ بالا، یا اسی قبیل کا کوئی اور لفظ استعمال کردیتا ہے، اور بلا تامل اپنے مقصد مین کامیاب ہوجاتا ہے۔

(۲) دوسرا اصول تخئیل کو متاثر کرنے کا یہ ہے، کہ واقعات کو کبھی سادہ و اصلی صورت مین نہ پیش کیا جاسے بلکہ ہمیشہ مبالغہ شدید کا رنگ چڑھا کر انھین ظاہر کیا جاسے، درحقیقت، تخئیل جس استعداد ذہنی کا نام ہے، اسکا اقتضا ہی یہ ہے، کہ اصلیت و واقعیت سے تجاوز کیے بغیر، اسکی تشفی نہ ہو، حواس کا کام یہ ہے، کہ عالم خارجی کو جیسا کچھ پائین، بعینہ اسی طرح اسکا ادراک نفس سے کرائین، اور قوت تعقل کا یہ کام ہے، کہ انھین تہیجات در آورد کے مواد سے افکار قائم کرے، اور اسی مواد کی بنا پر استنباط نتائج کرے۔ لیکن قوت تخئیل اپنے عمل کے لیے اُن تہیجات کی محتاج نہین، جو خارج سے آئے ہوتے ہین نظام عصبی مین جو کبھی کبھی خود تہیجی پیدا ہوجاتی ہے، وہ اسی سے اپنا، مادۂ عمل تیار کرتی ہے، اور اسی سے مختلف صورتین، متشکل کرکے ذہن کے سامنے لاتی ہے، پس قوت متخیلہ کو آسودہ کرنے کے لیے لازمی ہے، کہ واقعات مین تصرف کیا جائے، تم نے خیال کیا ہوگا، کہ جو شعر جتنا زیادہ تخئیلی، یعنے روزمرہ کے واقعات سے ہٹا ہوتا ہے، اُسی قدر دلکش ہوتا ہے، اور اسکے برخلاف

سب سے زیادہ پھیکا اور بدمزہ شعر وہ ہوتا ہے، جس مین کوئی معمولی ہوا قصہ سیدھے سادے الفاظ مین نظم ہوتا ہے۔ اسی طرح بچون کو دیکھو، جنکی عقل ضعیف، اور تخئیل قوی ہوتی ہے، کہ وہ حقائق طبیعی کے مقابلہ مین معجزات وکرامات کو، اور واقعات تاریخی کے مقابلہ مین افسانون اور کہانیون کو کس دلچسپی اور ذوق وشوق سے سنتے ہین! اور جماعت بھی، خواہ اُس کے افراد کتنے ہی سن رسیدہ ہون، چونکہ عقلاً ہمیشہ بچون کے ہم سطح ہوتی ہے، اس لیے اس حیثیت سے وہ بچون سے مطلقاً ممتاز نہین ہوتی۔ یہی باعث ہے، کہ کوئی شخص بغیر مبالغۂ شدید بلکہ غلط بیانیون کو کام مین لائے ہوئے دیر تک جماعات پر اپنا اثر واقتدار قائم نہین رکھ سکتا۔

(۳) تیسرا اصول تخئیل کو متاثر کرنے کا وہی ہے، جسے ہم ایک ہی آدھ صفحہ اُدھر بیان کر چکے ہین، یعنے ہر واقعہ کو حتی الامکان تصاویر ومناظر اصلی کے ذریعہ سے ظاہر کرنا۔ کسی خیال کو عوام کے دل مین جمانے کا بہترین طریقہ اسکے متعلق وعظ کہنا نہین بلکہ تھیٹرون اور تماشون کے ذریعہ سے اُس خیال کو، ایک مجسم شکل مین جماعت کے سامنے پیش کرنا ہے، شعور خفی کا، جس سے نفس اجتماعی کا خمیر ہوتا ہے، یہ ایک خاصہ اساسی ہے، کہ افکار مجردہ وتعلیمات اسکے لیے یکسان ناقابل فہم ہوتے ہین، وہ صرف اس بیان کو سمجھ سکتا ہے، جس سے کسی واقعہ کی تصویر اسکے سامنے پھر جائے، اُس کو مخاطب کرکے یہ کہنا بالکل بے سود ہے، کہ "بعد مرگ، روح کو سرور ابدی حاصل ہوتا ہے" وہ اگر متاثر ہو سکتا ہے تو صرف اس طرح کے جملے سے کہ "مرنے کے بعد

تھیں بڑی اور چمکدار آنکھوں والی اچھوتی حوریں ملیں گی، کھانے کے لیے دودھ، شہد، انار، انگور، اور ہر طرح کے تر و تازہ میوہ ملیں گے، خدمت کے لیے ہر وقت خوبصورت غلام کمربستہ رہیں گے۔" چنانچہ ہر کامیاب خطیب، ہر صاحب اقتدار لیڈر، اور ہر بانی مذہب جبلتاً یہی اسلوب بیان اختیار کرتا ہے،

جماعت پر اس اسلوب بیان کی اہمیت اثر کا اندازہ کرنے کے لیے یہ دیکھو کہ خود افراد کی تخئیل اس سے کس درجہ متاثر ہوتی ہے! بچے، عورتیں اور ناخواندہ مرد، آلام دوزخ و لذائذ جنت کی تفصیل سے کیسا گہرا اثر قبول کرتے ہیں۔ ایک عام کلیہ کے طور پر ان کے سامنے لا کھ باتیں بیان کرو، ان پر کچھ اثر نہ ہوگا، لیکن انھیں چیزوں کا اگر فوٹو ان کے آگے پیش کرو، تو وہ بے اختیار ہو جائیں گے، اس سلسلہ میں ایک قدیم تاجدار روس، ولیڈیمیر کے قبول مسیحیت کی جو حکایت بیان کی جاتی ہے، اس کا اعادہ خالی از لطف نہ ہوگا۔ یہ فرمان روا دسویں صدی عیسوی کے آخر میں گزرا ہے، اس وقت تک مملکت روس کا مذہب بت پرستی تھا، لیکن خود ولیڈیمیر کو بعض اسباب کی بنا پر اپنے آبائی مذہب کی طرف سے بے اطمینانی ہوتی ہے، اور وہ دیگر مذاہب کی جستجو کرتا ہے۔ یہودیت، اسلام، وغیرہ متعدد مذاہب کے داعی آتے ہیں، اور اپنے اپنے ادیان کی تائید میں دلائل و براہین پیش کرتے ہیں، جن سے بادشاہ بالکل غیر متاثر رہتا ہے، آخر کار یونان کے پادری، سرشت انسانی کے نکتہ رس، حاضر دربار ہوتے ہیں، اور بجائے کسی استدلال کے بادشاہ کے حضور میں ایک مرقع پیش کرتے ہیں جس میں روز حشر کا سین دکھایا گیا ہے

داہنے ہاتھ پر جنت کا نقشہ ہے، جس میں طرح طرح کی نعمتیں جلب بصر کر رہی ہیں، اور جس میں پیروان مسیح، خوبصورت حوروں کے ہمراہ مصروف گلگشت ہیں۔ اور بائیں ہاتھ پر دوزخ کی تصویر ہے، جس میں آگ دہک رہی ہے، سانپ بچھو رینگ رہے ہیں، اور منکرین مسیح، فرشتگان عذاب کے گرز اور طرح طرح کے مصایب کا شکار ہو رہے ہیں، جہنم کا یہ منظر دیکھتے ہی ولیڈیمیر بے اختیار ہو جاتا ہے، اور اکبارگی چیخ اٹھتا ہے، کہ "میں مسیح پر ایمان لے آیا ہوں"۔[1]

اس طرح کے واقعات کم و بیش ہر شخص کو تلاش کرنے سے اپنے گرد و پیش مل سکتے ہیں، اور انھیں سے اندازہ ہو سکتا ہے، کہ جب افراد کی تخئیل، مرقع بیانی و مرقع نگاری سے اسقدر متاثر ہوتی ہے، تو جماعات تو اس سے صد چند، و ہزار چند متاثر ہوں گی۔

(۴) چوتھا اصول، تمثیل بیانی ہے، فرائض و قوف کی اگر نہایت دقیق تعلیل کی جائے، تو بالآخر اُن کا ماحصل، اُنھیں دو عنوانات پر آکر ٹھہریگا، مختلف اشیائے

---

[1] بعض مورخوں نے یہ حکایت اسی مقام پر ختم کر دی، بلکہ یہ بھی اضافہ کیا ہے، کہ اس فوری ہیجان کے بعد جب ولیڈیمیر کی طبیعت بحال ہوئی، تو اس نے مختلف ممالک میں اپنے معتمدین بھیجے، کہ وہ وہاں کے باشندوں کے طرز زندگی سے اُسے مطلع کریں۔ یہ لوگ واپسی پر اپنے ساتھ مفصل رپورٹیں لائے، جن میں ہر ملک کے باشندوں کا حال بشرح و بسط درج تھا، اتفاق سے ان میں بھی جس ملک کے باشندوں کی راحت و فارغ البالی کے سب سے زیادہ کارنامے درج تھے، وہ عیسائیوں ہی کی سلطنت تھی ان رپوٹوں کو سنکر ولیڈیمیر کے رہے سہے تذبذب کا بھی خاتمہ ہو گیا، اور اپنے نزدیک گویا اُس نے تحقیق و تدقیق کے انتہائی مدارج طے کر لیے۔

فروق واختلافات کو دریافت کرنا، یا اُن کے مماثلت ومشابہت کو معلوم کرنا،
ان مین اول الذکر نسبتہً دشوار ہے، اور اسکی فعلیت، وقوف کے کافی نشوونما
پر مشروط ہے، بر خلاف اسکے آخر الذکر ایک ایسی آسان شے ہے، جسے وقوف
کا ادنیٰ سے ادنیٰ حصہ دار بھی بلا تامل انجام دے سکتا ہے۔ جاہل و وحشی افراد
خفیف سی خفیف مناسبت پر ایک شے کو دوسری شے سے تشبیہ دینے
لگتے ہین، حالانکہ اُنکی ین اشیا کے فروق واختلاف اُن کی نظرون سے مخفی
رہتے ہین، بچون کو دیکھا ہوگا، کہ کھیل مین وہ کیسی کیسی تشبیہون سے کام
لیتے ہین۔ معمولی چھڑی کو گھوڑا سمجھ کر اُس پر سوار ہوتے ہین، بڑے صندوق
اُن کو ریل کی گاڑیان نظر آتے ہین، معمولی کاغذ کو کبھی اپنا لباس قرار دیتے
ہین، کبھی اُس سے شامیانہ کا کام لیتے ہین۔ وقس علیٰ ہذا۔ غرض یہ کہ تشابہ
اشیا سے اُن افراد کی تخئیل بھی متاثر ہوتی ہے، جنکی نظر ہنوز اس قابل
نہین ہوتی کہ فروق واختلافات اشیا پر پڑ سکے۔

یہی قوت، یہی اشیا مختلف کے خصوصیات مشترک کو دریافت کرنے کی
قابلیت، وہ شے ہے، جسے تشبیہ، استعارہ، مجاز تعبیری وغیرہ مختلف طریقون
سے موسوم کرتے ہین، اور جسکے لیے یہان تمثیل بیانی کی جامع وحاوی اصطلاح
اختیار کی گئی ہے۔ ان سب کا مدعا یہ ہے، کہ جب کسی شے کو بیان کرنا منظور ہو
تو اس کا ذکر اُن چیزون کے مماثل کرکے کیا جائے، جن کی صحت وواقعیت
سے مخاطبین کے ذہن مانوس ہین، اس پیرایۂ ادا کا یہ اثر ہوتا ہے کہ ہمارے
ذہن کی جو اذعانی کیفیت، مشبہ بہ کے متعلق تھی، وہی قدرتی طور پر مشبہ کے بابت

ہوجاتی ہے، اب اگر مخاطبین کے ذہن تربیت یافتہ ہین، اگر اُن مین قوت تحقیق وتنقید کافی طور پر موجود ہے، توشاید وہ اس انتقال جذبات کی روک تھام کرے، لیکن جن لوگون کا شعور پست یا ادنی مدارج مین ہے، وہ بلاتامل اپنے جذبات ومعتقدات کو مشبّہ بہ مشبّہ کی جانب منتقل کردیتے ہین، گلاب اگر روے یار کے مشابہ ہے، تو ضرور ہے کہ اس مین بھی کچھ محبوبیت ہو، حاکم وقت اگر ظل اللہ ہے، تو لازمی ہے کہ وہ بھی شان ایزدی رکھتا ہو۔

اس طرز استدلال، یعنے ممثل اسے ممثل کے اوصاف وخواص کے استنباط، کا بہترین مظہر نفس اجتماعی ہوتا ہے۔ جماعات پونکہ وہ استقرا کی رسائی سے باہر ہوتی ہین، اگر اصناف استدلال مین سے کوئی شے موثر ہوسکتی ہے تو وہ استدلال تمثیلی ہے لیکن اسکے لیے بھی یہ شرط ہے کہ اسکی شکل استدلالی نہ ہو، بلکہ تمثیل محض ہو، اگر استدلال کی صورت ہوئی، تو تشبیہ کے تام وناقص ہونے کی بحث چھڑ جاے گی، وجوہ شبہ کے بابت سوالات ہونے لگین گے اور اور بہت سی عقل آزمائیان شروع ہوجائین گی، بہ خلاف اسکے اگر تمثیل محض ہوئی، تو علی العموم ذہن اسقدر جلد اثر وانقیاد کے رنگ مین دب جائیگا کہ نقد ونظر کی گنجائیش ہی باقی نہ رہے گی۔

اس عنوان کی مثالون کے لیے ہم قدرۃً سب سے پہلے اُس "کتاب مقدس" کی طرف رجوع کرتے ہین، جسکے کلام ربانی ہونے پر آج پچاس کروڑ سے زائد افراد کا ایمان ہے، اور اسکے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے

کہ واقعتہً اسکی وسعت اثر و قوت کا ایک بڑا راز اسکی تمثیل بیانی ہے۔ اسکا کوئی باب کہین سے کھول لو، اور یہ نظر آئے گا کہ تشبیہات و تمثیلات کا ایک دریا ہے، جو برابر بہتا چلا جاتا ہے، اور اپنے ہمراہ ناظرین کے عقائد کو بھی بہائے لیے جاتا ہے،

"کیا اندھے کو اندھا راہ دکھا سکتا ہے؟ کیا دونون گڑھے مین نہ گرین گے؟ شاگرد اپنے استاد سے بڑا نہین، کیونکہ ہر ایک جب کامل ہوا، تو اپنے استاد جیسا ہوگا۔ تو کیون اپنے بھائی کی آنکھ کے تنکے کو دیکھتا ہے، اور اپنی آنکھ کے شہتیر پر غور نہین کرتا؟ ... اے ریاکار! پہلے اپنی آنکھ مین سے تو شہتیر نکال، پھر اُس تنکے کو جو تیرے بھائی کی آنکھ مین ہے اچھی طرح دیکھ کر نکال سکے گا۔ کیونکہ کوئی اچھا درخت نہین جو بُرا پھل لائے اور نہ کوئی بُرا درخت ہے جو اچھا پھل لائے ہر درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے، کیونکہ جھاڑیون سے انجیر نہین توڑتے، اور نہ جھڑبیری سے انگور، اچھا آدمی اپنے دل کے اچھے خزانہ سے اچھی چیزین نکالتا ہے، اور بُرا آدمی بُرے خزانہ سے بُری چیزین نکالتا ہے۔ کیونکہ جو دل مین ہے، وہی اُسکے منھ پر آتا ہے،" (لوقا۔ باب ۶۔ آیت ۳۹-۴۵)

"پاک چیز کتون کو نہ دو۔ اور اپنے موتی سورون کے آگے نہ ڈالو۔ ایسا نہ ہو کہ وہ اُنھین پاؤن کے نیچے روندین، اور

پلٹ کر تمھین پھاڑین، (متی - باب ۷ - آیت ۶ -)

"جھوٹے نبیون سے خبردار رہو، جو تمھارے پاس بھیڑون کے بھیس مین آتے ہین، مگر باطن مین پھاڑنے والے بھیڑیے ہین - اُن کے پھلون سے تم اُنھین پہچان لوگے، کیا جھاڑیون سے انگور یا اونٹ کٹارون سے انجیر توڑتے ہین؟ اسی طرح ہر ایک اچھا درخت اچھا پھل لاتا ہے اور بُرا درخت بُرا پھل لاتا ہے - اچھا درخت بُرا پھل نہین لا سکتا، اور نہ بُرا درخت اچھا پھل لا سکتا ہے - جو درخت اچھا پھل نہین لاتا وہ کاٹا اور آگ مین ڈالا جاتا ہے، پس اُن کے پھلون سے تم اُنھین پہچان لوگے" - (متی - باب ۷ - آیت ۱۵ - ۲۰)

"کوئی شخص چراغ جلا کر تہ خانہ مین، یا پیمانہ کے نیچے نہین رکھتا بلکہ چراغدان پر رکھتا ہے، تاکہ اندر آنے والون کو روشنی دکھائی دے - تیرے بدن کا چراغ تیری آنکھ ہے، جب تیری آنکھ درست ہے، تو تیرا سارا بدن بھی روشن ہے، اور جب آنکھ خراب ہے، تو تیرا بدن بھی تاریک ہے، پس دیکھنا، جو روشنی تجھ مین ہے، تاریکی تو نہین - پس اگر تیرا سارا بدن روشن ہو، اور کوئی حصہ تاریک نہ رہے، تو وہ تمام ایسا روشن ہوگا، جیسا اُس وقت ہوتا ہے، جب چراغ اپنی چمک سے تجھے روشن کرتا ہے"

(لوقا - باب ۱۱ - آیت ۳۳ - ۳۶)

اس طرز عبارت سے ساری انجیل بھری پڑی ہے اگر نمونہ کے لیے ہم صرف اسکی ایک آدھ مثال کافی سمجھتے ہین۔ قرآن، اگرچہ اس باب خاص مین انجیل کی ہمسری نہین کرسکتا، تاہم جن لوگون نے قرآن کا مطالعہ کیا ہے وہ خود سمجھ سکتے ہین، کہ اسکی تشبیہات و امثال بھی بسا اوقات کس قدر بلیغ ثابت ہوتی ہین۔

تمثیل بیانی کی یہ عظیم الشان قوت اُن لوگون کی نظر سے بھی مخفی نہین جو آج کسی مذہبی، سیاسی، یا نیم مذہبی نیم سیاسی مسئلہ کو جماعات کے دلون تک پہونچا دینا چاہتے ہین۔ یہ لوگ، اپنی تحریر و تقریر مین اسی انجیلی طرز بیان کی تتبع کی غیر مخفی سعی کرتے ہین، اور اسی کے بل پر اپنے مقاصد مین ایک خاص حد تک کامیاب بھی ہو جاتے ہین۔ ذیل مین دو ایک نمونہ اس طرز بیان کے بھی درج کیے جاتے ہین۔

موضوع تقریر۔ جنگ بلقان کے موقع پر مسلمانون کو ٹرکی کی اعانت کے لیے آمادہ کرنا۔ اسکی تمہید،

(۱) "آپ مین سے اکثر حضرات کو معلوم ہے کہ بعض اسباب خاص سے اس عاجز نے عام مجالس کی شرکت قطعاً بند کر دی تھی، اور گزشتہ مجلس مین التجا کی تھی، کہ آئندہ اس خدمت سے معاف رکھا جاؤن، ارکان انجمن نے جب اسکی نسبت ایک خط لکھا، تو پہلے جی مین آیا کہ معذرت کے ساتھ انکار کر دون۔ لیکن اسکے بعد سوچا، کہ وقت تو وہ آگیا ہے جب

گونگے بولنے لگین، اندھے دیکھنے لگین، لنگڑے چلنے لگین،
اور بہرے سننے لگین، کیونکہ آج اسلام اپنے ہر پیرو سے اسکے
آخری فرض کا طالب، اور اس شے کا خواستگار ہے جسکے بعد
اسکے ذمہ اور کچھ باقی نہین رہے گا، اور وہ توحید الٰہی کے
حق سے سبکدوش ہوجائے گا، پس جو زبان نہین بول سکتی
اُسے بھی بولنے کی سعی کرنی چاہیے اور جو قدم نہین اُٹھ سکتا
اُسکو بھی چلنے کے لیے اُٹھنا چاہیے"

تقریر مین یہ اس استعارہ طرازی، تمثیل کلامی و تشبیہ گفتاری کی بے ربطی
پھر بھی کہین کہین نمایان طور پر محسوس ہوجاتی ہے، لیکن تحریر مین انجیلی
تمثیل بیانی کا تتبع کامل تر ہوجاتا ہے،

(۳) "باغون کے سرسبز و نمودار درختون کی حفاظت کیجاتی
ہے، مگر جنگل کے خشک درختون کو جلانا ہی چاہیئے۔ پس
جس دل مین خلوص و صداقت کو جگہ نہین ملی اُسکو کامیابی
کے لیے کیون باقی رکھا جائے"؟

(۴) "شہد کو سب پسند کرتے ہین، مگر گھُنین کے سفوف کو
کوئی شہد کی آرزو و ذوق سے نہین کھاتا۔ پھول کے گلدستہ
کے لیے کس کا ہاتھ ہے جو نہین بڑھے گا، لیکن نشتر کی نوک
کے لیے کوئی بھی بیقرار نہین ہوتا۔ سفر کی کامیابی زاد راہ
اور اسباب و سامان پر موقوف ہے، اور لڑائی بغیر شمشیر

وتفنگ اور سپاہیوں کی صفوں کے ممکن نہیں۔ یہ سب سچ ہے، لیکن پھر یہ کیا ہے، جسے اپنے گرد وپیش دیکھ رہا ہوں؟ (یعنے اپنے پرچہ کی مقبولیت) کیا اُس نیرنگ ساز کے عجیب کاروبار نصرت کی آیات وآثار نہیں ہیں؟ اگر ہر کام کے لیئے اسباب وسامان مطلوب ہیں، تو ہمارے پاس کیا تھا؟ اگر قبولیت ورجوع قلب کے لیئے روش عام ضروری ہے، تو ہمارے قدم تو اس طرف نہ تھے،… نرم ہاتھوں کو سب پسند کرتے ہیں، لیکن سخت ہاتھوں کی گرفت کسی کو خوش نہیں آتی۔"

(۴) "دنیا دار العمل ہے، اور جو کام کرنے والے ہیں وہ باغ وچمن کے گوشوں ہی میں نہیں، بلکہ کانٹوں پر چل کر بھی کام کرتے ہیں، خدا نے ہم سے کوئی معاہدہ نہیں کیا ہے کہ وہ ہمارے وہم وخیال کے پیدا کیے ہوئے اسباب راحت ضرور مہیا کر ہی دے گا، زندگی ایک میدان جنگ ہے، اور یہاں کام کرنے کے یہی معنے ہیں کہ تلواروں کے سایا اور نیزوں کی قطاروں کے نیچے رہ کر کام کیا جائے۔ دریا کی موجوں میں تیرنے والے اپنی راہ پیدا کر لیتے ہیں، لیکن کنارے کے عافیت پسندوں کے لیے انتظار کے سوا کچھ نہیں ہے۔ پس یہ جو کچھ تھا، خواہ کتنا ہی سخت وشدید ہو، لیکن پھر بھی ہم اُسے اپنے لیئے کوئی قومی عذر جرم نہیں سمجھتے۔… البتہ یہ ہماری کمزوریاں

تھین، لیکن ذرہ روشنی سے محروم ہے، تو آفتاب درخشان تو
اپنے نور بخشش کی ضیا سے عاجز نہین ؟ باغبان کا ضعف
اگر اسکو مہلت نہین دیتا کہ بیج بو کر اُسکی آبیاری کرے، تو باران
رحمت کی فیضان بخشی تو اسکی تلافی کر سکتی ہے ؟ یہ سچ ہے کہ
ہم کمزور تھے اور کمزوریون مین مبتلا، لیکن وہ قدیر و حکیم تو کمزور
نہ تھا، جو حق کو باوجود اسکے بے سازوسامان ہونے کے نصرت بخشتا
اور ضلالت کو باوجود اسکی طاقت کے شکست دیتا ہے،،۔

جس پرچہ سے اقتباسات بالا لیے گئے ہین، اسکی ایک ایک سطر اس
طرز عبارت کے قوت موثرہ کی شہادت دے رہی ہے۔ درحقیقت اس طرز انشا
کی، جو جماعت کی تخئیل کو متاثر کرنا اپنا وصف امتیازی رکھتی ہے، اُردو زبان
مین بہتر سے بہتر نظیر رسالہ مذکور کی فائل مین مل سکتی ہے۔

# باب (۳)

## غلبۂ جذبات و اشتعال پذیری

جماعت کی صرف یہی خصوصیت نہیں، کہ افراد کے مقابلہ میں وہ کم عقل ہوتی ہے، بلکہ یہ بھی قابل لحاظ ہے، کہ اُسکی جتنی کچھ عقل ہوتی ہے اُس پر بھی اُسکے جذبات غالب آجاتے ہیں جماعت کے جذبات اس قدر قوی ہوتے ہیں کہ اسکی عقل ہمیشہ اُن سے مغلوب رہتی ہے۔ اور ایسا ہونے کا ایک زبردست نفسانی سبب موجود ہے۔ اتنی بات شاید ہر شخص جانتا ہے، کہ حیات انسانی دو مختلف اجزا پر مشتمل ہے، ایک حیات نباتی، دوسرے حیات حیوانی اور انسانی زندگی کے تمام افعال ان ہی ہر دو اصناف میں منقسم ہیں۔ مختلف حاسات سے متحسس ہونا، کھانا، پینا، سونا، یہ سب اول الذکر کی مثالیں ہیں چلنا، پھرنا، ادراک سے کام لینا حیات آخر الذکر کے مظاہر ہیں۔ تحقیقات سے معلوم ہوا ہے، اور اس قدر ہر شخص اپنے اندازہ و قیاس سے بھی سمجھ سکتا ہے کہ ان میں ترتیب زمانی کے لحاظ سے اول الذکر کو آخر الذکر پر تقدم حاصل ہے

۳۵ ۲۰۶

تو یعنے حیات نباتی جب سے قائم ہے، اُسوقت حیات حیوانی کا کہین وجود نہ تھا، بلکہ یہ اسکے مدتون بعد ظہور مین آئی ہے، اسکا قدرتی نتیجہ یہ ہوا کہ حیات انسانی مین آج بھی پہلے اُن ہی افعال کا ظہور ہوتا ہے، جو حیات نباتی سے تعلق رکھتے ہین، اور بعد مین اُنکا جو حیات حیوانی سے متعلق ہین۔ بدل مایتحلل کی ضرورت، گرمی و سردی کا احساس، خواب کی احتیاج، یہ چیزین بچہ مین تقریبًا ولادت کے ساتھ ہی پیدا ہو جاتی ہین۔ بہ خلاف اسکے، چلنے پھرنے کی قوت، اور قواے مدرکہ سے کام لینے کی قابلیت کہین ایک مدت مین جاکر آتی ہے۔ یہ کیفیت صرف جسمانی زندگی کی نہین، بلکہ ذہنی زندگی کی بھی ہوتی ہے، چنانچہ شعور کے ابتدائی مدارج مین وہی خصائص نفسی ظہور پذیر ہوتے ہین، جن کا تعلق احساس سے ہوتا ہے، اور اگر خصائص عقلی ظاہر ہوتے بھی ہین، تو اُنھین خصائص احساسی کے تابع و مغلوب رہتے ہین۔ اسی لیے تم دیکھتے ہو، کہ بچون، عورتون، اور وحشیون کے جذبات کس قدر قوی ہوتے ہین، اور اُن کی عقل اُنکے جذبات کے سامنے کیسی مغلوب و بے بس رہتی ہے، ان مختلف طبقات مین قدر مشترک یہ ہے، کہ ان کے شعور کا نشو و نما کامل نہین ہوتا، اور جس مین شعور کا نشو و نما کامل نہ ہوگا، اُسکے جذبات اُسکی عقل پر غالب رہین گے۔ اب چونکہ یہ خصوصیت (یعنے شعور کی عدم تکمیل) جماعت مین بھی بدرجۂ اتم موجود ہوتی ہے، اسلیئے یہ لازمی ہے، کہ جماعت مین جذبات کو اسکی عقل پر غلبہ حاصل رہے۔

اصل یہ ہے کہ ہمارے علماے منطق و حکماے الٰہئین نے اپنے

عقل پرستی کے جوش مین قوائے مدرکہ کو اس سے بہت زیادہ وسعت دے رکھی ہے، جتنی واقعات کے مطالعہ سے ثابت ہوتی ہے، مشاہدہ سے معلوم ہوتا ہے، کہ دنیا کا کاروبار، ارسطو یا بل کے وضع کردہ اصول منطق پر نہین بلکہ طبعی اور خود رو جذبات و احساسات کی رو پر چل رہا ہے۔ منطق کے قوانین سے واقفیت محدود ہے مدارس اور کالجون کی چاردیواری کے اندر، اور اُن پر عمل تو شاید تمام دنیا مین خالص حکیمانہ مذاق کے چند ہی افراد کرتے ہون۔ ورنہ کائنات کی مشینری جس کمائی سے چل رہی ہے، وہ جذبات کی قوت ہے۔ جذبات کی جدھر رفتار ہوتی ہے، اسی طرف انسان جاتا ہے جذبات کا جو تقاضا ہوتا ہے، اسی کے مطابق انسان سے افعال و اعمال صادر ہوتے ہین۔ اور جذبات کی جو نوعیت ہوتی ہے، اُسی طرز پر انسان کی سیرت اور کیرکٹر کی تشکیل ہوتی ہے، البتہ عقل کا کام صرف اتنا ہوتا ہے کہ وہ جذبات کے غیر محدود زور دار قوت کو ایک حد تک محدود و مقید رکھتی ہے سیرت انسانی کی تشبیہ اگر ایک سوار سے دیجائے، تو کہا جا سکتا ہے، کہ اسکا رہوار جذبات ہین، اور عقل بجائے لگام کے ہے، جو رہوار کو قابو سے باہر نہین ہونے دیتی ہے مگر ہمارے فلاسفہ علی العموم اس غلط فہمی مین مبتلا رہے ہین کہ نظام کائنات، عقل و منطق کے زور سے چل رہا ہے۔ یہ بیچارے کبھی بجائے خود ایک طرح پر بے قصور ہین۔ سوسائٹی سے علیحدہ دنیا سے متنفر، اور اپنے تئین حجرون کے اندر بند کرکے، جو لوگ نظریات قائم کرتے ہین اُنسے اگر فطرت بشری ہین۔ اسرار شناسی کی

شدید غلطیاں ہون، تو اس مین تعجب کی کیا بات ہے ؟

سلسلۂ سخن مین ہم اپنے موضوع سے ہٹے جاتے ہین۔ کہنے کی بات یہ تھی، کہ کردار و سیرت انسانی کی کنجی جذبات ہی کے ہاتھ مین ہے، اور عقل محض ایک افسرانہ حیثیت سے اُن کی نگرانی کیا کرتی ہے، پھر چونکہ عقل ارتقائی حیثیت سے، جذبات کے مقابلہ مین بہت ہی کم عمر ہے، اور نیز خصایص ذہنی کی سب سے زیادہ ترقی یافتہ صورت ہے، اس لیے جہان شعور اپنے انتہائی نقطۂ کمال سے پست ہوا، اور شعور خفی کا دور دورہ شروع ہوا، بس وہین عقل کی باگ فوراً ڈھیلی پڑجاتی ہے، جذبات تقریباً مطلق العنان ہوجاتے ہین، اور انسان کی حیات نفسی کے ہر شعبہ پر حاوی ہوجاتے ہین۔ اسی واسطے جماعت کے (جو کبھی شعور خفی کے درجہ سے زیادہ ترقی نہین کرتی) تمام معتقدات و تخیلات، تمام مشاعر و تصورات، تمام مسرات و آلام، غرض تمام خصایص نفسی، جذبات کے تابع و محکوم ہوتے ہین۔ پس ایسی حالت مین جماعت کے سامنے گفتگو کرنے مین اسکی عقل کو مخاطب کرنا قطعاً بیکار رہتا ہے، بلکہ بعض اوقات اس کا بالکل مخالف اثر پڑتا ہے۔ کانفرنسون اور انجمنون مین یہ تماشا بارہا دیکھنے مین آتا ہے، کہ بعض نہایت سنجیدہ و تعلیم یافتہ افراد تقریر کرنے کھڑے ہوتے ہین، اور مسئلہ زیر بحث کی تائید یا تردید مین معقولیت کے ساتھ دلائل و واقعات پیش کرنے لگتے ہین، لیکن جماعت اُن سے بالکل غیر متاثر رہتی ہے بلکہ عموماً یہ اُلٹا انھین مقررون کو نالائق اور ضایع کنندہ وقت قرار

دیتی ہے۔ جو لوگ جماعت کی قیادت کرتے ہین، جو لوگ جماعت کے اصلی حکمران ہین، وہ اس نکتہ کو تاڑ گئے ہین، ان کی ہر تحریر و تقریر کا ایک وصف امتیازی یہ ہوتا ہے کہ وہ ہمیشہ اپنا روئے سخن، مخاطبین کے جذبات کی طرف رکھتے ہین، اور دنیا جانتی ہے، کہ وہ کتنے کامیاب رہتے ہین۔

اس حقیقت کی ایک اہم تفریع، جسے اکثر نظر انداز کر دیا جاتا ہے، یہ بھی ہے، کہ عقل و منطق کی کوششین جس طرح جماعت کو کسی مسئلہ کے یقین دلانے مین ناکام رہتی ہین، بعینہ اسی طرح اسکے ذہن سے کسی عقیدہ کو مٹانے اور محو کرنے مین بھی بے اثر رہتی ہین۔ مسائل کا خواہ ایجابی و ثبوتی پہلو ہو، خواہ سلبی و منفیانہ جہانتک جماعت کا تعلق ہے عقل کی بے بسی، ان دونون صورتون مین مساوی درجہ کی ہوتی ہے۔ ایک عام بلکہ عالمگیر غلطی، جس مین نوجوان و ناتجربہ کار مگر پرجوش علمبرداران اصلاح خصوصیت کے ساتھ ہر زمانے مین مبتلا رہے ہین، یہ ہے، کہ جن عقائد و خیالات کی بنیاد تمامتر جذبات پر ہے، اُن کی تردید مین دلائل و براہین پیش کیے جاتے ہین، اور کوشش کی جاتی ہے کہ اس ذریعہ سے وہ مٹ جائین۔ اس طرح کے نیک نیت مگر بیخبر مُصلحین کو اس حقیقت پر بار بار متوجہ ہونے کی ضرورت ہے، کہ جو شے عقل کے راستہ سے آئی نہین ہے، وہ عقل کے راستہ سے نکل بھی نہین سکتی، جماعت کے معتقدات و خیالات، جذبات کے پیدا کردہ ہوتے ہین، اور جذبات ہی اُنھین مٹا سکتے ہین، عقل جیسے اُن کی تخلیق مین بے بس تھی، ویسے ہی اُنکے

فنا کرنے مین بھی ہے[1]،

جذبات کی ایک خصوصیت، جیسا کہ ہم اپنے رسالہ "فلسفۂ جذبات" مین جا بجا تصریح کے ساتھ لکھ چکے ہین، یہ ہوتی ہے، کہ وہ عقل سے نہ صرف غیر مغلوب رہتے ہین، بلکہ اگر وہ پیشتر سے تیز و قوی ہوتے ہین، تو عقل کے تصادم سے اور زیادہ تیز و قوی ہو جاتے ہین، چنانچہ جماعت کی حس استدلال و عقل کو، اسکے مغلوب الجذبات ہونے کی حالت مین، مخاطب کرنے سے جو نتایج ہوتے ہین، دنیا وقتاً فوقتاً اُن کے مناظر دیکھتی رہتی ہے، ذیل مین ہم مثالاً ایک واقعہ نقل کرتے ہین، جسے ہم اپنے رسالہ مذکورہ مین بھی نقل کر چکے ہین۔ جولائی ۱۹۱۲ع مین اٹلی اور ٹرکی کے درمیان جنگ طرابلس زور و شور سے جاری تھی، اور اٹلی کی جانب سے عام مسلمانان عالم مین نفرت و عداوت کا جذبہ پیدا ہو گیا تھا (چنانچہ خود ہندوستان مین متعدد مقامات پر اٹلی کے خلاف بائکاٹ کر دینے کا عہد کر لیا گیا تھا) عین

---

[1] ہم نے اپنے مضمون "مذہب و ارتقاء تمدن" مندرجہ زمانہ بابت جنوری ۱۹۱۵ع مین کہا ہے کہ "جو عام افراد حس باغی سطح پر ہوتے ہین، اُس کے لحاظ سے اُن مین یہ قابلیت ہی نہین ہوتی، کہ وہ کسی فعل کے حسن و قبح کی بنا پر اُسے ترک یا اختیار کرین، اور پھر اگر بفرض محال، خود غرضانہ زندگی کے نقصانات کسی طرح ان کے ذہن نشین کر بھی دیے جائین تاہم دلائل و براہین ہرگز اتنے موثر نہین ہو سکتے جتنے کسی امر فوق الفطرۃ قوت کے احکام ہوتے ہین، نفس انسانی کا یہ ایک مسلم قانون ہے کہ جن تحریکات کا اثبات دلائل عقل سے نہین ہوتا، ان کی نفی بھی دلائل عقلی کے بس مین نہین ہوتی، بلکہ جذبات کا مقابلہ صرف جذبات ہی کر سکتے ہین"۔

اس زمانہ مین کلکتہ مین ایک روز مندرجۂ ذیل واقعہ پیش آیا جو ۲۴ جولائی کو روزانہ انگریزی اخبارات کی تاربرقیون کے کالم مین شایع ہوا۔

## مسیحی واعظون پر حملہ

"کل شام کو ایک بالکل بلاوجہ اور بزدلانہ حملہ تقریباً دو سو مسلمان بدمعاشون نے ویلنگٹن اسکوایر مین تین مسیحی واعظون پر کیا۔ معلوم یہ ہوا ہے کہ تین مسیحی واعظ مسلمانون کے ایک مجمع کے سامنے اردو مین وعظ کہہ رہے تھے، کہ ایک مولوی دفعتہً نمودار ہوا، اور چلاّ کر کہا، کہ "ٹوپی والون کے ان ہم مذہبون کو مارو، جو ہمارے وطن اصلی ٹرکی کے جانی دشمن ہین۔ اس نعرہ نے سارے مجمع کو ایک مجنونانہ جوش کے ساتھ برانگیختہ کر دیا، اور واعظین پر قبل اسکے کہ وہ اپنی حالت سمجھ سکین، لاٹھیون، چھتریون، اور ہر اُس چیز سے جو پھینکی جا سکتی ہے، حملہ ہونے لگے، تین کانسٹبل جو قریب ہی تھے، آگے بڑھے، لیکن وہ خود مارے گئے، واعظین نے بجاے مقابلہ کے، حملہ آورون کو سمجھانے کی ناکام کوشش کی۔ انھون نے مجمع سے مخاطب ہو کر دریافت کیا، کہ "ہم نے ذاتی طور پر کس مسلمان کو نقصان پہونچایا ہے؟" لیکن جون جون وہ اس سوال کی تکرار کرتے تھے، مجمع کا جوش غضب اور

بڑھتا جاتا تھا"

عبارت زیر خط پر نظر کرو، تو معلوم ہوگا، کہ عام خیال کے مطابق، یہ واعظین بھی اس غلط فہمی مین مبتلا تھے، کہ اشتعال جذبات، استدلال سے فرو ہو سکتا ہے اور نفس اجتماعی کی اس خصوصیت کو بھولے ہوئے تھے، کہ جذبات پر غالب آنے کی سکت صرف جذبات ہی مین ہے۔ نفسیاتی نقطۂ خیال سے ان واعظین کے لیے بہترین صورت یہ تھی، کہ یہ لوگ خود بھی فوراً اپنے حملہ آورون کے ہم زبان ہوجاتے، یعنے اپنے اسلام کا اعلان کر کے مسیحیت پر سب وشتم کرنے لگتے (البتہ یہ ضرور تھا، کہ اس کارروائی کو اس ہوشیاری سے کرتے، کہ تصنع وریاکاری ظاہر نہ ہونے پاتی۔)

نفس اجتماعی کی اشتعال پذیری ومغلوبیت عقل کی ایک اور دلچسپ مثال شیکسپیئر کے ناٹک "جولیس سیزر" مین اُس مقام پر ملتی ہے، جہان اس نے شاعر سِنا کے قتل کا ذکر کیا ہے۔ یہ شاعر سیزر کا نہایت عزیز دوست تھا اور روم سے باہر رہا کرتا تھا۔ سیزر کے قتل کے بعد ہی یہ روم مین داخل ہوا، اور لوگون سے سیزر کی نعش کا پتہ دریافت کرنے لگا، کہ وہان جا کر فرائض ماتمداری بجا لائے۔ اہل شہر نے جو اُسوقت سیزر کے قاتلون کی مخالفت مین بیخود ہو رہے تھے، خود اس سے اسکا نام ونشان دریافت کیا، اس نے جون ہی اپنا نام بتایا، سارا مجمع اس پر ٹوٹ پڑا، کہ یہ نام تو سیزر کے قاتلون مین سے ایک کا تھا، اب یہ غریب ہر چند پکار پکار کر کہتا ہے کہ ممکن ہے وہ قاتل میرا ہمنام ہو، مگر مین تو سیزر کا عزیز ترین دوست ہون، اور ابھی باہر سے چلا آرہا ہون، مجھ پر کیون حملہ

کرتے ہو، لیکن اشتعال کی آگ معقول جوابات سے نہین بجھ سکتی۔ مجمع نے اسکی تقریر کو سُنا، اور سُن کر کہا کہ "وہ جو کچھ ہو، تیرا نام تو سنا ہے۔ ہمکو تو اس نام سے انتقام لینا ہے، ہم جب تک اس نام کو دنیا سے نہ مٹا لین گے چین نہ لین گے" یہ کہا، اور اُس معصوم شاعر کے ٹکڑے ٹکڑے اُڑا دیئے۔

اس موقع پر ممکن ہے، کہ ناظرین کے ذہن مین یہ سوال پیدا ہو، کہ "مانا عمات بحیثیت مجموعی ضعیف العقل و قوی الجذبات ہوتی ہے، لیکن یہ کیسے ممکن ہے کہ اسکے بعض افراد جو علم و فضل، دانش، و حکمت مین یگانۂ عصر ہوتے ہین وہ بھی ان احمقون کے ہم سطح ہو جائین؟ وہ ضبط نفس کے خوگر ہوتے ہین، انھین اپنے جذبات پر قابو ہوتا ہے، اُن کی نظر ہمیشہ انجام کار پر رہتی ہے، کیونکر ممکن ہے کہ وہ بھی عوام کی طرح مغلوب الجذبات ہو کر اوہام پرستیون یا اخلاق شکنیون پر اُتر آئین"؟

اس کا جواب اگرچہ صفحات گذشتہ بار بار دے چکے ہین، اور صفحات گذشتہ کیا، سچ یہ ہے، کہ خود زمانہ کی زبان بار بار دے چکی ہے، خود صحیفۂ کائنات کے اوراق بارہا دے چکے ہین، تاہم چونکہ بات بظاہر لگتی ہوئی معلوم ہوتی ہے، اور غالباً اکثر ناظرین کے ذہن مین کھٹکتی ہو، اسلیے ہم ایک مرتبہ پھر اس مسئلہ کو زیادہ تفصیل سے صاف کیے دیتے ہین۔

اس شک کی بنا، دراصل اس عام غلط فہمی پر ہے، کہ تعلیم و تربیت جبلت یا سرشت انسانی کو بدل دیتی ہے، یہ خیال عام طور پر شایع ہے، درانحالیکہ واقعات اسکی قدم قدم پر تکذیب کرتے ہین، تعلیم کے جس قدر طریقہ عام طور پر رائج ہین، ان سے جو کچھ حاصل ہوتا ہے، وہ صرف یہ ہے، کہ قوت فکری کو جلا ہو جاتی ہے، تعقل

قوی ہوجاتا ہے، استنباط نتائج مین سہولت ہونے لگتی ہے قواسے بدرکہ تیز ہوجاتے
ہین، عاقبت اندیشی بڑھ جاتی ہے، بہرحال جو کچھ بھی ہوتا ہے، وقوت عقل کے
دائرہ مین ہوتا ہے یا دوسرے لفظون مین جو کچھ اصلاح وتہذیب ہوتی ہے اُسکا مستقر
اعلیٰ مراکز عصبی ہی ہوتے ہین۔ اسکے سوا حیات نفسی کے کسی اور شعبہ مین یا تو
سرے سے کچھ تغیر ہی نہین ہوتا، یا اگر ہوتا بھی ہے، تو بہت ہی قلیل۔ خود اپنے
گرد وپیش خوب غور کرکے دیکھو، کہ ایک عالم، جاہل سے کن کن حیثیات سے
مختلف ہوتا ہے؟ عالم ادق مسائل کو جلد سمجھ جاتا ہے، جاہل کو اس مین دیر
لگتی ہے۔ عالم کا اندازہ واقعات مستقبل کے متعلق عموماً صحیح ہوتا ہے، جاہل
کا غلط ہوتا ہے۔ خواص اشیا سے متعلق، عالم کے معلومات زیادہ ہوتے ہین
جاہل کے کم ہوتے ہین۔ لیکن کیا اسکے آگے، اور کسی بات مین بھی عالم کو جاہل پر
برتری ہوتی ہے؟ بھوک عالم وجاہل دونون کو ستاتی ہے، گرمی وسردی کا
احساس دونون کو مساوی ہوتا ہے، آب وہوا کی خرابی سے دونون یکسان
متاثر ہوتے ہین، زہر دونون کو ہلاک کرتا ہے، تریاق دونون کو شفا دیتا ہے،
مشقت دونون کو خستہ کر دیتی ہے، آرام وخواب کے محتاج دونون ہوتے ہین،
کمسنی وکبرسنی کا اثر دونون پر پڑتا ہے، مختصر یہ کہ بجز عقلی وقوفی حصہ کے نفس کے
کسی اور شعبہ پر تعلیم وتربیت مروجہ کا مطلقاً یا تقریباً مطلقاً اثر نہین ہوتا، اور نخاعی تعلقات
اسکی دسترس سے باہر ہی رہتے ہین۔ گویا انسانیت کے بالائی اور سطحی پہلو تو
تعلیم سے چمک اُٹھتے ہین، لیکن اندرونی ودقیق خصائص، جو اسکی اصلی ہستی
کا مایۂ خمیر ہوتے ہین۔ بدستور جون کے تون رہتے ہین۔ بے شبہہ جہانتک دماغی

قوت کا تعلق ہے، ارسطو اور افریقہ کے وحشی مین زمین آسمان کا فرق ہوتا ہے، لیکن جہانتک جذبات طبعی واحساسات جبلی کا تعلق ہے، دونون کی حیثیت ایک اور بالکل ایک ہے۔ البتہ یہ ضرور ہے، کہ قواے عقلی اپنی ترقی یافتہ صورت مین جذبات واحساسات کی نگرانی اور دیکھ بھال کیا کرتے ہین، اور عقل کا یہ کام ہوتا ہے، کہ جب کوئی جذبہ حد اعتدال سے بڑھنے لگتا ہے، تو وہ اسکے مقابلہ کے لیے اُسکے ایک مخالف جذبہ کو برانگیختہ کردیتی ہے، جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے، کہ طبیعت مین سکون واعتدال پیدا ہوجاتا ہے۔ مثلاً جسوقت ہم مین سخت اشتعال پیدا ہوتا ہے، تو عقل یہ سمجھاتی ہے، کہ بیجا اظہار غضب سے، خود ہمکو فلان فلان نقصانات پہونچین گے، اور بالآخر خود ہم ہی مین فلان فلان ناخوشگوار جذبات پیدا ہونگے پس یہی خیال یعنے ناخوشگوار جذبات مستقبل کا تصور ہی ایسی شے ہے، جو صاحب عقل کی متانت کو قائم، اور اسکے جوش غضب کو حدود کے اندر رکھتا ہے۔

غرض کسی بڑے سے بڑے حکیم اور ادنیٰ سے ادنیٰ عامی کی حیات نخاعی مین برائے نام سے زیادہ فرق نہین ہوتا، اور دونون کے نظام عصبی کے اندرونی وعمیق حصون کی ساخت وکیفیات یکسان ہوتی ہین۔ اس بنا پر جو کوئی ایسا قوی ہیّج پیش آجاتا ہے، جو نظام نخاعی مین معمول سے زائد تحریک وہیجان پیدا کردیتا ہے، تو عقل جو معمولی حالات کے درمیان افعال نخاعی کی روک تھام کرتی رہتی ہے اُسپر افگندہ ہوجاتی ہے۔ اور فعلیت نخاع کے نتائج، عالم وعامی، حکیم وجاہل، دونون مین یکسان قوت کے ساتھ ظاہر ہونے لگتے ہین۔ ایک آدھ وقت

غذا انسے ملنے کو ایک حکیم سنجیدگی کے ساتھ برداشت کرلے جائے گا لیکن جب پیہم فاقہ کشی سے وہ لب مرگ آ گیا ہو تو جس بے صبری و بیتابی کے ساتھ ایک جاہل خوان غذا پر گریگا، اُسی طرح ایک سنجیدہ و تعلیم یافتہ شخص بھی۔ نظام نخاعی کا تہیج جب اس حد تک پہونچ جاتا ہے، کہ اسکے مطابق ردّ عمل نہ ہونے سے خود ان کی ہستی معرض خطر مین آنے لگتی ہے، تو عقل کو مجبوراً اپنے ہتیار ڈال دینا پڑتے ہین۔ کارخانۂ فطرت مین اگرچہ تمدن زائیدہ علوم و فنون صنعت و حرفت کو جو تمامتر عقل و قوتون کے پیدا وار ہین، نہایت ممتاز مرتبہ حاصل ہے تاہم جب کبھی اُن مین اور ضروریات حیات مین، جنکے مظہر جذبات ہین، تعارض واقع ہوجاتا ہے، تو ایسے موقع کے لیے فطرت نے یہ قانون بنا دیا ہے، کہ جذبات عقل سے غیر مغلوب رہین پس یہی باعث ہے، کہ جب دل کے پاس سے "پاسبان عقل" کا پہرہ اُٹھ جاتا ہے، تو دبے دبائے ہوے جذبات خواہ وہ جاہل کے ہون خواہ فلاسفر کے، مساوی زور و قوت کے ساتھ ظاہر ہونے لگتے ہین۔

ہم نے ابھی جو کچھ کہا، اس سے یہ معلوم ہوتا ہے، کہ تمام جذبات متحد النوع نہیں ہوتے، بلکہ بعض اسقدر کمزور ہوتے ہین، کہ عقل سے دبے ہوئے رہتے ہین، اور بعض اسقدر شدید ہوتے ہین، کہ کوئی دوراندیشی، کوئی انجام بینی، انکی عنان گیر نہین ہوسکتی۔ اگر ہمارا واقعی یہی منشا تھا، تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے، کہ جذبات مختلف مین یہ تفاوت قوت کسی خاص بنا کسی خاص اصول پر ہے، یا یون ہی محض ہنگامی اسباب سے، کبھی کوئی جذبہ قوی دست ہوجاتا ہے اور کبھی کوئی؟ اسکا جواب یہ ہے، کہ اگرچہ مختلف جذبات کی تقویت و تضعیف مین ہنگامی موثرات کو بھی

بہت کچھ دخل ہے، یعنے یہ بالکل ممکن ہے، کہ کوئی جذبہ عام حالات کے درمیان بہت ہی معمولی قوت کا ہو، لیکن دفعتہً تغیر ماحول سے اسکی قوت حیرت انگیز طور پر بڑھ جائے تاہم اصولاً کل جذبات، مختلف طبقات مین تقسیم کیے جا سکتے ہین اور ہر طبقہ کے جذبات کی قوت، دوسرے طبقہ سے علحدہ ہوتی ہے۔ ہم نے اس مسئلہ کا اپنے ایک مضمون مین ذکر کیا ہے، جس مین سے ہم ذیل کا اقتباس مع حذف و اضافہ، یہان نقل کرتے ہین۔

"یہ امر تھوڑے ہی غور کے بعد معلوم ہو سکتا ہے، کہ جن اعمال کے مجموعہ پر حیات انسانی کا اطلاق ہوتا ہے، وہ تین عنوانات کے تحت مین رکھے جا سکتے ہین۔

(۱) اولاً وہ افعال جو افراد کی صیانت حیات کے لیے لازمی ہین، یا کم از کم اس مین مُعین ہوتے ہین، مثلاً کھانا، پینا، سونا، وجہ معیشت رکھنا وغیرہ۔

(۲) ثانیاً، وہ افعال، جن سے نوع یا نسل کی بقا مقصود ہوتی ہے، مثلاً تاہل فرایض زوجیت، اولاد کی پرورش و پرداخت، وغیرہ،

(۳) ثالثاً، وہ افعال، جن سے ہیئت اجتماعیہ کا قیام و ترقی وابستہ ہے، مثلاً عدل، ہمدردی، فیاضی، ایثار، دوستی، حکومت، شوق تحقیقات، علم جوئی وغیرہ

انسانی زندگی کے روزانہ افعال مین سے کسی ایک کا، خواہ وہ چھوٹے سے چھوٹا ہو یا بڑے سے بڑا تصور کرو، اور اسی کے ساتھ یہ نظر آجائے گا، کہ وہ انھین عنوانات ثلثہ مین سے کسی نہ کسی سے براہ راست یا بالواسطہ متعلق ہے۔ مگر صرف اتنا ہی نہین، بلکہ اگر ہم اپنے مشاہدہ کو زیادہ وسیع کرین یا حیاتیات (بیالوجی)

قوانین سے مدد لین، تو معلوم ہوگا، کہ حیات انسانی کی ترکیب مین یہ عناصر ثلثہ محض موجود ہی نہین ہوتے، بلکہ بہ لحاظ مدارج اہمیت، ایک خاص ترتیب کے ساتھ موجود ہوتے ہین اور انھین فرایض حیات کے مطابقت مین، اور ان کے متوازی جذبات بھی نفس انسانی مین ودیعت کیے گئے ہین، تا کہ ان کے تقاضہ سے بیچین ہوکر وہ ان فرائض کو بجا لاسکے،

انسان مین سب سے زیادہ قوی غالب وہ جذبات ہوتے ہین، جن سے اسکی حیات شخصی وابستہ ہے، یعنے خود غرضانہ جذبات، اسکے بعد ان جذبات و خواہشات کا نمبر آتا ہے، جن پر اسکی اولاد کا وجود اور ان کی زندگی منحصر ہے۔ پھر تیسرے درجہ پر وہ احساسات ہین، جن پر حیات عمرانی منحصر ہوتا ہے۔ اور یہ ترتیب عین فلسفہ ارتقا کے مطابق ہے۔ خیال کرو، کہ ابتداے تکوین حیات انسانی مین، اگر افراد اپنے وجود کو دنیا کی ہر شے پر مقدم نہ سمجھتے، اگر اپنی زندگی کو ہر چیز پر ترجیح نہ دیتے، تو نتیجہ کیا ہوتا؟ یہ ہوتا کہ تنازع للبقا مین وہ اپنی پوری حفاظت سے غافل ہو کر فنا ہو جاتے اور اس طرح نہ نسل چل سکتی، اور نہ ہیئت اجتماعیہ کی تشکیل ہو سکتی، پس چونکہ فطرت کو نسل انسانی قایم رکھنا مد نظر تھا، اسلیے لامحالہ انسان مین جن جذبات کا سب سے پہلے نشو و نما ہوا، وہ وہی تھے جن پر اُسکے حیات شخصی کا انحصار تھا، اور اسکے بعد وہ جن پر اسکی حیات نسلی کا دار و مدار تھا۔ اسی طرح چونکہ ہیئت اجتماعیہ ایک ترقی یافتہ صورت مین اُسوقت سے قائم ہوئی، جبکہ افراد کا شعور ایک خاص بلند سطح دماغی تک پہونچ چکا تھا، اسلیے جن جذبات پر حیات عمرانی منحصر ہے اُس نے سب سے آخر مین نمو پایا۔ پس چونکہ ان مختلف النوع جذبات کے طبقات بلحاظ تاریخ تکوین

باہم مختلف ہین، اس واسطہ اس اختلاف تاریخی کے مطابقت مین، ان کی قوت کے مدارج بھی مختلف ہین۔ یعنے جو جذبات قدیم ترین ہین، وہ نظام عصبی مین عمیق تر طور پر منقش ہوگئے ہین، جو بعد کے ہین، ان کے نقوش نسبتہً ہلکے ہین، اور جو جذبات سب سے آخر مین پیدا ہوئے ہین، اُن کی قوت بھی ضعیف ترین ہے۔ چنانچہ آج جو کیفیت ہم اپنی آنکھون سے دیکھ رہے ہین، وہ اسی کا نتیجہ ہے، ہم بداہتہً پاتے ہین، کہ افراد کو سب سے زیادہ اپنی جان عزیز ہوتی ہے، اسکے بعد اولاد، پھر اسکے بعد عام احباب و شناسا۔ اور جب کبھی ان طبقات مختلفہ مین آکر تصادم واقع ہوجاتا ہے تو انسان عموماً اسی جذبہ کی پاسداری کرتا ہے، جسکے نقوش اسکی فطرت مین سب سے زیادہ گہرے ہوتے ہین۔ اولاد کی پرورش و پرداخت کے مصارف کے لیے احباب کے مال کو ناجائز ذرائع سے اپنے تصرف مین لے آنا، اور قحط کے زمانہ مین شدت گرسنگی سے والدین کا خود اپنی اولاد کو کھاجانا، اسی کلیہ کے شواہد ہین[۵]۔

[۵] دراصل اس بیان مین، اور فلسفہ جذبات کے باب ۳ کے بیانات مین کوئی تناقض نہین، جیسا کہ پہلی نظر مین معلوم ہوتا ہے۔ یہ سچ ہے، کہ وہان ہمارے الفاظ یہ تھے، کہ "ثبات عقل و صحت نفس کی حالت مین علی العموم انفرادی منافع و مضار اجتماعی و نسلی منافع و مضار کے تابع و مغلوب رہتے ہین"، اور یہان جو کچھ کہا گیا ہے اُسکا ماحصل یہ معلوم ہوتا ہے، کہ اسکے بالکل برعکس شخصی جذبات نسلی و اجتماعی جذبات سے قوی تر ہوتے ہین۔ لیکن واقعہ یہ ہے، کہ یہ دونون کلیے اپنی اپنی جگہ پر صحیح ہین، اور دونون مین کوئی تناقض نہین۔ انسان کا بالکل ابتدائی و فطری اقتضائے طبیعت تو یہی ہے کہ شخصی جذبات کو دیگر اصناف جذبات پر غالب رکھے مگر حیثیت اجتماعی کے پڑتے ہی اُس پر ایسی ایسی قیود و پابندیان بڑھ گئین، جنھون نے اُسکے شخصی جذبات کو اگر سرے سے فنا کردینے کی کوشش نہین کی، تو کم از کم ان کی بہت سخت جکڑ بند تو ضرور کردی ہے، اور اسکا نتیجہ ہے کہ عام و معمولی حالات مین اجتماعی و نسلی جذبات کا پلہ شخصی جذبات سے بھاری رہتا ہے (بقیہ صفحہ ۹۲)

اس قانون کو اپنے گرد و پیش کے کسی ایسے واقعہ پر منطبق کر کے دیکھو
جسے اپنے نزدیک اہم سمجھتے ہو، تب اسکی صحت کا اندازہ ہو سکتا ہے سطور ہذا
کی تحریر کے وقت پریس بیورو کی طرف سے یہ اعلان شایع ہوتا ہے، کہ جرمن لوین
کے مشہور دار العلوم و کتب خانہ کو چشم زدن میں خاکستر کر دیتے ہیں۔ ہم اسے

(بقیہ از صفحہ ۹۱) فلسفۂ جذبات کی عبارت میں ”ثبات عقل و صحت نفس“ کی شرط کے اضافہ سے اپنے مقصد
کو واضح کر دیا ہے، لیکن جب کبھی غیر معمولی حالات کا اجتماع ہوتا ہے) تو روک تھام کے یہ مصنوعی وسائل و تدابیر
دفعۃً بیکار ثابت ہونے لگتے ہیں، اور جذبات شخصی پھر ایک مرتبہ جذبات نسلی و اجتماعی پر غالب آجاتے ہیں
اسکی ایک مثال مشاہدہ میں یہ ملتی ہے، کہ عام حالات میں والدین اپنے اوپر ہر طرح کی تکلیف و جبر برداشت
کر کے اپنی اولاد کو آرام و راحت پہونچاتے ہیں، گویا جذباتِ شخصی کو جذبۂ نسلی کے ماتحت رکھتے ہیں لیکن وہی
والدین، جب قحط شدید کے زمانہ میں گرسنگی سے جان دیتے ہوتے ہیں، تو اسوقت اسکے بالکل برعکس کیفیت
نظر آتی ہے۔ یہانتک کہ بارہا یہ دیکھا گیا ہے، کہ والدین اپنے بچوں کو مثل غذا کے کھا جاتے ہیں۔ ہم نے
خود اپنے مضمون محولہ متن میں اس ابہام کو صاف کر دیا تھا۔ وہاں اس کلیہ کے پیش کرنے کے بعد کہ فطرۃً
جذبات شخصی سب سے زیادہ قوی و زبردست ہوتے ہیں، ہم نے یہ بھی لکھا تھا کہ

”... لیکن فطرت کا مقصود محض افراد کی ہستی اور اُن کی صحت سے پورا نہیں ہوتا۔ نظام کائنات کا سلسلہ
قائم رکھنے کے لیے جو شئے بمنزلۂ بنیاد کا رکے ہے، وہ افراد کا نہیں، بلکہ نسلوں کا وجود ہے، اور اس
حیثیت سے فرائض متعلق بہ توالد و تناسل کو اسقدر اہمیت ہو جاتی ہے، کہ اگر کبھی حیات نسلی و حیات
انفرادی میں تضاد واقع ہو، تو منافع شخصی کو منافع نسلی کے مقابلہ میں ہٹ جانا چاہیئے ... غرض قیام
نظام عالم کے لیے ضروری ہے کہ افراد میں ذاتی منفعت، ذاتی آسایش وغیرہ تمام جذبات شخصی، فرائض
نسلی کے سامنے مغلوب ہیں۔ مگر تمدن جس شئے کا نام ہے اسکی تکوین کے لیے اس قدر کافی نہیں
کہ صرف جذبات نسلی کا پلہ جذبات شخصی سے زیادہ وزنی رہے، بلکہ یہ بھی ضرور ہے کہ جن جذبات پر
حیاتِ عمرانی مشروط ہے، اُنکو بھی جذبات شخصی پر غلبہ رہے ... خلاصہ یہ نکلا (بقیہ بر صفحہ ۹۳)

پڑھتے ہین، لیکن یقین نہین آتا، کہ ایسی علم دوست قوم نے جس سے کینٹ اُٹھ چکا ہو، اس طرح کی وحشیانہ بربیت کا ارتکاب کیا ہو، اخبارات مین یہ خبر گشت کر تی ہے، کہ امریکہ کی ہارورڈ یونیورسٹی کا مشہور جرمن عالم نفسیات پروفیسر منسٹر برگ ایک طویل رخصت لیکر اپنی تمام قوت و وقت کو جرمن عسکریت کی تائید مین صرف کر رہا ہے۔ نیز یہ کہ جرمنی مین نفسیات کے استاذ الاساتذہ پروفیسر ونٹ نے اپنے زور تحریر و تقریر کا مرکز، جرمنی کے خون آشام مشن کی تبلیغ بنا لیا ہے۔ یہ خبرین ہماری نظر سے گذرتی ہین، مگر منسٹر برگ و ونٹ کی شخصیت سے جو حسن ظن ہے، وہ ہمین یہ باور نہین ہونے دیتا کہ یہ خبرین روایۃً کہان تک صحیح ہین؟ اس سے یہان سروکار نہین، لیکن اسقدر قطعی ہے، کہ کم از کم درایۃً ان مین کوئی استبعاد نہین، منسٹر برگ و ونٹ، علم کے فرشتہ سہی، لیکن سوال یہ ہے، کہ،، انسانی جذبات کی صف مین کون جذبہ زیادہ قدیم ہے، جذبۂ حُبِّ وطن

(بقیہ حاشیہ از صفحہ ۹۲) کہ اگرچہ... فطرۃً و طبعاً حیات شخصی کے جذبات قدیم ترین و قوی ترین ہین، لیکن قیام نظام کائنات کی ضرورت اس امر کی داعی ہے کہ حیات نسلی کے جذبات کو اُن کے مقابلہ مین قوی کیا جائے اور ترقی تمدن اس کی متقاضی ہے، کہ حیات عمرانی کے جذبات کو بھی جذبات شخصی کے مقابلہ مین تقویت پہونچائی جائے، پس اِن حالات کے ساتھ اگر تمدن کی ترقی اور نظام کائنات کا قیام مقصود ہے تو اس کے سوا چارہ نہین ہے کہ مصنوعی ذرایع و تدابیر سے افراد کی خود غرضی کی تمام صورتون کو دبا یا جائے... اور اس مقصد کے حصول کے لیے جو طریقہ اس وقت تک سب سے زیادہ موثر و کارگر ثابت ہوا ہے، وہ مذہب ہے ''

ان تصریحات سے ناظرین کو معلوم ہو گیا ہو گا، کہ فلسفۂ جذبات، اور رسالۂ ہذا مین جو و بظاہر تناقض کلیات درج ہین، وہ دونون اپنے مفہوم کے لحاظ سے بجائے خود صحیح ہین۔

وپاسداری قوم ہیا جذبہ تحقیق فن وتفتیش علوم ؟" اسکے جواب مین یقیناً ہر شخص اول الذکر کا نام لیگا۔ پس اگر یہ جواب صحیح ہے، تو اس مین کون سی حیرت انگیز بات ہے کہ ہنسٹر برگ و ونٹ کی عقل ان کے خالص وغیر مخلوط علمی جذبہ کو ایسے عظیم الشان ہیجان کے موقع پر وطنی وقومی جذبہ پر غالب نہ لاسکی ؟ رہا یہ خیال کہ یہ ہستیان اس قدر بزرگ وجلیل القدر ہین، کہ ان کی جانب اس طرح کا انتساب سوء ادب ہے، تو جو شخص اپنے ذہن مین اس قسم کے خیال کو جگہ دے رہا ہے وہ یقیناً ہماری ہمدردی کا مستحق ہے۔ اُس نے انسانی عظمت کا شدت سے غلط اندازہ کیا ہے۔ اُس غریب کو ابھی یہ جاننا باقی ہے، کہ قوانین فطرت، خواہ وہ طبیعیات وریاضیات کے متعلق ہون اور خواہ نفسیات کے اٹل ہوتے ہین جن کے مقابلہ مین بڑی سی بڑی انسانی ہستی ایک ذرہ کے برابر بھی قوت نہین رکھتی۔ درحقیقت ایک ونٹ و ہنسٹر برگ کیا، اگر اُن کے سے لاکھون کرورون اکابر عصر، باین ہمہ فضل وکمال، علم ودانش مجموعی متفقہ طور پر بھی کوشش کرین تو بھی فطرت بشری کے حدود مقررہ سے ایک قدم باہر نہین نکال سکتے۔

# باب (۴)

## تلون مزاجی

منجملہ اُن چند خصوصیات کے جو ایک عاقل و بالغ کو ایک ناسمجھ بچہ سے ممتاز کرتی ہیں، ایک خصوصیت یہ ہے، کہ اول الذکر میں استقلال جس درجہ تک ہوتا ہے اُس سے آخر الذکر بالکل محروم ہوتا ہے۔ بچہ سے کوئی گفتگو خواہ وہ کتنی ہی اُسکے مذاق و دلچسپی کی ہو، کرو، مگر وہ چند منٹ کے بعد اُکتا جائے گا، کوئی کھیل خواہ اُسے کتنا ہی مرغوب ہو، مگر وہ اس میں زیادہ عرصہ تک مشغول نہیں رہ سکتا۔ ذہن کو کسی جانب عرصہ تک متوجہ رکھنے کے لیے یہ لازمی ہے، کہ وہ ایک خاص حد تک نشو و نما حاصل کر چکا ہو، اور بچوں کا ذہن چونکہ اس حد تک نمو یافتہ نہیں ہوتا، اسی لیے اُن کی طبیعت کسی شے پر دیر تک جم ہی نہیں سکتی یہی حال اُن تمام افراد کا ہوتا ہے، جنھیں ہم مجنون فاتر العقل یا احمق کہتے ہیں یہ لوگ کسی شے پر دیر تک متوجہ نہیں رہ سکتے، اور نہ ان سے یہ ممکن ہے کہ کسی کام کو لگاتار کرتے رہیں۔ ان کا ذہن ہر وقت ایک طرف سے دوسری

طرف کو بھاگتا رہتا ہے،

یہ خصوصیت جماعات مین بھی بدرجہ اتم موجود ہوتی ہے، جماعت مین کہ وہ نفسی حیثیت سے بچون اور کم عقلون کی ہم سطح ہوتی ہے، استقلال نام کو بھی نہین ہوتا۔ اسکے لیے یہ ہر وقت ممکن رہتا ہے، کہ دفعۃً اپنے خیالات و معتقدات کو، بغیر کسی معقول وجہ کے، تبدیل کر دے۔ عدم استقلال و تلون مزاجی اسکا طبعی خاصہ ہوتا ہے، اسکو قوت سے فعل مین لانے کے لیے کسی خاص سبب کی ضرورت نہین ہوتی، بلکہ عموماً نہایت معمولی و خفیف خارجی واقعہ کافی ہوتا ہے۔ یہ جماعت کے اسی خاصہ کا اثر ہے، کہ افراد خواہ کتنے ہی متلون المزاج ہون، شاذونادر ہی اسقدر دفعۃً اپنے مشاعر و معتقدات کا رنگ بدلتے ہین، جسقدر کہ جماعات بدلتی ہین۔ جو لوگ کسی زمانہ مین لیڈر کہلاتے ہین، ذرا ان کی سرگذشت پر نظر کرو۔ ان کی لیڈری کی عمر کس قدر مختصر ہوتی ہے! کل تک جو شخص گمنام و بے نشان تھا، آج کسی معمولی سے معمولی واقعہ کی بنا پر اُسے لیڈری کی مسند پر جگہ دی جا رہی ہے، اسکی گاڑی، گھوڑون کی جگہ آدمیون سے کھینچی جا رہی ہے، اُس پر ہر طرف سے پھولون کی بارش ہو رہی ہے، اور اُسے سرگروہ احرار کے لقب سے یاد کیا جا رہا ہے۔ اسی کے مقابل، کل جو شخص اثر و اقتدار کا مجسمہ خیال کیا جاتا تھا، آج وہ ملت فروشی کے الزامات سے ہر طرف ذلیل کیا جا رہا ہے اور اسکی وقعت، معمولی فرد قوم کے برابر بھی نہین رہ گئی ہے۔ ان نیرنگیون کا ظہور، جماعت کی عین فطرت نفسی کے مطابق ہے۔

شیکسپیر کی روایت کے مطابق، جب جولیس سیزر قتل ہوچکا، تو بروٹس مع دیگر قاتلوں کے پلیٹ فارم پر آیا۔ اور سیزر کے قتل کے وجوہ پر ایک تقریر کی۔ اسکا یہ اثر ہوا، کہ تمام حاضرین اسکے ہم آہنگ ہوگئے، سیزر کے قتل کو نہ صرف جائز بلکہ واجب وضروری قرار دینے لگے، اور بروٹس اور اُسکے رفقا کو محسنین ملک کے لقب سے پکارنے لگے۔ بروٹس کے الفاظ ابھی ہوا مین گونج ہی رہے تھے، کہ سیزر کا دوست انٹونی، جسے غلطی سے بروٹس اپنا دوست سمجھ رہا تھا، نمودار ہوا، اور بروٹس پلیٹ فارم اسکے حوالہ کرکے خود چلا گیا۔ انٹونی نے اپنی تقریر شروع کی، جو جسقدر بلیغ تھی، اسی قدر بروٹس کے حق مین مضر تھی، اسکی تقریر ابھی ختم بھی نہ ہونے پائی تھی، کہ مجمع حاضرین مین سیزر کی موافقت اور بروٹس کی مخالفت کے جذبات نہایت شدید پر زور صورت مین نمایان ہونے لگے، اور اسکے ختم ہوتے ہوتے تو یہ نوبت پہونچ گئی تھی، کہ سارا مجمع ایک مجنونانہ جوش کے ساتھ قاتلین سیزر سے انتقام لینے کے لیے بیخود ہو رہا تھا، اور وہی اہل شہر، جو چند ہی منٹ پیشتر، بروٹس کو ملک کا سب سے بڑا محسن، قوم کی قیادت وسیادت کا سب سے زیادہ مستحق، اور اپنی عزت واحترام کا سب سے بہتر تاجدار سمجھتے تھے، اب دفعۃً اسی بروٹس اور اسکے رفیقون کے خون کے پیاسے ہوگئے، اور ان مین سے جتنے اُنھین مل سکے، انھین واقعۃً بہ کمال بیدردی وسفا کی ہلاک کرڈالا، یہ روایت تاریخی حیثیت سے صحیح ہو یا نہ ہو، لیکن نفسیاتی حیثیت سے بالکل قرین قیاس ہے۔

اگر اس سے قریب تر مثال مطلوب ہو تو مسلم یونیورسٹی (مجوزہ) کی تاریخ
کا مطالعہ کرنا چاہیے۔ اس واقعیت سے کون انکار کرسکتا ہے، کہ ۱۱ء کی
ابتدا مین جب یہ اسکیم اول بار ایک عملی شکل مین ظہور پذیر ہوئی ہے، تو تمام اسلامی
ہند نے جس جوش و خروش سے اسکا خیر مقدم کیا ہے، اسکی کوئی نظیر کسی
دوسری تحریک کے متعلق اسکی کم از کم پچھلی ایک صدی کی تاریخ کے اندر نہین
پیش کی جا سکتی، تعلیم یافتہ و غیر تعلیم یافتہ، بوڑھے اور بچے، جدید یونیورسٹیون
کے گریجویٹ اور قدیم مدارس کے مُلّا، ان سب کی زبان پر مسلم یونیورسٹی کا غلغلہ
تھا۔ اخبارات کے کالم اسی کی خبرون اور رویدادون کی خبرون سے پُر
ہوتے تھے، مقررین اسی عنوان کو لیکر اپنے جوہر فصاحت دکھاتے تھے،
مصنفین اسی موضوع پر تصانیف تیار کرتے تھے، شعرا اسی مضمون کو اپنی
نظمون مین باندھتے تھے، یہانتک کہ جو اشخاص، تحریک علیگڈھ کے سب
سے بڑے دشمن خیال کیے جاتے تھے، اب وہ خود بھی اس تحریک کی اشاعت
مین نہایت سرگرمی کے ساتھ حصہ لینے لگے۔ اسکا اثر یہ ہوا کہ جو لوگ، مسلم
یونیورسٹی کی سربراہی مین پیش پیش تھے، وہ ساری قوم کے تعلیمی، سیاسی
اور عام اجتماعی حقوق کے سب سے بڑے محافظ و رہبر تسلیم کر لیے گئے
ان کا استقبال جس گرمجوشی کے ساتھ ہوتا تھا، وہ بڑے سے بڑے حکام
سرکاری کے لیے باعث رشک تھا، انکی تعظیم، پرستش و تعبد کے درجہ تک پہنچ گئی
اور انھین علانیہ کشتی اسلام کا ناخدا، اور استعارہ کا پردہ رکھکر قوم کا خدا تسلیم کیا جانے لگا[لہ]

لہ ملک کے ایک نہایت مشہور و مقتدر صاحب تصنیف بزرگ نے جن کے متعلق (بقیہ بر صفحہ ۹۹)

لیکن اس ہمہ اور بالاخوانی نے پوری ایک سال کی بھی زندگی نہین پائی سلاء کے ختم ہونے مین ابھی کچھ روز شاید باقی ہی تھے، کہ چند خارجی واقعات و اسباب کے پیش آجانے سے، جنھین دراصل مسلم یونیورسٹی سے مطلق واسطہ نہ تھا، دفعۃً ردعمل کا آغاز ہوا، اورجس زور وقوت کا مد تھا، اسی زور وقوت کے ساتھ جزر بھی شروع ہو گیا۔ پہلے جس طرح مدح وقبول کورانہ وناشناسانہ تھا، اسی طرح اب رد ومذمت بھی جاہلانہ وسفیہانہ تھی، اخبارات کے کالم حسب معمول نہایت فیاضی کے سب وشتم کے لیے وقف کردیے گئے۔ بدزبانی اور سخت کلامی کے ترکش کے تیر ایک ایک کرکے خالی کیے گئے، اور جو ہستی کل تک کشتی اسلام کی ناخدا تسلیم کی جاتی تھی، اسکے متعلق تو یہ اجماع ہو گیا، کہ اسکی حیثیت ایک سرکاری جاسوس کی ہے، اور بس، بلکہ جاسوس تو پھر بھی ایک حدتک اپنی شخصیت رکھتا ہے، حالانکہ اسکی حیثیت تو اس سے زائد کچھ نہین، کہ وہ "سرکاری گرامو فون کا ایک نغمہ" ہے،

حقیقت یہ ہے، کہ اس طرح کے فوری وکلی انقلابات اپنی نوعیت مین صرف جماعات کے ساتھ مخصوص ہین، جنکی نظیر بڑے سے بڑے متلون المزاج افراد کی زندگی مین بھی شاید شاذ ونادر ہی ملے۔

(بقیہ از صفحہ ۹۸) غلط یا صحیح یہ عام خیال شائع تھا کہ وہ تحریک علیگڈھ کے شدید مخالف ہین، اُس زمانہ مین ایک نظم کہی، جسکے دو ایک شعر ہمین اس وقت اتفاقاً یاد آگئے:۔

بکیش شیعہ وسنی سر آغا خان خدا نبود | دلیکن کشتی اسلامیان را ناخدا باشد

سر آغا خان کہ خود تعبیر ہست این خواب نوشین را | چہ خوش باشد کہ خواب از ما و تعبیر از خدا باشد

# باب (۵)

# بد اخلاقی

نفسیات جمعیہ کا آخری عنوان، جماعات کا اخلاق ہے، لیکن اگر ابواب گزشتہ کے مطالب بخوبی ذہن نشین ہوگئے ہین، تو اس عنوان کا حل ایک بڑی حد تک ازخود ہوجاتا ہے، اور دو اصول خود بخود ہمارے پیش نظر ہوجاتے ہین -

(۱) اولاً یہ کہ جماعات سے اعلی اخلاق کی کبھی توقع نہ رکھنی چاہیے۔

اخلاق اعلی نام ہے ایک خاص نہج پر ضبط نفس و تربیت قوی کا۔ اور اسکے لیے ضرورت ہے اس امر کی کہ شعور کا نشو و نما کامل ہوچکا ہو۔ لیکن جماعت کے متعلق ہمین معلوم ہوچکا ہے، کہ اسکا شعور ارتقائی حیثیت سے نہایت پست ہوتا ہے، پس یہ ایک کھلا ہوا نتیجہ ہے، کہ جماعت کبھی اُس اعلی اخلاق کو نہین برت سکتی، جسکے لیے شعور کا نموے کامل لازمی ہے۔ شعور خفی کی حالت مین، ہم مین سے کون متقی و پاکباز شخص، سررشتہ اخلاق کے جزئیات کو ملحوظ

رکھ سکتا ہے ؟ بس اسی پر نفس اجتماعی کو قیاس کرنا چاہیے۔

(۲) ثانیاً، یہ کہ خالص اخلاقی نقطۂ خیال سے، جماعات کے افعال، عیب وصواب، مدح وذم، دونون کے قیود سے یکسان آزاد ہوتے ہین۔

یہ تو معلوم ہے کہ جماعت کے خصایص نفسی مین غور وفکر کا کوئی درجہ نہین ہوتا، نیز یہ کہ اُس سے جتنے اعمال صادر ہوتے رہتے ہین، وہ محض فوری وہنگامی ہیجانات کے نتائج کے طور پر، نیم اضطرارانہ صادر ہوتے ہین۔ اس سے یہ ظاہر ہے کہ اصولاً، جماعت کے افعال، اخلاقی حسن وقبح دونون کے دائرہ سے باہر ہوتے ہین، کیونکہ کسی فعل کو معیار اخلاق پر جا پہنچنے کے لیے ضرور ہے، کہ وہ نیت وارادہ کی ماتحتی مین صادر ہوا ہو، ورنہ اعمال تحت الشعوری یا اضطراری، تو ہمیشہ اخلاقی قوانین کی دسترس سے باہر ہوتے ہین۔ بچون اور دیوانون کے افعال، جو احتساب اخلاقی سے مستثنےٰ سمجھے جاتے ہین، اسکی وجہ صرف یہی ہے، کہ وہ کسی خاص اصول کے تحت مین بالارادہ نہین صادر ہوتے، بلکہ ہر ہنگامی تحریک سے متاثر ہو کر دفعتہً صادر ہو جایا کرتے ہین۔ اور چونکہ جماعت کا بھی بالکل یہی حال ہوتا ہے، اسلیے اُسکے افعال بھی درحقیقت بے اصول ہوتے ہین، جو اخلاقی حیثیت سے نہ مستحسن کہے جا سکتے ہین، نہ معیوب۔

یہ مسئلہ کا اصولی ونظری پہلو تھا، لیکن اس سے اہم تر یہ مسئلہ ہے، کہ ابتک عملاً کیا ہوا ہے، یعنے جماعت سے اسوقت تک جتنے افعال صادر ہوے ہین، گو اُس پر اُن کی اخلاقی ذمہ داری اس حیثیت سے عاید نہین ہوتی کہ وہ نیم اضطراری تھے، جن مین اسکے ارادہ ونیت کو دخل نہ تھا، تاہم اُن سے

جو عملی نتائج پیدا ہوے، وہ تو یقیناً یا مفید ہوے ہون گے یا مضر۔ پس سوال یہ ہے، کہ وہ کیسے ہوے ہین؟ ایک دیوانہ اگر کسی کو قتل کر ڈالے، تو ناتا کا اسکی دیوانگی پر لحاظ کرکے اسے سزاے موت نہ دیجاے گی تاہم اس سے توانکار نہین ہوسکتا، کہ اُسکا یہ ارتکاب فعل سوسائٹی کے حق مین بہرحال مضر یا مفید ہوگا۔ اسی معیار پر ہمین جماعت کے افعال کو جانچنا ہے، اور یہ دریافت کرنا ہے، کہ جماعت، جن افعال کی غیر ارادی فاعل ہوتی ہے، وہ اخلاق کے عملی نقطۂ خیال سے کیا وزن رکھتے ہین؟۔

مشاہدہ و تاریخ سے اسکا صرف ایک جواب ملتا ہے، تعمیر و اصلاح کے جتنے کام ہوتے ہین، ان کی نوعیت ہی اسکی متقاضی ہے، کہ ان کے کرنے والے ثبات و استقلال سے ایک کافی حد تک بہرہ اندوز ہون، ان کے شعور کی سطح بلند ہو، اور ایک خاص کے ڈسپلن (یعنے انتظامی ریاضت کشی) کے حاوی ہون۔ جماعت چونکہ ان صفات سے علی العموم معرّا ہوتی ہے، اسلیے تاوقتیکہ کوئی حقیقی لیڈر اُن سے بہتر کام نہ لے، جسکی تصریح رسالۂ ہذا کی کسی آخری باب مین ملے گی، جماعت کا عمل وحید، تخریب ہے، یہی وجہ ہے کہ کشت و خون، فساد و غارت، بدامنی و بغاوت، ہر ملک اور ہر زمانہ مین جماعت کے کارنامون کے عنوانات جلی قرار دیے جاسکتے ہین، اور یہی باعث ہے، کہ قانون شکنی، انسانیت فراموشی، و اخلاق کشی، جس جسارت، جس بیباکی، اور جس قطعیت کے ساتھ جماعت کرسکتی ہے، وہ افراد کے لیے اگر ناممکن نہین تو دشوار ضرور ہے، جماعت کے ان اخلاقی خصوصیات کے ظہور کا بہترین وقت، بداہۃً وہ

ہونا چاہیے، جبکہ جماعات افراد پر غالب و متصرف ہو جاتی ہین، تاریخ مین اس تسلط جماعات کے جو بکثرت مواقع پیش آئے ہین، اُن سب مین انقلاب فرانس ایک خاص شہرت رکھتا ہے، اور اسکے حالات بھی نسبتاً زیادہ صحت کے ساتھ معلوم ہین - اسلیے ہم بطور نمونہ اُس کے چند واقعات ذیل مین نقل کرتے ہین -

یہ لحاظ رکھنا چاہیے، کہ ہم نے جس جماعت کے کارنامون کو یہان مثال کے لیے منتخب کیا ہے، وہ کوئی جاہلون، بدمعاشون، یا عادی مجرمون کا جتھا نہ تھا، بلکہ اُس مین اچھے خاصے پڑھے لکھے لوگ شامل تھے، بلکہ اُسکے بعض افراد تو سیاسی و معاشری حیثیت سے نہایت ذی وجاہت اور اپنے زمانہ مین اعلی درجہ کے تعلیم یافتہ سمجھے جاتے تھے - یہ لوگ ڈاکو یا قزاق نہ تھے جنکی غرض لوٹ مار ہوتی ہے، بلکہ اپنے تئین اصلاح کے طالب، حریت کے فداکار اور مساوات کے علمبردار کہتے تھے - ملکی و تمدنی ترقی انکا مطمح نظر تھا، مطالبہ اصلاح کے نعرہ ان کی زبانون پر تھے، عدل و انسانیت کے جذبات سے قدم قدم پر استمداد کی جاتی تھی، اور "حریت، مساوات و اخوت" کے کلمات ثلثہ ان کے فوجی نشانون پر آویزان رہتے تھے - پس اگر اس مہذب و شایستہ جماعت سے اعمال توحش و بربریت صادر ہون، تو

"جسکی بہار یہ ہو پھر اسکی خزان نہ پوچھ"

کے اصول کے مطابق یہ بجائے خود قیاس کیا جا سکتا ہے، کہ جو جماعتین بیشتر ہی سے جاہل یا وحشی افراد سے مرکب ہون گی، ان کے اعمال کسقدر

وحشیانہ و قصابانہ بلکہ بہیمانہ ہون گے!۔

انقلاب فرانس کا ایک مشہور رکن کیمل ڈی مولنس Camille Desmoulins تھا۔ اسکا اصل پیشہ بیرسٹری کا تھا، مگر اسکی بیرسٹری بالکل نہ چلتی تھی، یہانتک کہ یہ ہمیشہ نہایت مقروض رہتا تھا۔ مگر جب ملک مین شورش پھیلی، تو یہ اپنی طلاقت لسانی کے زور سے ایک ذی اثر شخص ہو گیا اور تسخیر بسٹیل کے وقت قصر شاہی کے سامنے حریت و مساوات پر پُرجوش تقریرین کرنے لگا، لیکن عین اسی زمانے مین اس نے اپنے ایک دوست کو اپنی پرائیوٹ حالت سے مطلع کیا تھا، اسکا ایک اقتباس یہ ہے:۔

"مجھے مسرت مستزاد یہ ہے کہ اب مین نے اپنے اصلی مرتبہ کو پایا ہے۔ یعنے اب ایسی حالت مین ہون، کہ اپنی قوت کا اُن لوگون پر اعلان کرتا ہون، جو اسوقت تک مجھے حقیر سمجھتے تھے اور کل تک جو لوگ مجھ سے اعلیٰ و برتر تھے، اب ان کو مین اپنا ہم سطح کیئے دیتا ہون۔ میرا اصل مقولہ یہ ہے، کہ اپنے سے برتر کوئی نہین"[1]

"مجھ سے برتر کوئی نہین"، یہ نہ صرف کیمل ڈی مولنس، بلکہ انقلاب کے تمام زعیمون کے دلی جذبات کا صحیح ترجمان تھا۔ درحقیقت جیسا ڈی ٹاکیول لکھتا ہے، زعیمانِ انقلاب کی اصطلاح مین لفظ "حرّیت"، ہمیشہ اُن کے اس اعتقاد کے مرادف ہوتا تھا، کہ وہ مین اپنے سے بہتر حالت مین کسی کو نہین

[1] "فرانس"، مصنفہ مسیو لبرڈلی جلد ۲ صفحہ ۱۰۹۔

دیکھ سکتا۔ یہ رذیل جذبہ جماعت کے رگ و ریشہ میں سرایت کر گیا تھا جس سے شاید ہی کوئی فرد مستثنیٰ رہا ہو۔ اور پھر بالکل یہی حال ادّعاے مساوات کا تھا، جو لوگ ہر وقت زبان سے عدل و مساوات کا کلمہ پڑھتے رہتے تھے اُن سے بڑھ کر عملی زندگی میں عدل و مساوات کی توہین کرنے والا اور کوئی نہ تھا۔ یہ لوگ اپنی رائے سے خفیف سے خفیف اختلاف کو بھی جائز نہیں رکھتے تھے، اور "رواداری" اب ایک ایسا اسم رہ گیا تھا، جسکا کوئی مسمّیٰ نہ تھا۔ اسی لیے بعض مورخین اس عہد کو عدم مسالمت کے دور سے تعبیر کرتے ہیں۔ ایک مستند مورخ لکھتا ہے،

"دور موجودہ میں جو حریت فکری عام طور پر شایع ہے، یہ اُن فلاسفہ کی کوششوں کا نتیجہ ہے، جو (فرانس کی) قدیم شہنشاہی کے پیداوار تھے، کیونکہ اُس وقت یہ اپنے خیالات کی نشر و اشاعت بے روک ٹوک کر سکتے تھے۔ لیکن وہی روسو، والٹیر و ڈائیڈرو جو اصلی بانیان انقلاب تھے، اگر کہیں اُس زمانہ تک زندہ رہے ہوتے، تو باوجود ان کی کبرسنی کے ان کا بھی وہی حشر ہوتا، جو لویزا اور مال زوربے کا ہوا، (یعنی یہ بھی قتل کر دیے جاتے) بہ شرطیکہ کونڈارسے کی طرح یہ خودکشی نہ کر چکے ہوتے[۱]۔"

اس انقلاب کی خونچکاں یادگاریں جو صفحات تاریخ میں محفوظ ہیں، خصوصاً ۱۰ اگست و ۲ ستمبر کی مشہور و معروف خونریزیاں، اس دعوی کے

---

[۱] "فرانس"، مصنفہ مسیو لوڈی، جلد ۲۔ صفحہ ۱۵۹۔

شواہد قوی ہین کہ جماعتون کے قواے بہیمی و قصّابی کا عمل غیر محدود ہوتا ہے بغیر ثبوت جرم، بغیر تحقیقات، بغیر عمر و جنس کا لحاظ کیے، انسانی خون پانی کی طرح بکمال بیدردی بہانا، اور بیگناہون کو عقوبت کی ممکن سے ممکن سخت ترین اشکال سے ہلاک کرنا، یہ انقلاب فرانس کی مہذب، شایستہ، حریت خواہ، مشورت دوست، جمہوریت پسند، و مساوات پرست، جماعت کا خاص کارنامہ تھا۔ مسیو ٹین Taine جو ایک مستند مورخ ہونے کے ساتھ ہی ایک وسیع حکیم بھی ہوا ہے، کہتا ہے، کہ

"مختلف اقطاع ملک مین ایک سو ستاسی مجسٹریٹ، جن مین سے چالیس دورہ پر رہا کرتے تھے، احکام قتل صادر کرنے کے مجاز تھے، جن کی تعمیل فوراً کی جاتی تھی چنانچہ ۱۶- اپریل ۱۷۹۴ء سے لیکر ۹- تھرمیڈر سنہ ۲ تک ۲۶۲۵ جانین صرف پیرس کی عدالت کے حکم سے لی گئین، اور بیرونجات کے مجسٹریٹ بھی مساوی سرگرمی کے ساتھ فرشتۂ قضا کے فرائض انجام دے رہے تھے، آرنج ایک چھوٹا سا قصبہ تھا، صرف یہین ۳۳۱ سے زاید آدمی ہلاک کیے گئے۔ شہر آرا مین ۲۹۹ مردون اور ۹۳ عورتون کو جام مرگ پلایا گیا ... غرض اس طرح ان کشتون کا شمار ۱۷۰۰۰ تک پہونچا، جن مین ۱۲۰۰ عورتین تھین، اور وہ بھی بہ کثرت ایسی تھین، جو اسّی اسّی سال کی عمر تک پہونچ چکی تھین"۔

پیرس کی عدالت نے شروع شروع قانونی ضوابط کی نمایش باقی رکھی تھی، لیکن تھوڑی ہی مدت کے بعد وہ جاتی رہی، تحقیقات ثبوت، شہادت صفائی، بالآخران مین سے کوئی شے نہین باقی رہی، اورصرف اخلاقی ثبوت یعنے محض شُبہ، فتواے قتل کے لیے کافی بنیاد ہوگیا، اور پھر یہ خیال کرنا چاہیے، کہ یہ جہاد صرف امرا کے خلاف تھا، کیونکہ ادنیٰ طبقہ کے مقتولین مین بھی کاروباری ومزدوری پیشیہ افراد کی تعداد ۳۰۰۰ - اور کسانون کی تعداد ۰۰ ۱۰۴ تھی "

غور کرو کہ یہ خون آشامیان فوج کی نہ تھین، بلکہ ججون اور مجسٹریٹون کی تھین، یعنے اُن لوگون کی، جن کا سب سے پہلا فرض عدل اور انصاف کے مطابق کارروائی کرنا تھا، اور جن کے فرائض منصبی کی سب سے پہلی دفعہ یہ تھی، کہ مقدمات کی کامل تحقیقات کرین، تمام شہادتون پر غور کرین، اور ملزم کو اپنی بریت وصفائی کا پورا موقع دین۔ اس سے یہ ناموس فطری تمھارے سامنے از سر نو جلوہ گر ہوگیا ہوگا، کہ افراد جسوقت جزو جماعت ہوجاتے ہین وہ ایسی ایسی خلاف انسانیت حرکات کے مرتکب ہونے لگتے ہین جن کے ارتکاب کا اُن کی ذات سے شان وگمان بھی نہ ہوسکتا تھا۔ ان حالات سے تمھین اسکا بھی اندازہ ہوگیا ہوگا، کہ جب تعلیم یافتہ، قانون پیشہ، علمبرداران عدل، اس سطح پر پہونچ جاتے ہین، تو فوج کے مظالم جو بیشتر ناتربیت یافتہ افراد پر مشتمل ہوتی ہے، کس درجہ بیہ ہون گے۔ لی بان نے اپنی محققانہ تالیف

"تفسیات انقلاب" مین انقلاب خواہ سیاہ کے کارنامہ مختلف ماخذ سے تفصیل کے ساتھ جمع کیئے ہین۔ ہم ان مین سے یہان صرف دو ایک اقتباسات بطور نمونہ کے درج کرتے ہین:-

"بڈدین ایک چھوٹی سی بستی تھی، جسکے باشندون کا شمار ۲۰۰۰ تھا۔ یہان ۳۳۴ مکانات مسمار کر دیے گئے، ۷۴۔ اشخاص گولی سے اور ۱۶۔ اُس خاص مشین سے جو ہلاک کے لیے تھی (Guillotine) ہلاک کیے گئے، اور باقی تمام باشندون کو جلاوطن کر کے اس پر مجبور کیا گیا، کہ یا تو کوہسارون مین خانہ بدوشانہ زندگی بسر کرین، اور یا زمین کے اندر تہ خانون اور غارون مین روپوشی اختیار کرین۔ پھر جو بد نصیب، فوج کے ہاتھ سے بچکر عدالت تک پہونچتے تھے، ان کا حشر اور بھی بدتر ہوتا تھا، قانونی ضوابط کا پردہ بھی عدالتون نے چند ہی روز کے بعد اُٹھا دیا تھا۔ مقام نانٹ مین جج کیریر نے اپنے اندازہ کے مطابق ۵۰۰۰ ہستیون کو، جن مین مرد، عورت، بچے، سب شامل تھے گولی مار کر یا دریا مین غرق کر کے فنا کر دیا۔"

ایک معتبر راوی کی عینی شہادت کے الفاظ یہ ہین:-

"مقام نویر موٹیر کی تسخیر کے بعد مین نے اپنی آنکھون سے دیکھا کہ عورتین اور مرد، خواہ بوڑھے ہون خواہ جوان، زندہ آگ مین جلا دیئے گئے۔ چودہ چودہ پندرہ پندرہ سال کی لڑکیون کی

پہلے تو عصمت دری کی جاتی تھی، اور بعد کو انھین قتل کر ڈالا جاتا تھا۔ نازک نازک شیر خوار بچہ، جو اپنی ماؤن کی چھاتی سے پلٹے ہوتے تھے، اُن سے زبردستی چھین لیئے جاتے تھے، اور پھر انھین گیند کی طرح سنگین بسنگین اُچھالا جاتا تھا،،

ذیل کی تفصیلات، فرانس کے ہفتہ وار اخبار مانیٹیر (Monitour) سے ماخوذ ہین۔

،،جو لین بیان کرتا ہے، کہ جج کیریار اپنے اسیرون کو مجبور کرتا تھا کہ خود اپنے ہاتھ سے اپنی قبر کھودین، اور اپنے تئین اُس مین زندہ دفن ہو جانے دین،، یہی پرچہ اپنی ۱۵۔ اکتوبر ۱۷۹۴ء کی اشاعت مین مرٹن ڈی ہلیون وِل کی ایک رپورٹ شائع کرتا ہے، جس سے یہ بخوبی ثابت ہوتا ہے کہ کشتی مسمی بہ لا ڈسٹین کے کپتان کو یہ حکم ملا تھا کہ ۴۱۔ اشخاص کو دریا مین غرق کر دے، جن مین ایک پیر مرد ۷۸ سال کی عمر کا تھا، ۱۲ عورتین تھین، ۱۲ کمسن لڑکیان تھین، ۱۴ لڑکے تھے جن مین سے ۳ کی عمر ۶ سال سے لیکر ۱۰ سال تک تھی، اور ۵ شیر خوار تھے،

یہ تفصیلات اگرچہ نانٹیز سے متعلق تھین، تاہم یہ یاد رکھنا چاہیے، کہ ،،نانٹیز کی خونریزیون کا اعادہ ملک کے اکثر حصّون مین کیا گیا۔ چنانچہ کمانڈر فوشا نے صرف مقام لیانس مین ... سے زائد اشخاص کو قتل کیا، اور ٹوٹن مین تو کشت و خون کی اتنی گرمبازاری

رہی، کہ وہان کی آبادی چند ماہ کے اندر ۰۰۰ ۹ ۲ سے گھٹ کر
۰۰۰ ۷ رہ گئی! وقس علی ہذا۔

کیا دنیا کے کسی بڑے سے بڑے جبّار تاجدار کے دامن پر اس سے
زیادہ سفاکی اور معصوم کشی کے دھبّے نظر آسکتے ہین؟

ہندوستان مین غدر ۱۸۵۷ء کے زمانے مین ہندوستانی سپاہ نے انگریز
لیڈیون اور بچّون کے ساتھ جو شقاوت برتی، سلطنت روس نے مختلف جنگون
کے مواقع پر جس طرح اپنے قوائے بہیمیت کا اظہار کیا، طرابلس کے میدان مین
اہل اٹلی نے اپنے مفتوحون کے ساتھ جس درندگی و سبعیت کا برتاؤ روا رکھا اور
ان سطور کی تحریر کے وقت جرمن سپاہ کی جس سفاکی و بربریت کی پیہم خبرین آرہی
ہین، ان سب روایات سے ہمارے ناظرین واقف ہون گے۔ لیکن ہم ان واقعات
سے استشہاد کرنا کیسا ان کی طرف اشارہ بھی نہین کرتے، اور یہ اس بنا پر کہ ان
سب صورتون مین فریقین کے جذبات انتقام و غضب کو غیر معمولی طور پر برانگیختہ
کرنے کے بہت سے خارجی اسباب جمع ہو گئے تھے، مثلاً تخالف مذہب، تخالف
قومیت، ہوس ملک گیری، مظالم سابقہ کا انتقام وغیرہ۔ البتہ انقلاب فرانس کی
جماعت، جسکے حالات ہم نے استشہاداً پیش کیے ہین، وہ ان سب سے ایک
جداگانہ حیثیت رکھتی تھی۔ اسکے لیے کوئی اشتعال انگیز خارجی سبب نہ تھا۔ جس
فریق کو وہ اپنے مظالم کا ہدف بنا رہی تھی، اُسکا اور اسکا دین و مذہب ایک
تھا، قومیت ایک تھی، وطن ایک تھا، زبان ایک تھی، غرض دونون مین
کوئی اصولی و عمیق فارق نہ تھا۔ اختلاف جو کچھ تھا، وہ صرف دونون کے

اعتقاد سیاسی مین تھا - یعنے ایک فریق جمہوریت کا طالب تھا، اور دوسرا
شخصیت کا طرفدار تھا۔ محض اتنا اختلاف تھا جسکی بنا پر اول الذکر فریق نے
غلبہ پاکر اپنے فریق مقابل پر وہ بیدردانہ ستم رانیان جائز رکھین جنھین سنکر
آج بڑے سے بڑے شقی القلب کو عبرت حاصل ہوتی ہے - اور یہ اس امر
کی واضح شہادت ہے، کہ ان افراد کے تو سلے بہیمی کو ہیجان مین لانے
کا کوئی خارجی سبب نہ تھا، بلکہ صرف یہ امر تھا کہ اُسوقت اُن پر نفس اجتماعی
حکمرانی کر رہا تھا۔

اسی جماعت انقلاب فرانس اور اسکے کارنامون کے سلسلۂ بیان
مین یہ واقعہ بھی سُن رکھنے کے قابل ہے، کہ اُس مشہور سائنس دان
ومکتشف لویزا (Lavoisier) کا خون کسی جبار وخود مختار تاجبدار یا استبداد پسند
اہل حلّ وعقد کے سر نہین، بلکہ تمامتر اُس جمہوریت پرست مجمع نمایندگان
قوم کے سر ہے، جسکی شریعت سیاسی کا کلمۂ طیبہ،، حرّیت، اخوت، ومساوات،،
تھا۔ قانون عدم فنا ر مادہ کا یہ مدوّن اول، جسے بالکل بجا طور پر طبیعیات و
کیمیائیات جدیدہ کا آدم کہنا چاہیے، جب بیگنہ و بے قصور جمہوریت کی
مجلس شوری (Council of Democrats) کے سامنے پیش ہوا،
تو اس نے یہ درخواست کی کہ،، میرا قتل اسوقت تک ملتوی رکھا جائے
جب تک مین اپنا پچھلا اختبار ختم کر لون،،۔ اس کے جواب مین وکیل سرکار
نے بہ کمال جسارت وبیدردی کہا، کہ

جمہوریت کو حکما وفلاسفہ کی کوئی حاجت نہین،،

(La Republique in a pes de Sanants)

حقیقت یہ ہے کہ جماعت، حریت پسند و مشورت دوست جماعت
عدالت شعار و مساوات پرست جماعت کے مظالم کے سامنے نیرو و
بخت نصر کے نام ماند پڑ جاتے ہین، اور اسکی خون آشامیون کے
آگے چنگیز و ہلاکو کی روحین بھی لرز اٹھتی ہین۔

# باب (۶)

## قایدین جماعت (یعنے لیڈرون) کے اجمالی خصائص

یاد ہوگا، کہ باب اول کے دوسرے ٹکڑے مین ہم نے میراث عمرانی پر کسی قدر تفصیل سے بحث کی تھی، لیکن یہ بھی یاد ہوگا، کہ وہ ساری گفتگو اسکے صرف ایک پہلو، یعنے تقلید و محاکات سے متعلق تھی، حالانکہ یہ صریحًا ظاہر ہے، کہ تقلید یا محاکات ایسی شئے نہین، جو عالمگیر ہوسکے، بلکہ یہ لازمی ہے، کہ اسکا ایک مقابل پہلو بھی ہو۔ یہ مانا کہ سب لوگ تقلید کے لیے کمربستہ ہین، مگر آخر کس کی تقلید کرین گے؟ یہ فرض کرلیا، کہ ہر شخص نقل اُتارنے کے لیے مستعد ہے، مگر آخر اس نقل کی کوئی "اصل" بھی تو ہوگی؟ یہ بھی سچ سہی، کہ کل دنیا مقتدی بننے کے لیے آمادہ ہے، مگر کسی نہ کسی کو تو اپنا مقتدی بہرحال اُس نے تسلیم کیا ہوگا۔ غرض، ادنیٰ غور کے بعد بھی اتنا بہ خوبی سمجھ مین آجاتا ہے، کہ جس طرح ہر حاکم کے مقابلہ مین ایک محکوم۔ ہر خالق کے مقابلہ مین ایک مخلوق اور ہر علت کے مقابلہ مین ایک معلول ہونا ضرور ہے

اُسی طرح یہ بھی لازمی ہے، کہ ہر تقلید کے مقابل اجتہاد، ہر اقتدا کے مقابل قیادت، اور ہر تابع کے مقابل ایک پیشوا کا وجود ہو۔

پس اگر جماعت کی سرشت مین یہ داخل ہے (جیسا کہ گذشتہ صفحات مین واضح طور پر ثابت ہو چکا) کہ وہ ہمہ تن تقلید ہوتی ہے، وہ متاثر بہت جلد ہوتی ہے، اس مین قوت فاعلی کی جگہ قوت انفعالی بہت بڑھی ہوتی ہے، تو یہ لامحالہ ماننا پڑیگا، کہ کچھ ہستیان ایسی بھی ہوتی ہین، جو اسکی رہنمائی کرتی ہین، اُس پر موثر ہوتی ہین، اور اسکی قوت انفعالی پر متصرف ہو کر اُس سے کام لیتی ہین۔ یہی افراد لیڈر یا قاید کہلاتے ہین۔ حقیقۃً یہی ہستیان تاریخ عالم کی مصنف ہین، اور انھین کی قوت تخلیق کی یہ کرشمہ سازیان ہین جنھون نے دنیا کو دنیا بنا رکھا ہے۔ کیا خوب کہا ہے کارلائل نے، کہ دنیا، اور اہل دنیا نے ابتک جو ترقی یا کامیابی حاصل کی ہے، دراصل اس سب کی تہ مین انھین "اعاظم رجال" کی قوت کام کرتی نظر آتی ہے۔

قطع نظر منطقی لزوم کے، نفس اجتماعی کے جو خصایص اوپر گزر چکے وہ خود اس ضرورت کے سب سے بڑے داعی ہین، کہ نظام انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے جماعت کو ہمیشہ کسی نہ کسی آقا کی ماتحتی و غلامی مین رہنا چاہیے۔ صفحات بالا مین ہم بتا آئے ہین، کہ عقلی حیثیت سے جماعات کبھی سن بلوغ کو نہین پہونچتین، ہم دیکھ چکے ہین، کہ جو خصایص نفسیات طفولیت کا مایۂ خمیر ہوتے ہین، مثلاً تقلید، اثر پذیری، زود اعتقادی، جلد بازی، تلون مزاجی، کم عقلی، اشتداد جذبات، مبالغہ پسندی، تخئیل آرائی، اشتعال پذیری،

وغیرہ، وہی تمامتر نفس اجتماعی کے بھی عناصر ترکیبی ہوتے ہین، ہمین معلوم ہو چکا ہے کہ جماعات اپنی عقلی نابالغی اور طفل شعوری کے باعث کبھی خود اپنی خبر گیری کے لایق نہین ہوتین؛ پھر ان سب مقدمات کی مدد سے ہم اس نتیجہ پر پہونچ چکے ہین، کہ خود ان کی بہبود و فلاح اسی مین ہے، کہ وہ ہمیشہ اپنے تئین کسی قوی آقا کی غلامی مین رکھین، اور سچ یہ ہے کہ اسکے خلاف تو ہو ہی نہین سکتا، یعنے کسی آقا کے زیر قیادت تو لامحالہ رہین گی ہی، البتہ یہ ضرور ہے کہ اُن آقاؤن کو اپنے منصب کا اہل ہونا چاہیے۔ بعض زمانہ جن مین جماعات بہ ظاہر بالکل مطلق العنان معلوم ہوتی ہین (مثلاً انقلاب فرانس کے زمانہ مین) اُن مین بھی حقیقتہً وہ مطلق العنان نہین ہوتین، بلکہ صرف یہ ہوتا ہے، کہ انکی قیادت ایسے اشخاص کے ہاتھ مین آجاتی ہے، جو اس منصب کی کسی طرح اہلیت وصلاحیت نہین رکھتے۔

غرض، جماعت کے لیے قاید کی ضرورت ہر پہلو سے ظاہر و بین ہے، اب دیکھنے کی بات یہ ہے، کہ قیادت کے لوازم کیا ہین؟ یا بہ دیگر الفاظ قاید کے امتیازی خصایص نفسی کیا ہوتے ہین؟ اسکا تفصیلی جواب تو صفحات ذیل مین آتا ہے، لیکن اسقدر سرسری طور پر بھی ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ جسطرح قاید کی ہستی جماعت کی مقابل ہے، اسی طرح اصولاً اس کے خصایص نفسی بھی جماعت کے خصایص نفسی کے مقابل و متمم ہون گے۔ یعنے جو چیزین جماعت طلب کریگی، انھین قاید مہیا کرے گا، اور جن چیزون کی جماعت اپنی ترکیب نفسی کے لحاظ سے محتاج ہوگی، وہ قاید کی طرف سے

پوری ہون گی۔ مثلاً اگر یہ معلوم ہو چکا ہے، کہ جماعات کے جذبات نہایت قوی ہوتے ہین، تو ضروری ہے، کہ ان کا قاید وہی شخص ہو، جو کامیابی کے ساتھ ان کے جذبات کو متاثر کر سکتا ہے۔ اسی طرح ان کے دیگر خصایص پر قیاس کرنا چاہیے۔ پس ہمین چاہیے، کہ نفسیات قیادت کی تحقیقات کرتے وقت نفسیات جماعت کے سر رشتہ کو کبھی ہاتھ سے نہ جانے دین۔ اور اگر ہم جماعات کی فطرت و سرشت کو صحیح طور پر سمجھ چکے ہین، تو یقیناً قایدین کی فطرت و سرشت کے سمجھنے مین سہولت ہو گی۔

یونان قدیم مین ڈیماستھنیز ایک مشہور جادو بیان خطیب ہوا ہے، جو فن خطابت کے اسرار و دقایق کا ماہر تھا۔ ایک بار لوگون نے اُس سے سوال کیا، کہ خطابت مین کامیابی کا اصلی اصول کیا ہے؟ اُس نے جواب دیا "عمل"۔ انھون نے پوچھا "اس کے بعد"؟ اس نے کہا "عمل"۔ تیسری بار انھون نے پھر دریافت کیا کہ "اسکے بعد"؟ اُس نے اِس مرتبہ بھی وہی جواب دیا کہ "عمل"۔ بالکل اسی طرح، اگر یہ دریافت کیا جائے کہ قیادت کی اصلی شرط کیا ہے؟ تو جواب ہو گا کہ "قوت ارادی"۔ اگر دوبارہ یہ سوال کیا جائے، تو بھی یہی جواب ہو گا۔ اگر سہ بارہ اسی سوال کا اعادہ کیا جائے، تو پھر بھی یہی جواب قایم رہے گا۔ مشاہدہ سے معلوم ہوتا ہے، کہ دنیا مین کامیابی جس شے کا نام ہے، اُس مین انسان کے نہ قواے استدلال کو چندان دخل ہوتا ہے اور نہ اسکے ذوق و وجدان کو، بلکہ وہ تقریباً تمامتر نتیجہ ہوتی ہے اُسکے ارادہ کا۔ تاریخ مین صدہا افراد ایسے گزرے ہین، جو عقل

وقوت استدلال میں یکتا تھے، مگر اُن کی زندگی شروع سے آخر تک ناکامیون
کا ایک تسلسل رہی ہے۔ سیکڑون ایسے اشخاص پیدا ہوتے رہے ہیں، جو
لطیف المذاقی وسلامتی وجدان میں اپنا جواب نہ رکھتے تھے، مگر کارزار حیات
میں ان کا ہر وار خالی گیا ہے۔ اور بیشمار ایسی ہستیان ہوئی ہیں، جو پیکر علم
وفضل، اور مجسمۂ ذہن وذکا کہی جاسکتی تھیں، لیکن ان کی زندگی کی محرومیان
اور نارسائیان آج دوسرون کے لیے مرقع عبرت کا کام دیتی ہیں۔ تاریخی مثالون
سے قطع نظر کرکے خود اپنے گردوپیش نظر کرو۔ بیسیون خوش مذاق وصاحب علم
افراد ملین گے، مگر اُن کا اپنے ملنے والون پر کسی طرح کا اثر ہوگا نہ دباؤ۔ بخلاف
اسکے بعض اشخاص ایسے بھی ملین گے، جو نہ تو کچھ ایسے زیادہ ذوق سلیم کے
حصہ دار ہون گے، اور نہ علم وفضل کے، مگر پھر بھی اُن میں یہ وصف ہوگا، کہ
اپنے حلقۂ احباب واعزہ میں ایک خاص وقعت ووقار رکھتے ہیں، اور جو شخص
اُن سے ملتا ہے، وہ اُن سے متاثر بھی ضرور ہوتا ہے۔ ان تمام شواہد سے
ظاہر ہوتا ہے، کہ اثر ونفوذ جس شئے کا نام ہے، وہ نہ عقل پر موقوف ہے نہ جذبات
پر، بلکہ تابع ہے قوت ارادی کے۔ اور یہی قوت ارادی جس شخص میں جتنی
زیادہ ہوگی، اُسی نسبت سے اُس میں اپنے ابنائے جنس کو متاثر کرنے کی
یا بہ دیگر الفاظ، ان کی رہبری وقیادت کی صلاحیت واستعداد بھی زیادہ ہوگی

تمھیں اپنی زندگی میں بارہا اس کا تجربہ ہوا ہوگا، کہ تم ایک شئے کو دل سے
چراجاتے رہے ہو، اسکے کرنے کے لیے اپنے تئین بالکل آمادہ نہیں پاتے ہو،
اسکے خلاف تمھارے پاس دلائل موجود ہیں، لیکن اتفاق سے تمھارا کوئی

شناسا دیا ممکن ہے کہ اجنبی ہو، وہاں موجود ہے، اور وہ تم سے اس کے کرنے کے لیے کہہ رہا ہے۔ احباب واعزہ کے اصرار کو تم بار بار رد کر چکے ہو۔ اُن کی خاطر شکنی مین بھی تم نے پیشتر تامل نہین کیا ہے، مگر اسوقت تمھاری وہ حالت نہین۔ وہ شخص تم سے کہہ رہا ہے، اور تم سے انکار کرتے نہین بنتا۔ تم جانتے ہو، اور خوب جانتے ہو، کہ وہ فعل بُرا ہے، یا کم از کم یہ کہ تمھین اسکی جانب رغبت نہین، لیکن اسکے اصرار کے سامنے تم پہلے مذبذب، اور پھر بالکل مغلوب ہو رہے ہو۔ یہانتک کہ بالآخر اُس نے وہ کام تمھاری خواہش، مرضی، وارادہ کے علی الرغم تم سے لے ہی کر چھوڑا۔ ایسے مواقع کے گزر جانے کے بعد تم اکثر اُن پر پچھتاتے ہو۔ اپنے تئین ملامت کرتے ہو، اور ملامت کے ساتھ اپنے اوپر حیرت بھی کرتے جاتے ہو، لیکن حقیقت در یہ تمھارا اس مین والنستہ کوئی قصور نہ تھا۔ سرشت بشری کا یہ لازمی اقتضا ہے کہ ضعیف قوت ارادی، زبردست قوت ارادی سے مغلوب رہے۔ پس جسطرح جسمانی حیثیت سے کسی قوی تر حریف کے مقابلہ مین تمھارا شکست کھانا یقینی تھا، اور یہ ایک بالکل طبعی واقعہ ہوتا، اسی طرح تم سے زیادہ قوی الارادہ شخص کے مقابلہ مین بھی تمھارا مغلوب ہو جانا ایک بالکل طبعی واقعہ ہے، جو قوانین نفسیات کا ایک صاف و صریح نتیجہ ہے، اور مطلق حیرت انگیز نہین ایسے تمام افراد، جنکی قوت ارادی ضعیف ہوتی ہے، فطرۃً غلام طبع ہوتے ہوتے ہین۔ فطرت نے انھین غلامی کے لیے پیدا کیا ہے، اور وہ باوجود اپنی جد و جہد کے مدۃ العمر غلام ہی رہین گے۔ ممکن ہے کہ وہ علم و فضل مین

یکتائے عصر ہون، ممکن ہے کہ دولت وثروت کے بہت بڑے حصہ دار ہون
ممکن ہے کہ اتفاقات زمانہ نے اُنھین کسی بلند ایوان حکومت کا کرسی نشین کر دیا
ہو، لیکن اُن مین سے کوئی شے اُن کی سرشت کو نہین بدل سکتی۔ اس تمام
ظاہری سامان کے باوجود بھی وہ دوسرون کے اشارہ پر چلین گے، قدم قدم
پر دوسرون کا سہارا ڈھونڈھین گے، اور ایک غیر شعوری طور پر اُن کی
غلامی کرتے رہین گے۔ وہ محدودے چند افراد، جن کے ارادہ قوی ہین
اُن پر حقیقۃً حکمرانی کرین گے، اور گو وہ وجاہت ظاہری کے اسلحہ سے آراستہ
نہ ہون، تاہم ہر معرکہ مین فتح اُنھین کے ہاتھ رہیگی، وہ ان ضعیف الارادہ قیدیان
فطری سے جو کام چاہین گے لین گے، اور جس رُخ پر چاہین گے، اُنھین چلائین گے

قوت ارادی کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ یہ ایک بہت بڑی
حد تک فطری و وہبی ہوتی ہے، اکتساب سے نہین پیدا ہوتی۔ جہان کہین
چند بچے یکجا ہو کر کھیل رہے ہون، اُن کی حالت کا مشاہدہ کرو۔ اکثر یہ ہوگا
کہ کوئی ایک بچہ، جسکے لیے نہ یہ لازمی ہے، کہ سن مین زیادہ ہو، اور نہ یہ کہ طاقت
مین زیادہ، بطور اُن سب کے سردار یا سرغنہ کے ہوگا، جس کی حکومت وماتحتی
دوسرے بچے بخوشی سہ رہے ہون گے۔ یہی وہ شے ہے، جو لیڈری
یا قیادت کا تخم ہے، اور جسے اگر نشو ونما کا پورا موقع مل گیا، تو آئندہ یہی تخم
ایک پُر شوکت شجر ہوگا، جس کے برگ وبار ایک عالم پر محیط ہون گے۔
نپولین کی بابت کہا جاتا ہے، کہ وہ اپنے بچپن کے کھیل مین ہمیشہ بادشاہ
یا سردار بنتا تھا۔ اسی طرح نادرشاہ وغیرہ متعدد قائدین عظام کے متعلق روایات

شعور نہین۔ ظاہر ہے کہ اس قدر صغر سنی مین کوئی بچہ اپنے قصد و شعور سے کام لے کر، اور مصنوعی وسائل کی مدد سے ارادہ کی یہ طاقت حاصل نہین کر سکتا بلکہ یہ جوہر فطری ہے، جو جیاتۂ آغوش مادر ہی سے مختلف صورتون مین ظاہر ہونے لگتا ہے۔

اس بنا پر جو لوگ منصب قیادت کا حوصلہ رکھتے ہین، انھین سب سے پیشتر یہ چاہیے خود اپنی قوت ارادی کے ضعف و قوت کا امتحان لینا چاہیے۔ اگر اُن کا ارادہ ضعیف ہے، تو اُنھین اُسی وقت سے اس کا یقین کر لینا چاہیے کہ اُن مین اس منصب کی اہلیت نہین، انھین فطرت نے امامت کے لیے نہین، بلکہ اقتدا کے لیے، اور فرمان روائی کے لیے نہین بلکہ فرمان برداری کے لیے پیدا کیا ہے، اور فطرت کے قائم کردہ حدود پر غالب آنا طاقت بشری سے باہر ہے۔ تعلیم و تربیت، مشق و ریاضت، سعی و کوشش اور مصنوعی وسائل زیادہ سے زیادہ یہ کر سکتے ہین کہ جو جوہر پنہان ہے اُسے آشکارا کر دین، جو خفی ہے اُسے جلی کر دین، اور جو جلی ہے اُسے جلی تر کر دین۔ لیکن کسی جوہر کو عدم سے وجود مین لانا انسانی تدابیر کے بس کی شے نہین۔ اس منصب کی امیدواری کا حق صرف اُن لوگون کو حاصل ہے جو فطرت سے ایک ارادۂ قوی اپنے ہمراہ لائے ہین۔

---

# سطوت و فطرت شناسی

قوت ارادی کا سب سے بڑا مظہر، ذاتی سطوت یا نفوذ ہے اور درحقیقت یہی وہ شے ہے، جو ایک حقیقی قائد اور ایک محض مدعی قیادت کے درمیان حد فاصل ہوتی ہے۔ جس شخص میں فطرۃً قائد بننے کی اہلیت و صلاحیت ہوتی ہے، اس میں شروع ہی سے ایک طرح کا رعب یا دبدبہ ہوتا ہے، جس سے اسکے ہم چشم ہر معاملہ میں اُس سے مرعوب و متاثر رہتے ہیں۔ اپنی محیر تاثیر شخصیت سے وہ اپنے اندر ایک طرح کا سحر یا قوت تسخیر رکھتا ہے، جسکی بنا پر جس کسی کا اُس سے سابقہ پڑتا ہے، اُسے وہ ہپناٹسٹ (عامل سیمیا) کی طرح اپنا معمول بنا لیتا ہے۔ نپولین بونا پارٹ میں بچپن ہی سے اسقدر رعب و داب تھا، کہ ہم سن بچوں کو سرکشی کی جرأت نہیں ہوتی تھی۔ اور اسی خصوصیت کے ارتقا نے آگے چل کر انھیں نپولین بونا پارٹ بنا دیا۔ حضرت عمرؓ کے متعلق بہت سی روایات اس قسم کی مشہور ہیں کہ

جب وہ دوسرون کے ساتھ چلتے تھے، توسب مین بڑے وہی معلوم ہوتے تھے، وغیرہ۔ خوش اعتقادیون کے حصہ کو حذف کرنے کے بعد اس طرح کی تمام روایات کا اصل منبع قائدین کی اصلی سطوت کا وجود ٹھہرتا ہے۔

یہ سچ ہے، کہ سطوت ذاتی کو متعدد مصنوعی وسائل سے تقویت پہونچائی جاسکتی ہے۔ چنانچہ مفتیان شرع اپنے عبا و عمامہ کے ساتھ، وکلا و حکام عدالت اپنے گون (جبہ) کے ساتھ، پولیس و فوج کے سپاہی اپنی وردیون کے ساتھ، یونیورسٹی کے سند یافتہ اپنی مخصوص پوشش کے ساتھ، بہ نسبت اپنے معمولی وسادہ لباس کے یقیناً زیادہ رعب وسطوت رکھتے ہین، جیسا کہ ہر شخص اپنے مشاہدہ سے تصدیق کریگا۔ تاج وکلغی، تمغہ و نشان، یونیورسٹیون کے اسناد و ڈگریان، خطابات و دیگر اعزازات، دولت حکومت، جسمانی قوت، عمدہ صحت، قیمتی لباس، شہرت، علم وفضل، کمال فن غرض ہر ایسی شے، جو عام شاہراہ سے بالاتر اور ایک امتیازی حیثیت رکھتی ہے، کم وبیش، افزایش سطوت کا ایک آلہ بن سکتی ہے، پھر سن رسیدگی بھی سطوت فزائی کا ایک ذریعہ ہے۔ لیتہ ہر نوعمر شخص کی بات بے وقعتی سے سنی جاتی ہے، اور زیادہ سن مین از خود وقار بڑھ جاتا ہے۔ لیکن یہ تمام چیزین صرف معدّات سطوت ہین۔ یہ سطوت افزائی مین معین تو بے شبہ ہوتی ہین، لیکن یہ سطوت آفرینی نہین کرسکتین یعنے جو شخص فطرۃً صاحب سطوت و نفوذ ہوتا ہے، وہ ان وسائل سے کام لیکر اور زیادہ صاحب سطوت ہوجاتا ہے، لیکن جسے فطرت ہی نے سطوت ذاتی کا حصہ دار نہین بنایا ہے

اس کا ان خارجی وسائل سے تخلیق سطوت کی توقع رکھنا ایک سعی دلے خام ہے، خصایص وہبی کی نیابت کبھی خصایص اکتسابی نہین کر سکتے۔

سطوت کا غایبانہ اثر اتنا قوی نہین ہوتا، جتنا بالمواجہہ ہوتا ہے چنانچہ تقریر بہ مقابلہ تحریر کے، اور براہ راست گفتگو بہ مقابلہ بالواسطہ پیام رسانی کے، جو زیادہ موثر ہوتی ہے، اُسکا راز یہی ہے، اس بنا پر قایدین کا فرض ہے، کہ ایک حد مناسب تک ہمیشہ اُن لوگون سے، جنھین متاثر کرنا مقصود ہے، براہ راست ذاتی سابقہ رکھین، عموماً ارباب سطوت خود بھی اس راز سے ناآشنا نہین ہوتے، اور اکثر بالقصد اسکی کوشش کرتے ہین، کہ جس کو اپنا شکار بنایا ہے، اُس سے ملاقات کرکے براہ راست اُس پر اپنی شخصیت کا مقناطیسی اثر ڈالین۔ جولیس سیزر کی زندگی مین اس کلیہ کی ایک دلچسپ مثال ملتی ہے۔ روما کے تاجدار بننے سے بہت قبل جب اس سے اور ایک دوسرے مشہور جنرل پامپیس سے جنگ شروع ہوئی، تو کثرت تعداد، قواعد دانی، وغیرہ مختلف حیثیات سے سیزر کی سپاہ پر ہر طرح پامپیس کی فوج فوق رکھتی تھی، اور بہ اسباب ظاہر اُسکی فتح یقینی معلوم ہوتی تھی۔ لیکن اسی سطوت ذاتی کا جوہر ایسا تھا جسکا سیزر جتنا زیادہ حصہ دار تھا، اسی نسبت سے اس سے اسکا حریف معرا تھا۔ بہرحال جنگ شروع ہوئی۔ ہوتے ہوتے ۹۔ مارچ کو سیزر مقام برنڈیزیم مین پہونچا، یہان پہونچکر اُس نے سب سے پہلے اسکا سامان کیا، کہ بندرگاہ کا راستہ روک دے، اور اسکے بعد اُس نے کوشش کی، کہ اپنے حریف سے ملاقات کرکے، مصالحت پر ایک بار اور بالمشافہ

گفتگو کر لے۔ لیکن، مورخ کے الفاظ یہ ہین، کہ

"پاپیس نے شدومد سے ملاقات سے انکار کر دیا، اور عذر یہ پیش کیا، کہ قونصلاون کی عدم موجودگی مین اسے مصالحت کا کوئی اختیار نہین ہے، اسکا یہ عذر حالات کے لحاظ سے نہایت مہمل تھا، تاہم اسکا اصلی باعث دریافت کرنا چندان دشوار نہین۔ (دراصل) جس قدر سیزر کو بالمشافہ گفتگو اور اپنے ذاتی اثر پر اعتماد تھا، اسی قدر پاپیس خایف تھا۔"[1]

اس اقتباس مین جو عبارت جان سخن تھی، اُسے ہم نے زیر خط کر دیا ہے نپولین کی سوانح عمری مین سطوت کی اس سے بھی زیادہ دلچسپ مثالین ملتی ہین۔ اسکے تمام سوانح نویس متفق اللفظ ہو کر کہتے ہین، کہ اس کی شخصیت اس درجہ موثر و مرعوب کن تھی، کہ بڑے بڑے متکبر و خود بین جنرل اسکے آگے بیساختہ سر تسلیم خم کرتے، بلکہ اسکی غلامانہ اطاعت پر اپنے تئین مجبور پاتے تھے۔ مسٹر بارس جنھون نے نپولین کے واقعات حیات کو مستند مآخذ سے فراہم کیے ہین، کہتے ہین، کہ

نپولین کے جنرلون اور سردارون کی اُسکے سامنے وہی حیثیت تھی، جو آفتاب کے گرد سیارون کی ہوتی ہے۔ بجز مسینا، ڈلوٹ و مولٹ کے، اسکے افسران فوج مین ایک متنفس بھی اس قابل نہ تھا، کہ بذات خود کسی فوج کی کمان کرسکتا، وہ شہنشاہ کی

---

[1] فاولر، "جولیس سیزر"، صفحہ ۲۶۴۔

فرمانبرداری کے اسقدر خوگرفتہ ہو گئے تھے، کہ خود اعتمادی اور قیادت کی صلاحیت اُن سے سلب ہو گئی تھی، وہ سپاہی بیشک اعلیٰ درجہ کے تھے، مگر لیڈر نہ تھے[1]

یہی مصنف پھر لکھتا ہے:-

نپولین، درحقیقت، خود ہی اپنا وزیر خارجہ بھی تھا خود ہی اپنے مالیہ کا نگران تھا، اور خود ہی فرانس کی عدالتوں کا بھی مہتمم تھا، اکثر تو وہ ٹالیرنڈ[2] کے ساتھ اس طرح کا سلوک کرتا تھا، جیسے کوئی ایک معزز کلرک سے کرتا ہے، اور شیمپنی و موارٹ تو اس کے ہاتھ میں آلات بیجان تھے[3]

یہ نہ خیال کرنا، کہ یہ رعب افگنی، نپولین کی جنگی عظمت یا شجاعانہ شہرت کا نتیجہ تھی، بلاشبہ یہ چیزیں ایک حد تک مُعین سطوت ہوتی ہیں، لیکن اُن کی اعانت کے حدود بہت ہی مختصر ہوتے ہیں، اور جو شخص حقیقتہً قیادت کا منصب رکھتا ہے، وہ ان خارجی مویدات کی منت کشی سے تقریباً بالکل آزاد رہتا ہے۔ اسکی سطوت، ذاتی ہوتی ہے، وہبی ہوتی ہے، فطری ہوتی ہے اکتسابی نہیں ہوتی۔ اسی نپولین کے حالات میں ہم پڑھتے ہیں کہ جس وقت وہ نہ شہنشاہ نپولین تھا، نہ کوئی فاتح اعظم، بلکہ محض ایک معمولی مرتبہ کا نوعمر

[1] مارس، "نپولین"، صفحہ ۲۱۵۔

[2] یہ تینوں شخص نپولین کے نہایت ممتاز ارکان سلطنت تھے۔

[3] مارس، "نپولین"، صفحہ ۲۱۵۔

فوجی افسر تھا اُسی وقت سے اسکی دھاک ایسی بیٹھی ہوئی تھی کہ بڑے بڑے خیرہ سر حریف اسکے سامنے آکر اضطراراً اُسکے حلقہ بگوش بن جاتے تھے۔ نمونہ کے طور پر ہم یہاں ایک واقعہ کا ذکر کرتے ہین۔ یہ ایک خاص جنگ کے موقع پر پیش آیا تھا جبکہ نپولین محض لفٹنٹ کے عہدہ پر تھا۔ اسے مشہور فلسفی مورخ مسیو طین نے تفصیل سے اپنی کتاب مین درج کیا ہے جسے مسیو لی بان نے بھی لیا ہے، اور ہم یہان اُسے کی بان ہی کے صفحات سے نقل کرتے ہین:-

جب پیرس سے اس پست قامت نوخیز افسر (یعنے نپولین) کا فوج کی کمان کے لیے تقرر ہوا، تو دیگر سرداران فوج کو یہ سخت شاق گزرا خصوصاً اُن مین سے اوژرو جو نہایت شجاع مگر بدمزاج، اور اپنی قوت و شجاعت پر نازان تھا اُسے یہ تقرر بہت ہی ناگوار ہوا، نپولین کے قد و قامت وغیرہ کا حال اس نے دوسرون سے سُنکر یہ تہیہ کرلیا، کہ وہ ہرگز نپولین کی ماتحتی نہ قبول کریگا، بلکہ اس سے بغاوت و تمرد کے ساتھ پیش آئے گا یہ خیال رکھنا چاہیے کہ یہ جنرل، اوژرو، بارا کا خاص شاگرد تھا لڑ بیٹھنے کے لیے مشہور تھا، اپنے موجودہ رتبہ پر شجاعانہ جنگ آزمائیون ہی سے پہونچا تھا، اور اپنے رفقا سے اس نے ،،خرس،، کا لقب حاصل کیا تھا، کیونکہ یہ ہمیشہ تنہائی مین سوچا کرتا تھا...... بہرحال نپولین آیا، اور یہ سب جنرل

اُس سے ملاقات کے لیے گئے۔ اُس نے کچھ دیر تو اپنا انتظار کرایا۔ اس کے بعد آخر کار باہر آیا، کمر سے تلوار لٹکی ہوئی تھی، باہر آکر اُس نے اپنے سر پر ٹوپی رکھی، جنگ کے متعلق اپنی اسکیم کے ضروری حصہ بیان کیے، ان کو احکام دیے، اور پھر انھین رخصت کر دیا، اوژرو اس تمام عرصہ مین دم بخود رہا، البتہ جب وہ نپولین سے رخصت ہو کر چلا ہے، تب اسکے حواس مجتمع ہوے ہین۔ اب وہ حسب عادت قسمین کھا کھا کر اپنے جوش کا اظہار کرتا ہے، اور اب وہ میسینا سے یہ اعتراف کرتا ہے کہ "اس ذلیل نئے جنرل نے مجھے مرعوب کر لیا۔ میری سمجھ مین نہین آتا، کہ اس مین کیا ایسی قوت ہے، جس سے مین اُسے دیکھتے ہی مغلوب ہو گیا"[1]

ان مثالون سے ناظرین کو اسکا اندازہ ہو گیا ہوگا، کہ سطوت ذاتی کا کیا مفہوم ہے، اور وہ کس حد تک تحصیل واکتساب کی منت کشی سے آزاد ہوتی ہے۔

لیکن اس سے یہ نتیجہ نکالنا سخت غلطی ہوگی، کہ سطوت ذاتی۔ فنا و زوال کے قوانین سے مستثنیٰ ہے۔ سطوت خواہ فطرۃً کتنی ہی قوی و زبردست ہو، لیکن یہ بالکل ممکن ہے، کہ کچھ خارجی واقعات وحالات ایسے پیش آجائین، جو اُسکی بنیادین متزلزل کر دین۔ اُن مصنوعی، بلکہ نقلی لیڈرون سے قطع نظر کر کے، جو ہر ملک وہر زمانہ مین حشرات الارض کی طرح آج پیدا ہوتے ہین،

[1] یہ اقتباس، ٹین کی عبارت کا لفظی ترجمہ نہین، بلکہ ہم نے اُسکے مفہوم کو اپنے الفاظ مین لے لیا ہے۔

اور کل فنا ہو جاتے ہین تاریخ مین بعض ایسے اشخاص کی مثالین بھی موجود ہین جو فطرۃً لیڈری کی پوری صلاحیت رکھتے تھے، اور ایک عرصہ تک انھون نے اپنی سطوت کو برقرار رکھا، لیکن انھین سطوت شکن اسباب مین سے دفعۃً کوئی ایسا سبب پیش آگیا جس نے یکایک ان کو مسند قیادت سے گرا دیا، اور یہ ایسا گرے کہ پھر کسی طرح نہ سنبھل سکے۔

آیرلینڈ کی تاریخ مین پارنل کا نام ایک اہم خصوصیت رکھتا ہے۔ آیرلینڈ مین حکومت خود اختیاری کے لیئے مدت سے تحریک جاری تھی، مگر ۱۸۷۸ء سے، جب سے اس حکومت طلب جماعت کی امامت چارلس پارنل کے ہاتھ مین آئی۔ خواہش بے چینی، اور بے چینی سرکشی کے درجہ تک پہونچ گئی۔ پارنل ایک تند مزاج جوان تھا، جس نے سیاسی اکھاڑہ مین قدم رکھتے ہی پرانے لیڈرون کو دفعۃً بیدخل کر دیا، اور ان کے بجاے اپنا اثر و اقتدار ایسا گہرا قائم کیا جسکی نظیر کم از کم آیرلینڈ کی تاریخ نے نہ پہلے دیکھی تھی، اور نہ اسکے بعد دیکھی اسکے متبعین اس درجہ اسکے مطیع و منقاد تھے، کہ جو کام چاہتا اُن سے لیتا بلکہ جب چاہتا تو اُن سے قانون شکنی تک کرا سکتا۔ اس بے پایان اثر و اقتدار کو دیکھکر مخالفین و موافقین دونون نے اُسے آیرلینڈ کے "بادشاہ بے تاج" کا لقب دیا۔ یہ فرمان روایانہ سلطنۃ دس گیارہ سال تک قائم رہا، جسکے دبانے مین انگلستان کی حکومت و حکمت عملی دونون ناکام رہین۔ لیکن ۱۸۸۹ء کے آخر مین ایک شخص نے عدالت مین یہ دعویٰ دائر کیا، کہ پارنل میری بیوی سے تعلق ناجائز رکھتا ہے، میری بیوی کو مجھ سے طلاق دلا دیجائے، پارنل اسکا کچھ

جواب نہ دے سکا، جرم ثابت ہوگیا، اور پارنل کے دامن اخلاق پر زناکاری کا داغ ثبت ہوگیا۔ اس واقعہ کے افشا ہوتے ہی دفعتہً پارنل کی عظمت و سطوت کا بھی خاتمہ ہوگیا۔ اب اُس نے اپنی عظمت گم شدہ کی واپسی کی انتہائی کوشش کی، اور اسکے احباب ہر چند لوگوں کو یہ سمجھاتے رہے، کہ اگر کسی کی خانگی زندگی پر داغ نہیں تو اس سے اسکی پبلک زندگی پر کیا اثر پڑتا ہے، یہ مانا کہ ایک شخص زناکار ہے مگر محض اس بنا پر اُسکی سیاسی قیادت سے کیونکر دست برداری کی جاسکتی ہے؟ لیکن یہ سب کوششیں بیکار گئیں۔ وہی پارنل جو کل تک اثر و اقتدار کا مجسمہ تھا، یک بیک ایک معمولی آدمی سے بھی ذلیل تر ہوگیا، تاآنکہ اس صدمہ سے جانبر نہ ہوسکا، اور چند روز کے بعد مرگیا۔ ہوا جب ایک مرتبہ اُکھڑ گئی، تو دوبارہ مشکل ہی سے بندھتی ہے، اور اقتدار ایک بار جاکر شاذ و نادر ہی واپس آتا ہے۔

اس موقع پر یہ سوال پیدا ہونا فطرتی ہے، کہ سطوت شکنی کے اسباب کیا ہوتے ہیں؟ اسکا اجمالی جواب تو یہ ہے کہ ہر ایسی شے جو قاید و مقتدی کے امتیازات کم کرنے والی ہوتی ہے، لازماً قائد کے لیے اقتدار شکن بھی ہوتی ہے۔ ہر ایسی شے، جو قاید و مقتدی میں ہم سطحی پیدا کرتی ہے، لازماً دبدبہ شکنی و سطوت فرسائی کی قوت اپنے اندر رکھتی ہے۔ بدنسلی، کم علمی، بداخلاقی، وغیرہ وہ تمام چیزیں، جن کو لوگ عموماً اپنی بدنامی کا باعث خیال کرتے ہیں، ان میں سے کسی کا انتساب کسی لیڈر کے ساتھ کرنا اُسکے عظمت و سطوت کو سخت نقصان پہونچاتا ہے۔ ان موثرات کا پوری طرح پر استقصا کرنا حد امکان سے باہر ہے تاہم اس فہرست کے دو ایک عنوانات جلی یہاں درج کیے جا سکتے ہیں۔

اس طرح کے قاطعات سطوت مین نمبر اول، ناکامی کا ہے۔ کامیابی، سطوت کی سب سے بڑی ضامن، اور ناکامی، سطوت کی سب سے بڑی قاطع ہوتی ہے، معمولی سا معمولی شخص بھی، اگر اسے مسلسل کامیابیان ہوتی رہین، اپنا ایک خاص اثر و سطوت پیدا کرلیتا ہے، اور لوگ اُسے وقعت و عظمت کی نظرون سے دیکھنے لگتے ہین، بہ خلاف اسکے بڑے سے بڑے صاحب سطوت شخص کو اسکے مقاصد مین اگر ناکامیان ہونے لگتی ہین، تو فوراً اسکی ہوا اُکھڑ جاتی ہے، لوگ اُسکی عظمت و سطوت کو مشتبہ نگاہون سے دیکھنے لگتے ہین، اور انھین یہ خیال بالکل قدرتی طور پر پیدا ہو جاتا ہے، کہ یہ بھی ہماری ہی طرح کا ایک معمولی انسان ہے، جو ہماری ہی ایسی کمزوریان رکھتا ہے، ہماری ہی ایسی ناکامیان اور شکستین اُٹھاتا ہے، اور ہم پر اسے کوئی امتیاز و تفوق نہین حاصل۔ اس بنا پر دانشمند صاحبان سطوت عموماً ایسے کامون مین سرے سے ہاتھ ہی نہین ڈالتے جن مین ناکامی یقینی ہوتی ہے، اور اگر کبھی اتفاق سے ایسا کر بیٹھتے ہین، تو اسکی پوری امکانی کوشش کرتے ہین، کہ اس مین ناکامی نہ ہونے پائے، ورنہ وہ علی العموم جس قسم کے کام کرتے ہین، وہ ایسے ہی ہوتے ہین، کہ جن مین کامیابی، گو عسیر الحصول ہو، لیکن محال نہین ہوتی۔ پھر جب کبھی ناکامی ہو جاتی ہے، تو اُسے وہ حتی الامکان، اپنے مقتدیون کی نظر سے پوشیدہ رکھتے ہین، اور اگر یہ سعی اخفار بھی لاحاصل رہتی ہے، تو ان کی دوسری کوشش یہ ہوتی ہے، کہ کسی عاجل کامیابی سے سابق ناکامی کی تلافی کرکے زائل شدہ سطوت کی تجدید کرین۔

ناکامی کے بعد، دوسرے نمبر پر، جو شے سب سے زیادہ سطوت شکن ہے وہ نکتہ چینی و تنقید ہے۔ اصل یہ ہے، کہ سطوت جس کیفیت نفسی سے عبارت ہے، اسکا لازمی عنصر یہ ہے، کہ مقتدیوں کی جماعت، صاحب سطوت قاید کی شخصیت سے اس درجہ مرعوب ہو، کہ وہ اسے اپنے فہم سے مافوق، اور اپنے قوائے ادراک وعقل سے ماوراخیال کرے۔ جبوقت تک یہ کیفیت قایم رہتی ہے، کسی کو اعتراض یا نکتہ چینی کا خیال ہی نہین آسکتا، لیکن چونکہ اعتراض کے معنی ہی یہ ہین، کہ جس شے پر اعتراض کیا جارہا ہے معترض اسے اپنے لیے مافوق الفہم نہین سمجھتا، بلکہ ایسا ضرور خیال کرتا ہے، کہ اسکا ذہن اسکی گرفت کرسکتا ہے، اسلئے جہان کسی مقتدی کے ذہن مین اپنے قائد کے کسی فعل پر شک وشبہ یا اعتراض پیدا ہوا، بس اُسی وقت سے اُسکی سطوت کا طلسم ٹوٹ جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے، کہ تمام مقتدایان مذہب، تمام علمبرداران انقلابات سیاسی، اور تمام مدعیان اصلاح معاشری، گو دیگر حیثیات سے کتنا ہی رواداری ومسالمت کا دم بھرتے ہون، لیکن اپنے اوپر کسی خفیف سی خفیف نکتہ چینی کو بھی جائز نہین رکھ سکتے۔ مصنف ہذا کے ذاتی علم مین اسوقت ایسے ایک سے زائد اشخاص ہین، جنھین فطرت نے سطوت شخصی کا ایک کافی حصہ دیا ہے جسکی بنا پر وہ ملک وقوم مین نہایت نمایان مرتبہ حاصل کیے ہوئے ہین، اور جو اپنی تحریر وتقریر مین حریت ومساوات کے پتلے نظر آتے ہین، لیکن ان کے پرایوٹ حالات زندگی سے واقفیت رکھنے والا جانتا ہے، کہ وہ اپنے حاشیہ نشینان سند قیادت کے حق مین استبداد وعدم رواداری کی ایک زندہ تصویر

ہوتے ہین، جو اپنے ماتحتون و متوسلین کی نہ حریت رائے کو زندہ دیکھ سکتے ہین، اور نہ حریت عمل کو۔

اس سے ترقی یافتہ طبقہ اُن افراد پر مشتمل ہے، جو سطوت ذاتی کے نہایت عظیم الشان حصہ دار ہوے ہین، جنھون نے اپنے پیدا کردہ انقلابات سے گویا تاریخ عالم کا رُخ پھیر دیا ہے، اور جن کے ہاتھ مین جماعت کی باگ محض مقامی حیثیت سے اور عارضی طور پر نہین رہی ہے، بلکہ جن کی حکومت، دنیا کے دل و دماغ پر ہزارہا سال سے قائم ہے، ان لوگون کی زندگی کا مطالعہ کرو، تو صاف نظر آئے گا، کہ انھون نے اپنی سطوت کو برقرار رکھنے کے لیے کیا کیا وسائل اختیار کیے ہین، اپنے تحفظ سطوت کے لئے اپنے اتباع کی حریت عمل کو کس درجہ مقید بلکہ پامال کیا ہے، اور اپنے اوپر نکتہ چینی و تنقید سے کس کس طرح خود اپنے مقلدین کی زبانین بند کی ہین اور اس کے لیے ہم اس شخص کو منتخب کرتے ہین، جس سے زیادہ صاحب سطوت ہستی کی نظیر، غالبًا تاریخ کے صفحات مین نہین مل سکتی۔ ہماری مراد شارع اسلام، حضرت محمدؐ سے ہے خوب غور کر کے دیکھو کہ ان کا سا ہمہ تن مذہب شخص، اپنے سطوت کے بقا و تحفظ کے لیے ناگزیرانہ کیا کیا وسائل اختیار کرتا ہے!

بعثت پیمبر اسلام، یا رسول قرآن کا مقصد کیا تھا؟ اسکا جواب خود اسلام کی زبان سے یہ ملتا ہے، کہ اسکا مقصد وحید، حق و باطل مین امتیاز دینا یا دوسرے الفاظ مین شرک کو مٹا کر توحید کو قائم کرنا تھا، اسی کے ساتھ اصلاح معاشرت وغیرہ بھی ضمنی مقاصد بتائے جاتے ہین۔ لیکن اِن مقاصد کی فہرست

کتنی ہی طویل بنائی جائے، ظاہر ہے کہ عملاً رسول کا ادب و احترام اور خصوصاً
ایسا ادب و احترام جسکے ڈانڈے پرستش سے ملے ہون اسکی کسی دفعہ کی تحت مین
نہین آسکتا۔ اگر ایک شخص کا عقیدۂ توحید کامل ہے، اور ساتھ وہ اپنے امور معیشت
مین بھی اصول، اعتدال، دیانتداری کو ملحوظ رکھتا ہے، تو کیا ضرور ہے، کہ وہ ان سب
کے ایک نائب الٰہی کی رسالت کا بھی اقرار کرے؟ اور اس بنا پر یہ بالکل بجا طور پر
قیاس ہوتا ہوگا، کہ نبی کی عظمت و احترام کا قرآن مین ذکر تک نہ ہوگا لیکن واقعہ یہ ہے
کہ بعد عقیدۂ توحید کے (یا تقریباً اسی کے مساوی) قرآن مین جس شے پر سب سے
زیادہ زور دیا گیا ہے، وہ یہی تعلیم ہے کہ رسول کی انتہائی تعظیم و تکریم کرو، قرآن کو
اول سے لیکر آخر تک پڑھنے کے بعد شاذ و نادر ہی کوئی ایسی آیت ملیگی جس مین اطاعت
باری کا ذکر کیا گیا ہو۔ اور معاً اطاعت رسول کی شرط کا بھی اضافہ نہ کر دیا گیا ہو پھر اس
عقیدہ کی تعلیم خواہ محض تذکرۃً بہ طور بیان واقعہ کی گئی ہو، اور خواہ اسکا حکم صیغۂ امر
مین دیا گیا ہو، ہر جگہ یہی سمان نظر آئیگا، کہ اللہ کی اطاعت کے ساتھ ہی ساتھ رسول
کی اطاعت بھی فرائض مین داخل ہے، اس کثرت تکرار کا نفسی اثر پڑھنے والے پر
یہ پڑتا ہے کہ اسکے ذہن مین طاعت خدا و طاعت رسول کے درمیان ایک ایسا ارتباط
پیدا ہو جاتا ہے جو ناقابل انفصال ہوتا ہے اور جسکی بنا پر وہ مجبور ہو جاتا ہے کہ جب جب
خدا کی طاعت کا تصور کرے، تو لازمی طور پر اسکے ذہن مین رسول کی اطاعت کا بھی
تصور پیدا ہو جائے، یہ طریقہ اگرچہ بجائے خود نہایت مؤثر ہے لیکن مضمون کی اہمیت پر
نظر کرکے شاید اسقدر تکرار و اہتمام بھی کافی نہ سمجھا گیا، اسلیے اور زیادہ تصریح کے ساتھ مختلف
پیرایون مین، مومنون کو یہ بتایا گیا کہ وہ ہر طرح پر رسول کے اقوال و اعمال کی تقلید کرین

مثلاً کہین کہین اس مفہوم کو یون ادا کیا ہے، کہ

تمھارے لیے رسول کی زندگی ایک اعلی نمونہ ہے، جسکی تقلید کرو[1]

اور کہین کہین اسی کو ان الفاظ مین بیان کیا ہے، کہ

اے مومنو! اگر تم خدا کی محبت کے مدعی ہو، تو میرا اتبع کرو۔ اس سے خدا خود بخود تم سے محبت کرنے لگے گا[2]

مومنین کے ذہن مین رسول کی انتہائی عظمت و توقیر پیدا کرنے کے لیے یہ احکام اگرچہ بالکل کافی تھے، تاہم مزید احتیاط کی نظر سے کچھ اور قیود اور پابندیون کا بھی اضافہ کر دیا گیا۔ یہ تو معلوم ہے کہ زیادہ سوالات یا بکبک کرنا، آداب و سطوت کے منافی ہے، اس بنا پر خاص اسکے لیے علیحدہ احکام نافذ ہوے، جن کا ماحصل یہ ہے، کہ

تم لوگ اپنے فضول سوالات سے رسول کو پریشان نہ کیا کرو[3]

پھر اس حقیقت سے بھی فطرت بشری کا ہر اداشناس آشنا ہے، کہ اپنے کسی بزرگ یا واجب التعظیم شخص کے سامنے، بآواز بلند گفتگو کرنا، اسکے حفظ ادب کے منافی ہے۔ اس لیے قرآن مین اس جزئی نکتہ کو بھی نظر انداز نہین کیا گیا، بلکہ اسکا

---

[1] لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ

[2] قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ۔

[3] ام تریدون ان تسئلوا رسولکم کما سئل موسی من قبل (البقرہ۔ آیت )

یا ایھا الذین آمنوا لا تسئلوا عن اشیاء ان تبد لکم تسؤکم (مائدہ۔ رکوع ۱۴۔ آیت ۔ ۱۰۱)

خاص طور پر اہتمام کیا گیا ہے، اور مومنون کو یہ علانیہ جتا دیا گیا ہے، کہ پیمبر کے سامنے
بہ آواز بلند گفتگو کرنا، نہ صرف نامناسب یا کوئی جرم خفیف ہے، بلکہ ایسا شدید گناہ
ہے، کہ اسکی پاداش مین ممکن ہے، کہ ان کے تمام اعمال حسنہ کا دفتر دفعتہً سیاہ
ہو جائے۔ قرآن کے اصل الفاظ یہ ہین :-

| | |
|---|---|
| یا ایھا الذین اٰمنوا لا ترفعوا اصواتکم فوق | اے مسلمانو! اپنی آوازکو پیمبر کی آواز سے اونچا ہونے دو |
| صوت النبی و لا تجھروا لہ بالقول کجھر بعضکم | اور نہ ان کے سامنے زور سے بات کرو جیسا تم آپس مین |
| لبعض ان تحبط اعمالکم وانتم لا تشعرون۔ | ایک دوسرے سے زور زور سے باتین کرتے ہو۔ کہین ایسا نہو |
| ان الذین یغضون اصواتھم عند | کہ تمھارا سب کیا کرایا برباد ہو جائے اور تمھین خبر بھی نہ ہو جو |
| رسول اللہ اولئک الذین امتحن اللہ | لوگ رسول خدا کے سامنے اپنی آوازین پست کر لیتے ہین یہ |
| قلوبھم للتقوی، لھم مغفرۃ | وہ لوگ ہین جن کے دلون کو خدا نے پرہیزگاری کے لیے |
| واجر عظیم (حجرات، رکوع ۱۔ آیت ۲ و ۳) | خوب جانچ لیا ہے۔ ان کے لیے گناہون کی مغفرت و اجر عظیم ہے |

تخفظ سطوت کا موقع اب بظاہر بالکل مکمل معلوم ہوتا ہے، لیکن اس مین رنگ و
روغن دینے کے لیے ضرور تھا، کہ اس طرح کے احکام شدید کا دائرہ، پیمبر کی بالکل
خانگی زندگی اور ان کے ازواج و اہل خاندان تک وسیع کیا جائے، اس بنا پر
حسب ذیل ارشاد ہوتا ہے :-

| | |
|---|---|
| یا ایھا الذین اٰمنوا لا تدخلوا بیوت | مسلمانو! پیمبر کے گھرون کے اندر نہ جایا کرو، بجز اس صورت |
| النبی الا ان یؤذن لکم الی | کے کہ تمھین کھانے کے لیے اندر آنے کی اجازت دی، اگر |
| طعام غیر نٰظرین | اس صورت مین بھی ایسے وقت جاؤ کہ تمھین کھانے کا |
| انٰہ ولکن اذا دعیتم | انتظار نہ کرنا پڑے۔ ہان جب تمکو بلایا جائے، تو اسی وقت |

فادخلوا فاذا طعمتم فانتشروا ولا | جاؤ۔ اور جب کھانے سے فراغت کرو۔ تو اسی وقت چل
مستانسین لحدیث - ان ذٰلکم کان یوذی | کھڑے ہو، اور باتون مین لطف اُٹھانے لگو کہ اس سے پیمبر کو
النبی فیستحی منکم واللہ لا یستحی من الحق | ایذا ہوتی ہے۔ پیمبر تمھارا لحاظ کرتے ہین، لیکن خدا تو امر حق
واذا سالتموھن متاعا فاسئلوھن | مین لحاظ کرتا نہین۔ اور جب ازواج نبی سے تمھین
من وراء حجاب ذٰلکم اطہر لقلوبکم وقلوبھن | کوئی چیز مانگنی ہو، تو پردہ کے باہر سے مانگو، اس سے تمھارے
وما کان لکم ان توذوا رسول اللہ | اور ان کے دونون کے دل پاک رہین گے۔ اور نہ تم کسی
ولا ان تنکحوا ازواجہ من بعدہ | طرح رسول خدا کو اذیت پہونچاؤ، اور نہ تمھارے لیے یہ
ابدا - ان ذٰلکم کان عند اللہ | کسی طرح جائز ہے کہ تم اُن کے بعد کبھی بھی اُن کی بیبیوں سے
عظیما (احزاب، رکوع ۷۔ آیت ۱۔) | نکاح کرو۔ کہ خدا کے نزدیک یہ ایک گناہ عظیم ہے۔

مخالفین اسلام، قرآن کو خالص آلہیات و اخلاق کی کتاب قرار دیکر، یہ اعتراض کرتے ہین، کہ نبی کی ذاتی وجاہت اور ان کے نظام خانگی کے متعلق ہدایات کو ارشاد ربانی سے کیا تعلق ہے؟ اسکی تو خبر نہین کہ متکلمین اسلام اسکا کیا جواب دیتے ہین۔ لیکن یہ ظاہر ہے کہ نفسیاتی حیثیت سے یہ اعتراض کچھ بھی وقیع نہین، اگر پیمبر کو دنیا کی تاریخ مین ایسا انقلاب پیدا کرنا تھا جسکی نظیر آسان نہین تو اُن کے لیے یہ ناگزیر تھا، کہ ہر ممکن ذریعہ سے اپنے نفوذ و سطوت کو برقرار رکھین، بلکہ ترقی دیتے رہین، اور یہی انھون نے کیا۔

ذیل مین ہم متفرق مقامات سے دو چار اور آیات قرآنی بھی نقل کرتے ہین جن سے اس کا مزید اندازہ ہوگا، کہ پیمبر نے اپنے ذاتی نفوذ کے تحفظ کے لیے کس قدر شدید اہتمام وسعی بلیغ سے کام لیا ہے۔ یہ چند آیات صرف بطور نمونہ کے

ہین، ورنہ اس طرح کی صدہا آیات اور نل سکتے ہین:-

| | |
|---|---|
| (۱) یا ایہا الذین آمنوا لا تقدموا بین یدی اللہ | مسلمانو۔ اللہ اور اسکے رسول کے آگے بڑھ بڑھ کر |
| رسولہ واتقوا اللہ ان اللہ سمیع علیم (حجرات۔ آیت ۱) | باتین نہ بنایا کرو۔ |
| (۲) ان الذین ینادونک من وراء | اے پیغمبر جو لوگ تمکو تمھارے حجرہ کے باہر سے آواز دیتے |
| الحجرات اکثرھم لا یعقلون۔ ولو انھم | ہین، اُن مین سے اکثر بالکل بے عقل ہین۔ اگر یہ لوگ |
| صبروا حتی تخرج الیھم لکان | اتنا صبر کرین کہ تم خود باہر نکل کر ان کے پاس آؤ، تو |
| خیرا لھم (حجرات، آیت ۴ و ۵) | ان کے حق مین بہتر ہے۔ |
| (۳) ان اللہ وملائکتہ یصلون علی النبی یا ایہا الذین | خدا اور اسکے فرشتے، پیمبر پر صلوٰۃ (یعنے درود) بھیجتے رہتے |
| آمنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما (احزاب، رکوع ۷۔ آیت ۴) | ہین، پس مسلمانو، تم بھی پیمبر پر درود و سلام بھیجتے رہو۔ |
| (۴) النبی اولی بالمومنین من انفسھم وازواجہ | پیمبر کے حقوق مسلمانون پر خود اُنکی جان سے بھی زیادہ ہین، |
| امھاتھم۔ (احزاب رکوع ۱۔ آیت ۶) | اور ان کی بیویان مسلمانون کی مائین ہین، |
| (۵) انما المومنون الذین آمنوا باللہ | حقیقی مومن تو بس وہی ہین، جو خدا اور رسول خدا پر |
| ورسولہ واذا کانوا معہ علی امر جامع | ایمان لائے ہین، اور جنکی شان یہ ہے کہ جب کسی ایسی بات |
| لم یذھبوا حتی یستاذنوہ۔ | کے لیے جس مین اُن کے پیمبر کے پاس جمع ہونے کی ضرورت |
| ان الذین یستاذنونک اولئک | ہوتی ہے، وہ اُنکے پاس ہوتے ہین، تو جبتک اُن سے |
| الذین یومنون باللہ و | اجازت نہ لے لین وہان سے اُٹھ نہین جاتے ہاے پیغمبر |
| رسولہ۔ | ایسے موقع پر جو لوگ تم سے اجازت طلب کرتے ہین، اور سچ |
| (نور، رکوع ۱۵۔ آیت ۱۰) | حقیقۃً خدا اور اسکے رسول پر ایمان لائے ہین۔ |
| (۶) لا تجعلوا دعاء الرسول بینکم | اے مسلمانو پیمبر کے بلانے کو تم معمولی بلانا نہ سمجھو، |

كدعاء بعضكم بعضا قد يعلم الله الذين يتسللون منكم لواذا فليحذر الذين يخالفون عن امره ان تصيبهم فتنة او يصيبهم عذاب اليم (نور۔ رکوع ۱۵۔ آیت ۲)

جیسا تم آپس مین ایک دوسرے کو بلایا کرتے ہو۔ خدا اُن لوگون سے خوب واقف ہے، جو تم سے چھپ کر پیمبر کی مجلس سے کھسک جاتے ہین۔ جو لوگ رسول کے خلاف امر کرتے ہین، انھین ڈرنا چاہیے، کہ کہین کوئی آفت یا عذاب دردناک اُن پر نہ نازل ہو۔

(۷) من يطع الرسول فقد اطاع الله (نسار رکوع ۸)

جس نے رسول کی اطاعت کی پس اُسنے خدا ہی کی اطاعت کی

(۸) وما اتىكم الرسول فخذوه وما نهىكم عنه فانتهوا ( انفال۔ رکوع ۳ )

جو شے تم کو پیمبر دیا کرین، وہ تو لے لیا کرو، اور جس شے سے وہ منع کرین اُس سے دست کش ہو۔

وہ ہی چار صفحہ اُدھر ہم کہ آئے ہین، کہ قائدین کی سطوت ایک فطری ودیعت ہوتی ہے، جسے تحصیل و اکتساب سے بہت خفیف مدد ملتی ہے۔ یہ حقیقت اگرچہ ایک صاحب نظر عالم نفسیات کے لیے بالکل واضح و قطعی ہے، لیکن عملی زندگی مین لوگ اسے جس کثرت سے نظر انداز کرتے ہین، اُسکا اقتضا یہ ہے، کہ انھین خصوصیت کے ساتھ اسکی طرف متوجہ کیا جائے۔ یہ اسی حقیقت کو نظر انداز کر دینے کا نتیجہ ہے، کہ ہر ملک اور ہر زمانہ مین صدہا کی تعداد مین مدعیان قیادت پیدا ہوتے ہین، حالانکہ اس معیار پر پورے اترنے والے کہین قرنہا قرن مین دو ایک نکلتے ہین۔ دنیا مین ایسے لوگون کی طرف سے، جنھین فطرت نے سطوت ذاتی سے تقریبًا بالکل محروم رکھا ہے، بار بار اسکی کوشش ہوتی رہتی ہے، کہ وہ مسند قیادت پر قابض ہوجائین، اور بار بار ان کوششون کا خاتمہ ناکامی پر ہوا ہے۔ یہ لوگ حقیقی قائدین کے محض بعض سطحی اوصاف یا اُن کے خارجی

اعمال کی نقالی کر کے چاہتے ہین، کہ اُن کا سا دیرپا و مستقل نفوذ و اثر پیدا کر لین، حالانکہ یہ

نہ ہر کہ آئینہ دارد سکندری داند

کے اصول سے ناواقف، اور اس نکتہ سے بیگانہ ہین کہ کوئی تلمیع اپنا طلسم عرصہ دراز تک نہین قائم رکھ سکتی۔ "انا الحق" کی صدا تو ہر دریدہ دہن لگا سکتا ہے، لیکن منصور کا مرتبہ حاصل کرنے کے لیے محض دریدہ دہنی کافی نہین، بلکہ کچھ اور چیزین بھی لازمی ہین، اور یہی وہ چیزین ہین، جن سے مصنوعی قائدین کا دامن خالی ہوتا ہے۔ ممکن ہے، کہ کسی مجلس مین عارضی طور پر، سطوت ذاتی سے بے بہرہ اشخاص بھی صاحب نفوذ و اثر معلوم ہونے لگین، لیکن جب کبھی ہلکی سی ہلکی آزمایش کا بھی وقت آئے گا، تو سطوت ذاتی و سطوت اکتسابی مین صاف اصل و نقل کا فرق نظر آنے لگے گا۔

ذیل مین ہم تمثیلاً دو تاریخی واقعات درج کرتے ہین، جن سے سطوت کے حقیقی و موثر، اور نقلی و غیر موثر ہونے کے مفہوم پر کافی روشنی پڑیگی۔

نپولین، جب پہلی بار گرفتار ہو کر جزیرہ ایلبا مین نظر بند کیا گیا، اور کچھ عرصہ کے بعد موقع پا کر وہان سے مفرور ہوا، تو اسوقت اسکے پاس اسکے قدیم سپاہیون کی ایک مختصر جماعت تھی، جو کثرت تعداد، آلات جنگ، سامان رسد وغیرہ کسی ظاہری حیثیت سے اس قابل نہ تھی، کہ نہ صرف مملکت فرانس، بلکہ سارے یورپ کے متحدہ افواج کا مقابلہ کر سکتی۔ پہلے ہی معرکہ مین بیس ہزار تازہ دم جوانون کا سامنا کرنا پڑا! یہ موقع ایسا نازک تھا، کہ ذاتی شجاعت و تہور سے بھی کچھ کام

نہین چل سکتا تھا، کوئی دوسرا جنرل ہوتا، تو بدحواس ہوجاتا، لیکن سطوت حقیقی کی کرشمہ سازی دیکھو، کہ جسوقت دونون فریق صف آرا ہوے، نپولین تن تنہا بغیر کوئی سلاح جنگ لیے اپنی جماعت سے باہر نکلا، بکمال اطمینان و بیخوفی فریق مخالف کی صفوف کے سامنے آکھڑا ہوا، اپنے کوٹ کے بوتام کھول کر اپنے سینہ کو برہنہ کردیا، اور ایک ناقابل تقلید موثر لہجہ مین اپنے مخالف سپاہیون سے، جن مین سے اکثر ایک زمانہ مین اسکے ماتحت رہ چکے تھے، مخاطب ہوکر للکارا کہ

"تم مین کون سپاہی ایسا ہے، جو اپنے والد کے عریان سینہ پر فیر کرنے کو تیار ہے"؟

اس آواز کا اثر معجزانہ تھا۔ "کوئی نہین"، "کوئی نہین"، کی متفقہ صدا بلند ہوئی اور اقرار لسانی کی شہادت زبان عمل نے یہ دی، کہ معاً تمام سپاہی اپنی جماعت کو چھوڑکر نپولین کے زیر علم آگئے[1]

دوسرا واقعہ روبس پیر کا ہے۔ یہ ایک زبان آور خطیب تھا، جسے انقلاب فرانس کے دور اولین مین ایک خاص زعیمانہ اقتدار حاصل ہوگیا تھا۔ مگر اسکی تقدیر نے حسب توقع بہت جلد پلٹا کھایا۔ انقلاب کا جدید دور اسکے زوال کا پیش خیمہ ثابت ہوا، مدت کی دبی ہوئی مخالفتون کو ظہور کا موقع ملا، اور بالآخر ایک عدالت کا مجمع اس غرض سے منعقد ہوا، کہ جو الزامات اس پر لگائے گئے تھے اُن کی تحقیق کرے۔ روبس پیر پلیٹ فارم پر آیا، اور ایک مدعیانہ لہجہ مین

[1] یہ واقعہ ہم نے خفیف لفظی اختلافات کے ساتھ، اپنی فلسفۂ جذبات مین نقل کیا ہے۔

حاضرین کو مخاطب کر کے پکارا کہ

"تم مین سے کسکی ہمت پڑسکتی ہے، کہ میرے مُنھ پر میرے اوپر الزامات قائم کر سکے"؟

مگر ابھی یہ الفاظ ہوا مین گونج ہی رہے تھے، کہ حاضرین مین سے ایک شخص نے کھڑے ہو کر مساوی زور و قوت کے ساتھ کہا کہ

"ہان، ہان، روبس پیر مین تجھے تیرے جرایم بتا سکتا ہون"،

یہ کہکر اُس نے اسکی طویل فہرست جرایم سُنانا شروع کی، جسکے ہر عنوان پر وہ اس کی تکرار کرتا جاتا تھا کہ

"ہان، روبس پیر مین تجھے تیرے جرائم سُناتا ہون"[1]

خوب غور کر کے دیکھو، کہ دونون واقعات مین کس قدر مماثلت ہے! دونون مواقع انتہائی نزاکت رکھتے ہین، دونون جگہ ایک شخص واحد کو دشمنون کے ایک مجمع کثیر نے محصور کر لیا ہے، زور و طاقت دونون جگہ نا قابل استعمال ہین، دلائل و براہین، افہام و تفہیم، دونون جگہ بے اثر ہین۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ درد کی دوا بھی دونون جگہ ایک ہی ہے۔ لیکن با این ہمہ ایک جگہ جو تدبیر بالکل کامیاب ہو جاتی ہے، وہی دوسری جگہ سر سے ناکام رہتی ہے، اسکا باعث یہ، اور صرف یہ ہے، کہ نپولین کے ہان سطوت خالص موجود تھی، اور روبس پیر کے ہان صرف اسکی ملمع سازی تھی۔

لیکن کسی قاید کی کامیابی کے لیے صرف سطوت ذاتی کا وجود کافی نہین،

---

[1] مگنسٹ "تاریخ انقلاب فرانس"، صفحہ ۱۷۵، ۱۷۷۶ء

بلکہ یہ بھی ضرور ہے کہ وہ اسکے محل وطرز استعمال سے بھی واقف ہو، اور اسکے
لیے جس واحد شے سے اُسے واقفیت کی ضرورت ہے، وہ سرشت انسانی
ہے۔ ضخیم کتابون کے ذخیرہ، بڑے بڑے کتب خانہ، قلمی مسودات کے انبار
ان مین سے کوئی شے فطرت انسانی کا سبق نہین دے سکتی۔ ان کی مدد سے
اور فٹ نوٹ مین ان کے بہ کثرت حوالہ دیکر، انسان اپنی تالیف کو مرعوب کن
تو بلاشبہ بنا سکتا ہے، لیکن سرشت انسانی مین بصیرت حاصل کرنے کے لیئے
ان کی اعانت برائے نام سے زیادہ مفید نہین ہوتی۔ درحقیقت فطرت شناسی
بھی، سطوت ذاتی کی طرح، ایک ملکہ وہبی ہوتی ہے، جو خارجی تعلیم وتعلم سے
ایک بڑی حد تک بالکل بے نیاز ہوتی ہے، چنانچہ اسوقت تک دنیا مین
جتنے قایدین گزرے ہین، اُن مین سے ایک بھی ایسا نہین ہوا ہے، جو
اپنے رائج الوقت معیار کے لحاظ سے، اعلیٰ تو کیا، متوسط درجہ کا بھی تعلیم یافتہ
کہا جا سکے، پیمبر اسلام کے متعلق اسقدر تو متحقق ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ برائے نام
خواندہ تھے۔ حضرت مسیح کی ابتدائی تاریخ، افسانہ کے پردہ مین گم ہے، تاہم
جہان تک پتہ چلتا ہے، اُس سے بھی معلوم ہوتا ہے، کہ ان کی رسمی تعلیم
بہت ہی معمولی تھی، گوتم بدھ کے حالات بھی جس حد تک تاریخ کا ساتھ دیتے
ہین، یہی بتلاتے ہین کہ ان کی کتابی استعداد اعلیٰ درجہ سے بہ مراحل کم تھی۔

اصل یہ ہے کہ یہ لوگ کاغذ پر کھینچے ہوئے سیاہ نقوش سے مستفید
نہین ہوتے، بلکہ اکتساب علم کرتے ہین خود صحیفۂ کائنات، اور اوراق لیل و
نہار سے۔ ان کی قوت مشاہدہ غضب کی ہوتی ہے، انکی پیش بینی وموقع شناسی

وموقع شناسی کی قوتین، عام سطح سے بدرجہا بالاتر ہوتی ہین، یہ لوگ جبلۃً اس
راز اہم سے آشنا ہوتے ہین، کہ دنیا کا کاروبار، ارسطو یا مل کے وضع کردہ
نظام منطق کے مطابق نہین، بلکہ خود نفس بشری کے طبعی احساسات و جذبات
کی مطابقت مین چل رہا ہے، اور کسی بڑے سے بڑے انسان کی عظمت
کے لیے اتنا ہی بس کرتا ہے، کہ وہ انسانی مشینری کے طریق رفتار کو بخوبی
سمجھ کر انھین کے مطابقت مین خود کام کرنا، اور دوسرون سے کام لینا سیکھے
بجاے اسکے کہ وہ اپنے بنائے ہوئے اصول و قوانین پر حیات انسانی کو متحرک
رکھنے کی لاحاصل کوشش مین اپنا وقت صرف کرے، یہی سبب ہے، کہ یہ لوگ
اپنی زیر اثر جماعتون کے ساتھ اکثر ایسا طرز عمل اختیار کرتے ہین، جو کتابی منطق
کے بالکل مخالف اور اسکے معیار سے سخت مغالطہ آمیز، بلکہ مضحکہ انگیز ہوتا ہے
لیکن بالآخر کامیابی اسی کو حاصل ہوتی ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے، کہ یہ
فطرت انسانی کے کتنے صحیح نبض شناس ہوتے ہین، اور گو انھون نے نفسیات
پر کوئی تحریر نہ چھوڑی ہو، لیکن اس مین شبہہ نہین کیا جاسکتا، کہ عملی زندگی مین یہی
لوگ قوانین نفس بشری کے بہترین معلم ہو سکتے ہین، ذیل مین ہم مثالاً ایک آدھ
تاریخی واقعہ درج کرتے ہین۔

نادر شاہ، جس عظمت و طنطنہ کا فرمان روا ہوا ہے، اس کا حال زمانہ کو
معلوم ہے۔ لیکن اگر اسکی اس عظمت کی رازجوئی کرنا چاہتے ہو، تو محض اس کی
سپہگری و شجاعت پر نہ جاؤ، بلکہ یہ بھی خیال رکھو، کہ وہ اپنے غضب و جبروت سے
کام کس دانائی و ہوشیاری سے لیتا تھا۔ ایک مرتبہ کا ذکر ہے، کہ ایک مسافر پر

کابل کے راستہ مین ڈاکوون نے حملہ کرکے اسکا مال و متاع لوٹ لیا۔ وہ فریاد
لیکر نادر کے دربار مین پہونچا۔ نادر نے شہادت طلب کی۔ اُس نے کہا کہ وہان
کوئی اور شخص موجود نہ تھا۔ نادر نے کہا، تو کیا کوئی درخت، کوئی پتھر، کوئی نباتات،
ان مین سے بھی کوئی شے موجود نہ تھی"؟ اسکے جواب مین اُس نے عرض کیا
کہ "ہان، جہان پناہ، ایک بڑا درخت تو ضرور تھا، جسکے سایہ مین مین سو رہا تھا
جب قزاق حملہ آور ہوے ہین"، نادر نے کہا بس اس قدر کافی ہے"، اسکے بعد
اُسنے نہایت برافروختہ ہوکر، دو جلادون کو حکم دیا، کہ فوراً جاکر اُس درخت کے
کوڑے لگانا شروع کرین، اور روز اس سزا کو جاری رکھین، تاآنکہ وہ درخت یا
تو مال مسروقہ واپس دے، اور یا قزاقون کا پتہ بتائے"، کس کی مجال تھی کہ
نادری حکم ٹال سکتا؟ جلاد گئے، اور حسب فرمان شاہی اُس درخت کو تازیانہ
لگانا شروع کیے۔ ابھی اس سزا کو جاری ہوے ایک ہفتہ ہوا تھا، کہ ایک
روز وہ جلاد دیکھتے کیا ہین، کہ سارا مال، درخت کی جڑ کے پاس رکھا ہوا ہے!!
اصل یہ ہے، کہ قزاقون نے جب یہ سنا، کہ ایک بیجان درخت پر یہ سخت
تعزیر جاری کی گئی ہے، تو یہ خیال کرکے لرز گئے، کہ اگر کہین ہمارا حال کھل گیا
تو معلوم نہین ہمارا کیا حشر ہوگا، اور اس خوف سے جاکر مال وہان رکھ آئے۔
نادر کو جب اسکی اطلاع ہوئی، تو مسکرا کر کہا، کہ "مین جانتا تھا کہ درخت پر تعزیر
جاری کرنے کا کیا نتیجہ ہوگا"[1]، ہان، بیشک نادر جانتا تھا، اور اسکی اسی نباضی

---

[1] یہ حالات زیادہ تر میور کی "لائف آف محمد" سے ماخوذ ہین (صفحہ ۴۲۹ تا صفحہ ۴۳۳) مزید احتیاط کے لیے
ماخذ اصلی یعنے کتب حدیث سے بھی رجوع کرکے اُنکی صحت کا اطمینان کرلیا گیا ہے۔ مختلف کتب حدیث مین روایت
مختلف طریقون سے منقول ہے، تاہم کسی مین کوئی اہم اختلاف نہین۔

فطرت کا یہ نتیجہ تھا، کہ اسکی قیادت اس قدر کامیاب رہی۔ لیکن کیا اگر وہ اسوقت
اس ڈاکہ کی باضابطہ تحقیقات شروع کرتا، تو اس قدر انکشاف حقیقت و واپسی
مال کی توقع کی جاسکتی تھی؟

حاضر دماغی و فطرت شناسی کی اس سے بھی زیادہ واضح و موثر مثال
پیمبر اسلام کی زندگی مین ملتی ہے، غزوۂ حنین کی فتح کے بعد جب نہایت افراط
سے مال غنیمت ہاتھ لگا، تو اعراب کو قدرتاً یہ طمع دامنگیر ہوئی، کہ اسکی تقسیم جلد
سے جلد ہو جاسے۔ یہ خواہش بیتابی کی حد تک پہونچ گئی، یہانتک کہ پیمبر جو اونٹ
پر سوار ہوکر اپنے خیمہ کی جانب جا رہے تھے، لوگون نے دفعتہً اس زور سے
یورش کی کہ انھین ایک درخت کی آڑ مین پناہ لینی پڑی، اور اس کشمکش مین انکی
ردا اچٹ گئی۔ اس پر انھون نے اپنے حملہ آورون کو مخاطب کرکے کہا کہ "مجھے
میری چادر واپس کردو، مجھے اپنے رب کی قسم ہے، کہ اگر بھیڑ اور اونٹ شمار مین
اتنے ہی ہون، جتنے کہ جنگل مین درخت ہوتے ہین، تو بھی مین انھین تم ہی کو
تقسیم کردون گا۔ تم نے ابتک، مجھے کبھی بخیل یا کاذب نہین پایا ہے" پھر اپنے
شتر کے کوہان سے ایک بال اکھاڑ کر کہا، کہ "مین بجز اپنے خمس کے ایک بال
برابر بھی مال غنیمت سے نہ لون گا، اور پھر وہ اپنا خمس بھی تم ہی لوگون مین تقسیم
کردون گا"، اس سے لوگون کو تسکین ہوگئی، اور مطمئن ہوکر اپنی اپنی جگہ چلے گئے
اسکے بعد انھون نے اسباب غنیمت کی تقسیم کی، اور اس طرح پر کی کہ ۴/۵ مین
تو سپاہ کے حصہ رسدی حسب دستور لگا دئے، مگر اپنے ذاتی خمس کی تقسیم اس
طرح پر کی، کہ بدوی سردارون (مثلاً اقرع و عیینہ) کو سو سو اونٹ دیدیے، اور لشکر

مقابلہ مین انصار مدینہ کو گویا کچھ بھی نہین دیا۔ اس پر گروہ انصار مین سخت برہمی پھیلی، اور انھون نے آپس مین کہنا شروع کیا کہ "دیکھو، محمدؐ نے آخر اپنے ہی عزیز دن وہموطنون کا ساتھ دیا، اور ہمین بھلا دیا" رفتہ رفتہ یہ برہمی تقریبًا بغاوت کے درجہ تک پہونچ گئی، اسوقت اس قائد اعظمؐ نے بجاے باغیون کو سزا دینے یا اُن سے کسی ذلت آمیز طریقہ پر معذرت خواہی کے، انھین ایک جگہ مجتمع کیا اور انکے سامنے حسب ذیل تقریر کی:-

"اے گروہ انصار! مجھے معلوم ہوا ہے کہ تم مجھ سے اس بات پر برہم ہو کہ مین نے انؐ سرداران مکہ کو زیادہ عطایا دیے ہین، اور تمھین اسکے مقابلہ مین کچھ نہین دیا، لیکن ذرا مجھے ان سوالات کا جواب تو دو۔ کیا مین تمھارے درمیان ایسے وقت نہین آیا، جبکہ تم گم کردہ راہ تھے، اور خدا نے تمھین راہ ہدایت دکھائی؟ جبکہ تم محتاج تھے، اور میرے پروردگار نے تمھین مستغنی کر دیا؟ جبکہ تم باہم عداوت و بغض مین مبتلا تھے، اور میرے رب نے تمھارے دلون مین اتحاد و محبت پیدا کر دی؟ مین ان سوالات کا جواب سننے کے لیے توقف کرتا ہون"

تمام حاضرین نے یک زبان ہو کر کہا کہ

"جو کچھ ارشاد ہوا، حرف بحرف صحیح ہے، بیشک رحمت و فیاضی خدا اور اسکے رسول کے ساتھ مخصوص ہے"

اس پر محمدؐ نے پھر اپنی تقریر کا سلسلہ ان الفاظ مین جاری رکھا:-

"نہین، نہین، واللہ اگر تم میرے سوالات کا جواب ان الفاظ مین دیتے، کہ "تو جب مدینہ مین آیا، تو کوئی تیرا رفیق نہ تھا ہم تجھ پہ ایمان لائے۔ تو بیناہ جو تھا ہم نے تجھے پناہ دی۔ تو بے خانمان تھا، ہم نے تجھ سے رشتۂ مواخاۃ قائم کیا۔ تو مفلس تھا ہم تیرے کفیل ہوے"، تو یہ جواب بالکل صحیح ہوتا اور مین ذاتی طور پر اسکی تصدیق کرتا۔ لیکن ذرا سوچو تو سہی، کہ کیا تم کو یہ ناگوار ہونا چاہیے کہ مین نے بعض لوگون کی تالیف قلوب کے لیے انھین اس دنیاے فانی کی دولت مین زیادہ حصہ دیدیا حالانکہ تم صراط مستقیم پر ثابت قدم ہو؟ کیا تمھارے فخر کے لیے یہ امر بس نہین کرتا، کہ جسوقت دوسرے لوگ بھیڑون کے گلہ اور اونٹون کی قطار اپنے ساتھ لیے جاتے ہون، تو تم اپنے درمیان رسول خدا کو لیے ہو؟ مین سچ کہتا ہون، کہ مین تمھین کسی حالت مین اپنے سے جدا نہین کرسکتا۔ اگر تمام دنیا ایک راستہ پر جارہی ہو اور مدینہ کی خلقت دوسرے راستہ پر ہو، تو مین واللہ اہل مدینہ ہی کی راہ اختیار کرون گا۔ اللہ کا فضل و کرم، اہل مدینہ اور انکی اولاد، اور انکی اولاد کی اولاد پر ہمیشہ شامل حال رہے"

راویون کا بیان ہے، کہ اس پر اہل مدینہ اس قدر متاثر ہوے، کہ زار و قطار ہو کر رونا شروع کیا، یہانتک کہ ان کی داڑھیان، آنسوؤن سے تر ہوگئین، اور سب نے متفق ہو کر پکارا، کہ

"اے پیمبر ہم بالکل مطمئن ہین"

رسمی تعلیم کے لحاظ سے پیمبر اُمّی محض، یا تقریباً اُمّی تھے لیکن اس موقع پر بغاوت کے طوفان کو انھون نے جس خوش اسلوبی سے فرو کیا، اسکی نظیر آسانی کے ساتھ نہ مصنفین کبار کی تاریخ پیش کرسکتی ہے، اور نہ مشاہیر مدبرین کی۔ یہی فطرت شناسی و حاضر دماغی کی وہ خصوصیت تھی، جس نے صحراے عرب کے ایک ان پڑھ کو، دنیا سے اسکی رسالت تسلیم کرانے اور قائدین عظام کی صف مین اسے اس قدر ممتاز جگہہ دینے مین اسکی تمام خصوصیات سے زیادہ مدد دی۔

نفسیات قیادت کے بعض عنوانات اہم کا ذکر اوپر گزر چکا، اور کسی قدر تفصیل سے بتایا جاچکا، کہ سطوت ذاتی اور فطرت شناسی، تشکیل قیادت مین کس قدر دخل عظیم رکھتے ہین، لیکن درحقیقت ایک قاید جن خصوصیات کا جامع ہوتا ہے، وہ اتنی مختصر نہین ہوتین، کہ صرف دو یا تین عنوانات کے تحت مین سما جائین۔ اور نہ پھر اس قدر ناقابل تغیر ہوتی ہین، کہ ریاضی کے قواعد کی طرح انھین قطعیت کے ساتھ کسی ایک کلیہ کی صورت مین بیان کردیا جاے۔ پس اس دقت پر غالب آنے کا واحد علاج یہ ہے، کہ متعدد قایدین کی سیرت کے نمایان خط و خال ناظرین کے سامنے کر دیے جائین، جن سے مجموعی طور پر اُن کے ذہن مین ایک مکمل لیڈر کا خاکہ قائم ہوجاے۔ اسی بنا پر ہم نے صفحات بالا مین اپنے ہر بیان کے شواہد مختلف قایدون کی عملی زندگی سے پیش کیے۔ مزید توضیح کے لیے ہم ذیل مین، قائدین عظام مین سے

ایک آدھ اور شخص کی سیرت کی تفصیلات درج کرتے ہین جس سے، ایک مکمل لیڈر کے جزئی خصوصیات نفسی بھی نظر آجائین گے،

سب سے پہلے ہم نپولین کو لیتے ہین، مورخ کہتا ہے، کہ اسکی سیرت کے عناصر ترکیبی حسب ذیل تھے:-

(۱) خصایص عقلی:- محیر العقول قوت متخیلہ، اندازہ دانی کی بیحد وسیع اور اسی کے ساتھ اتنی ہی دقیق قوت (یعنے کلیات وجزئیات پرحاوی)، معاملہ فہمی، کسی شے کے اصولی و اساسی اور اس کے ضمنی و تبعی پہلوؤن مین امتیاز کرنے کا بیمثل ملکہ، ہر واقعہ کو اپنے منشا کے موافق ڈھال لینے کی قابلیت، جدت ذہن وتیزی فکر

(۲) خصایص اخلاقی:- حد سے بڑھی ہوئی بلند نظری، "وحوصلہ مندی" کبھی نہ متزلزل ہونے والی خود اعتمادی، ناقابل تسخیر ہمت وقوت، عظمت حاصل کرنے، نام پیدا کرنے، اور عظیم الشان کام انجام دینے کی حرص، قوت فیصلہ کی مضبوطی، کیرکٹر کا ثبات و استحکام، دشواریون اور مشکلات پر غالب آنے مین تیزی وچابک دستی، غیر معمولی چالاکی، اپنے مقاصد اور ارادون کے اخفا کی خاص قابلیت عوام کی قابلیت کے بارہ مین سخت تحقیر آمیز خیالات، اس امر کا یقین کامل، کہ دنیا پر صرف قوت حکمران ہے، اور بڑا شخص جو چاہے کرسکتا ہے، بیجا ظلم و تشدد سے طبعًا احتراز کرنا، لیکن اپنے ارادون اور پیش نظر مقاصد کے سامنے کسی قہر

وظلم کی پروانہ کرتا۔[۱]

خوش قسمتی سے جولیس سیزر کے جسمانی، عقلی و اخلاقی خصائص کو تاریخ نے اس سے بھی زیادہ تفصیل کے ساتھ محفوظ رکھا ہے:۔

"جسمانی حیثیت سے سیزر طویل القامت، اور دُبلا پتلا تھا۔ اسکے خط وخال بہ نسبت عام اہل روما کے زیادہ نازک تھے۔ پیشانی بلند و وسیع تھی، ناک بڑی اور پتلی تھی، آنکھیں مثل عقاب کے تھیں۔ گردن بہت موٹی تھی۔ رنگ زرد تھا، داڑھی مونچھ ہمیشہ بالکل صاف رکھتا تھا۔ بال چھوٹے اور بہت تھوڑی تعداد مین تھے۔ صحت ہمیشہ اچھی رہی، البتہ زندگی کے اخیر سال مین صرع کے دورہ آنے لگے تھے، آواز جب کبھی پبلک تقریر کرتا تھا، تو بہت بلند اور چیخنی ہوتی تھی۔ غسل کا بہت شایق تھا صفائی ہر شے مین ملحوظ رکھتا تھا۔ غذا کے بارہ مین بہت محتاط تھا۔ شراب کو کبھی ہاتھ نہ لگاتا۔ جسم ہر طرح کی ورزش خصوصًا گھوڑے کی سواری کا عادی تھا۔

اسکے عادات و اطوار بہت ہی شریفانہ و متین تھے، جن سے اعلی درجہ کی ابتدائی تربیت کا ثبوت ملتا تھا۔ لڑکپن ہی سے وہ ایک مخلص ترین دوست تھا، لڑائی جھگڑے سے حتی الامکان گریز کرتا تھا، اور جب ناخوش ہوتا، تو آسانی سے منا لیا جاتا،

---

[۱] مارس، "نپولین"، صفحہ ۲۰۴ و ۲۰۵۔

ایک مرتبہ کسی نے اسکی ضیافت کی، اتفاق سے کھانے مین
جو روغن پڑا تھا، اُس مین حد سے زیادہ بسا ہند تھی، جو تمام
مہمانون کو ناگوار ہوئی لیکن سیزر محض اپنے میزبان کی خاطرشکنی
کے خیال سے اسے بلا ایک حرف کہے، کھاتا رہا۔ اسی طرح
وہ ایک مرتبہ جنگل مین اپنے ایک دوست کے ساتھ سفر کرتے
ایسی جگہ پہونچا، جہان صرف ایک ہی بستر تھا۔ اس بستر پر اس نے
اپنے دوست کو لٹایا، اور خود زمین پر سویا۔
پبلک زندگی مین اسکے مقاصد ہمیشہ عملی ہوتے تھے۔ اور نہ صرف
مقاصد، بلکہ اسکا طریق عمل بھی ہمیشہ عملی ہوتا تھا۔ اُسے جب
کوئی کام کرنا ہوتا تھا، تو اسکے لیے ہمیشہ اُسی شخص کا انتخاب
کرتا، جو خاص اس کام کی اہلیت رکھتا، قطع نظر اس سے کہ وہ
دوسری حیثیات سے کیسا ہے۔ اسے نظم و نسق مین جو کامیابی
حاصل ہوئی، اُس کا بہت بڑا سبب اسکی یہی قوت انتخاب و امتیاز
تھی۔ وہ زود عمل ضرور تھا، لیکن اسکی زود عملی ہمیشہ سوچی سمجھی
ہوتی تھی اور نتائج خود بتا دیتے تھے، کہ اسکی زود عملی کہانتک حق بجانب
ہے۔ اسکے فتوحات عظیم اسکی اسی زود عملی کا ثمرہ ہین، جس کے
باعث وہ دشمن کے سر پر قبل اسکے کہ اسے اطلاع ہو پہونچ
جاتا تھا۔ بعض مرتبہ اُس نے ایک ایک دن مین ننلو سنڈ
میل کا سفر کیا ہے، اس حالت مین کہ بغیر پل کے دریاؤن کو

عبور کرتا ہوتا تھا، جس زمین پر سفر کرتا تھا، وہاں سڑکین تک
نہ تھین، اور وہ برابر اسی حالت مین اپنی گاڑی کے اندر بیٹھا ہوا
مطالعہ یا تحریر مین مصروف رہتا تھا۔ جب وہ کوئی مقصد اپنے
پیش نظر رکھ لیتا تھا، تو دنیا کے سخت سے سخت موانع بھی
اسکے سعی حصول سے اُسے باز نہین رکھ سکتے تھے[1]

سکندر اعظم کی سیرت کی خط و خال بھی تاریخ کے مرقع مین محفوظ ہین:-
"ایک اعلیٰ ترین فوجی قائد مین جتنے اوصاف پائے جانا چاہین،
وہ سب کے سب سکندر کی ذات مین جمع تھے۔ غیر معمولی جرات
و بیخوفی (جو کبھی کبھی اپنے حدود سے متجاوز ہو جاتی تھی) ہر کارروائی
کے لیے پیشتر سے تیاری و اہتمام، ہر ممکن حادثہ کے توڑ کی تدابیر
اور بالکل نئے حالات و مقتضیات کے مطابق اپنے تئین
ڈھال لینے کی صلاحیت، ان خصوصیات کی جھلک اُسکے
ہر زمانہ مین نظر آتی ہے۔ اور بڑی سی بڑی کامیابی کے وقت
بھی وہ ان تدابیر کی طرف سے غافل نہین ہوتا تھا"[2]

وہ جو سطوت و نفوذ، ایک لیڈر کے لیے لوازم اصلی مین داخل ہے، اور
جسکا ذکر اوپر گزر چکا ہے، سکندر اُسکا بہت بڑا حصہ دار تھا، پلوٹارک نے
ایسے متعدد واقعات لکھے ہین، جن سے ظاہر ہوتا ہے، کہ اس قوت کا ظہور

---

[1] فرونڈ "جولیئس سیزر" صفحہ ۵۴۷ تا ۵۵۱۔ یہ مسلسل ترجمہ نہین، بلکہ جا بجا سے اقتباس ہے۔

[2] گروٹ "تاریخ یونان" جلد ۱۲۔ باب ۹۴۔

سکندر مین بچپن ہی سے ہونے لگا تھا، وہ ابھی بچہ تھا لیکن بڑی سی بڑی پُر شکوہ مجلس اُسے مرعوب نہ کر سکتی، بلکہ وہی اپنے سے سب کو متاثر کرتا۔ بلند نظری کا یہ عالم تھا، کہ بچپن مین لوگون نے اس سے پوچھا کہ، "گھوڑدوڑ مین گھوڑا دوڑائیے گا"، اس نے جواب مین کہا کہ "ہان، بشرطیکہ میرے حریف سلاطین وقت ہون"، حوصلہ مندی کی یہ کیفیت تھی، کہ جب اسکا باپ کوئی نیا شہر یا صوبہ فتح کرتا، تو بجاے مسرت کے، یہ کمسن شاہزادہ بہ صد حسرت و افسوس کہتا کہ "ابّا جان یون ہی فتوحات کو وسیع کرتے رہے، تو پھر مجھے تیغ آزمائی کا کہان موقع رہ جائے گا"، ہوشمندی و سنجیدگی کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ ایک مرتبہ اسکے والد کے پاس لوگ ایک قیمتی گھوڑا فروخت کی غرض سے لائے، ارکان دربار نے اسکی چال دیکھنا چاہی، لیکن اس نے اس قدر شرارت شروع کی، کہ کسی کو اس پر سوار ہونے کی ہمت نہین پڑتی تھی، بڑے بڑے شہسوار عاجز آ گئے، خود شاہ فلپ حیران و غضبناک تھا، مگر کوئی تدبیر نہین چلتی تھی، کہ یہ کھیلتا ہوا شہزادہ جرات کرکے آگے بڑھا، اور کہا مین ابھی اسے درست کیے دیتا ہون۔ لوگون کو اس بچپن کی ناسمجھی پر ہنسی آ گئی، لیکن دنیا کا ہونے والا فاتح ہنسی سے دبنے والا نہ تھا، اس کی ہٹ کو دیکھ کر فلپ کو غصہ آ گیا، اور اُس نے جھنجھلا کر کہا، کہ تم اپنے دعوے کو اگر ثابت نہ کر سکے تو اس بدتمیزی کے دخل در معقولات کی کیا سزا؟ اس نے جواب دیا، کہ مین گھوڑے کی قیمت (یعنے تقریباً ۲۳۷۰۰ روپیہ) جرمانہ مین دینے کو حاضر ہون۔ جانور دراصل اپنے سایہ سے بھڑکتا تھا، اس

نکتہ کو اس سارے مجمع مین سکندر تاڑ گیا، اُسنے فوراً گھوڑے کا منہ آفتاب طرف پھیر دیا، جس سے اُسکی بھڑک جاتی رہی، اور فوراً اُس پر سوار ہوکر اُسے سرپٹ دوڑایا۔ بادشاہ اور تمام حاضرین اس واقعہ پر دنگ ہوگئے۔

اسکا سن ابھی سولہ سال کا تھا، کہ شاہ فلپ کو ایک مہم پر جانے کی ضرورت ہوئی۔ سلطنت اس شانزدہ سالہ لڑکے کے سپرد کی، اور خود عازم جنگ ہوا۔ سلطنت کا بار گران، بجائے خود ایک لڑکے کے لیے کیا کم ہوتا ہے، کہ ملک میں بغاوت شروع ہوگئی۔ لوگ سمجھتے تھے، بچہ ہتیارون کی چمک سے کانپ اُٹھے گا، لیکن اس بچہ کو دنیا کا ایک قاید اعظم بننا تھا، اس نے باغیون کی پوری طرح سرکوبی کی، اور صرف یہی نہین کہ معرکہ جنگ مین انھین شکست دی، بلکہ اُن کے صوبہ کو بالکل مسخر کرکے اُسے اپنی سلطنت مین الحاق کرلیا۔ ان حالات کو دیکھ دیکھ کر خود بادشاہ پر اسکی دھاک بیٹھ گئی تھی۔ ولیعہدی ہی کے زمانے مین اس وارث تاج نے ایک سے زاید بار مالک تاج کو علانیہ ٹوک دیا۔ بادشاہ دل مین تو بہت جھلایا، لیکن اتنی ہمت نہ پڑی، کہ ولیعہد کے خلاف کوئی سخت کارروائی کرسکتا۔ مقصود ان بیانات سے یہان یہ دکھانا ہے، کہ قیادت کا تخم، آغوش مادر ہی سے نشو و نما پانے لگتا ہے، اور قایدانہ خصایص ایسے نہین ہوتے جنھین انسان کسی ذریعہ سے کسب کرسکے۔

ایک پہلو سطوت قایدانہ کا یہ تھا۔ دوسرا یہ تھا کہ جب سکندر نے وفات پائی، تو لوگون کو اسکی موت کا یقین نہین آتا تھا۔ جس شخص کے متعلق نفس کی

اندرونی و دقیق تہون مین یہ عقیدہ جما ہو، کہ وہ کوئی فوق الانسان قوت رکھتا ہے اُسکے فانی ہونے کی خبر پر کیونکر جلد یقین آسکتا ہے؟ لوگ اس خبر کو سنتے تھے اور برابر انکار کرتے تھے، یہانتک کہ دار الحکومت یونان اتھینز کے مشہور خطیب ڈیمیڈس نے علانیہ کہدیا کہ "ایسا ہونا ناممکن ہے، اگر بالفرض ایسا ہوا ہوتا تو ساری دنیا مین اسکی نعش کی خوشبو پھیل جاتی ہے" پیمبر اسلام کی خبر وفات کو باور کرنے سے، سب سے زیادہ جلیل القدر صحابی نے جس جوش و خروش سے انکار کیا، وہ بھی اسی قبیل کا واقعہ ہے۔ ان واقعات سے اندازہ ہو سکتا ہے، کہ فاید اپنے مقتدیون کو کس درجہ مسجود کر لیتا ہے وہ اپنی آنکھون سے ایک شے دیکھتے ہین، لیکن اپنے حواس اپنے مشاہدات کا غلطی پر ہونا آسان سمجھتے ہین، بہ مقابلہ اسکے کہ اپنے جذبۂ فرط عقیدت کو کوئی ٹھیس لگنے دین، یاد رہے کہ سطوت رحم مادر سے ساتھ آتی ہے لیکن اسکا خاتمہ آغوش لحد مین چلے جانے سے نہین ہو جاتا۔ محمدؐ و مسیحؑ، گوتم بدھ و زردشت سقراط و فلاطون، ارسطو و کنفیوشس کے ذرات مادی آج کہان مل سکتے ہین؟ لیکن کتنے سر ہین، جو آج بھی انکی پرستش مین سرگرم نیاز ہین! اور کتنی پیشانیان ہین، جو ان کے آستانہ پر سجدہ کرنے کو آج بھی اپنے لیے سب سے بڑا طغرائے امتیاز سمجھ رہی ہین! بت پرستی درحقیقت بتون کی نہین ہوتی بلکہ ارباب سطوت و نفوذ کی ہوتی ہے، اُن کی زندگی مین، اور ان کی موت کے بعد بھی۔

پچھلے باب مین یہ معلوم ہو چکا ہے کہ ایک قاید کو کن کن خصایص نفسی کا جامع ہونا چاہیے، لیکن یہ تصریح کے ساتھ کہین نہین بتایا گیا، کہ اپنے اثر سے کام لینے مین وہ کیا کیا ذرایع و وسائل عمل اختیار کرتا ہے۔ یہ مانا، کہ سطوت ذاتی اور فطرت شناسی مع اپنے فروع کے، حیات قایدانہ کا اصل مواد ہین، لیکن یہ ظاہر ہے، کہ کوئی شخص محض ان خصوصیات کی جامعیت سے لیڈر نہین بن سکتا تاوقتیکہ وہ انھین برتتے نہین۔ اور انھین کے صحیح برتنے پر اسکے اثر و نفوذ کی اشاعت کا دارمدار ہے۔ پھر یہ بھی ظاہر ہے، کہ اظہار مدعا کے دو ہی ذریعہ ہین۔ تحریر و تقریر۔ پس اب دیکھنا یہ ہے، کہ قاید کی تحریر و تقریر مین کیا خصوصیات ہوتے ہین، جن کی بنا پر اُس کا اثر و نفوذ اس قدر پھیلتا ہے، اور اسکی باتین اس قدر موثر ہوتی ہین؟

مشاہدہ سے ثابت ہوتا ہے، کہ قایدین کی تحریرون اور تقریرون کی

سب سے بڑی خصوصیت ان کے لہجہ کا ادعا و تحکم ہے۔ نفس انسانی بہ لحاظ
اپنی ساخت کے، اس طور کا واقع ہوا ہے، کہ اپنی سادہ و بسیط حالت مین
وہ استدلال و ترتیب مقدمات کے بار کا متحمل نہین ہو سکتا، بلکہ صرف ہموار بیانات
کو، جو بہ صورت اطلاعات ہون، قبول کرنے کے لیے آمادہ رہتا ہے۔ بچون اور
اور وحشیون کے سامنے کوئی مستدل دعوی، کوئی قیاسی یا استقرائی نتیجہ
پیش کرو۔ اکثر تو وہ ان کی سمجھ ہی مین نہ آئے گا، اور اگر سمجھ مین آ بھی گیا، تو
عموماً انھین اسکا پختہ یقین ہرگز نہ ہوگا۔ بہ خلاف اسکے اگر ان کے سامنے
کوئی ایسا دعوی پیش کرو، جو بہ طور کسی نتیجہ بحث کے نہ ہو، بلکہ ایک واقعہ مسلم
و متعارف کی حیثیت رکھتا ہو، تو اسے وہ بلا تامل باور کر لین گے۔ تقلید،
محاکات، و اثر پذیری انسان کے خمیر مین ہے۔ ہم انگڑائی لیتے ہین، اسے
دیکھ کر ہمارے سامنے بیٹھا ہوا شخص بھی انگڑائی لینے لگتا ہے۔ ہم ہنسنے لگتے
لگتے ہین، ہماری ہنسی دیکھکر، بلا کسی اور وجہ کے، ہمارے ہمنشینون کا بھی
ہنسنے کا جی چاہتا ہے۔ ہم روتے ہین، اور ہمین روتا دیکھ کر خود بخود ہمارے
ہم صحبت احباب کے آنسو نکل آتے ہین۔ یہ اثر پذیری و محاکات جس طرح
ہماری زندگی کے جسمانی و عضویاتی شعبون پر محیط ہے، اسی طرح ہماری حیات
نفسی پر بھی حاوی ہے۔ ہم اگر کسی امر کا دوسرون کو یقین دلانا چاہتے ہین،
تو ضرور ہے کہ ہمین خود بھی اسکا یقین ہو، یا کم از کم ہمارا مخاطب بھی سمجھتا ہو
اور اپنے کسی یقین کے اظہار کا طریقہ، لہجہ کا ادعا و تحکم ہے۔ قایل کا اعتقاد
اگر راسخ ہے، تو سامع کا اعتقاد بھی راسخ ہوگا، اور قایل اگر مذبذب ہے، تو

سامع بھی مذبذب رہے گا۔

نفس انسانی کی فطری و ابتدائی حالت، جیسا ابھی کہا جا چکا ہے، یقین، انقیاد و اعتماد کی ہوتی ہے، شک وشبہ، انکار و نکتہ چینی، کا گذر پست ترین دماغوں مین نہین ہوتا، ان چیزوں کی پیدا وار صرف اُن دماغون مین ہوتی ہے جنکی سطح نسبتہً بلند ہوتی ہے، اور جو ایک کافی حد تک غور و استدلال کے عادی ہوتے ہین۔ اب جماعت بھی چونکہ ذہنی حیثیت سے نہایت پست سطح ہوتی ہے، اسلیے اسکے آگے دعاوی کو مدلل و منطقی اشکال مین پیش کرنا قطعًا بے سود ہوتا ہے۔ اسکے ذہن مین اگر کسی عقیدہ کو راسخ کرنا ہے، تو اسکی بہترین صورت یہ ہے، کہ تم اُسے اس پر یون ظاہر کرو، کہ گویا خود تمھین اسکا حد درجہ وثوق ہے، اور اس اظہار کا طریقہ وہی لب ولہجہ کا مدعیانہ و تحکمانہ ہوتا ہے، اس سے تمھارے مخاطبین خواہ مخواہ متاثر ہون گے اور جو تمھارا خیال ہے، وہ از خود تمھارے مخاطبین مین بھی سرایت کر جائیگا۔ درحقیقت، سریان خیال، تحکم ہی کا دوسرا نام ہے۔

لیکن خود، ادعا یا تحکم کا کیا مفہوم ہے؟ اسکا جواب یہ ہے، کہ یہ ایک وجدانی شے ہے جسکی مثل دیگر ذوقی اشیا کے کوئی منطقی تعریف یا تحدید نہین کیجا سکتی، تاہم، زیادہ کاوش سے، اسکی تحلیل عناصر ذیل مین کیجا سکتی ہے:۔

(۱) لہجہ مین شک و تذبذب کا شائبہ تک نہ ہو، بلکہ متکلم کا اعتقاد کامل ظاہر ہوتا ہو۔

"شاید"، "غالبًا"، "ممکن ہے" اور اس طرح کے تمام دوسرے الفاظ،

جن سے متکلم کا شک تذبذب ظاہر ہوتا ہے، دعوی کی قوت کو ضعیف کرتے ہین، اور مخاطبین کو خیال دلا دیتے ہین، کہ اس مین ضرور شک وشبہ کی گنجائش ہے یہی سبب ہے، کہ جن ارباب قلم کی تحریرین جماعات مین سب سے زیادہ مقبول ہوتی ہین، وہ وہی ہین، جن کے بیانات مین انتہائی قطعیت ہوتی ہے۔

(۲) دعاوی استدلال کی آمیزش سے پاک، اور بالکل واقعات مسلمہ کی شکل مین ہون۔

کسی دعوی کو ایک مستدل صورت مین پیش کرنے کے معنی ہی یہ ہوتے ہین، کہ وہ دعوی اپنے ثبوت کے لئے دلیل و برہان کا محتاج ہے، اور یہ جماعات کی منطق مین ضرور اسکی قوت کو ضعیف کر دیتا ہے، ان کے لیے وہی بیانات موثر ہوتے ہین، جو بہ طور نتائج مقدمات و ثمرۂ بحث کے نہین، بلکہ ایسی صورت مین ہون، کہ گویا وہ بالکل مسلم واقعات ہین، جن مین تنقید و تنقیح یا تشکیک کی گنجایش ہی نہین۔ اپنے بیانات کو دلائل و براہین کے ساتھ پیش کرنا، مخاطبین کو اسکی دعوت دینا ہے، کہ وہ محل نقد و نظر بن سکتے ہین، اور ظاہر ہے کہ نظریات خواہ کتنے ہی قوی ہون، بدیہیات کا مقابلہ نہین کر سکتے۔

(۳) حتی الامکان مفہوم جامع و مختصر الفاظ مین ادا ہو۔

ایجاز و اختصار جان بلاغت ہے، اور طوالت فی نفسہ کلام کے اثر کو گھٹا دینے والی ہے۔ مثلین، کہاوتین، اور مقولے جو زبان زد عوام ہوتے ہین، ان کی خصوصیت مشترک یہ ہوتی ہے، کہ گو ان کا مفہوم بہت وسیع و حاوی ہوتا ہے، لیکن ان کے الفاظ کا شمار بہت ہی محدود ہوتا ہے جس شئے کو

ہمارے علماء ادب "آمد" سے تعبیر کرتے ہین، اسکا ایک اہم جزو اختصار ہے۔ طوالت بیانی مین ہمیشہ آورد و تصنع کی جھلک نظر آجاتی ہے۔ ایجاز مین جو سحر یا مقناطیسیت ہوتی ہے، وہ تطویل مین قایم ہی نہین رہ سکتی۔

(۴) عمدہ تمثیلات کی تہ مین بھی ایک مخفی قوت تحکم ہوتی ہے۔

جن چیزون کی، قایدین عموماً مثال لاتے ہین، وہ وہی ہوتی ہین جن کے متعلق جماعت مین ایک خاص خیال یا عقیدہ پختہ طور پر موجود ہوتا ہے، پس جب کسی شے کی اُن سے مثال دی جاتی ہے، تو جو پختہ عقیدہ ممثل لہ، کے متعلق شایع تھا، وہی اب شے مماثل کی جانب منتقل ہوجاتا ہے۔

جن اصحاب نے فرانس کے مشہور زعیم روشو کی کتاب "معاہدہ عمرانی" (Social Contract) کا مطالعہ کیا ہے، وہ خوب سمجھ سکتے ہین کہ کسی تحریر مین ادّعا و تحکم کے کیا معنی ہوتے ہین۔ اس کتاب مین شروع سے آخر تک ادّعا و تحکم کے جملہ اصناف کی بہتر سے بہتر مثالین مل سکتی ہین۔ آج ہندوستان مین بھی زعیمانہ انداز کے جن مصنفون کی تحریرین جماعات مین سب سے زیادہ مقبول ہین، وہ وہی ہین، جو بجاے خود ایک پیکر ادّعا ایک مجسمۂ تحکم ہین۔ اس طبقہ کے سب سے زیادہ مشہور شخص کی انداز تحریر کے دو ایک نمونے ملاحظہ طلب ہین:-

(۱) موضوع تحریر۔ یورپین مال کے بائکاٹ پر مسلمانون کو آمادہ کرنا۔ شروع مین چند آیات قرآنی مع ترجمہ، جن کا ماحصل یہ ہے، کہ یہودیون و عیسائیون سے دوستی اور میل ملاپ رکھنے والے لوگ، خود بھی دشمنان دین وحق، اور

مستحق عذاب الیم ہین۔ اس موثر تمہید کے بعد اصل مضمون یون شروع ہوتا ہے،

"وَالصَّافَّاتِ صَفًّا فَالزَّاجِرَاتِ زَجْرًا فَالتَّالِيَاتِ ذِكْرًا (قسم ہے مجاہدین کے اُن گھوڑون کی، جو دشمنون سے لڑنے کے لئے صف بستہ ہوتے ہین الخ) کہ مہلتون کا خاتمہ، فرصتون کا وقت آخر، ہمتون کا امتحان، اور سعی وجہد کے انتہائی لمحہ درپیش ہین . . . .

مین وہ صور کہان سے لاؤن، جسکی آواز چالیس کروڑ دلون کو خواب غفلت سے بیدار کردے؟ مین اپنے ہاتھون مین وہ قوت کیسے پیدا کرون، جنکی سینہ کوبی کے شور سے سرگشتگان خواب موت آور ہوشیار ہوجائین؟ آہ! کہان ہین وہ آنکھین، جن کو دردملت مین خونباری کا دعویٰ ہے؟ کہان ہین وہ دل، جنکو زوال ملت کے زخمون پر ناز ہے؟ کہان ہین وہ جگر، جو آتش غیرت وحمیت کی سوزش کے لذت آشنا ہین؟ اور پھر آہ! کہان ہین اس برہم شدہ انجمن کے ماتم گسار، اس برباد شدہ قافلہ کے نالہ ساز، اس صفِ ماتم کے فغان سنج، اور اس کشتی طوفانی کے مایوس مسافر، جنکی موت وحیات کے آخری لمحے جلد جلد گزر رہے ہین، اور وہ بیخبر ہین، یا خاموش روتے ہین، یا مایوسی سے چپ وراست نگران، مگر نہ ان کے ہاتھون مین اضطراب ہے

اور نہ پاؤن مین حرکت - نہ ہاتھون مین اقدام ہے اور نہ ارادون
مین عمل کا ولولہ۔ دشمن شہر کے دروازون کو توڑ رہے ہین
اور اہل شہر رونے مین مصروف۔ ڈاکوؤن نے قفل توڑ دیئے
ہین، اور گھر والے سوتے بھی نہین، مگر ابتک آنکھ ملنے سے
مہلت نہین ملی ہے۔ جب کسی کے گھر مین آگ لگتی ہے، تو
محلے کے دوست دشمن سب ہی پانی لیکر دوڑتے ہین لیکن لے
رونے کو بہت، اور مایوسی کو زندگی سمجھنے والو! یہ کیا ہے کہ تمھارے
گھر مین آگ لگ چکی ہے، ہوا تیز ہے، شعلون کی بھڑک سخت،
مگر تم مین سے کوئی نہین، جسکے ہاتھ مین پانی ہو! اگر اسی وقت
کے منتظر تھے، تو کیا نہین سنتے کہ وہ وقت آگیا ہے! اگر تم کشتی
کے ڈوبنے کا انتظار کر رہے تھے، تو کیا نہین دیکھتے کہ اب اس
مین دیر نہین؟ اور آہ مسلمانون کے عروج وزوال کی سیزدہ صد
سالہ کشتی، جو بارہا ڈوبی، اور بارہا اُچھلی، اور نہین معلوم کہ اب
ڈوبنے کے بعد ہمیشہ کے لیے سطح عالم سے ناپید ہو جاتی ہے
یا اسکے ٹوٹے ہوے تختے، اور تار تار بادبان کے ٹکڑے سمندر
کی موجون کا چند گھنٹہ اور مقابلہ کرتے ہین"! اسکے آگے
ایک آیت قرآنی ہے، جس مین عالم کی بے ثباتی پر عبرت
دلائی گئی ہے ۔" اگر ایسا ہونا ہے، تو اسکا کوئی شکوہ نہین
روما الکبریٰ اور بابل ونینوا کی عظیم الشان قومین جہان آباد تھین ہان

آج خاک کے تودے، اور ٹوٹی ہوئی دیوارون کے کھنڈر بھی
سیاحون کو بڑی جستجو سے ملتے ہین۔ ہم نے تیرہ سو برس
تک دنیا مین حکمرانی کی ہے، اور مغرب و مشرق اگر ہمکو بھلانا
چاہتے ہے، تو مدتون ہمارے افسانہ حیات و ممات کو دہرا سکتا ہے
لیکن غم ہے تو اسکا کہ موت دونون کو آتی ہے، سپاہی کو میدان
جنگ مین، اور مجرم کو سولی کے تختہ پر، پہلی وہ عزت کی موت ہے
جس پر ذلت کی ہزارون زندگیان قربان، اور دوسری وہ ذلت
کی موت ہے، جسکے بعد انسانی روح کے لیے اور کوئی ذلت نہین۔
اگر یورپ نے ہم سے آخری انتقام لینے کا فیصلہ کر لیا ہے تو
کاش ہمارے سینہ پر گولی لگی ہوتی، لیکن ہمارے گلے مین پھندا
ڈالا جاتا ہے۔ صلیب پرست قوم اسلام کو مصلوب کرنا چاہتی ہے
الہی! الہی! انقلاب و حوادث کی کیا نیرنگی ہے! جس قوم کی ابتدا دنیا
مین سولی کے تختہ سے ہوئی ہے، جسکی ہستی دنیا مین اس طرح
شروع ہوئی، کہ بت پرست رومیون کے حکم اور یہودیون کی
خواہش سے اسکے خدا کو سولی کے تختہ پر لٹکا دیا گیا تھا، اور
اسکے ہتھیلیون اور ٹخنون کو تختہ سے لگا کر بڑی بڑی میخین ٹھونک
دی گئی تھین، اگرچہ وہ بزدلی کی شدت سے بہت چیختا رہا تھا،
کہ "اے خدایا موت کے پیالہ کو میرے لبون سے ہٹا لے" پر اسکو
سولی پر چڑھنا تھا، اور بے رحم چڑھانے والون نے چڑھا کر

چھوڑا۔ جس قوم کی عزت کا پہلا دن یہ تھا، کہ اسکا خدا تین دن تک سولی کی لعنت مین گرفتار رہا۔۔ آج وہی قوم، سولی کے تختہ کو پوجنے والی قوم، ایک مصلوب لاش کی پرستش کرنے والی قوم اُس قوم کو میدان جنگ مین تلوار سے ہلاک کرنے کی جگہ، سازشگاہ صلح مین پھانسی دینا چاہتی ہے، جسکا سب سے بڑا جرم یہ بیان کیا جاتا ہے، کہ اسکے بانی نے دنیا مین ظاہر ہو کر اپنے تئین مسیح کی طرح سولی پر نہین چڑھایا، بلکہ تلوار کے زور سے اپنے دین کی اشاعت کی،، (اسکے آگے مسیحیون پر مسلمانون کے احسانات گنائے گئے ہین) ،، ہندوستان کے مسلمانون نے خواہ کتنا ہی اپنے تئین ذلیل و بے حقیقت سمجھ لیا ہو، اور خواہ داخلی و خارجی شیاطین کی وسوسہ اندازیون نے کتنا ہی ان کو معطل و مجبور ہونے کا یقین دلا دیا ہو، لیکن ان کو یاد رکھنا چاہیے کہ ان کی تعداد سات کروڑ سے متجاوز ہے، اور وہ آج پیروان اسلام کی سب سے بڑی تعداد ہین، جو زمین کے کسی ایک ٹکڑے مین آباد ہین۔۔۔۔ (اسکے آگے اس پر زور دیا ہے، کہ انسان مین اگر ہمت ہو، تو باوجود بے بسی و بے سروسامانی سب کچھ کر سکتا ہے) ،، مین کہونگا کہ مسلمانون کے بس مین سب کچھ ہے، بشرطیکہ وہ اپنی قوت کا اندازہ کر لین، کلمۂ توحید کی حفاظت کے لیے اُٹھ کھڑے ہون، اور اپنے نفس کے مقابلہ مین اللہ

اور اُسکے رسول کی محبت کو ترجیح دین ... صرف آنسو بہاکر کسی فوج نے ملک نہین فتح کیا ہے۔ یقین کیجیے، کہ تمام مسیحی یورپ اب اسلام کے فنا کر دینے کے لیئے آخری اتفاق کر چکا ہے، اور عرضداشتون و رزولیوشنون سے دنیا مین کبھی کام نہین نکلے ہین۔ پس اگر مسلمانان ہند اسوقت اپنی قوت سے کوئی نتیجہ خیز کام لینا چاہتے ہین، تو برائے خدا حالت کی نزاکت کو محسوس کرین، اور میدانِ کار مین چند قدم آگے بڑھائین۔ اس سلسلہ مین ان کا پہلا کام یہ ہے کہ تمام یورپین مال تجارت و مصنوعات کو بایکاٹ کر دین .... پس اب جو مسلمان یورپ کی تجارت و مصنوعات کو خریدتا و استعمال کرتا ہے، وہ دشمنان اسلام و توحید کی کھلی ہوئی اعانت کرتا ہے ... یہ کوئی ملکی و سیاسی مسئلہ نہین، بلکہ ایک خالص دینی معاملہ ہے، اور ہر مسلمان بشرطیکہ وہ مسلمان ہو، اسکی تعمیل پر مجبور ہے"

(۴) ایک اور موقع مصنف کو کہنا ہے کہ جس تحریک کی لوگ اب مخالفت کر رہے ہین، مین نے اسکی ابتدا ہی مین مخالفت کی، مگر اُس وقت کسی نے میری نہ سنی"

"آپ دیکھتے ہین، کہ سورج مشرق سے نکلتا، اور مغرب مین ڈوبتا ہے۔ والذی نفسی بیدہ، مین بھی بعینہ اسی طرح دیکھ رہا ہون کہ سچائی، غربت و کس مپرسی سے اُٹھتی ہے، اور فتح و کامرانی کا

علم بنا لیرانی ہے۔ یہ میرا یقین اور میری بصیرت ہے۔ آپ کو
نظر نہین آتا، تو مین دکھلا بھی نہین سکتا۔ بہرحال مین نے
مخالفت مین تقریر کی، اور... صاف صاف لفظون مین اس
کارروائی کو نا قابل اعتماد بتلایا۔ یہ پیشتر سے معلوم تھا کہ اس کا
نتیجہ کیا ہوگا؟ مگر اظہار حق و امر بالمعروف نتیجہ کے خیال سے
بے پروا ہے۔ وہ ایک فرض ایمان و تعبد الٰہی ہے.....
میرے لیے اس قدر کافی ہے، کہ آج جبکہ بڑی بڑی آوازین
ڈیپوٹیشن کی مخالفت مین اُٹھ رہی ہین، الحمدللہ کہ مین اپنے ضمیر
و ایمان سے شرمندہ نہین ہون۔ اور دلون کی عبرت اور نگاہون
کی بصیرت کے لیے یہ نشانی بس کرتی ہے، کہ جس جگہ لوگون کے
قدم آج پہونچے ہین۔ وہ عین اُسوقت بھی میرے قدمون کے
نیچے تھی، اور جو روشنی وقت گزر جانے کے بعد ان کو آج نظر
آتی ہے، وہ عین وقت پر مین دنیا کو دکھلا رہا تھا۔ اُس وقت تم نے
نہین دیکھا، اور اب اپنی آنکھون کو مل رہے ہو۔ بہتر ہے کہ اپنے
سرون کو پیٹو۔ ان فی ذٰلک لآیات لقوم یعقلون۔

(۳) ایک شخص نے اعتراضاً کہا ہے، کہ آپ کا رسالہ گمراہ کن ہے، اور آپ
اسکے ذریعہ سے طلب شہرت چاہتے ہین، اسکا جواب:-
"لیڈر بننے کی خواہش" و سعی کی نسبت جناب نے لکھا ہے....
مشکل یہ ہے کہ لفظ "لیڈر" کے مفہوم و تخیل ہی مین باہم اسقدر

اختلاف و تضاد ہے، کہ اگر اپنے تصورات واقعات عرض کروں
تو آپ اس پر غور نہیں فرما سکیں گے، آپ معذور ہیں، کہ آپ کو
ہماری حالت معلوم نہیں... آپ تو یہ دیکھتے ہیں کہ ہم اس متاع
کس مخبر کے لیے لٹا رہے ہیں، یہاں اگر مفت بکی ہے، تو مال
ہے۔ نیت و خلوص کو اگر فروخت ہی کرنا پڑا، تو کم از کم لیڈری سے
تو زیادہ قیمت پر فروخت کریں گے.... بہتر ہے کہ... کا معاملہ
خدا کے سپرد کر دیجیے، وہ وقت دور نہیں، جب زمانہ ہدایت و
ضلالت کا فیصلہ کر دیگا، اور نیتوں کے کھوٹ اگر ہیں، تو دلوں
سے پیشانیوں پر آجائیں گے، آپ نہیں دیکھتے لیکن میں الحمدللہ
اُس وقت کو دیکھ رہا ہوں، عنقریب کھل جائے گا، کہ میں قوم کو
کس طرف بلا رہا ہوں۔ اور دوسرے کس طرف لیجانا چاہتے
ہیں، خدا کا ہاتھ ہم سب سے بہتر فیصلہ کن ہے، اور وہ اپنے
جس بندہ کو چاہتا ہے، اپنے ہاتھ کی نصرت کے لیے چن لیتا
ہے، پھر اس میں تو آپ کا زور چل سکتا ہے؟ یا قوم اعملوا
علی مکانتکم انی عامل فسوف تعلمون من تکون لہ عاقبۃ الدار
اے لوگو تم بھی اپنی جگہ کام کیے جاؤ، اور میں بھی کر رہا ہوں،
عنقریب جان لوگے کہ اللہ کی نصرت کس کے ساتھ ہے اور
کس کو آخر کی کامیابی نصیب ہوتی ہے۔

(۴) ایک اور موقع پر مقصود یہ کہنا ہے کہ مسلمانوں کے لیے ایسا پالٹکس

بیکار ہے، جس مذہب کی آمیزش نہ ہو۔

"اگر مسلمانوں نے اپنے لیے ایک نہایت آزادانہ پولٹیکل
پالسی تیار کرلی، کانگرس سے بھی بہتر پروگرام ان کے ہاتھ مین
ہوا، آئرلینڈ کے حکومت طلبوں سے بھی بڑھ کر جوش و سرگرمی
پیدا کرلی، انکا ہر فرد گلیڈ اسٹن وماریے ہوگیا۔ لیکن ساتھ ہی
اگر انھوں نے اپنے معتقدات و اعمال کے اندر اسلام کی عملی
روح نہ پیدا کی۔۔۔، تو مین اُس یقین کی لازوال طاقت کے ساتھ
جسکے لیے کبھی موت و شکست نہین، اُس بصیرت الٰہی کے
ساتھ جس مین کبھی تزلزل و تذبذب نہین، از سرتاپا صدائے
ربّانی بنکر کہتا ہون، کہ اگر آگ جلاتی، اور پانی ڈباتا ہے، اگر آفتاب
مشرق سے نمودار ہوتا، اور مغرب کی جانب غروب ہوتا ہے
اگر مچھلی خشکی مین اور پرند دریا مین زندہ نہین رہ سکتا۔ اگر قوانین
طبعیہ و نوامیس فطریہ مین تبدیلی نہین ہو سکتی۔ اور اگر یہ سچ ہے
کہ دو اور دو پانچ نہین، بلکہ ہمیشہ چار ہوتے ہین، تو یہ بھی کبھی
نہ مٹنے والی صداقت صفحۂ کائنات پر نقش سنگین ہے کہ مسلمانو
کو یہ تمام سیاسی ہنگامہ آرائیان، تعلیم و تربیت کا غوغائے محشر خیز
اور پولٹیکل پالسی کے تغیر و تبدل کا ہیجان طوفان آور، ایک
لحظہ، ایک دقیقہ، ایک عشر دقیقہ کے لیے بھی کچھ نفع نہین پہونچا
سکتا۔ ان کی تمام جد و جہد بیکار جائے گی،۔۔۔ ان کے گلوں مین

جو طوق مذلت، اور ان کے پاؤن مین جو زنجیر ادبار و ثقل پڑی ہے، وہ قیامت تک نہ ٹوٹے گی، جہالت وضلالت، اسیر و غلامی، ذلت وخواری کی صفون مین ہمیشہ محصور رہین گے، اور دنیا مین ایک لمحہ کے لیے بھی انکو قومی عزت کا چہرہ دیکھنا نہ نصیب ہوگا، خسر الدنیا والاخرۃ ذالک ھو الخسران المبین

... مین نے کہا کہ "اگر آگ جلاتی اور پانی ڈباتا ہے"، نہین، بلکہ کہتا ہون کہ یہ تو ممکن ہے کہ آگ نہ جلائے، اور پانی نہ ڈبائے مگر یہ کسی طرح ممکن نہین کہ خدا کا وہ قانون شقاوت وہدایت بدل جائے، جسکے لیے ابتدائے خلقت بنی آدم سے آج تک تاریخ مین کوئی مستثنے شہادت موجود نہین۔ یہ مین لکھ رہا ہون اور میرے اندر یقین واعتقاد کی ایک آواز بیچین ومضطرب ہے، مگر افسوس کہ اسکی ترجمانی کے لئے مجھے الفاظ نہین ملتے حیران ہون کہ کیونکر اپنا دلی یقین آپ کے دلون مین بھی پیدا کردون۔"

ممکن ہے کہ ایک ہی شخص کی تحریرون کے بکثرت اقتباسات سے بعض ناظرین اکتا گئے ہون، لیکن واقعہ یہ ہے، کہ مدعیانہ وتحکمانہ طرز تحریر کے اس سے بہتر نظائر مصنف ہذا کو اردو لٹریچر مین کہین نہین ملے۔ اور اگر کسی دوسری زبان سے مثالین نقل کی جائین، تو ترجمہ مین اصل عبارت کا زور پوری طرح قائم نہین رہتا۔ تاہم جو اردو دان ناظرین اپنی زبان کے علاوہ

باہر والون کے طرز ادعا و تحکم کی بھی سیر دیکھنا چاہتے ہین، اُن کی دلچسپی کے لیے ہم ایک عبارت کا انگریزی سے ترجمہ درج کرتے ہین۔

مسز اینی بسنٹ، اسوقت فرقۂ تھیاسوفسٹ کی مشہور و معروف لیڈر اور تھیاسوفیکل سوسائٹی کی پریسیڈنٹ ہین۔ کچھ عرصہ ہوا اُن کے طرز عمل سے خود ان کے گروہ کو کچھ شکایت پیدا ہو گئی تھی، اور بعض اتباع نے یہ علانیہ کہنا شروع کر دیا تھا، کہ ہم اپنے پریسیڈنٹ کے کورانہ مقلد نہین ہین، ہم پر صرف انھین احکام کی تعمیل واجب ہے، جو ہماری عقل مین آتے ہین، ایسے موقع پر مسٹر لیڈبیٹر نے جنھین اس ہیپر کا صدیق اکبر کہنا ناموزون نہ ہوگا، اپنی مخدومہ کی حمایت مین ایک تحریر شائع کی جس کے مقتبس جملہ یہ ہین:۔

"برادران ملت! مین حیران ہون کہ اپنی پریسیڈنٹ صاحبہ کے وہ کون سے اوصاف آپ کے سامنے بیان کرون جن سے آپ خود ہی واقف نہین ہین؟ اُن کا بے پایان فضل و کمال، اُن کی اتھاہ دانائی، اُن کی عدیم المثال فصاحت و بلاغت، اُن کا بے حد و بے شمار ایثار، اُن کی خارج از شمار خدمات قوم و ملک، ان مین سے مین کس چیز کا آپ کے سامنے ذکر کرون؟ آپ خود اُن تمام امور سے بخوبی آگاہ ہین۔ مجھے کہنا یہ ہے، کہ ہماری مخدومہ کی اصلی عظمت انھین چیزون پر موقوف نہین، یہ چیزین تو محض سطحی ہین۔ ان پر ہر شخص کی نظر پڑ سکتی ہے۔ البتہ اُن سے پرے ہماری مخدومہ مین کچھ قوتین ایسی ہین، جن سے

آپ کو واقفیت نہ ہے، اور نہ ہو سکتی ہے، اور اُنھیں میں
دراصل ہماری مخدومہ کی عظمت کا راز مخفی ہے۔ سنیے اور
کان دھر کر سنیے کہ آپ جس ذات کو اپنی جیسی انسانی ہستی سمجھ
رہے ہیں، وہ براہ راست استفادہ کرتی ہے کارکنانِ قضا و
قدر سے۔ وہ اُن کے مشوروں میں شریک رہتی ہے، اور
اُنھیں کی تعلیمات سے مستفید ہو کر اپنے دنیوی ارادوں کا
اسکیم بناتی ہے۔ پس اے اخوانِ طریقت، برائے خدا اس
حقیقت کو فراموش نہ کیجیے اور یاد رکھیے کہ آپ کو جو احکام
دیے جاتے ہیں، وہ گو بظاہر ایک گوشت و پوست کی بنی
ہوئی زبان سے ادا ہو رہے ہیں لیکن درحقیقت وہ خاص،
کاتبِ قدرت کے ارشادات ہوتے ہیں۔ یاد رکھیے کہ جو احکام
آپ تک پہونچائے جا رہے ہیں، اُن کی صادر کرنے والی
وہ ذات ہے، جو وہ جانتی ہے، جو آپ نہیں جانتے، جو وہ
دیکھتی ہے، جو آپ نہیں دیکھ سکتے۔ پس خدارا اپنی محدود
انسانی عقل کے لحاظ سے اُن پر اعتراضات نہ کیجیے، آپ کے
پیشِ نظر صرف آج ہے، لیکن جو ہستی آپ کو حکم دے رہی
ہے اُس کے سامنے ازل سے ابد تک کا میدان کھلا ہوا ہے
آپ اُن میں طرح طرح کی خوبیاں نکالتے ہیں مگر یہ نہیں جانتے
کہ اُس سے آپ خود اپنے ہی کو برباد کر رہے ہیں۔ اگر علم کے ساتھ

اسکے اسباب و مصالح بھی بیان کیے جائین، تو یہ نظام عالم کیونکر برقرار رہ سکتا ہے؟ ایسے احکام لامحالہ بیان کرتا ہون گا جن کے مصالح آپ کی نظر سے مخفی ہون گے۔ تو کیا ایسی حالت مین، آپ کی عافیت اسی مین نہین، کہ آپ ان ارشادات کو بغیر حیلہ و حجت، بے چون وچرا تسلیم کرتے رہیے، اور منتظر رہیے، کہ پردۂ غیب سے کیا ظہور مین آتا ہے۔ مین یہ جو کچھ آپ کی خدمت مین گزارش کر رہا ہون، اٹکل اور اندازہ سے نہین کہتا ہون، اپنے مشاہدات و عینی تجربات کو بیان کر رہا ہون۔ برادران ملت، جس وقت آپ کی مخدوم و محترم پریسیڈنٹ مقامات عالیہ کی سیر کر رہی تھین، اور کارکنان قضا و قدرت، الواح غیب اُن کے سامنے کھولے ہوئے تھے، تو اُسوقت یہ عاجز بھی اِن کے بازو پر کھڑا ہوا تھا۔ فلاح ہے اُن لوگون کے لیے جو میرے معروضات کو سُنتے اور اُن پر عمل کرتے ہین۔"

# باب (۹)

## تکرار

لیکن ادّعا و تحکم کی قوت بھی نامکمل اور ادھوری رہتی ہے تا وقتیکہ اُسے ایک دوسری طاقت سے تقویت نہ پہونچائی جائے جسکا نام تکرار ہے، درحقیقت خطابیات کے اسلحہ خانہ مین سب سے زیادہ کارگر حربہ یہی تکرار دعاوی ہے۔ اسکی قوت اسقدر زبردست ہے۔ کہ دنیا کی کوئی شے تنہا اسکا مقابلہ نہین کرسکتی! مادیات مین پتھر سے زیادہ سخت اور ٹھوس شے اور کیا ہوسکتی ہے؟ مگر آگ کی گرمی اُسے بھی گلا لیتی ہے۔ بالکل اسی طرح اعادہ و تکرار کی حرارت ضد و انکار کی سخت سے سخت چٹان کو آخرکار پگھلا ہی کر چھوڑتی ہے۔ تجربہ بتاتا ہے کہ معمولی سے معمولی بیانات، جو اپنے اندر ادعا و تحکم کی کوئی خاص قوت نہین رکھتے، اگر کثرت و تواتر کے ساتھ دہرائے جاتے رہتے ہین، تو بالآخر دل مین گھر پیدا ہی کر لیتے ہین۔ اسی طرح کوئی بیان، خواہ کتنے ہی مدعیانہ و تحکمانہ لہجہ مین کیا گیا ہو، علی العموم تقریباً بے اثر رہتا ہے، جب تک بار بار اسکا اعادہ نہ کیا جائے

"نفسیات تکرار" کوئی بات سنے اس قدر عمدہ و دلچسپ پیرایہ میں بیان
کیا ہے، کہ ہم بھی اُسے اُسی کے الفاظ میں درج کرتے ہیں
فطرت بشری کا یہ خاصہ لکھتا ہے، کہ تکرار کا جماعات پر جس قدر
گہرا اثر ہوتا ہے، اسکے اندازہ کے لیے پہلے یہ دیکھنا چاہیے
کہ بڑے بڑے ذی عقل و فہم افراد اس سے کہاں تک متاثر
ہوتے ہیں تکرار کی اس عظیم الشان طاقت کا راز یہ ہے، کہ مکرر
اقوال رفتہ رفتہ ہمارے نفوس کے اُن غیر شعوری حصوں کے
اندر پیوست ہو جاتے ہیں، جو ہمارے محرکات افعال کا اصل
مبدا و منبع ہوتے ہیں، کچھ عرصہ کے بعد ہم یہ بھول جاتے ہیں
کہ ان بیانات کا اول ماخذ کیا تھا، لیکن ان سے ہمارے نفس
میں یقین کی جو کیفیت پیدا ہو گئی تھی، وہ قائم رہ جاتی ہے
اشتہارات کی زبردست تاثیر کا باعث بھی یہی ہے، فرض کرو
کہ ہماری نظر سے سیکڑوں ہزاروں مرتبہ یہ اشتہار گزرا، کہ زید
کی دوکان کی چیزیں نہایت نفیس ہوتی ہیں تو ہمارے ذہن
کو رفتہ رفتہ اس دعوی کا تو یقین ہو جائیگا، مگر ہم بھول
جائیں گے، کہ یہ یقین پیدا کس ذریعہ سے ہوا، یا فرض کرو کہ
ہم نے صدہا مرتبہ یہ اعلان پڑھا ہے، کہ عمر کی دوائیں نہایت
اور نہایت مجرب و زود اثر ہیں، تو اب جب ہم خود کسی مرض میں
مبتلا ہوں گے، تو ہم میں یقینا یہ خواہش پیدا ہو گی کہ عمر کی

آزمایش ہی کرین۔ یا اگر ہم کسی اخبار مین ہر روز یہ پڑھتے رہین،
کہ الف ایک بدمعاش اور ب ایک دیانت دار شخص ہے
تو ہمین اس بیان پر پورا اعتماد و وثوق حاصل ہوجاتا ہے تاوقتیکہ
ہماری نظر سے اُسکی کہین تردید نہ گزرے۔ ادعا و تکرار ایسی زبردست
طاقتین ہین، جو خود ہی اپنا جواب ہو سکتی ہین"
مصنف ہذا کے ایک تعلیم یافتہ دوست، اشتہاری دواؤن سے سخت
ناخوش رہتے، اور ایک خاص دوافروش کو، جسکے اشتہارات نہایت کثرت
سے شایع ہوتے تھے خصوصیت کے ساتھ بددیانت و دغاباز کہا کرتے تھے
لیکن کچھ عرصہ کے بعد جب اُنھین ایک بار ضرورت پڑی، تو اسی اشتہاری
دوافروش کی طرف اُنھون نے گویا اضطرارًا رجوع کیا۔ اس طرح کے واقعات
غالبًا اکثر ناظرین کے تجربہ مین آئے ہون گے، ایسے موقع پر ہوتا یہ ہے، کہ تواتر
کے اثر سے، اشیاء مشتہرہ کی خوبیان نظام عصبی کے اندرونی تہون مین اسقدر
گہرے طور پر منقش ہوجاتی ہین، کہ خفیف سی خفیف تحریک پر انسان کا ذہن
از خود اُن کی جانب منتقل ہوجاتا ہے، اور اس مین اس کے عقل و ارادہ
کو مطلق دخل نہین ہوتا۔
ناظرین غالبًا اسوقت تک نفسیات کے اس ابتدائی مسئلہ سے پوری
طرح واقف ہوگئے ہون گے، کہ جو کیفیات نفسی کے مستقر نظام عصبی کے
مراکز اعلیٰ ہوتے ہین، وہ شعور کامل کے ماتحت، اور عقل و ارادہ کے قابو مین ہوتے
ہین، لیکن جو کیفیات نفسی اپنا مستقر نظام عصبی کے حصۂ زیرین یا اس کے

مراکز اسفل مین رکھتے ہین، وہ شعور خفی کے حلقہ مین ہوتے ہین جن پر عقل
و ارادہ کا دسترس نہین ہوتا۔ ان کے نقوش جب گہرے ہوجاتے ہین تو
وہ گویا ایک جزو طبیعت بن جاتے ہین، جن سے انسان کبھی اپنے ارادہ
و خواہش سے دست بردار نہین ہوسکتا۔ اوراد، وظائف، دعاؤن، و دیگر
اعمال کے جو طریقہ مختلف بانیان مذہب نے ایجاد کیے ہین، ان سب کا حاصل
یہی ہے، کہ مختلف معبودون کے نام ورد زبان ہوتے ہوتے، شدت تواتر
سے بالآخر جزو نظام عصبی ہوجائین۔

جب تکرار کا اثر افراد پر اسقدر قوی ہوتا ہے، جو علی العموم صاحب ہوش
و ارادہ ہوتے ہین، تو اسکا اندازہ بآسانی خود کیا جاسکتا ہے، کہ جماعات جو
نسبتاً محروم العقل، فاقد الشعور، و مسلوب الارادہ ہوتی ہین، وہ اس سے کس
حد تک متاثر ہونگی۔ جماعات کے تکرار سے خصوصیت کے ساتھ متاثر
ہونے کا ایک اور سبب بھی ہے، جسے نفسیات کی اصطلاح مین سریان
خیال سے تعبیر کرسکتے ہین، اور جسکا ذکر ہم صفحہ ۵۲ پر کرچکے ہین جب کوئی
فرد علیحدہ ہوتا ہے، تو وہ ہر خیال سے اسی قدر متاثر ہوتا ہے، جتنی اُس مین
انفرادی اثرپذیری ہوتی ہے، لیکن جب وہ جزو جماعت ہوتا ہے، تو جسقدر
مجمع کی تعداد کثیر ہوتی ہے، اسی نسبت سے ترشح کی قوت مین اضافہ ہوجاتا
ہے۔ کیونکہ ہر فرد جب فطراً اثر لیتا ہے، تو دوسرون کو بھی اپنی ہی طرح متاثر کرتا
ہے، اور اس سے خود اسکی اثرپذیری سیکڑون ہزارون گنی بڑھ جاتی ہے۔
فن انشاء بلاغت کے ادنیٰ درجہ کے مصنفین کا یہ خیال ہے، کہ تکرار

ایک ادبی سقم ہے۔ لیکن یہ کوتہ نظر اس حقیقت سے بیخبر ہین، کہ سب سے زیادہ بلیغ کلام وہی ہے جو دل مین اُتر جائے۔ اور کسی کلام کے دل مین اُتارنے کا بہترین ذریعہ اسکا بار بار اعادہ کرنا ہے۔ (یہ ایک بالکل علیحدہ بات ہے کہ کوئی سلیقہ شخص اس کام کو خوش اسلوبی سے نہ انجام دے سکے) چنانچہ آج جن جن کتابون نے اپنی بلاغت کا اعتراف دنیا کی زبان سے نہین، بلکہ زبان عمل سے کرالیا ہے، یعنے جنھون نے تاریخ عالم مین انقلابات پیدا کردیے ہین جنھون نے لوگون کے دلون پر اپنا سکہ بٹھا دیا ہے، اور جن کے موثر ہونے پر اُن کے پیرو ون کا لاکھون کرورون کا شمار آج شہادت دے رہا ہے، اُن سب کی خصوصیت مشترک یہ ہے، کہ بس چند مخصوص دعاوی ہوتے ہین جنکی تکرار سے یہ اول سے آخر تک لبریز ہوتے ہین، ان کتابون کے مصنفین نے ہمارے علمارادب وبلاغت کی ہدایات کے علی الرغم تکرار کو جی کھول کر برتا، اور نتائج کی کامیابی نے خود فیصلہ کردیا، کہ صنائع بلاغت کی اس سب سے بڑی صنعت کو سقم ادبی قرار دینے والے حقیقت حال سے کس درجہ بیگانہ ہین!۔

روسو کی مشہور کتاب "معاہدہ عمرانی" (Social Contract) جس نے اپنی تصنیف کے وقت موافقین ومخالفین دونون کو حیرت مین ڈال دیا تھا، جو ایک مدت تک شریعت "انقلاب" کے صحیفہ آسمانی کا کام دیتی رہی، اور جو اسوقت بھی ایک بڑے گروہ مین خاص مقبولیت کی نظر سے دیکھی جاتی ہے، اُسے غور کرکے دیکھو، تو معلوم ہوگا کہ اس کی ساری کائنات ابتدا سے لیکر

انتہا تک، مصنف کے چند مزعومہ دعاوی ہین، جن کی بہ تغییر الفاظ نہایت کثرت سے تکرار کی گئی ہے۔ شیکسپیر نے جولیس سیزر کے قتل پر انٹونی کی زبان سے جو تقریر کرائی ہے، اسکی سب سے زیادہ نمایان خصوصیت یہ ہے، کہ وہ ہر دو چار جملون کے بعد ایک خاص جملہ (یعنے "بروٹس شریف آدمی ہے") کا اعادہ ضرور کرتا ہے۔ کسی بڑے سے بڑے خطیب کے لکچرون کا مجموعہ اُٹھا کر دیکھ لو، ہمیشہ یہ پاؤگے، کہ اسکے پاس گنتی کے چند اصولی دعوے ہین، جنھین وہ گھما گھما کر مختلف اسالیب بیان کے ساتھ، اپنی ہر تقریر مین دُہراتا رہتا ہے۔

قرآن نے دنیا کی تاریخ پر جو اثر ڈالا ہے، وہ ہماری مُعرفی کا محتاج نہین لیکن اس اہمیت اثر کے اسباب کی تفتیش کرتے وقت مکررات قرآن نظرانداز نہ کر جاتا۔ جن مخصوص عقاید واحکام پر قرآن کو زور دینا مقصود ہے، انھین دوچار دفعہ نہین سیکڑون بار دُہرایا گیا ہے، اور زمانہ نے دیکھ لیا، کہ اس تکرار کا، جو بہ ظاہر ایک بے معنی سے شے معلوم ہوتی ہے، نفوس بشری پر کیا اثر پڑا، فہرست ذیل سے معلوم ہوگا، کہ بعض احکام وعقاید کی، قرآن مین کس کثرت سے تکرار کی گئی ہے،

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۱) | مذمت شرک وحکم توحید۔ | تقریبًا ۳۵۰ | مرتبہ |
| (۲) | ایمان واعتماد علی اللہ۔ | تقریبًا ۳۰۰ | مرتبہ |
| (۳) | لذائذ ونعایم جنت۔ | تقریبًا ۲۰۰ | مرتبہ |
| (۴) | آلام جہنم۔ | تقریبًا ۲۰۰ | مرتبہ |
| (۵) | تاکید نماز۔ | تقریبًا ۱۰۰ | مرتبہ |

بائبل کے تکرارات، گو قرآن کی طرح ضرب المثل کی شہرت نہین رکھتے تاہم اس سے کون باخبر انکار کرسکتا ہے کہ اُن کا وجود ہے، اور کثرت کے ساتھ ہے۔ قرآن کی ایک چھوٹی سی سورت مین یہ جملہ کہ "اے جن وانس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتون سے انکار کروگے؟" بیس سے زاید بار آیا ہے، بالکل اسی کے متوازی توریت کی سورۂ "احبار" مین بھی ایک خاص جملہ نہایت کثرت سے دُہرایا گیا ہے، جیسا کہ اقتباس ذیل سے معلوم ہوگا۔

"پھر خداوند نے موسی کو خطاب کرکے فرمایا بنی اسرائیل کی ساری جماعت کو کہہ اور انھین فرما کہ تم مقدس ہو کہ مین خداوند تمھارا خدا ایسے قدوس ہون، تم مین سے ہر ایک اپنی مان اور اپنے باپ سے ڈرتا رہے، اور میرے سبتون کو حفظ کرے، مین خداوند تمھارا خدا ہون، تم بتون کی طرف رجوع مت ہو اور نہ اپنے لیے ڈھالے ہوئے معبودون کو بناؤ، مین خداوند تمھارا خدا ہون۔ .... اور تم میرا نام لیکر جھوٹی قسم نہ کھاؤ۔ تو اپنے خدا کے نام کی تکفیر مت کر۔ مین خداوند ہون ... تو بہرے کو مت کوس۔ تو وہ چیز جس سے ٹھوکر لگے اندھے کے آگے مت رکھ، پر اپنے خدا سے ڈرتا رہ، مین خداوند ہون .... تو عیب جوؤن کی مانند اپنی قوم مین آیا جایا نہ کر اور اپنے بھائی کے خون پر کمر نہ باندھ، مین خداوند ہون۔ تو اپنی قوم کے فرزندون سے بدلا مت لے اور نہ ان کی طرف سے کینہ رکھ۔ بلکہ تو اپنے بھائی کو

اپنی مانند پیار کر میں خداوند ہوں ... تم میرے سبتوں کی حفاظت
کرو اور میرے مقدس کی تعظیم کرو میں خداوند ہوں، اور تم
ان کی طرف جن کا یار ہے توجہ نہ کرو اور نہ جادوگروں کے
طالب ہو کہ اُن کے سبب سے ناپاک ہو جاؤ گے۔ میں خداوند
تمہارا خدا ہوں۔ تو اسکے آگے جسکا سر سفید ہو اٹھ کھڑا ہو
اور بوڑھے مرد کو عزت دے، اور اپنے خدا سے ڈر، میں
خداوند ہوں"

اس کثرت تکرار کا منشا یہ ہے کہ خداوند کی خداوندی، ناظرین کے ذہن پر بالکل
چھا جائے، اور وہ اس رنگ میں بالکل ڈوب جائیں،

یہ سمجھنا چاہیے کہ فن تکرار کے اثر سے خود غافل ہوتے ہیں،
جو لوگ جماعت سے کام لینے کے عادی ہوتے ہیں، وہ خوب سمجھ لیتے
ہیں، کہ تکرار سے کیا کیا اثرات پیدا ہوں گے، اور قصداً اس قوت سے کام
لیتے ہیں۔ ہمیں یاد پڑتا ہے، کہ کئی سال ہوئے ہم نے ایک زعیم کا حال
کسی اخبار میں پڑھا تھا، جو اس ملک میں نیشنلسٹ (قومیت کی گرم) تحریک کی
اشاعت کے لیے کہیں سے وارد ہوا تھا۔ اس نے ایک جلسہ میں،
ہندوستان کی قوت وعظمت اور اسکے انگریز حکمرانوں کی کمزوری پر ایک
پرجوش لکچر دیا۔ لکچر کے دوران میں اُس نے اپنے مخاطبین سے جو زیادہ تر
مدارس کے لڑکے اور دوسرے نوعمر لوگ تھے، اس منتر کی تکرار کرانا
شروع کی:-

"ہم لوگ تیس کروڑ ہیں اور وہ تین لاکھ ہیں"

"ہم تیس کروڑ ہیں، اور وہ تین لاکھ ہیں" اس جملہ کی وہ تمام حاضرین سے تکرار
کراتا تھا۔ اسکے بعد اُس نے حاضرین سے استدعا کی کہ جلسہ سے جانے کے
بعد بھی برابر اس منتر کا اعادہ کرتے رہیں، اور روزانہ اسکا ورد کرتے رہیں تا آنکہ
ان الفاظ کی گونج خود انھیں اپنے دماغ کے اندر سے شب و روز سنائی دینے
لگے، اور ان کے معنے اُن پر روشن ہوجائیں، یہ خطیب، غالباً بحیثیت فن نفسیات
کے مبادیات سے بھی گوش آشنا نہ ہوگا، لیکن تجربہ نے اُسے نفس اجتماعی کی
اس خصوصیت سے ضرور واقف کردیا تھا، کہ ایک بظاہر بالکل بے ضرر
جملہ کی تکرار، پہلے خیالات و افکار، اور پھر اعمال میں کتنا عظیم الشان انقلاب
پیدا کرسکتی ہے، اسی سے اوراد و وظائف کی قوت کا مسئلہ بھی حل ہوجاتا ہے۔

نفسیات تکرار کی ضمن میں ایک دلچسپ سوال یہ بھی ہے کہ تکرار
معنوی کی اہمیت تو بہرحال مسلم ہے، لیکن اسکے ساتھ تکرار لفظی کہاں تک
ضروری ہے؟ لی بان کی یہ رائے ہے کہ جہاں تک ممکن ہو ایک مفہوم
کو ایک ہی عبارت کے ذریعہ بار بار دہرایا جانا چاہیے، لیکن ہمارے
نزدیک محقق مصنفوں کی یہ رائے صحیح نہیں، کلام کو موثر، دلنشین، اور دلپذیر
بنانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ اس میں تنوع ہو۔ نفس انسانی خصوصاً
نفس اجتماعی اس درجہ چنچل ہے، کہ کسی شے کے زیادہ تکرار سے نفس متاثر ہو
پیشتر سے وہ اکتا جاتا ہے، اور نئی شے کی تلاش کرنے لگتا ہے، کوئی شے
خواہ کتنی ہی اچھی اور مرغوب ہو، مگر جب وہ مکرر ہوگی تو اسکی طرف سے طبیعت اکتا جاتی ہے

یقیناً ہٹ جائے گی۔ کوئی مشغلہ خواہ کیسا ہی دلچسپ ہو، لیکن ایک مدت تک قائم رہنے سے تمھاری طبیعت از خود اُچاٹ ہو جائے گی۔ اس حیثیت سے انسانی دماغ معدہ کے بالکل مماثل ہے۔ ایک ہی غذا، اگر بغیر کسی طرح کے تنوع کے بدستور اسی شکل مین استعمال ہوتی رہے، تو کچھ عرصہ کے بعد معدہ اُسے قبول کرنا چھوڑ دے گا، لیکن اگر وقتاً فوقتاً اس کی صورتین بدل بدل کر اُسے استعمال کیا جاتا رہے، تو معدہ کو اس سے کبھی انکار نہ ہوگا[1]

[library stamp]

[1] مارچ و اپریل ۱۳ء کے رسالۂ ادیب مین ہمارا ایک مفصل مضمون عادت کی نفسیات پر شایع ہوا ہے، جسے اگرچہ نفسیات تکرار سے براہ راست کوئی تعلق نہین، تاہم اگر ناظرین اُسے بھی ایک بار پیش نظر کر لین، تو بہت سے ضمنی مسائل روشنی مین آجائین گے۔

# باب (۱۰)

## نفس اجتماعی کے خصایص اساسی کی اہمیت

قبل اسکے کہ آگے بڑھین، مناسب ہے، کہ اسوقت تک جتنی منازل سفر طے کر چکے ہین، اُن سب کو ایک ایک کر کے پھر پیش نظر کر لین۔ ہمین یہ معلوم ہو چکا ہے، کہ جماعت اگرچہ افراد کا مجموعہ ہوتی ہے، مگر اسکی حیات نفسی ایک خاص طرح کی ہوتی ہے، اور اسکا ذہن اسکے افراد کے ذہنون سے مختلف اور ایک مستقل ہستی رکھتا ہے۔ ہم اس سے بھی واقف ہو چکے ہین، کہ جماعت کا حکمران ہمیشہ کوئی خاص شخص، جسے اصطلاح مین قاید کہتے ہین، ہوتا ہے جو ایک خود مختارانہ شان سے جماعت سے اپنی غلامی کراتا ہے۔ ہمین یہ بھی معلوم ہو گیا ہے کہ قاید کے قوائے نفسی عام افراد سے بہت بالاتر و ممتاز ہوتے ہین، اور اپنے ان مخصوص خصایص نفسی کی بنا پر وہ دنیا مین اپنے محیر العقول کارنامون کی عجیب عجیب یادگارین چھوڑ جاتا ہے۔ تاریخ ہمین یہ بھی بتا چکی ہے کہ ان قایدین نے اپنے طلسمی اثر و قوت سے بارہا دفعتہً بلند قومون کو پست اور

پست قومون کو بلند کر دیا ہے، بارہا واقعات عالم کی قدرتی رفتار کا بظاہر رخ پلٹ
دیا ہے، بارہا انھون نے چہرۂ کائنات کی ہموار سطح مین رخنہ اور شکنین ڈال دی
ہین۔ صفحات تاریخ مین اس طرح کے مناظر بارہا ہمارے سامنے گذر چکے ہین کہ
بیت لحم مین ایک مجہول النسب بچہ پیدا ہوتا ہے، جسکی والدہ کی عصمت کو اسکے
اہل وطن مشکوک نظرون سے دیکھتے ہین، وہ جوان ہو کر اپنے بعض مخصوص
خیالات کی اشاعت چاہتا ہے، مگر اسے کوئی رفیق یا ہمدرد نہین ملتا، تمام
اہل وطن عداوت پر آمادہ ہو جاتے ہین، صرف چند دنی ماہی گیر اُسکی آواز پر
کان دھرتے ہین، لیکن دیکھتے ہی دیکھتے یہ بے یار و یاور اس درجہ اقتدار
حاصل کر لیتا ہے، کہ اقلیم افکار و معتقدات مین ایک پورا انقلاب پیدا کر دیتا ہے
بڑے بڑے مصلحین و مجددین کے کارنامہ اسکے آگے ماند پڑ جاتے ہین، اور
اپنی موت کے دو ہزار سال بعد متمدن دنیا پر اپنی عظمت کا یہ اثر چھوڑ جاتا ہے
کہ کرورون اشخاص روزانہ اسکے مرتبۂ الوہیت کا اعتراف کرتے ہین۔ اسی طرح
سرزمین حجاز مین ایک یتیم بچہ پیدا ہوتا ہے جسے مکتب کی معمولی تعلیم تک
نہین نصیب ہوتی، اور آگے چل کر جب وہ اپنے بعض معتقدات کی منادی کرنا
چاہتا ہے، تو اعزہ و اہل وطن کی طرف سے اس درجہ شدید مخالفت کا اظہار
ہوتا ہے، کہ وہ ترک وطن پر مجبور ہوتا ہے، لیکن چند ہی سال کے بعد یہی مہجور
وطن اُمّی ساری سرزمین عرب کو اپنے زیرنگین کر لیتا ہے، اسکے اتباع
و جانشینون کا پرچم خلیج بنگال سے لیکر اندلس تک لہرانے لگتا ہے، اور گو
اسکی وفات کو تیرہ صدیون کا زمانہ ہوتا ہے، لیکن آج بھی چالیس کروڑ ہستیان

اسکو خدا کا سب سے زیادہ مقرب رسول مانتی ہین - یا پھر اسی طرح فرانس کے
ایک گمنام گھرانے مین ایک بچہ پیدا ہوتا ہے، جسکی شکل وصورت، قد وقامت
کوئی شے اسکے آیندہ امتیاز کی غمازی نہین کرتی، اور نہ اسے کسی قسم کی اعلی تعلیم
و تربیت نصیب ہوتی ہے، لیکن باوجود اس بے سروسامانی کے باوجود ظاہری
سازوسامان کے اس فقدان کے، اس نوجوان کا اٹھان اس زور وشور کا ہوتا
ہے، کہ چند سال کے عرصہ مین نہ صرف قلمرو فرانس کا وہ فرمان روائے غیر مسئول
ہوجاتا ہے بلکہ سارے یورپ کی متحدہ طاقت کو شکست پر شکست دیتا ہے،
اور ایک فاتح اعظم کی حیثیت سے اپنی جگہ اعاظم رجال کی صف اول مین
حاصل کرلیتا ہے، غرض تاریخ کے طلسمی فانوس مین قایدانہ سحر کاریون کے محیر العقول
مرقع، نہایت کثرت سے ہماری نظر سے گزر چکے ہین، اور متعدد وبہیم شواہد نے
اس راز کو آشکارا کردیا ہے، کہ قیادت کی کرشمہ سازیان بڑے سے بڑے
انقلابات کی تخلیق کا سبب بن سکتی ہین -

لیکن سخت خطرناک غلطی ہوگی، اگر قایدین کی اس عظیم الشان طاقت
کو غیر محدود سمجھ لیا جائے، یہ سچ ہے کہ قائدین اپنی قوت سے بہت کچھ کرسکتے
ہین، تاہم اُن مین یہ طاقت نہین ہوتی، کہ وہ سب کچھ کرسکین - دنیا کی ہر شئے
کی طرح قیادت کی قوت بھی محدود ہوتی ہے، اور نفسیات جمعیہ کے طالبعلم کا یہ
فرض ہے، کہ اسکے حدود کی تعیین کرے -

باب اول و باب ششم مین تم پڑھ چکے ہو، کہ تقلید و اجتہاد، اقتدا وامامت یہ
دونون چیزین خمیر انسانی مین داخل ہین، جن کے بغیر حیات انسانی قائم ہی نہین

رہ سکتی، لیکن مزید غور سے معلوم ہوگا، کہ جس حد تک یہ دونون قواے متضاد افراد کی ترکیب حیات کے لازمی اجزا ہین، اس سے بدرجہا زاید جماعت کی زندگی کے اجزاے غیر منفک ہین۔ خیال کرو، کہ اگر نوع انسان کی فطرت مین یہ دوہری خصوصیت روز ازل ہی سے نہ داخل ہوتی، یعنی ایک حد تک پرانے نمونون پر قائم رہ کر اُنھین کا چربہ اُتارنے کی، اور ایک حد تک اُن سے انحراف کرکے جدید روش اختیار کرنے کی تو آج انسانیت کس منزل مین ہوتی؟ منازل ارتقائی کا کیا ذکر ہے، سرے سے ہیئت اجتماعی کا وجود ہی نہ ہوتا، اگر نوع انسانی کی ہر نسل، اپنے اندر، گذشتہ نسلون سے مستفید ہونے، اور پھر آیندہ نسلون کے لیے اپنے خصایص کا ترکہ چھوڑ جانے کی دوہری صلاحیت نہ رکھتی، تو آج حیات عمرانی کہان ہوتی؟ یقیناً عدم محض مین۔ یہ حقیقت اسقدر واضح و مسلم ہے، کہ اسکے ثبوت کے لیے کسی استدلال کی حاجت نہین ہر دماغ جو عقل و قوت مشاہدہ سے بہرہ اندوز ہے، اس حقیقت سے باخبر ہے، اور ہر ذہن جو صاحب بصیرت ہے، اس سے آشنا ہے۔ ہمین بھی اس کے ذکر سے اسکا ثابت کرنا مقصود نہ تھا، بلکہ محض اسکے بعض اہم نتایج و تفریعات پر توجہ دلانا منظور ہے، جیسا کہ صفحات ذیل سے معلوم ہوگا،

اگر یہ سوال کیا جاے، کہ بچہ اپنے والدین کے مماثل ہوتا ہے یا ان سے مختلف؟ تو اسکا صحیح جواب صرف ایک ہو سکتا ہے، یعنے ایک حد تک مماثل، اور ایک حد تک مختلف۔ قلب اسکے والدین بھی رکھتے تھے، یہ بھی رکھتا ہے، دماغ اُن کے بھی تھا، اسکے بھی ہے، سانس وہ بھی لیتے تھے

یہ بھی لیتا ہے۔اعصاب و شرائین کا جال ان کے جسم مین بھی تھا، اس کے
جسم مین بھی ہے، غرض اس طرح کی بعض خاص حیثیات سے، اُن مین اور اس
مین توافق و اشتراک لازمی ہے۔لیکن اسی کے ساتھ چند اور خصایص ہین
جن مین لازماً اُن سے کسی نہ کسی حد تک مختلف ہوتا ہے، جو اُن کا قد و قامت
تھا، وہ اسکا نہین۔جو رنگ اُن کی جلد کا تھا، وہ اس کی جلد کا نہین۔جیسے
قویٰ اُن کے تھے، بعینہ ویسے اس کے نہین،

تو گویا انسان کی حیات جسمانی دو بالکل متباین اجزا سے مرکب ہوتی ہے
ایک جزو اُن چیزون پر شامل ہوتا ہے، جو تمام نوع بشری مین مشترک ہوتی
ہین، اور جو ایک فرد کو دیگر افراد سے، یا ایک نسل کو دیگر نسلون سے متحد کرتی
ہین، مثلاً نظام دموی و نظام عصبی کا وجود، حرکت قلب و تنفس وغیرہ، دوسرے
جزو کے تحت مین وہ تمام چیزین داخل ہین، جو ہر فرد کے ساتھ متغیر ہوتی رہتی ہین
مثلاً قد کی بلندی و پستی، جلد کی سفیدی و سیاہی، قویٰ کی کمزوری و قوت وغیرہ،
اب جو خصوصیت ان ہر دو اجزا کی فارق، یا ان کے درمیان اصل مایۂ امتیاز ہے
وہ یہ ہے، کہ طبقۂ اول کے قویٰ و اعضا بمنزلۂ اساس حیات و بنیاد کار کے ہوتے
ہین، جو نہایت درجہ ثبات و استحکام رکھتے ہین، اور کسی تغیر کو نہین قبول کرتے
یہانتک کہ اگر کوئی شخص ان کی ساخت مین تغیر و تبدل کرنا چاہے، تو وہ خود
فنا ہو جائے گا، مگر اس کوشش مین کامیابی نہین ہو سکتی، دل کو پہلو سے
نکال دینے، دماغ کو کاسۂ سر سے خارج کر دینے، اور نظامات دموی و عصبی کو
ان کے راستہ سے ہٹا دینے کی کوششون کے نتایج سوا موت کے اور کیا

ہو سکتے ہین ؟ برخلاف اسکے طبقہ ثانی کے قوی و اعضا نہایت درجہ تغیر پذیر ہوتے ہین، جن مین ہر طرح کے حک و اصلاح، رد و بدل کی صلاحیت ہوتی ہے، بال خواہ بڑھائے جائین، خواہ صاف کر دیے جائین، انسانی زندگی ہر حال مین بدستور رہیگی، جلد کا رنگ خواہ کیسا ہو، پوڈر و صابن اُس مین تبدیلی پیدا کر سکتے ہین۔ بصارت یا سماعت اگر ضعیف ہے، تو دواؤن کی مدد سے قوی کی جاسکتی ہے، جسم مین اگر لاغری ہے، تو مقویات اسے دور کر سکتی ہین، پس اسے خوب ذہن نشین کر لینا چاہیے، کہ انسان کی حیات جسمانی کے بعض عناصر (اساسی) مستقل و ناقابل تغیر ہوتے ہین، اور بعض (فرعی) عارضی و تغیر پذیر ہوتے ہین،

بعینہ یہی حال حیات نفسی کا ہے، جسمانی زندگی کی طرح انسان کی حیات نفسی کے اجزائے ترکیبی بھی دو بالکل مختلف طبقون مین تقسیم کیے جا سکتے ہین، طبقۂ اول ان خصایص نفسی پر مشتمل ہوتا ہے جو گویا اسکی ذات کے اجزائے اصلی ہوتے ہین، اور جو لاکھون کرورون سال کے عمل توارث سے اس کی سرشت مین اسقدر عمیق طور پر داخل ہو گئے ہین، کہ اب بڑی سی بڑی قوت کے لیے بھی اُن نقوش کو مٹانا آسان نہین، اسکے مقابل طبقۂ ثانی کے ماتحت وہ تمام خصایص داخل ہین، جو بطور عوارض و فروع کے ہوتے ہین اور جو معمولی خارجی موثرات سے متغیر ہوتے رہتے ہین جس طرح جسمانی حیثیت سے نوع انسانی اپنا ایک ماضی رکھتی ہے، اپنے قوی کی ایک مخصوص وضع و ترکیب رکھتی ہے، اور اپنے اعضا کی ساخت کے متعلق بعض متعین

خصایص رکھتی ہے، جو تقریباً ناقابل تغیر ہوتے ہین بالکل اسی طرح اپنی ذہنی
زندگی مین بھی ہر نسل لازماً بعض ایسے خصایص کی حصہ دار ہوتی ہے، جو بیشمار
سالون کے توارث متواتر کے اثر سے اسکی سرشت مین پیوست ہوگئے ہین
جنھین اس سے جدا کرنے کی کوشش کرنا، گویا اسکی سعی کرنا ہے، کہ آفتاب
تو جون کا تون قایم رہے، لیکن اسکا نور و حرارت اُس سے سلب کرلیا جائے،
پھر، اس حقیقت کے ساتھہ یہ نکتہ بھی پیش نظر رکھنا چاہیے، کہ علاوہ
اُن خصایص نفسی کے جو عام نوع انسانی مین مشترک ہوتے ہین، ہر نسل
و ہر قوم اپنے لیے کچھ جداگانہ مستقل خصایص نفسی رکھتی ہے، جو اس کے
ساتھہ مختص ہوتے ہین۔ اور اس حیثیت سے بھی ہمین حیات نفسی کا زیادہ روشن
عکس حیات جسمانی مین نظر آتا ہے۔ ہم بداہتہً پاتے ہین، کہ آرین نسل کا رنگ
سفید ہوتا ہے، تورانی نسل کا رنگ زرد ہوتا ہے، سیماطیقی نسل کا رنگ سیاہی
مایل ہوتا ہے۔ بعض نسلون کے بال سیاہ ہوتے ہین، بعض کے بھورے
بعض کی ناک چپٹی ہوتی ہے اور بعض کی اونچی، بعض نسلین پستہ قامت ہوتی
ہین، اور بعض دراز قد، انگریز والدین کا بچہ ہمیشہ انگریزی ہی شکل و شباہت کا
پیدا ہوتا ہے، یہ کبھی نہین ہوتا کہ حبشیون کے رنگ و صورت کا پیدا ہو۔
جاپانیون کی اولاد ہمیشہ اُسی قطع کی ہوتی ہے، جو جاپانیون کی ہے۔ افغانون
کے بچے ہمیشہ افغان ہی ہوتے ہین، کبھی اہل چین کے سے نہین ہوتے۔
بس ٹھیک اسی طرح، جیسے مختلف قومین اور مختلف نسلین اپنے اپنے امتیازی
جسمانی خصایص رکھتے ہین، ہر نسل و ہر قوم اپنے مستقل و مخصوص کیفیات

وقوائے نفسی بھی رکھتی ہے، جو اُسے دوسری نسلون و قومون سے نفسی حیثیت سے ممتاز کرتے ہین،

یہ امتیازی خصایص نسلی و قومی نتایج ہوتے ہین دو قوتون کے،

(۱) ایک قوت ماحول کے، یعنے مناظر طبیعی، آب و ہوا، غذا، مرز بوم، و دیگر جغرافی خصوصیات کے، مثلاً جن ممالک مین بارش ہمیشہ وقت معین پر ہوا کرتی ہے، اور جہان کے باشندون کی گذر بسر کاشتکاری پر ہے، وہان کے لوگ عموماً کاہل، آرام طلب، قانع، کم حوصلہ، اور قوت ایجاد و اختراع سے معرّا ہوتے ہین، کیونکہ وہان کا طرز معاشرت قدرۃً خود ہی نہایت یسیر العمل اور آسان ہوتا ہے، یا مثلاً جن اقطاع عالم کے باشندون کے رزق کا مدار، قدرت کی فیاضیون پر نہین، بلکہ ان کی ذاتی جد و جہد پر ہوتا ہے، وہان کے لوگ عموماً محنت و ریاضت کے عادی ہوتے ہین، تقدیر کے بجاے تدبیر کو وسیلہ کامیابی سمجھتے ہین، حوصلہ بلند رکھتے ہین، صنعت، حرفت، و تجارت کی جانب مشغول رہتے ہین، اور صاحب ایجاد و اختراع ہوتے ہین، اسی طرح پہاڑی ملکون مین رہنے والون پر وہان کے طبیعی طرز باند و بود کا لازمی اثر یہ پڑتا ہے، کہ اُن مین جسمانی طاقت و مضبوطی کے ساتھ، ہمت، عزم، و خود اعتمادی ہو، اس قبیل کے خصایص نفسی کسی نسل یا قوم کے افراد اپنے قصد و ارادہ سے اخذ نہین کرتے، بلکہ اُن مین خود بخود پیدا ہو جاتے ہین،

(۲) دوسرے، قوت توارث کے، اس سے مراد یہ ہے، کہ افراد کی طرح جماعات بھی اپنے اسلاف کے تجربات سے متاثر ہوتی ہین، اور اگرچہ وہ گذشتہ نسلین کسی

یکسان تجربہ سے متاثر ہوتی رہین، تو اسکی کیفیت ان کے اخلاف کے نفوس مین مستقل طور پر اضطرار اً نقش ہوجائے گی، فرض کرو کہ کوئی قوم کسی ملک کو فتح کرکے اُس پر چند صدیون تک حکمرانی کرتی رہی، اور اسکے بعد خود بھی مفتوح ہوگئی، تو ایسے موقع پر اس قوم مین باوجود مفتوح ہوجانے کے عرصہ دراز تک وہ خصوصیات باقی رہین گے، جو اپنے عہد حکمرانی مین اُس نے اکتساب کیے تھے، یا مثلاً کسی قوم کا اُٹھان جنگ وخون ریزی سے ہوا، اور اسے صدیون تک اپنے حریفون سے برسرپیکار رہنا پڑا، تو توارث کا اثر یہ ہوگا کہ جنگجوئی اسکے خمیر مین داخل ہوجائیگی اور گو کسی خاص زمانہ مین اس قوم کو خواہ کتنا ہی صلح وامن سے رہنا پڑے، تاہم اسکے افراد مین بہ مقابلہ دوسری قومون کے افراد کے، جنگجویانہ خصوصیات یقیناً بہت زیادہ پائے جائین گے،

ہم ابھی ان خصایص امتیازی کو ''خصایص مستقل'' سے تعبیر کرچکے ہین، لیکن ''مستقل'' کے معنے کیا ہین؟ کیا یہ کہ یہ خصایص کسی قوم یا نسل مین فطرۃً روز ازل سے موجود ہین، اور بعینہ اسی حالت پر ہمیشہ موجود رہین گے؟ لیکن اس صورت مین (قطع نظر اسکے کہ اس عالم متغیر مین ایسی ناقابل تغیر شے کا وجود ہی سرے سے ناممکن ہے) اثرات ماحول و توارث کے کیا معنے رہ جائین گے؟ پس ظاہر ہے کہ ہمارا یہ مدعا تو ہو ہی نہین سکتا،

دراصل ان سے ہماری مراد یہ ہے، کہ یہ خصایص کسی خاص قوم یا نسل مین ماحول و توارث کے اثرات سے رفتہ رفتہ پیدا ہوتے گئے ہین، تاآنکہ صدیون، بلکہ ہزارون لاکھون سال کی مدت مین اب وہ اس درجہ عمیق ومستحکم طور پر منقش

ہوگئے ہین کہ اس مادی دنیا کی کوئی بڑی سی بڑی قوت بھی آناً فاناً نہین مٹا سکتی
غیر ارادی و غیر شعوری موثرات کے تدریجی اجتماع سے، یہ خصایص، نظام عصبی کے
کے اُن قطعات مین جاگزین ہوجاتے ہین جو شعور و ارادہ کی دسترس سے بالکل
باہر ہوتے ہین، اور اسلیے انسانی شعور و ارادہ ان کے مٹانے مین بالکل بے بس ہوتا
ہے۔ اضطراری و غیر شعوری خصایص صرف امتداد زمانہ کے پیدا ہوتے ہین، اور صرف امتداد
زمانہ ہی انھین فنا کرسکتا ہے، فطرت انسانی جن چیزون کی ہزار ہا سال سے خوگر ہوگئی ہے
جو اطوار و اعمال ایک غیر محدود مدت سے گویا اسکی روزانہ غذا کا کام دے رہے
ہین، اور جو خصایص اسکی خمیر مین داخل ہوگئے ہین، انھین اس سے یک لخت
چھڑا دینے کی کوشش کرنا صریحاً انسانی ہستی کو ہلاکت کی طرف لے جاتا ہے
ذرا خیال کرکے دیکھو، کہ ایک شخص اپنی حیات انفرادی مین کسی فعل کو اپنے پورے
قصد و ارادہ سے اختیار کرتا ہے، مگر کچھ عرصہ کی مزاولت کے بعد جب اس کا
عادی ہوجاتا ہے، تو پھر اسکا ترک کرنا کس قدر دشوار، بلکہ بعض حالتون مین محال
ہوجاتا ہے! اسی سے اندازہ کرسکتے ہو کہ جن خصایص کا ایک ناقابل پیمایش
مدت سے نظام عصبی خوگر ہو رہا ہے، اور جو علاوہ ہزارون لاکھون سال کے
تکرار و تواتر کے اثر سے گویا نفس بشری کے اجزاے غیر منفک ہوگئے ہین، اُن
سے ایکبارگی چھٹکارا پانا، یا اُن مین کوئی فوری انقلاب پیدا کرنا کتنا ناممکن ہے!
یہانتک جو کچھ گفتگو ہوئی، اسکے ماحصل کو ہم سہولت تفہیم کے لیے
دفعات ذیل کے ماتحت بھی رکھ سکتے ہین:۔
(۱) علم تشریح بتاتا ہے کہ انسان کی حیات مادی، مادہ مختلف النوع عناصر

مرکب ہوتی ہے، ایک اجزائے مستقل، جن مین کوئی اہم تغیر و تبدل کرنا زندگی کو ختم کر دینا ہے، دوسرے اجزاء عارضی جن مین برابر تغیر ہوتا رہتا ہے،

(۳) اسی طرح ایک محقق نفسیات بھی واقف ہوچکا ہے، کہ حیات مادی کے بالکل متوازی و مماثل، حیات نفسی بھی دو مختلف النوع اجزا پر مشتمل ہوتی ہے، ایک اجزائے اصلیہ یا اساسی، دوسرے اجزائے فرعیہ یا تبعی،

(۲) (الف) آخر الذکر، انسانی شعور و ارادہ کے ماتحت ہوتے ہین جن مین انسان اپنے قصد و خواہش کے مطابق تغیر و تبدل کرسکتا ہے۔

(۲) (ب) اول الذکر، شعور و ارادہ کی دسترس سے باہر، اضطرار و لاشعوریت کے دائرہ مین ہوتے ہین، جو امتداد زمانہ کی وساطت سے صرف ماحول و توارث کا اثر و تصرف قبول کرتے ہین،

اس قدر مُسلّم ہوجانے کے بعد اب راستہ بالکل صاف ہے، یعنی لیڈر کو اپنا دائرۂ عمل کسی ہیئت اجتماعی کے صرف اجزائے عارضی یا فرعی مین سعی اصلاح تک محدود رکھنا چاہیے، اور اسکے خصائص اساسی مین تغیر و ترمیم کے کام کو امتداد زمانہ کے حوالے کر دینا چاہیے، رہا یہ امر کہ کسی خاص جماعت کے خصائص نفسی مین، اصلی و اساسی کون ہین، اور فرعی و تبعی کون؟ تو اسکا فیصلہ صرف ذوق سلیم کرسکتا ہے، جسکے لیے کوئی اصول و قواعد نہین متعین کیے جاسکتے؛ البتہ اگر انسان کی نظر کسی قوم کی صحیح تاریخ اور اسکے ماحول کی طبعی خصوصیات پر ہو، تو اس فیصلہ مین بے شبہہ بہت مدد مل سکتی ہے۔ اور جس نسبت سے کسی شخص مین یہ قوت امتیاز زیادہ ہوگی، اسی قدر اُسی مین قیادت کی

صلاحیت ہوگی، بلکہ زیادہ صحیح طور پر یہ کہنا چاہیے، کہ یہی قوت امتیاز وہ معیار ہے جس پر مدعیان قیادت کی آیندہ کامیابی وناکامی کی بابت پورے وثوق واطمینان کے ساتھ پیشگوئی کی جا سکتی ہے،

ایسے عجلت پسند مصلحین کی ہر ملک اور ہر زمانہ مین تعداد کثیر پیدا ہوتی رہتی ہے، جن کا جوش وعزم بالکل غیر مشتبہ ہوتا ہے، اور جن کی نیک نیتی وخلوص مسلم ہوتی ہے، باانیہمہ اُن کے مشن کو کبھی کامیابی نہین نصیب ہوتی، جس کا اصلی باعث یہی ہے کہ یہ لوگ اپنی دُھن مین اسکا مطلق لحاظ نہین رکھتے، کہ اُن کے مجوزہ اصلاحات کس حد تک قوم کے مایۂ خمیر کے موافق ہین؟ اگر کوئی خاص رسم یا دستور ان کے نزدیک عقلی حیثیت سے قابل اعتراض ہے، تو یہ لوگ بغیر قوم کے تاریخی ماضی پر لحاظ کیے بلا تامل اسکے مٹا دینے کی کوشش کرنے لگتے ہین، اور اس پر مطلق غور نہین کرتے، کہ وہ رسم کتنے عرصہ سے قوم کی گھٹی مین پڑی ہوئی ہے۔

فرض کرو، ایک جاپانی کے دل مین یہ خواہش پیدا ہوتی ہے، کہ اسکے ہمقومون کا رنگ، بجائے زردی مائل ہونے کے دفعۃً سرخ وسفید، اور ان کے قد وقامت مثل افغانیون کے بلند وبالا ہوجائین، یا کوئی حبشی یہ چاہنے لگتا ہے کہ اسکے ہموطنون کی صورت شکل آلبارگی مثل اہل چین کے ہوجاے، تو تم اُن خواہشون کے بابت کیا راے قائم کروگے؟ یقیناً انھین خبط وجنون سے تعبیر کروگے۔ بس بعینہٖ اسی نوعیت اور اسی درجہ کے خبط مین وہ مصلحین بھی مبتلا ہین جو یہ چاہتے ہین کہ ان کے ہمقوم، جاپان مین رہکر دفعۃً افغانون کے ہم مزاج

ہم سطح ہو جائیں، یا یہ کہ اہل حبش میں یک بیک اہل چین کے اطوار و خصائل حلول کر جائیں جسمانی خصائص کی طرح، خصائص نفسی بھی کسی قوم یا نسل میں ہزاروں لاکھوں سال کے عمل توارث اور ماحول کی متفقہ قوت کے اثرات کے طور پر پیدا ہوتے ہیں۔ پس اگر ان میں کوئی تغیر پیدا کرنا ہے، تو اسکے لیے ہمیں اتنی ہی مدت دراز کا انتظار کرنا چاہیے، جتنے میں وہ پیدا ہوئے ہیں، عجلت سے سوا اسکے کہ بنا بنایا کام بگڑ جائے، اور کوئی نتیجہ نہیں نکل سکتا۔ ارضیات کے مطالعہ سے ہمکو معلوم ہو چکا ہے کہ طبقات ارض کے دائرہ میں فوری و عاجلانہ تطابق کا نتیجہ ہمیشہ طوفان، سیلاب، زلزلہ، یا اس سے بھی بڑھکر کسی مصیبت کبریٰ کی شکل میں ظاہر ہوتا رہا ہے، بالکل اسی طرح نفسیات کا مطالعہ بتاتا ہے، کہ اقوام و جماعات کے خصائص نفسی میں فوری و عاجلانہ تطابق کا لازمی نتیجہ غدر و بغاوت، بلوہ او رفساد یا جنگ و انقلاب کی صورت میں جلوہ گر ہوا کیا ہے۔ زندگی، خواہ شخصی ہو، خواہ اجتماعی، نام ہے ہستی ذی عضو اور اسکے ماحول میں تطابق و توافق کا، لیکن تطابق کی تعریف ہی یہ ہے کہ تدریجی ہو، فوری تطابق کو تطابق کہہ ہی نہیں سکتے، اسکا نام عدم تطابق یا موت ہے، اگر ہم کسی جسم ذی حیات کو دفعۃً ایک سرد مقام سے سخت گرمی میں لے آئیں، یا گرم مقام سے سخت سردی میں لے آئیں، تو نتیجہ کیا ہوگا؟ یہ ہوگا کہ جسم و ماحول کے درمیان تناسب و تطابق قائم نہ رہے گا، نظام جسمی کا شیرازہ اکبارگی پراگندہ ہو جائے گا، اور اس پر موت طاری ہو جائے گی۔ ٹھیک ایسے ہی افسوسناک نتائج ان کوششوں کے نصیب میں ہیں جو کسی جسم اجتماعی کے ماحول میں دفعۃً سخت انقلاب پیدا کرنا چاہتے ہیں،

آج سے کوئی تین صدی پیشتر انگلستان کے بعض حکما کا یہ خیال تھا
کہ نفس انسانی مثل سادہ کاغذ کے ہوتا ہے، جس پر ہم خارج سے جو نقوش
بھی چاہین، مرتسم کردین، لیکن علم کی ترقی نے ان حکما کی سادہ دلی کا پردہ فاش
کردیا، اور یہ حقیقت اب بالکل آشکارا ہوگئی، کہ سیرت انسانی مین دخل عظیم، خارجی
موثرات (یعنے تعلیم و تربیت) کو نہین، بلکہ توارث کو ہے، بچہ جسوقت پیدا ہوتا ہے
ہرگز خالی الذہن و سادہ دماغ نہین ہوتا، بلکہ اپنی جسمانی وضع و صورت کی طرح
ایک خاص طرز کی دماغی ساخت اور ایک خاص نوعیت کی ذہنیت اپنے
ساتھ لیکر آتا ہے، جو تعلیم و تربیت سے نسبتہً ایک حد قلیل ہی تک متاثر
ہوسکتی ہے، علم کی موجودہ منزل مین یہ مسئلہ کوئی مابہ النزاع نظریہ نہین رہا ہے
بلکہ ایک سائنٹفک مسلمہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ ایسی حالت مین اگر کوئی
شخص اپنی عملی زندگی مین اسے نظر انداز کردیتا ہے، تو سوا اسکے کہ اُسکی ناواقفیت
پر تاسف کیا جاے، اور کیا کیا جا سکتا ہے؟ آج سے نصف صدی پیشتر تک
بھی، اس حقیقت سے جہالت، کسی قدر قابل عفو ہوسکتی تھی، کہ اس زمانہ
تک توارث کے اثرات اسقدر قطعیت کے ساتھ ثابت و مسلم نہین ہوچکے تھے
لیکن اب جبکہ مبادیات سائنس کے طلبہ تک اس راز کے محرم ہوچکے ہین،
اب جبکہ مکتب علم کا ہر ابجد خوان اس حقیقت سے آگاہ ہوچکا ہے، جو شخص
اسکی اہمیت سے بیخبر و لاعلم رہ کر نفسیات فردیہ یا جمعیہ کے کسی شعبہ مین ہاتھ
ڈالنا چاہتا ہے، نہین کہا جا سکتا، کہ اسکی جہالت زیادہ قابل رحم ہے، یا اُسکی
بیباکی زیادہ قابل مواخذہ؟ لیکن زعیمون کی صف مین کس کثرت سے ایسے

افراد ہوتے ہین، جو اس نکتہ سے ناآشنائے محض ہوتے ہین، یا کم از کم یہ کہ عملی زندگی مین اسے پیش نظر نہ رکھنے والے ہوتے ہین؟ یہ "دل لڑتے ہین اور ہاتھ مین تلوار بھی نہین" کے مصداق، اصلاح دردا ہم کی ہنگامہ آرائی مین ان حقایق کو یکسر فراموش کر جاتے ہین، کہ ہر قوم اپنا ایک مخصوص مزاج رکھتی ہے، اپنی ایک مخصوص تاریخ رکھتی ہے، اپنی مخصوص روایات قومی رکھتی ہے، اور مخصوص حالات و تجربات کی بنا پر اپنے ارتقا کی موجودہ منزل پر پہونچی ہے، اگر ایک خاص طرز کا نظام حکومت، فرانس کے لیے موزون ثابت ہوا ہے، تو کیا وجہ ہے کہ اسے ہندوستان مین بھی جاری نہ کر دیا جائے؟ اگر ایک خاص آئین امریکہ کے لیے مفید نکلا ہے، تو کیون نہ اہل چین بھی اُس سے برابر درجہ کا فائدہ اُٹھائین؟ یہ نمونہ ہے زعیمانہ منطق و طرز فکر کا۔ درحقیقت نفس بشری سے متعلق اس سے زیادہ بے بنیاد، اس سے زیادہ گمراہ کن، اور اس سے زیادہ غلط فہمی پیدا کرنے والا شاید ہی کوئی اور خیال ہو۔

اسی کے قریب ایک اور خطرناک غلطی، جسکے شکار علی العموم زعیم ہوتے رہتے ہین، یہ ہے کہ یہ لوگ کسی مسئلہ کے عقلی و جذبی، یا استدلالی و اعتقادی پہلوؤن مین فرق نہین محسوس کرتے، اور ایک پہلو کی بنا پر دوسرے پہلو کی اصلاح و ترمیم مین مشغول ہو جاتے ہین۔ حالانکہ نفس انسانی کے یہ دو شعبے بالکل علحدہ متمایز بلکہ بعض حالتون مین باہم متضاد ہوتے ہین، یعنے ایسا اکثر واقع ہوتا رہتا ہے کہ ایک کی تنقیص دوسرے کی قوت، اور ایک کی تقویت دوسرے کے ضعف کا باعث ہوتی ہے۔ یہ بالکل ممکن ہے کہ کوئی مسئلہ استدلالی یا عقلی پہلو سے کمزور

مہمل و مضحکہ خیز ہو لیکن باینہمہ عملی کاروبار میں اس سے مفید نتائج مترتب ہوتے
ہوں، یا یہ کہ ایک مسئلہ استدلالی حیثیت سے نہایت وقیع و مستحکم ہو تاہم اس سے
عوام میں بداخلاقی کی تحریک ہوتی ہو، تو ایک پہلو کی صحت دوسرے پہلو کی قطعیت
کی مستلزم نہیں، بلکہ اکثر دونوں پہلوؤں میں تضاد و تصادم واقع ہوتا رہتا ہے، اور
ایسا ہونا بالکل مقتضائے قیاس ہے، گزشتہ ابواب سے ہمیں معلوم ہو چکا ہے
کہ عوام دلائل و براہین سے متاثر نہیں ہوتے، بلکہ ایسی چیزوں سے متاثر
ہوتے ہیں، جو ان کے جذبات کو برانگیختہ کرتی رہتی ہیں، اس بنا پر یہ کیسی سخت
حماقت ہوگی، کہ ایک مفید و اخلاق افزا عقیدہ کو محض اسلیے مٹانے کی جدوجہد
کی جائے، کہ وہ غیر مستدل یا غیر معقول ہے! مذہب کے کتنے احکام ایسے
ہیں، جو کسی عقلی تنقید کے متحمل ہو سکتے ہیں؟ اخلاق کے کتنے قضایا ایسے ہیں
جنکے وجوب پر کوئی استدلال پیش کیا جا سکتا ہے؟ معاشرت کے کتنے آداب
ایسے ہیں، جو فلسفیانہ حیثیت سے معقول کہے جا سکتے ہیں؟ باینہمہ اس سے
کون انکار کر سکتا ہے، کہ اگر احکام مذہب، قضایائے اخلاق، و آداب معاشرت
موجود نہ ہوتے، تو آج تمدن و شائستگی کا کہیں وجود نہ ہوتا، اور دنیا بدستور دور
توحش و بربریت میں پڑی ہوتی۔ سیکڑوں ہزاروں سال میں شاید ایک کینٹ
یا بل ایسا پیدا ہو سکتا ہو، جو اپنی زندگی کو جذبات سے غیر متاثر رکھ کر عقلی اصول
کے ماتحت کر دے، لیکن جماعات سے اسکی توقع قیامت تک نہیں ہو سکتی۔
استدلالی موشگافیاں، فلسفیانہ نکتہ سنجی، حکیمانہ غور و تعمق، یہ سب جماعات کے لیے
غیر مفہوم ہے، پس اگر رفتار تمدن کو قائم رکھنا اور جماعات سے کام لینا مقصود ہو

تو سوا اسکے چارہ نہین ہے، کہ بہت سے تعصبات وہم پرستیون کو قصداً برقرار رکھا جائے، ہان یہ کام صرف ایک صاحب نظر کرسکتا ہے، کہ مفید تعصبات واوہام کو غیر مفید سے ممتاز کرسکے۔ اسکے لیے زبردست قوت ممیزہ کی ضرورت ہے۔ یہ کام ہر بلند بانگ خطیب کے بس کا نہین،

عملی حیثیت سے، نفس اجتماعی کے ان خصوصیات کا علم جن لوگون کو سب سے زیادہ مفید و بکار آمد ہوسکتا ہے، وہ وہ لوگ ہین، جو کسی ملک کی حکمران جماعت سے تعلق رکھتے ہین، یا سیاسی حیثیت سے اہل حل وعقد کہے جاسکتے ہین۔ لیکن نسل انسانی کی بدنصیبی سے یہ مغرور وجاہل جماعت ہمیشہ ان قوانین فطری سے بیخبر رہی ہے، اسکے دانشمند سے دانشمند ارکان کی توجہ جن مسائل پر مبذول رہتی ہے، وہ آلات جنگ، سامان رسد، کثرت افواج قلعون کا استحکام، مورچون کا تحفظ، جہازون کی ساخت وغیرہ ہے، حالانکہ جو شے حقیقۃً ایک سپاہ کو دوسری پر کامیاب رکھتی ہے، وہ یہ خارجی موثرات نہین (گو ایک حد تک یہ بھی معین ہوتے ہین) بلکہ ایک اندرونی قوت ہوتی ہے۔ وہ اس امر کا باطنی احساس اور یہ پختہ اعتقاد ہوتا ہے کہ فتح اسی کی ہونا یقینی ہے۔ اب خواہ یہ احساس اُسکے اس عقیدہ سے ماخوذ ہو کہ تائید غیبی و نصرت الٰہی اس کے ساتھ ہے، اور خواہ اپنے جنرلون پر اعتماد کامل سے پیدا ہوا ہو، مگر ہوتا کسی نہ کسی صورت مین یہ احساس ضرور ہے۔ وہ کیا شے تھی جس نے مٹھی بھر بادیہ نشینان عرب کو کسریٰ وقیصر کی ٹڈی دل قواعد دان فوج پر غالب کردیا؟ صرف اعتقاد کی قوت۔ وہ کیا چیز ہے، جو افریقہ کے وحشیون کو انگلستان و فرانس کی

بہتر سے بہتر سپاہ پر، وقتاً فوقتاً غلبہ دیدیتی ہے؟ محض عقیدہ کا استحکام۔ خود آج
تمھاری آنکھون کے سامنے وہ کیا طلسم ہے، جو جرمنی کو ایک دنیا سے مردانہ وار
لڑا رہا ہے؟ کیا کثرت افواج ہے؟ مگر تعداد کے لحاظ سے تو روس کی سپاہ اس سے
بہت زیادہ بیان کیجاتی ہے۔ کیا سائنس دانی ہے؟ کیا روپیہ کی فراوانی ہے؟
کیا ملک کی اقتصادی خوشحالی ہے؟ لیکن ان مین سے کسی حیثیت سے انگلستان
و فرانس کی متحدہ طاقت اس سے کمتر نہین، پھر آخر کیا شے ہے؟ وہ صرف
جرمن آبادی کا وہ تعصب ہے، جو اُس مین انگریزی، فرنچ، و روسی قومون
کے خلاف عرصہ سے جاگزین ہے، اور جسکی بنا پر وہ یقین رکھتی ہے کہ وہ
اپنے مخالفین کا زور ہمیشہ کے لیے توڑ دیگی، ممکن ہے، کہ اتحادئین اپنے
تدابیر کے ذریعہ سے بالآخر جرمنی پر غالب آجائین، تاہم اس یادگار حقیقت
کو اُس کی کوئی اقتصادی برتری، کوئی تدبیر جنگ، کوئی ڈپلومیسی نہین محو کر سکتی
کہ ایک متعصبانہ اعتقاد راسخ نے مدتون ضعیف کو قوی سے، زیر دست کو زبردست
سے، اور ایک کو کئی سے، سرگرم آویزش رکھا۔ غور کرو، کہ یہ جوش تعصب و
منافرت، اخلاقی نقطہ نظر سے کس قدر مذموم ہے، لیکن جس جماعت مین ہے
اُسکی بقا و ترقی کے لیے کیسا مفید ثابت ہو رہا ہے! الغرض تاریخ، قدم قدم
پر اپنے خونین کارنامون سے اہل سیاست کو اُن کی نادانی پر متنبہ کر رہی ہے
لیکن غفلت و سرشاری کا یہ عالم ہے کہ یہ تازیانہ کبھی ہوش مین لانے کے لیے
کافی نہین ہوتے۔

تاہم ہر کلیہ استثنا ضرور رکھتا ہے۔ جہان سیکڑون ہزارون سیاست دان

نامہ نگاران جنگ، ارکان پارلیمنٹ وکونسل، وزرا سلطنت، ورہبران فوج،
مادی سامان کی تکمیل کے پھیر مین سرگردان ہین، وہان کبھی کبھی اتفاق سے
اسی حلقہ سے ایسی صدا بھی بلند ہوپڑتی ہے، جسکے الفاظ واقعیت کی تاثیر رکھتے
ہین ۱۹۱۲ء مین جب ٹرکی وریاستہاے بلقان سے جنگ شروع ہوئی، اور
اتحادئین کو پے درپے فتوحات حاصل ہونا شروع ہوئے، توجو لوگ ترکون کی
ذاتی شجاعت سے واقف تھے، وہ حیرت مین آگئے۔ یہ مانا کہ ٹرکی کے پاس
سامان جنگ کافی نہ تھا لیکن کیا خود یہ ریاستین بھی بے سروسامان نہ تھین، وہی
ترکی فوجین جو صرف پینتیس سال پیشتر روس کے سے زبردست دشمن کا منھ پھیر
چکی تھین، اب چند حقیر ریاستون کے مقابلہ مین مسلسل شکست پر شکست کھارہی تھین
اس عجیب واقعہ کی، سیاسی حلقون مین عجیب تر تاویلین وتوجیہین کی گئین جنکو
اگر یہان نقل کیا جاے، تو ناظرین کو کشت زعفران کی سیر کا لطف آجائے لیکن
ایک خاص انگریزی نامہ نگار جنگ نے اس اعجوبہ زار مین بھی اپنے ہوش وحواس
درست رکھے۔ اس نے اس باب مین جو کچھ لکھا ہے، درحقیقت اس حکیمانہ شان
سے لکھا ہے کہ اسکی نظیر اخباری لٹریچر مین بہت کم نظر آئے گی۔ اسکی تحریر کو بجنسہ
نقل کرنا تو طوالت کا باعث ہوگا، اسلیے ہم اسکے جستہ جستہ اقتباسات کو یہان
اپنی زبان مین درج کرتے ہین۔ ترکون کی غیر متوقع شکست پر اظہار تعجب کے بعد
نامہ نگار موصوف کہتا ہے، کہ

"مانا، اتحادئین بلقان نے باب عالی کو غافل پاکر دفعۃً حملہ کردیا،
یہ بھی صحیح سہی کہ ٹرکی کا خزانہ خالی تھا، یہ بھی مسلم کہ آپس مین خانہ جنگیان

وارکان سلطنت کی باہمی مخالفت اس تغیر حالات کی ذمہ دار تھین، تاہم پوری گتھی نہین سلجھتی۔ میرے نزدیک ٹرکی کی شکست دو خاص اسباب کا نتیجہ تھی،۔ ایک تو جرمن افسرون اور جرمن طریقۂ جنگ کی تقلید کامل، اور دوسرے افسران فوج سے اس خالص اسلامی جوش کا فقدان جسکی موجودگی ترک سپاہیون مین ناممکن التسخیر قوت پیدا کر دیتی تھی، اور جس نے پچھلی جنگون مین اُنھین اپنے سے دو چند فوج کے مقابلہ مین ثابت قدم رکھا، ان مین سے پہلے سبب سے متعلق کہنے کی بات یہ ہے کہ گو جرمن نظام جنگ و قواعد فی نفسہ نہایت قابل قدر ہے، تاہم جب ایک مختلف نسل و قوم اور ایک بالکل مخالف مزاج و طبیعت کے سپاہی اسکے عادی کیے جاتے ہین، تو لامحالہ اسکی خوبیان بہت کم ہو جاتی ہین، فرانس بالکل جرمنی کا ہمسایہ ہے دونون کا طرز تمدن بھی ایک ہے، لیکن اگر خود فرنچ سپاہیون کو جرمن اسلوب پر تعلیم دیجائے تو ان کے بہت سے سپاہیانہ خصوصیات رخصت ہو جائین گے۔ اس سے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ جب ایک مشرقی قوم کو جرمن نظام حرب کا عادی بنایا جائیگا تو اس تجربہ مین کہان تک کامیابی ہو سکتی ہے، اس طرز تعلیم سے ترک سپاہی، جرمنون کے محض نقال رہ گئے،

دوسرے سبب، متعلق بہ ضعف مذہبیت کی بابت گزارش ہے، کہ گو میرا یہ قول آج کل کے نوجوانون کو پسند نہ آئے لیکن واقعہ یہ ہے

کہ مذہبی جوش برابر گزشتہ جنگوں مین ترکون کی کامیابی و نصرت کا ضامن رہا ہے۔ آج بھی جو چند کامیاب جنرل موجود ہین، وہ سب قدیم اسکول (وضع) کے ہین۔ ان کے ماتحتون کو ان پر پورا اعتماد ہے، اور یہ اپنے اسلامی جوش کو اُن مین حلول کر سکتے ہین سترھوین صدی مین جب سردار کرامول اور شاہ انگلستان مین جنگ ہوئی تھی، تو ذاتی شجاعت یا فن حرب کے نقطۂ نظر سے کرامول کے اتباع کو شاہی لشکر پر کوئی فضیلت نہ تھی، لیکن محض اپنے سپاہیوں مین مذہبی جوش پیدا کر دینے سے کرامول جیسا معمولی و فرو رتبہ شخص عسکر سلطانی پر فتحمند رہا۔ آج کل مادہ پرستی کا دور دورہ ہے اسلیے ممکن ہے کہ لوگ ان اصلی محرکات عمل کو حقارت کی نظر سے دیکھین۔ اتحادئین بلقان، خواہ اپنی زبان سے کیسا ہی مسیحانہ خدا ترسی کا ادعا کرتے ہون، مگر اس مین شبہ نہین وہ عقائد مین شدید، بلکہ بہ لحاظ عمل، سخت متعصب تھے، انھون نے اپنے ظالمانہ افعال سے ثابت کر دیا، کہ صلیب کو ہلال سے کم مجرم سمجھنا غلطی ہے،

افسوس سے کہنا پڑتا ہے، کہ نوجوان ترکون سے اطاعت اور بزرگون کے ادب و لحاظ کا مادہ بہت کچھ سلب ہو گیا ہے۔ مذہب و اخلاق ان کے تمسخر کا آماجگاہ ہین، اور جائے حیرت ہے کہ یہ سب چیزین تو انھون نے اجنبی قومون سے سیکھی ہین، لیکن

ان کی خوبیان کچھ بھی نہ سیکھین۔ ایسی حالت مین جبکہ ترک افسرون کو نماز سے کوئی تعلق نہ ہو، بلکہ وہ نشہ مین مخمور رہتے ہون شجاع فوج ردلیف سے اسکی توقع نہین کی جاسکتی کہ اسکے سپاہی ایسے افسرون کے زیر کمان جی توڑ کر لڑین گے جیسا ابھی کہا جاچکا ہے، ان نوجوان ترکون کی بڑی شامت یہ ہے کہ انھون نے غیر اقوام کے معایب چن لیے ہین، لیکن اُن کے محاسن نہ لیے۔ کوئی ان سے پوچھے کہ جس وقت مشکلات کے نرغہ مین ہوتے ہین، یا جب میدان جنگ مین اظہار شجاعت کا موقع ہوتا ہے، تو اُسوقت یورپین لٹریچر سے واقفیت اور یورپین دارالسلطنتون کے گلی کوچون کی خاک بیزی ان کے کس کام آتی ہے؟"

یورپ کی موجودہ عالمگیر جنگ مین ترک جس شجاعت کا اظہار کر رہے ہین اس سے یہ خیال کرنا چاہیے کہ اقتباسات بالا مین مرض کی تشخیص کی گئی اُسکی غلطی ثابت ہوگئی۔ ہرگز نہین۔ ان کی موجودہ مردانگی کا باعث تو یہ ہے کہ گزشتہ تلخ تجربات سے متنبہ ہو کر انھون نے اپنے مین مذہب کا کم از کم ظاہری جوش بہت کافی پیدا کر لیا ہے جسکا نمونہ کم و بیش تمام عالم اسلامی مین نظر آرہا ہے اور کچھ یہ ہے کہ اسوقت وہ مایوسی کی جنگ کر رہے ہین، انھین یقین ہوگیا ہے کہ یورپ انھین مٹا دینا چاہتا ہے۔ پس انھون نے بھی اپنے دل مین ٹھان لی ہے کہ اگر مرنا ہی ہے، تو کیون نہ اپنا نام کر کے مرین۔ بزدل سے بزدل شخص کو بھی

جب اپنی موت کا پورا الیقین ہوجاتا ہے، تو وہ غضب کا جری ہوجاتا ہے۔ شدت یاس ہر بُزدل کو رستم و نریمان بنادیتی ہے پس ترکون کی موجودہ جانبازی، کلیۂ بالا کی معارض نہین، بلکہ مؤید ہے،

ماحصل اس ساری تقریر کا یہ نکلا، کہ گو جماعات اپنے افکار و مشاعر کے لحاظ سے نہایت درجہ متلون طبع ہوتی ہین۔ انھین جس طرف چاہیے گھما دیجیے تاہم انکا تمام تلّون، اُن کی ساری لچک محدود و مقید ہوتی ہے، خصایص نسلی کے دائرہ مین۔ یعنے جس طرف چاہیے اُنھین پھرا دیجیے، لیکن شرط یہ ہے کہ نفس نسلی یا قومی کے دایرہ سے قدم باہر نہ ہونے پائے، پہلے ایک بہت بڑا دائرہ خصائص اساسی کا کھینچیے۔ پھر اُسکے اندر بہت سے چھوٹے چھوٹے دایرہ خصایص فرعی کے فرض کیجیے، اب لیڈر یا قاید کا فرض صرف اتنا ہوتا ہے کہ وہ ان چھوٹے دایرون مین سے کوئی ایک دایرہ اپنی جماعت کے لیے مخصوص و منتخب کرلے، اور اسکی قوت اس پر منحصر ہے کہ اُس خاص دائرہ مین پابند رہنے پر اپنی جماعت کو مجبور کردے۔

غور کر کے دیکھو، کہ دنیا کے بڑے سے بڑے لیڈر، بڑے سے بڑے مُصلح، بڑے سے بڑے شارع مذہب نے اس سے زیادہ کیا کیا ہے؟ اور اگر کبھی اس سے زاید کچھ کرنا چاہا ہے، تو اسکا نتیجہ بجز ناکامی کے اور کیا ہوا ہے؟ تاریخ مین شاید سب سے بڑی، سب سے زیادہ کامیاب اور سب سے زیادہ کامل اصلاح کی مثال ہمیں اسلام کے رفارم کی ملتی ہے، مشرک موحد ہوگئے بت پرستی کی جگہ خدا پرستی رایج ہوگئی، زانیون مین پاکبازی آگئی، جنگجو صلح کل

بن گئے، اور یہ سب کچھ ایک اُمّی کی کوشش سے گنتی کے چند سالون مین ہو گیا
اصلاح کی اس سے عجیب تر کامل ترکیا مثال چاہیے؟ لیکن یہ واقعہ کا صرف
ظاہری پہلو تھا، زیادہ دقّت نظر سے کام لو، تو معلوم ہوگا کہ اس عظیم الشان اصلاح
کا اثر بھی سطح سے نیچے کبھی نہین اُترا، جو خصایص، سیکڑون ہزارون سال
سے اہل عرب کی سرشت مین داخل ہو گئے تھے، وہ جُون کے تُون رہے، نوعی
حیثیت سے اُن مین ذرّہ بھر فرق نہ ہو سکا، صرف ہوا یہ، کہ قاید اعظم کی قوت
سے اُنکا رخ بدل گیا، جنگجو وہ پیشتر تھے، اب بھی رہے، مگر اب چونکہ اُن کے خارجی
دشمن بہت سے پیدا ہو گئے تھے، اسلیے بجاے خانہ جنگیون کے، وہ اپنی
جنگجویانہ فطرت کا اظہار بیرونی غنیم کے مقابلہ مین کرنے لگے۔ انتقام جوئی، و
کینہ پروری جیسی پیشتر جزو فطرت تھی ویسی اب بھی رہی، البتہ اب انتقام گیری
کے مواقع بجاے اپنون کے غیرون کے مقابلہ مین زیادہ حاصل تھے، لیکن جب
کبھی کچھ بھی موقع نکل سکتا، باہمی عداوتون کا پھر پورے جوش و خروش سے
ظہور ہونے لگتا، مہاجرین و انصار کی باہمی بے لطفیان کیا تاریخ اسلام کے
طلبہ کے لیے غیر معلوم ہین؟ یہ کیا تھا؟ محض اہل مکہ و اہل مدینہ کی پشتہا پشت کی
قایم شدہ رقابتون کا اثر تھا، اپنے پیروؤن پر اسلام کی تاکید تھی کہ سب کو آپس
مین برادرانہ برتاؤ رکھنا چاہیے، اور ہر مسلمان ایک دوسرے کا بھائی ہوتا ہے
لیکن یہ زبانی احکام تھے۔ بے شبہ پیمبر کا ذاتی سطوت و رعب ان احکام کی
ایک حد تک تعمیل بھی کرا لیتا تھا، لیکن جیسے لطفیان اور رنجشین خود پیمبر کی
زندگی مین آئے دن صحابہ کی مختلف ٹکڑیون مین پیدا ہوتی رہتی تھین، ان کی

روک تھام ناممکن تھی، اور پیمبر کی عین وفات کے وقت جو ناگوار سین، اکابر صحابہ کے درمیان پیش آیا، اُس نے تو ظاہری اتفاق، خلوص و یکجہتی کی اچھی طرح پردہ دری کردی و غیر یہانتک بھی مضایقہ نہ تھا، لیکن اسکے بارہ سال بعد، خلیفہ ثالث کے جانشینی پر بغض و عداوت کی وہ آگ، جو مضری و حمیری قبائل کے درمیان صدہا سال سے مشتعل تھی[1]، اور جسکی چنگاریوں کو پیمبر نے اپنے انتہائی قوت و تدابیر سے

---

[1] اس موقع پر مضری و حمیری قبایل کی اجمالی تاریخ سے واقفیت خالی از دلچسپی ہو گی۔ بعثت پیمبر کے وقت عرب مین جو لوگ آباد تھے، وہ دو مختلف نسلون کے تھے۔ ایک کا سلسلۂ نسب قحطان تک پہونچتا تھا، اور دوسرے اسمٰعیل بن ابراہیم تک، اول الذکر یمن مین آباد تھے، اور آخر الذکر حجاز مین۔ قحطانیون مین ایک سردار حمیار ابن عبد الشمس پیدا ہوا، اور اُسوقت سے یہ لوگ حمیری کہلانے لگے، ادھر عدنانیون یا اسمٰعیلون مین ایک سردار مضر پیدا ہوا، اور تب سے ان لوگون کو مضری کہنے لگے۔ رفتہ رفتہ بنو حمیر بہت سی شاخون مین منقسم ہو کر شام، عراق، ہمدان و عمان وغیرہ دور دراز مقامات مین پھیل گئے، لیکن ان کے دو ٹکڑون، اوس و خزرج نے مدینہ مین، اور ایک ٹکڑے خزاعہ نے مکہ کے متصل سکونت اختیار کی، مضریون کی ایک شاخ، قریش، خاص مکہ مین آ کر آباد ہو گئی، اور باقی شاخین بنو تغلب، بنو بکر، بنو تمیم، وغیرہ اطراف حجاز مین پھیل گئین، ان دونون نسلون مین مخالفت پیدا ہوئی، اور ایسی پیدا ہوئی، کہ برابر بڑھتی ہی چلی گئی، اسکے اسباب و نتایج کو ہم ایک معاصر اسلامی مورخ، رایٹ آنریبل ڈاکٹر امیر علی کی زبان سے ملخصاً نقل کرتے ہین:-

"بنو حمیر ظہور اسلام سے صدیون قبل، تمدن کے اعلی منازل طے کر چکے تھے، وہ جہان پہونچے تھے، ایک باضابطہ نظام حکومت قائم کرتے تھے، عموماً زراعت پیشہ تھے اور فن کتابت سے واقف تھے، اسکے مقابلے مین بنو مضر، بہ استثنا قریش، ایک خانہ بدوشانہ و وحشیانہ طرز زندگی رکھتے تھے، ان کی مختلف ٹکڑیان قائم تھین (بقیہ صفحہ ۲۱۰)

بارہ برس تک زیر خاکستر رکھا تھا، اب دفعتہً اس زور سے شعلہ زن ہوئی کہ اسلامی عظمت کو ہمیشہ کے لیے متزلزل کر دیا، اور گو اسکے بعد اسلامی تمدن نے نہایت وسعت حاصل کی، لیکن جب درخت میں دیمک لگ جاتی ہے، وہ لاکھ پھولے پھلے مگر استحکام و پایداری اُسے کبھی نہیں نصیب ہو سکتی۔ یہ بھی کہا جاتا ہے

(بقیہ از صفحہ ۲۰۹) ہر گروہ اپنے سردار کو علیحدہ منتخب کرتی تھی، اور اہل قبیلہ میں باہمی لطف و یکجہتی کا پتہ نہ تھا۔ اس اختلاف حالت کا قدرتی نتیجہ یہ ہوا کہ بنو حمیر نے انھیں دبانا چاہا، اور گو انھوں نے بھی بہت شجاعت سے مقاومت کی، لیکن چار ناچار اطاعت قبول کرنا ہی پڑی، اور پانچوین صدی عیسوی تک حمیری اُن سے خراج وصول کرتے رہے، اس کشمکش نے دلون مین منافرت پیدا کر دی، حمیریون کے سینے مین فاتحانہ غرور و ظلم، اور مضریون مین مفتوحانہ نفرت و حسد کا جذبہ برابر نشو و نما پاتا رہا۔ جیسے قومی شعرا اپنی اپنی نظمون سے اور ترقی دیتے رہے، پیغمبر نے اس آگ کو سرد کرنے کی پوری کوشش کی، اور اگر اُن کی عمر وفا کرتی تو بہت قرین قیاس تھا کہ ان کی تعلیمات اور اُن کی شخصیت کے اثر سے یہ جذبہ ماند پڑ جاتا، لیکن دس برس کی مدت نبوت اس مقصد کے لیے بہت ہی ناکافی تھی، خلفا اول و دوم کے زمانہ مین مسلمانون کو جو فتوح حاصل ہوئین، انھون نے ہر دو قبائل کو دور دور منتشر کر دیا، مثلاً مضری، بصرہ مین بس گئے، اور حمیری کوفہ مین، یا فلسطین و دمشق مین، بنو مضر کی تعداد غالب رہی، اور شام مین بنو حمیر کی، یا پھر شرقی علاقون مثلاً مصر و افریقیہ مین دونون کی تعداد تقریباً مساوی رہی، لیکن خواہ کہین بھی آباد رہے ہون، وہ جہان جہان گئے اپنے ساتھ اس جذبۂ منافرت کو بھی لیتے گئے، خلیفہ عمر کے وقت تک کچھ تو اُن کے مضبوط نظام حکومت کے باعث، اور کچھ اسلیے کہ اسوقت تک قوم خود ہی اپنے اندرونی فشود نما مین مصروف تھی، یہ شرارے زیر خاکستر رہے، لیکن عثمان کے کمزور عہد مین خاندان امیہ نے اپنے دامن سے اس زور سے ہوا دی کہ صحراے کابل و خراسان سے لیکر اسپین و سسلی تک (بقیہ برصفحہ ۲۱۱)

کہ بت پرستون کی قلب ماہیت کرکے دفعۃً انھین پکا موحد بنا دیا، یہ دعوی ممکن ہے کہ عرب کے شہریون کے متعلق کسی حد تک صحیح ہو، لیکن اہل بادیہ کے بارہ مین تو متعدد سیاح متفق اللفظ مین، کہ بجز زبان سے کلمہ گوئی کے، علی العموم اُن مین اور کوئی علامت موحد ہونے کی نہین پائی جاتی۔ ارکان اسلام کی پابندی کا کیا ذکر، اکثر وہ ان سے واقف تک نہین ہوتے، بلکہ عبادت کے نام سے جتنی رسمین اُن کے یہان جاری ہین، سب مشرکانہ ہین، شاید بعض ناظرین کو ان بیانات پر حیرت ہو، مگر وہ یا تو سیاحون کے مشاہدات کی سیر کرین، اور یا اپنے کسی واقف کار عرب دوست سے اُن کی تصدیق چاہین، مختصراً ہم یہان ایک سفرنامہ کا اقتباس درج کرتے ہین، مسٹر بنٹ، جنوبی عرب کی بابت تحریر کرتے ہین:-

"واقعہ یہ ہے، کہ بجز جنات کے خوف، اور اُن کی رضا حاصل کرنے کے اعمال کی ہم نے اُن مین (یعنی باشندگان عرب جنوبی مین) کوئی ایسی علامت نہین پائی، جس سے ہم اُن کی مذہبیت کا یقین کرسکتے، یہ لوگ جب ساحل کے مواضع مین رہتے ہین تو نمایش کے لیے اسلامی مراسم کی پابندی کرنے لگتے ہین، لیکن جون ہی اپنے کوہستانی وطن مین آتے مین، پھر انھین ترک

(بقیہ از صفحہ (۲) یہ آگ یک بیک بھڑک اُٹھی، جو بالآخر مسلمانون ہی کے لیے برباد کُن ثابت ہوئی، مغرب کی حکومتین ان کے قدمون کے نیچے تھین، مگر وہ انھین فتح کرنا تو بڑی چیز ہے، خود اپنے ہی مقبوضات کھو بیٹھے" (دہسٹری آن سیر اسپنس، صفحہ ۷۰ تا ۷۲)

کر دیتے ہین۔ ہم لوگ جتنے عرصہ تک ان کے درمیان مقیم رہے انھون نے نہ کبھی نماز پڑھی اور نہ کبھی وضو کیا۔۔۔۔۔حضرموت کے بدویون مین بھی ہم نے ایسا ہی مذہب کا فقدان، اور راحتہ کا خوف پایا، لیکن مجھے یقین ہے کہ یہ لوگ اپنے معابد و مراسم علٰحدہ رکھتے ہین، جنھین حتی الامکان راسخ الاعتقاد مسلمانون کی نظر سے بالکل مخفی رکھتے ہین، رمضان مین نہ تو روزہ رکھتے ہین، اور نہ اور کسی طرح ماہ صیام کا احترام ملحوظ رکھتے ہین۔ البتہ جب ضرورۃً اُنھین ساحل پر جانا پڑتا ہے تو نمایش کے لیے مسجد مین جاکر نماز پڑھنے لگتے ہین۔ یہ عجیب اتفاق ہے کہ اثناء سیاحت مین ہمین متعدد اسلامی ممالک مین اسی طرح کے مخفی غیر اسلامی اعمال و مراسم کی مثالین ملین۔ ایران کے پہاڑون مین جو فرقہ علی بن اللّٰہی کے نام سے موسوم ہے، لبنان مین اوسیری و دروز کے لقب سے جو قبائل آباد ہین، ایشیاے کوچک مین یوروک جو خانہ بدوش ہین، وغیرہ ان سب جماعتون کے بابت وہی روایات مشہور ہین جنھین ہم عرب جنوبی کے بدویون کی بابت بیان کر چکے ہین۔" [بنٹ، "عرب جنوبی" صفحہ ۲۶۰-۲۶۱]

عرب وغیر ممالک کا ذکر چھوڑو، خود ہندوستان مین اپنے گرد و پیش دیکھو یہان کیا حالت ہے۔ اُن لاکھون افراد سے بھی قطع نظر کرلو، جن کے نام سالار بخش، اسمٰعیل خان، علی پرشاد ہوتے ہین، یا جنکے مذہب کی خانہ پُری کرتے وقت

اہلکاران محکمہ مردم شماری چکر مین آجاتے ہین، بلکہ صرف اُن مخصوص گھرانون کو پیش نظر رکھو، جو اپنے تئین پکّے اور سچے مسلمان کہتے ہین، اور غور کرو کہ اُن کا یہ دعویٰ ان کے عمل سے کہان تک مطابق ہے، شادی و غمی ولادت و موت وغیرہ کی بیسیون تقریبات جو ہر فرد کو لازماً اپنی زندگی مین پیش آتی رہتی ہین، ان مین سے کتنے مواقع ایسے ہوتے ہین، جن مین ہندو رسم و رواج کی آمیزش نہین ہوتی ہے، مشکل سے معدودے چند ایسے نکلین گے۔

ان واقعات کے تذکرہ سے کسی مذہب کے متعلق اظہار خیال کرنا مقصود نہین، بلکہ مقصد صرف یہ دکھانا ہے، کہ دنیا کی سب سے زیادہ پُرقوت و کامیاب اصلاح بھی، قوم کے خصایص اصلی و اساسی کے سامنے کتنی بےبس رہی ہے جو عقاید و اعمال، قوم کے مایۂ خمیر بن چکے تھے، جو مسلمات قوم کی سرشت مین داخل ہو چکے تھے، انھین مٹانے اور ان کے بجاے دوسرونکو دخیل کرنیکی جب کوشش کی گئی ہے، تو بالآخر پُرقوت سے پُرقوت ہاتھ شل ہو گئے ہین،

مباحث بالا سے بطور تفریع کے ناظرین خود اس نتیجہ پر پہونچ گئے ہونگے کہ کسی شخص کے لیے کسی قوم مین کسی ایسی تحریک کی بنا ڈالنا، جو اس قوم کے خصایص اصلی کے منافی، یا کم از کم ان کے غیر موافق ہو، انتہائی ناعاقبت اندیشی کا مرتکب ہونا ہے، لیکن ہر ملک کے ہر زمانہ مین متعدد ایسے اشخاص جنھین دنیا تدبر و دانشمندی کا مجسمہ سمجھتی ہے۔ اس ناعاقبت اندیشی کے مرتکب ہوتے ہین، یہ لوگ بذات خود اسقدر ناعاقبت اندیش نہین ہوتے، جتنے ان کے تلامذہ و اتباع ہوتے ہین۔ یہ لوگ جس تحریک کو شروع کرتے ہین، عموماً وہ ایک وقت خاص کے لیے

قوم کے واسطے مفید ہوتی ہے، قوم کے ارتقا کی ایک ضروری کڑی وہ بھی ہوتی ہے لیکن اس تحریک کو زیادہ وزن دار و کامیاب بنانے کے لیے انھیں لامحالہ یہ اسلوب بیان اختیار کرنا پڑتا ہے کہ قوم کے دائمی و ابدی فلاح کا راز اسی تحریک میں مضمر ہے۔ جب وہ تحریک کامیابی کے ساتھ چل پڑتی ہے، تو اسکے مویدین، جو استاد اول کے اقوال کو حرف بحرف وحی و الہام سمجھتے ہیں، اور اس خیال میں مست ہوتے ہیں، کہ قوم کی زندگی اُسی تحریک کے دامن سے وابستہ ہے، اس پر مُصر ہوتے ہیں کہ وہ تحریک ایک مدت لامتناہی کے لیے اپنے حال پر بدستور جاری رہے، حالانکہ اسوقت تک زمانہ اپنی کروٹ بدل چکا ہوتا ہے، اور اب ضروریات عصر کا اقتضا یہ ہوتا ہے، کہ اگر قوم کی رفتار ارتقا کو جاری رکھنا مقصود ہے، تو اس تحریک کی جگہ کوئی نئی تحریک لے۔ یہیں سے دو مختلف طبقات میں کشمکش شروع ہوجاتی ہے۔ ایک گروہ دوسرے کو قدامت پرست، کنسرویٹو، اور لکیر کا فقیر بتاتا ہے، دوسرا اسکو طفل مزاج جلد باز، اور قبل از وقت شور مچانے والے لقب سے یاد کرتا ہے۔ اور ہر دو فریق اپنے فریقانہ کشمکش کے منظر سے اُن افراد کو جو ان جھگڑوں سے اپنا دامن بچا کر مشاہدہ جزئیات سے کلیات قائم کرنے کے شغل میں مصروف رہتے ہیں نتائج اندوزی کا بہت بڑا مواد مہیا کردیتے ہیں۔

اسی سلسلہ میں ناظرین کے سامنے ایک نہایت دلچسپ نظیر تحریک علی گڈھ کی ہے، اس میں کوئی شبہہ نہیں ہوسکتا کہ اُسکا بانی ایک عظیم الشان شخصیت رکھتا تھا، لیکن اسقدر عظیم الشان نہیں جتنی ایک اول درجہ کے

لیڈر کی ہوتی ہے، اسکی شخصیت دوم درجہ کی تھی، اور اسی کے بل پر اس نے ہندوستان
مین ایک انوکھے تجربہ کی بنا ڈالی، اس نے چاہا کہ مسلمان ایک طرف اپنے مذہب
و قومیت مین ترقی کرتے رہین، اور دوسری طرف اپنے مین مغربیت کے عناصر جذب
کر لین، اسکی تحریک کا تمامتر ماحصل ان دو متضاد عناصر مین توافق و اتحاد پیدا
کرنا تھا۔ قدیم الخیال گروہ نے شدید مخالفت کی، لیکن زمانہ تحریک علی گڈھ کی تائید
پر تھا، زیادہ تر تو سر سید احمد کی زبردست شخصیت، اور کچھ بعض خارجی مویدات (مثلاً
گورنمنٹ کی نظر عنایت) سے، یہ تحریک چل نکلی، اب عقلی حیثیت سے دیکھیے،
تو یہ تحریک اس لحاظ سے بے شبہہ نہایت معقول و برمحل تھی، کہ اگر مغربیت پر
اُسوقت اسقدر زور نہ دیا جاتا، تو مغربیت کے شدید غلو و تعصب مین پڑکر مسلمانون
کے لیے اپنی ہستی چند روز کے لیے بھی قائم رکھنا دشوار تھا، لیکن اگر اسکے یہ معنے
لیے جائین، کہ مسلمانون کو تا قیام قیامت برابر اسی کو اپنا نصب العین برقرار رکھنا چاہیے
تو اس سے زیادہ لغو و مہمل کوئی تحریک نہین ہو سکتی، ہر قوم کو اپنی طویل زندگی مین
متعدد تمدنون سے مقابلہ کرنا ناگزیر ہے پس صحیح قومی زندگی کے حق مین یہ طریق
مفید نہین ہو سکتا، کہ کوئی قوم اپنے تئین کسی ایک خاص اجنبی تمدن کے سانچہ
مین بالکل ڈھال لے، حیات کے لیے حرکت لازمی ہے، اور قوم کا یہ پہلا اصولی
فرض ہے کہ جون جون اُسکے ماحول، اور نیز خود اسکی اندرونی زندگی قوت مین فرق
ہوتا جائے، اسی نسبت سے وہ اپنے پروگرام، اپنے نظام عمل، اور اپنے نصب العین
مین بھی تغیر کرتی رہے، ورنہ جمود پیدا ہو جائیگا، جو قومی موت کے مرادف ہے
زنگ خوردہ مشینری کب تک کام دے سکتی ہے، ہان تو ہم کہہ رہے تھے، کہ

سر سید احمد نے اپنا مقصد یہ قرار دیا، لیکن ان کے متبعین اس پر غور نہین کرتے
کہ اسکے دونون متضاد اجزا مین کبتک توافق قائم رہ سکتا ہے؟ اسلامیت کو اگر پوری
ترقی دیتا ہے، تو مغربیت کو لازماً گھٹانا پڑے گا، اور اگر مغربیت کو تکمیل پر پہونچانا
ہے، تو اسلامیت کو دبانا پڑے گا، دو متناقض چیزون مین کون انسانی کوشش
مطابقت پیدا کر سکتی ہے؟ ہان ایک صورت کسی قدر قابل عمل یہ ہو سکتی ہے،
کہ دونون اجزا کو ناقص رکھیے، اور دونون مین کسی کو نشو و نما کا موقع نہ دیجیے، چنانچہ
جبتک یہ حالت قائم رہی، زیادہ کشمکش نہین پیدا ہونے پائی، لیکن یہ لازمی تھا
کہ جہان ایک جزو کو بھی نمو کا موقع ملا، خود اندر ہی سے انقلاب نصب العین کی
خواہش پیدا ہونے لگے گی، فرض کیجیے، کہ جس زمانے مین عام اسلامی ممالک
شدید ترین مصائب (اور مسلمانون کے نقطۂ خیال سے ایک گہری سازش) کے
شکار ہو رہے ہون، ایک ایسی درسگاہ کے طلبہ سے، جس کا خاص مقصد اُن مین
اسلامیت و اخوت اسلامی کی روح پیدا کرنا بیان کیا جاتا ہو، کیونکر یہ توقع کیجا سکتی
ہے، کہ وہ اس منظر کو بالکل بے تعلقی کے ساتھ دیکھین گے، ان کا اظہار جوش
خالص تعلیمی نقطۂ نظر سے، بے شبہ سخت قابل اعتراض ہے، لیکن سوال یہ
ہے کہ وہ خالص تعلیمی درسگاہ ہے کب؟ اگر آپ اسی پر قانع ہو جائیے، تو پھر اس
مین اور عام سرکاری درسگاہون مین کوئی شے مابہ الامتیاز بھی تو نہین رہ جاتی؟
یہ کیا ستم ظریفی ہے، کہ پہلے خود ہی تو ایک درسگاہ کو امتیازی خصوصیات سے
متصف بتایا جاتا ہے، اور پھر جب وہان کے طلبہ اُنھین امتیازی خصائص کا
اظہار کرنے لگتے ہین، تو اُن پر اظہار حیرت و غیظ و غضب کیا جاتا ہے! یہ کشمکش تو

روز اول سے ہر ایسی تعلیم گاہ یا مجلس کی سرشت مین داخل ہوتی ہے، جو فطرت
کے قائم کردہ تناقضات مین مصالحت کی مدعی ہوتی ہے۔ اس کشمکش کا کیا انجام
ہونے والا ہے؟ اسے ہر صاحب نظر جانتا ہے۔ اور جنکی آنکھون پر تعصب کے
پردے پڑے ہوے ہین، وہ مطمئن رہین، کہ زمانہ کا زبردست ہاتھ عنقریب اُن کی
آنکھون سے بھی ان پردون کو دور کر دے گا۔

باب ہذا کے خاتمہ سے قبل اس امر کا اظہار ضروری ہے کہ قایدون اور
زعیمون کے طبقہ مین بعض افراد خود بھی ایک بڑی حد تک نفسیات جمعیہ کے
اس قانون سے واقف ہوگئے ہین، کہ کسی جماعت کے محض ظاہری نظام
مین کسی انقلاب کے پیدا کر دینے سے اُس جماعت مین کسی قسم کی اصلاح ممکن نہین۔
قوانین و سیاسی نظامات، درحقیقت خود نتیجہ ہونا چاہیین، قوم کے اخلاقی،
معاشرتی، تعلیمی، و تمدنی مرتبہ کا، اور متناسب ہونا چاہیین قوم کے درجۂ ارتقائی
کے، یعنے ارتقاء ذہنی و اخلاقی مین افراد جماعت جس منزل مین ہوتے ہین اسی
کے مطابق اُن کے قوانین ملکی و نظامات سیاسی ہونا چاہیین۔ مثلاً جو جماعت
ارتقائی حیثیت سے پست ترین سطح پر ہے، اسکے لیے یہی موزون ہے کہ وہ
ایک عادل و دانشمند مگر مستبد و خود مختار فرمان روا کے زیر حکومت رہے، اور جو
اس سے شایستہ تر ہے، اُسکے حاکمون کو بھی نسبتہً زیادہ آزاد خیال و مشورت
پسند ہونا چاہیے، و قس علی ہذا۔ یہ موجودات عالم کے لحاظ سے فطری ترتیب ہے
لیکن اکثر اس ترتیب کو اُلٹ دیا جاتا ہے، اور یہ سمجھا جانے لگتا ہے کہ اگر کسی
خاص جماعت کے سیاسی نظامات، بہ لحاظ اپنی نوعیت کے، دفعۃً زیادہ شایستہ

بنا دیے جائیں، تو اس جماعت کا ارتقائی پایہ بھی اکبارگی بہت ارفع ہو جاتا ہے
گویا نظام سیاسی ایک افسون ہے، کہ جہان کسی بازیگر نے اپنی زبان سے یہ کلمہ ادا
کیا، بس دفعتہً واحدۃً قوم میں اخلاقی، معاشری، و تعلیمی اصلاح کی لہر دوڑ گئی یہ خیال
گو از روے عمل بہت عام ہے، لیکن تجربہ بتاتا ہے، کہ اس مین واقعیت کی خفیف
سی بھی آمیزش نہیں، زوال پذیر قومون مین بار بار اسکے تجربہ ہوتے رہتے ہین،
اور ہر تازہ تجربہ ایک تازہ ناکامی کا اضافہ کرتا ہے۔ عام زعیم ان تجربات سے بھی
غیر مستفید رہتے ہین، لیکن جو صاحب بصیرت ہوتے ہین اوہ ایک ہی ٹھوکر
کھا کر سنبھل جاتے ہین، اور اپنی آنکھون کو اس حقیقت سے کور نہین کھتے، کہ

"قومین، خطیبانہ بلند آہنگیون اور جذبات انگیز استعارہ طرازیون سے نہین
بلکہ اپنی تاریخی ماضی کے بعد افراد کی اعلیٰ ذہنی و اخلاقی قابلیتون سے بنتی ہین"
(دیباچہ فلسفۂ جذبات)

پھر جن کے دلون سے صداقت و سعادت کا نور بالکل رخصت نہین ہو چکا ہوتا
ہے، وہ ان حقائق کا کھلے لفظون مین اعتراف بھی کر لیتے ہین۔ اس طرح کے اعترافات
مین سب سے زیادہ سبق آموز اعتراف سے ہم ناظرین کو بھی روشناس کیے دیتے ہین

چند سال پیشتر سے چین پر مغربیت کا جو پرتو پڑ رہا تھا، اُس نے اپنے حسب
دستور اہل چین مین قبل از وقت سیاسی ہیجان پیدا کر دیا، جسکا نتیجہ ۱۹۱۱ء مین ایک
عام شورش کی شکل مین ظاہر ہوا۔ دوران انقلاب مین جو کچھ گزرنا تھا گزرا، لیکن
اسکے ذکر سے یہان غرض نہین، بالآخر حامیان استبداد پسپا ہوے، اور میدان
جمہوریت پسندون کے ہاتھ رہا۔ سلطنت نے جمہوریت کی صورت اختیار کی،

اور ۱۹۱۳ء مین جمہوریت چین کا صدر نشین بالاتفاق وہ شخص منتخب ہوا جس نے اس انقلاب مین سب سے بڑا حصہ لیا تھا جو استبداد و شخصیت کا شدید ترین دشمن تھا، اور حریت و جمہوریت سے جسکا خمیر تھا، لوگ اسکی افتتاحی تقریر کو سننے ذوق و شوق سے جمع ہوئے، اور خیال یہ تھا کہ یہ تقریر جمہوریت کے مناقب سے لبریز ہوگی، لیکن یہ توقع صحیح نہ نکلی۔ دو سال کے عرصہ مین بہم تلخ تجربات نے یہ حقیقت بے نقاب کردی تھی، کہ سیاسی انقلاب کوئی افسون نہین ہے، کہ جسے عمل مین لاتے ہی دفعۃً تمام مشکلات کے دفع کرنے کی کلید ہاتھ آجائے، بلکہ اگر قوم تیار نہین ہے تو جمہوریت، اور دستوریت اُسکے حق مین شاید استبداد و شخصیت سے کبھی مضر تر ہے مجلس شوریٰ کے اکثر ممبر مجتمع ہوے، اور اُن کے سامنے صدر مجلس نے جو تقریر کی، اُس نے اُسکے پچھلے رفقا مین اسکی طرف سے سخت مایوسی پیدا کردی، وہ یہ سننا چاہتے تھے کہ جمہوریت ہر درد کی دوا ہے، لیکن زمانہ نے انھین یہ سنوایا، کہ جمہوریت فی نفسہٖ کسی مرض کی بھی دوا نہین، بلکہ اسکا جو کچھ بھی اثر ہوتا ہے، وہ مریض کی حالت جسمی کے عین مطابق ہوتا ہے، اس تقریر کے اصل الفاظ جو لنڈن کے اخبار ٹایمز کی وساطت سے ہم تک پہونچے ہین، قابل ملاحظہ ہین:-

"جمہوریت کو قائم ہوئے دو سال گزر چکے ہین۔ اس عرصہ مین اصول و قوانین کو جی بھر کر پامال کیا جا چکا ہے، اور اخلاق، نیک کرداری و ضبط نفس کی بابت تو ہم نے یہ سمجھ لیا کہ گویا پردۂ زمین پر یہ چیزین موجود ہی نہین۔ دنیا مین بعض قومین اپنی جنگی قابلیت کی بنا پر عظمت حاصل کرتی ہین، اور بعض تجارتی و صنعتی ترقی کے بل پر،

لیکن مین جب چین پر نظر کرتا ہون، تو مجھے اپنے ہموطن، حیوانات کے ہم سطح نظر آتے ہین، ایسی حالت مین ہمارا حشر سوا اسکے اور کیا ہونا ہے کہ اغیار ہمین برباد کر ڈالین؟ پس اگر ہمین اپنا وجود باقی رکھنا ہے، تو چاہیے کہ بلند آہنگیون کو چھوڑ کر شروع ہی سے اپنے تئین عملی تعمیر مین مصروف رکھین۔

آج کل "مساوات" کا لفظ ہر شخص کی زبان پر ہے، لیکن مساوات کے معنے صرف اسقدر ہین کہ ہر شخص قانون کی نظر مین مساوی ہے۔ اسکا یہ منشا ہرگز نہین ہے کہ سوسایٹی سے فرق مراتب مٹا دیا جائے، اور ہر شخص کی ذاتی خواہشات اُسکے لیے بمنزلہ قانون ہو جائین۔ "حریت" کا لفظ بھی بہت مقبول ہو رہا ہے، لیکن اسکا مفہوم بھی اسی قدر ہے کہ ہر شخص حدود قانون کے اندر آزاد ہے، ورنہ اگر اسکے معنے غیر محدود آزادی کے سمجھے جائین، تو یہ لفظ مہمل ہے۔

ایک اور لفظ، جو ہر کس و ناکس کی زبان پر چڑھا ہوا ہے، وطن پرستی ہے۔ لیکن اسکا مفہوم سمجھنے مین ہمین غلطی نہ کرنا چاہیے۔ اس سے یہ مراد ہرگز نہین ہے کہ جس شخص مین وطن پرستی کا جوش ہے، وہ کام انتظامی کے لیے بھی موزون ہے۔ یا یہ کہ اُس مین کافی قابلیت موجود ہے۔ اگر ہم بلا لحاظ قابلیت و موزونیت، افراد کے ہاتھ مین محض ان کے جوش حب وطن کی بنا پر ملک کا انتظام سپرد کر رہے ہین، تو قومی بربادی کی خبر سننے کے لیے بھی تیار رہو

رہنا چاہیے"

اسکے بعد اُن بلند بانگ خطیبون کا، جن کا وجود اپنی جماعت کے لیے بدترین لعنت ہوتا ہے، ذکر ان الفاظ مین کیا:-

"کون اپنے تئین ان شریر زعیمون کی رہنمائی مین دیدیگا، جن کی تمامتر کائنات اُن کی بلند آہنگی و بالاخوانی ہے، یہ بدمعاش اس فکر مین لگے ہین، کہ "جمہوریت" اور "انقلاب ثانی و ثالث" کی آڑ پکڑ کر اپنی جیبون کو مالامال کرلین، اور جب مواخذہ کا وقت آئے، تو غیر سلطنتون کی پناہ مین چلے جائین، یہ لوگ ملک کے حق مین لعنت ہین، اور صرف اُس سلوک کے مستحق جو بدمعاشون و رہزنون کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ انھون نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ جمہوری حکومت سے مُراد بدکارون کی حکومت سے ہے۔ اور ظاہر ہے کہ جس ملک پر بدکارون کی حکومت ہوگی، اس کا کیا حشر ہوگا"

خاتمے کے الفاظ یہ تھے:-

"اس زمانہ مین اکثر وہ لوگ، جن کا دماغی لشو و نما محض کتابون کی فضا مین ہوا ہے، خالی الفاظ و نظریات پر بہت زیادہ اعتماد کرنے لگے ہین، اور فوری نتائج کے متوقع رہا کرتے ہین ..... حالانکہ، تا وقتیکہ آپ نے پبلک مین اپنا اعتماد نہ پیدا کرلیا ہو، آپ انھین اپنا ہم خیال نہین بنا سکتے ..... دنیا کی کسی قوم کی سرشت مین

آئینیت اسقدر سرایت نہین کیے ہوے ہے جتنی انگریزون مین،
لیکن باایںہمہ ہندوستان کی حکومت مین انھون نے پگڑی کے
استعمال کو واجب الترک نہین قرار دیا۔ جاپان سے بڑھکر کس کو
دعوائے اصلاح ہوسکتا ہے، لیکن جاپانی ابتک اپنی قدیم
وضع کے نعلین چوبین (کھڑاؤن) استعمال کیے جاتے ہین کیا
وہ اتنی موٹی بات نہین سمجھتے، کہ ان کی ساخت بھدی اور تکلیف دہ
ہوتی ہے، لیکن پھر بھی وہ اسے اس اصول پر جاری رکھے
ہوے ہین، کہ قدیم رسم ورواج مین کُلّی اور فوری انقلاب پیدا کردینا
ہمیشہ مُضر وخطرناک ہوتا ہے۔۔۔۔۔ قومی ترقی کے لیے یہ کافی
نہین، کہ کتابون کے رٹے ہوے خوشنما فقرون کا اعادہ کرتے
رہیے۔ بلکہ اسکے لیے ضرورت ہے عمل کی۔ ضرورت ہے
جان ومال سے ایثار کی،،

خوش قسمت ہین، وہ جماعتین، جن کے مقتدا ٹھوکر کھاکر سنبھل جاتے
ہین، اور بدنصیب ہین وہ جن کے تنبہ کے لیے بڑی سی بڑی ناکامیان بھی
ناکافی ثابت ہوتی ہین۔ فطرت سخت انتقام گیر واقع ہوئی ہے، وہ اپنے قائم کردہ
حدود سے تجاوز کرنے والون کو کبھی نہین معاف کرتی۔ کالڈیا، واسیریا
مصر وفارس، روم ویونان کے زبردست تمدن کیون مٹ گئے؟ اس لیے
کہ ان کے اکابر اشخاص نے فطرت سے مقابلہ کرنا چاہا، فطرت کے قائم کردہ
قوانین سے واقفیت کی کوشش نہ کی یہ سمجھے رہے کہ نفس اجتماعی قوانین فطری کی

پابندیون سے آزاد ہے۔ اور فطرت نے دکھا دیا کہ انسانی عظمت و اقتدار کے بڑے سے بڑے مجسمہ، اُسکے ایک ہلکے طانچہ کی تاب نہین لا سکتے آج یورپ و ہندوستان کی بھی بہت سی جماعتون کے مقتدا اسی غلطی کے مرتکب ہو رہے ہین، بغیر جماعات کی حیات نفسی کے قوانین سے واقفیت کے اُن کی قیادت کرنا چاہتے ہین، ممکن ہے، ان مین سے اکثرون کی نیت خالص ہو، لیکن انتقام گیر فطرت کی عدالت مین، اسکے قوانین سے لاعلمی یا نیک نیتی کا عذر مقبول نہین ہوتا —

# باب (۱۱)

## قاید و زعیم مین فرق

ایک طویل بحث کا، جو کچھ اوپر دو سو صفحون مین ختم ہوئی، ماحصل بہ ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے، کہ افراد کے لیے کسی جماعت کا رکن بننا لازماً اپنے تئین احمق و کم عقل بنا دینا ہے، یہ کہ جماعت کا اطلاق صرف نہایت پست دماغ افراد کے مجموعہ پر ہوتا ہے، اور یہ کہ لیڈر کا کام محض اسقدر ہوتا ہے، کہ جماعات کی پست دماغی کی واقفیت سے فائدہ اُٹھا کر انھین اپنی ذاتی وجاہت یا خود غرضیون کے لیے ایک آڑ بنائے، اور جس طرف چاہے انھین پھیر لئے۔

یہ نتیجہ اس حد تک بے شبہہ صحیح ہے، کہ جماعت (جس مصطلح معنی مین یہ لفظ اس کتاب مین مستعمل ہوا ہے) کے ارکان کی دماغی سطح نسبتہً نہایت پست ہوتی ہے لیکن اسکا یہ جزو ہرگز صحیح نہین، کہ ہر مجموعۂ افراد لازماً کم عقل و بدشعور ہوتا ہے، اور ہر وہ شخص جو اثر ڈالنے کے پُرفریب طریقون سے واقف ہے جماعت کا مقتدا بن سکتا ہے۔ اس طرز استنباط مین چند غلطیان ہین۔ اول یہ

کہ "جماعت" اور "مجموعۂ افراد" اس بحث مین مرادف الفاظ نہین، نفسیات کی اصطلاح مین "جماعت" کے لیے اشتراک خیال وغیرہ کا پایا جانا ضرور ہے، حالانکہ مجموعۂ افراد کے لیے اس طرح کی کوئی شرط ضروری نہین۔ دوسرے یہ کہ یہ جماعت کے وہ خصائص ہین، جو اس مین طبعًا اور بغیر کسی موثر خارجی کے پائے جاتے ہین، لیکن بالکل ممکن ہے کہ موثرات خارجی ان مین بہت کچھ ترمیم ورد و بدل کر دین۔ دو قوانین فطری جب ایک دوسرے سے متصادم ہوتے ہین تو قوی قانون اپنے مقابل پر غالب آجاتا ہے، اور اسکو اپنی ماتحتی مین ڈھال لیتا ہے، پس ہوسکتا ہے، کہ کسی زبردست خارجی موثر کی قوت سے جماعت کے خصائص مذکورہ دب جائین، تیسرے، اور سب سے بڑھکر یہ کہ واقعات اس نتیجہ کی قدم قدم پر تکذیب کرتے ہین۔ مشاہدہ سے یہ ظاہر ہوتا ہے، کہ جس شخص کے حلق مین سب سے زیادہ زور ہوتا ہے، جو شخص بلند آہنگی و سخت کلامی مین خاص شہرت رکھتا ہے یا جو شخص نمایش و فریب دہی مین خاص ملکہ رکھتا ہے، اسکے لیے یہ ہرگز ضروری نہین، کہ وہ جماعت پر کوئی مستقل و دیرپا اثر ڈال سکے، اور ضروری ہونا کیسا، اکثر صورت حال اسکے برعکس ہوتی ہے۔ ان کے خطابیات سے ممکن ہے کہ چند روز کے لیے آنکھون مین خیرگی پیدا ہوجائے، لیکن یہ کیتک؟ ملمع سازی خواہ کتنی ہی ہوشیاری سے کی جائے پھر بھی ملمع سازی ہی ہے، اور دنیا مین کون تلمیع اپنا اثر دیر تک قائم رکھ سکی ہے؟

اصل یہ ہے، کہ جماعت کو متاثر کرنے والے دو بالکل مختلف دماغون کے اشخاص ہوتے ہین، اور ان دونون کے فرق و امتیاز کو ہمیشہ ملحوظ رکھنا چاہیئے

ان مین سے ایک کو قاید (یا لیڈر) کہنا چاہیے، اور دوسرے کے لیے زعیم کی اصطلاح رکھی جا سکتی ہے، قاید حقیقۃً اپنی جماعت کا آقا و رہبر ہوتا ہے، زعیم دراصل اُسکا ایک چالاک غلام ہوتا ہے۔ قاید کا مطمح نظر کوئی اصلاحی مقصد ہوتا ہے، زعیم کا منتہاے مقصود اپنی ذاتی وجاہت یا اور کوئی خود غرضی ہوتی ہے، قاید کی نیت مین خلوص ہوتا ہے، زعیم دیدہ و دانستہ اپنی زیر اثر جماعت کو بناتا اور اس سے اپنا کام نکالتا ہے، قاید جری و بیخوف ہوتا ہے، اور جن چیزون کو اپنی جماعت کے فلاح کے لیے بہتر سمجھتا ہے، اُنھین اسکے سامنے بے خطر و ہراس پیش کرتا ہے، زعیم باوجود ادّعاے بیخوفی شدت سے بزدل ہوتا ہے، اور کبھی زبان سے ایسی بات نہین نکالتا جس سے اسکو اندیشہ ہو کہ اسکی جماعت اس سے برہم ہو جاے گی۔ قاید کا چال چلن عموماً بے عیب و بے لوث ہوتا ہے زعیم کا پرایوٹ کیرکٹر (خانگی کردار) علی العموم ناپاک و شرمناک ہوتا ہے[1]۔ غرض اسطرح کے

---

[1] انقلاب فرانس کے زمانے مین ڈینٹن نامے ایک شخص، زعیمون کی صف مین خاص امتیاز رکھتا ہے اسکی سیرت کے خط و خال تاریخ کے مرقع مین یون محفوظ ہین:-

"ڈینٹن، ایک عظیم الشان انقلاب خواہ تھا، اسکے لیے کوئی ذرایع عمل ذلیل و پست نہ تھے، اگر وہ مقاصد کے حصول مین مفید ہوتے۔ اُسکے نزدیک انسان کے امکان مین سب کچھ تھا، البتہ جراٴت شرط تھی، جسمانی حیثیت سے اس کا چہرہ بد قطع تھا، آواز قوی تھی، تقریر مین بیباکی تھی، لب و لہجہ پُرجوش تھا، بلحاظ خصائل، یہ آوارہ و عیاش طبع تھا، مزاج مین جوش تھا، قرض سے لدا ہوا رہتا تھا، کبھی اپنے ذاتی جذبات کی سیری مین مُنہمک رہتا، کبھی اپنی پارٹی کے لیے کوششون مین سرگرم ہو جاتا، جبتک دُھن سوار رہتی اُس وقت تک تو اس مین غایت انہماک و سرگرمی رہتی، لیکن اُسکے بعد اُس مقصد کی طرف سے بالکل غافل

(بقیہ برصفحہ ۲۲۸)

بہت سے فروق دونون کے درمیان پائے جاتے ہین، لیکن یہ تمام فروق علامات ہین ایک اساسی واصولی فرق کے، اور اسے سمجھنے کے لیے ہمین نفس اجتماعی کے جوہر اصلی پر ایک بار پھر نظر کر لینی چاہیے۔

صفحات گزشتہ مین ہم معلوم کر چکے ہین، کہ نفس اجتماعی کا خاصہ اساسی یہ ہے، کہ وہ نہایت سریع التاثر و زود انفعال ہوتا ہے، جس کا طبعی رجحان تخریب و افساد کی جانب ہوتا ہے۔ اب اگر جماعت کو کوئی مصلح یا قائد نہین ملا، تو لامحالہ اُسکے افراد مین سے کوئی ایک فرد، جو اپنے مین زعیمانہ خصوصیات رکھتا ہوگا خود بخود اُسکی رہبری کرنے لگے گا (کیونکہ یہ مسلّم ہو چکا ہے کہ جماعت خود اپنے اوپر کبھی نہین حکومت کر سکتی، بلکہ ہمیشہ کسی نہ کسی کی محکومیت مین رہتی ہے) اور چونکہ وہ رہبری کی قابلیت سے معرّی ہوگا، اسلیے یہ بالکل قدرتی ہے، کہ وہ جماعت کے انھین خصوصیات کو اُبھاریگا جو از خود اُبھرنا چاہتے ہین، کہ یہی سب سے آسان طریق عمل ہے۔ مگر یہ معلوم ہے، کہ جماعت کا رجحان طبعی تخریب و افساد کی جانب ہوتا ہے، اس واسطے نا اہلون کی سیادت و رہنمائی کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جماعت، شور و شر، فتنہ و فساد، کشت و خون کا مجسمہ بن جاتی ہے۔

(بقیہ از صفحہ ۲۲۷) وہ بے پروا ہو جاتا۔ اسکی ذات مین بالکل متضاد محاسن و معایب جمع تھے، گو اس نے اپنے تئین دربار کے ہاتھ فروخت کر ڈالا تھا، تاہم اس مین دنارت نہین معلوم ہوتی تھی، یہ اُن لوگون مین سے تھا، جو اپنی کمینہ پن کی حرکات مین بھی ایک طرح کی بلندی رکھتے ہین، اپنے فریق کے حقوق کی پاسداری کو وہ قانون کی پابندی بلکہ انسانی حقوق پر بھی مقدم سمجھتا تھا۔" [میگنٹ، دی ہسٹری آف فرنچ ریوولیوشن، صفحہ ۱۵۸]

نااہل مقتدا، اپنے مقتدیوں کو اپنے ہاتھ میں ایک آلۂ ہیجان پاکر اُن کے ذریعہ سے سخت سے سخت مظالم بڑے سے بڑے جرائم اور شدید سے شدید رذائم اخلاق کے مرتکب ہوتے رہتے ہیں، البتہ ان کا اثر و اقتدار بہت ہی عارضی و دوفنا ہوتا ہے۔ اس طبقہ کے پیشواؤں کا اصطلاحی نام زعیم ہے۔ دنیا کی کوئی جماعت ان کے وجود سے یکسر خالی نہیں ہوتی، لیکن مختلف جماعات میں ان کی تعداد کے کمی و بیشی کا فرق ہوتا ہے۔ جس جماعت میں ان کا شمار بہ کثرت ہو، اُسے اپنی زندگی کے دن پورے سمجھنا چاہیے، اگر کوئی زہریلا جانور جسم کے اوپر زخم لگائے، تو اس پر مرہم آسانی سے رکھا جا سکتا ہے، لیکن جو زہر جسم کے اندر ہی اندر پیدا اور بڑھتا رہتا ہو، اسکا توڑ دشوار ہے۔

دوسری صنف کے مقتدایان جماعت اس سے بالکل مختلف، بلکہ ایک بڑی حد تک، مخالف سیرت و طبیعت رکھتے ہیں، وہ پہلے خلوص نیت و دیانت داری کے ساتھ اپنے پیش نظر ایک خاص مقصد متعین کرتے ہیں، جسے وہ فلاح جماعت کے حق میں مفید سمجھتے ہیں، پھر اُسے اپنی جماعت کے سامنے پیش کرتے ہیں، جماعت، سریع التاثر و زود انفعال تو ہوتی ہی ہے، اب اگر وہ نصب العین، درحقیقت اسکے لیے مفید ہوا، اور اُس مقتدا میں کافی قوت و قابلیت ہوئی، تو اسکی مخاطب جماعت، اس اصلاح سے پوری طرح متاثر ہونے لگتی ہے، اور جماعت متاثر کیا ہونے لگتی ہے، یہ کہنا چاہیے، کہ وہ فرد واحد اپنی جماعت کے ذریعہ سے اصلاح و تعمیر کے بڑے سے بڑے کام انجام دینے لگتا ہے، اس صنف کے پیشواؤں کو قاید کہتے ہیں، قیادت کا

کارنامۂ زرین یہ ہے کہ وہ نفس اجتماعی کے طبعی رجحان کو اپنی قوت سے دبا کر اُسکے بجائے اُسے اصلاحی و تعمیری کام کی جانب مائل کردیتی ہے۔ یہ کام آسان نہین۔ اسنے بڑے پیمانے پر انجام دینے کے لیے انتہائی انسانی قوت و قابلیت درکار ہے۔ ایسی قوت جسکا جامع انسان، صدیون مین جاکر پیدا ہوتا ہے۔ محمدؐ، مسیحؑ، گوتم بدھ، سکندر، سیزر، و نپولین (اور ایک خاص حیثیت سے فیثاغورس، فلاطون، ارسطو، کلنیٹ، ڈاردن) وغیرہ صرف گنتی کے چند اشخاص ابتک دنیا مین ایسے پیدا ہوئے ہین، جو اول درجہ کے قایدین کے لقب کے مصداق ہوسکتے ہین۔ کیا زمانہ اس پایہ کے اشخاص روز پیدا کرسکتا ہے؟ کیا تاریخ مین ان کی نظیرین آسانی سے مل سکتی ہین؟ بے شبہ اس سے کمتر درجہ کے مصلحین ہر صدی مین دو ایک پیدا ہوتے رہتے ہین، لیکن انکا دائرۂ عمل و دائرۂ اثر نسبتہً نہایت محدود ہوتا ہے، دنیا کی تاریخ پر ان کا اثر نسبتہً بہت ہلکا ہوتا ہے، اور ان کے کارنامہ اس پایہ کے نہین ہوتے، کہ انھین قایدین عظام کی صف مین رکھا جائے۔ ان لوگون کی اصلاح نہ خالص مجتہدانہ ہوتی ہے، اور نہ مستقبل بعید کی پیش بینی پر مبنی ہوتی ہے، بلکہ یا تو جو کچھ ان کے پیش رَو چھوڑ گئے ہین، ان کی یہ لوگ کسی جدید طرز پر تفسیر و تعبیر کرتے ہین، اور یا مقتضیات عصریہ و ضروریات حالیہ کی مناسبت سے یہ اپنی جماعت مین کسی خاص تحریک کی روح پھونک دیتے ہین جسکی زندگی انکی شخصی زندگی سے کچھ ہی زیادہ دیرپا ثابت ہوتی ہے[1]۔

---

[1] اس طرح کے مصلحین یا قائدین درجہ دوم مین بطور نمونہ کے یہ نام لیے جاتے ہین، (بقیہ برصفحہ ۲۳۱)

قایدین عظام کی بڑی شناخت یہ ہے، کہ اپنے بعد آیندہ نسلون کے لیے وہ کوئی ترکہ چھوڑ جائین، لیکن ظاہر ہے، کہ یہ ترکہ کسی محسوس و موجود شے کی شکل مین ہونا چاہیے، معدومات کا ترکہ، ترکہ ہو ہی نہین سکتا، پس ضرور ہے کہ وہ ترکہ کسی محسوس و موجود شکل مین ہو۔ یہین سے اس امر کی ضرورت پیدا ہوتی ہے کہ قاید اپنے پیچھے کوئی بنی بنائی چیز چھوڑ جائے، اُسکی یادگار خواہ عظیم الشان مادی حکومتین ہون خواہ مذاہب فلسفہ و نظریات سائنس ہون، اور پھر خواہ ادیان و شرایع ہون، مگر ہو بہر حال ان کی کوئی نہ کوئی ایجابی یا ثبوتی شکل محض سلبی یا منفیانہ یادگار ایک بے معنے شے ہے۔

زعیم، اکثر از راہ حسد یا کسی اور غیر شریفانہ نیت سے، کسی قدیم مسئلہ یا رسم و رواج کو مٹانے کی جد و جہد کرتا ہے، لیکن اس سے اُسکی اور کوئی غرض نہین ہوتی، بجز اسکے کہ شہرت حاصل کرے، یا اپنے کسی مخالف کی عظمت کو صدمہ پہونچائے، یا مالی نفع سے شادکام ہو، یا اسی قبیل سے اور کسی خود غرضانہ جذبہ کو سیر کرے۔ غرض یہ کہ وہ تخریب مین تخریب ہی کی غرض سے مشغول رہتا ہے، اور اس سے مسرت حاصل کرتا ہے، لیکن قاید کا طریق عمل اسکے بالکل مخالف ہوتا ہے۔ وہ تخریب کو کبھی اپنا منتہاے مقصود نہین بناتا، اور نہ اس سے مسرت حاصل کرتا ہے۔ وہ کسی شے کے بگاڑنے مین اگر ہاتھ ڈالتا ہے، تو صرف اس حد تک کہ جتنا اُسکے کار تعمیر کے لیے ضروری ہے، جس قطعہ زمین پر عمارت بنانا مقصود ہے، اُسکی سطح کو تو بہر صورت ناہمواریون سے پاک

(بقیہ صفحہ ۲۳۰) لسمارک، گلیڈسٹن، ہوٹلکے، کلائیو، جمال الدین افغانی، سرسید احمد خان، رام موہن رائے، دیانند سرسوتی

کردینا چاہیے۔ راستہ اگر سہولت سے طے کرنا مدنظر ہے، تو سڑک سے اُن چیزوں کو بہرحال صاف کردینا چاہیے، جو سدّ راہ ہوں گی، بس قاید بن کا اسی اصول پر اور اسی حد تک عمل رہتا ہے، انھیں جو شے بنانا ہوتی ہے، جو شے تیار کرنا ہوتی ہے، اُس میں اُن کی مصروفیت کیا کم ہوتی ہے، جو وہ دوسری چیزوں کے توڑنے اور بگاڑنے کے لیے وقت و قوت نکال سکیں۔

تعمیر و اصلاح کے جتنے کام ہوتے ہیں، اُن کی شرط اولین یہ ہے کہ جن لوگوں سے کام لیا جاتا ہے، انھیں ڈسپلن (یعنی انضباط و باضابطگی) کا خوگر ہونا چاہیے۔ جماعت بجائے خود اس وصف سے محروم ہوتی ہے۔ یہ فرض قاید کا ہوتا ہے، کہ وہ اپنی قوت اپنی مقتدی جماعت میں نفوذ کردے۔ زعیم، کہ اسکے نفس میں خود ہی کسی قسم کی باضابطگی نہیں ہوتی، اپنی جماعت میں کیا باضابطگی پیدا کرسکے گا، یہی سبب ہے کہ بہتر سے بہتر زعیم بھی تعمیر کا کوئی کام انجام نہیں دے سکتا۔

ڈسپلن کا دوسرا نام انتظام و خوش ترتیبی ہے۔ اور یہی وہ شے ہے جو جماعت کا معیار ذہن و اخلاق بلند کردیتی ہے، اور ایک مرتب و منتظم جماعت کے ارکان کو بہ نسبت عام افراد کے زیادہ باعقل، باشعور، و بااخلاق بنادیتی ہے لیکن یہ قلب ماہیت کیونکر ہوجاتی ہے؟ کیا نفس اجتماعی کی فطرت بدل جاتی ہے؟ کیا جماعت کی حیات نفسی کے جو قوانین ابتک بتائے جاچکے ہیں وہ بالآخر صحیح نہیں اُترتے، اور شکست ہوجاتے ہیں؟ اسکی پوری کیفیت سمجھنے کے لئے ہمیں پہلے اسکے کسی ایسے نمونہ پر نظر کرنی چاہیے جو چھوٹے

پیمانہ پر اکثر ہمارے پیش نظر رہتا ہو۔ مثال کے لیے ہم کسی متمدن سلطنت کی باضابطہ فوج کو لیتے ہین، فرض کرو، اسکی تعداد ایک آرمی کور، یا ۸۰۰۰۰ سپاہیون کی ہو، لیکن کیا کوئی کہہ سکتا ہو کہ یہ محض اسّی ہزار افراد کی بھیڑ یا جماؤ ہے؟ ہرگز نہین، بلکہ اس مین اعلیٰ ترین قسم کی ترتیب و تنظیم قائم ہو۔ یہ آرمی کور تقسیم ہو تین ڈویژنون پر، اور ہر ڈویژن مشتمل ہو، متعدد بریگیڈ پر۔ ہر بریگیڈ مین متعدد بٹالین یا رجمنٹ ہوتی ہین۔ فی بٹالین ایک ہزار سپاہیون کا پڑتہ بیٹھتا ہو۔ ہر بٹالین، کمپنیون مین تقسیم ہوتی ہو، اور ہر کمپنی مین تقریبًا ۱۲۰ افراد ہوتے ہین۔ ابھی بعض تقسیمین اس سے چھوٹی باقی ہین، مگر ہم انھین پر اکتفا کرتے ہین، اس سے ناظرین کو معلوم ہوا ہوگا کہ اسّی ہزار کا کثیر التعداد مجمع، بالآخر، ایک سو بیس یا ان سے بھی قلیل تر افراد کے متعدد طبقات مین تقسیم ہو کر رہ جاتا ہے۔ پھر افسرون کی ترتیب پر خیال کرو۔ سب سے بڑا عہدہ فیلڈ مارشل کا ہوتا ہے، اسکے بعد جنرل، لفٹنٹ جنرل، میجر جنرل، کرنل، لفٹنٹ کرنل، میجر، کپتان، سے ہوتے ہوتے آخری عہدہ لفٹنٹ کا ہوتا ہو، اور نان کمیشنڈ عہدہ، کارپورل، سیالٹرن، سرجنٹ وغیرہ کے نام سے جو ہوتے ہین، وہ ان کے علاوہ ہین۔ یہ تمام عہدے بلحاظ تجربہ و اہلیت کے ملتے ہین جو شخص سب سے زیادہ تجربہ کار و قابل اعتماد ہوتا ہو، اُسے سب سے بڑا عہدہ ملتا ہو، جو اس سے کم ہوتا ہو، اُسے اس سے چھوٹا عہدہ ملتا ہو، و قس علیٰ ہذا۔ اب فرض کرو، کہ اس فوج کا کوئی ایک خاص سپاہی، بلحاظ سپاہیانہ عقل و اخلاق، اپنے ہم سطح غیر فوجی افراد سے بہتر معلوم ہوتا ہو۔ مگر یہ غور کرو، کہ اسکی یہ افضلیت کس چیز کا نتیجہ ہو؟ یہ نتیجہ ہو اس صورت حال کا۔ پہلے چند

ماہرین نے فن حرب کے غائر مطالعہ کے بعد اسکے اصول و قواعد مقرر کیے
ایک شخص جسکو اس فن سے خاص مناسبت تھی، اُس نے سالہا سال
تک ان اصول کی پوری تعلیم حاصل کی۔ مدتون ان اصول کے مطابق وہ عملی
مشق کرتا رہا۔ متعدد لڑائیون مین شریک ہوا۔ بہت سے سبق ذاتی تجربہ نے
دیے۔ انتہائی نازک مواقع پر اپنی قابلیت و اہلیت کا ثبوت دیا۔ اسکے صلہ مین
رفتہ رفتہ ترقی کر کے آخر کار فیلڈ مارشل کے مرتبہ تک پہونچا، اب ایک خاص
فوج کی کمان اسکے سپرد ہوئی، تعلیم، تربیت، ذاتی تجربہ سب اُسے حاصل ہے
پورا کام اُسے خود نہین کرنا پڑتا، بلکہ اُسکی اعانت کے لیے بہت بڑا اسٹاف
موجود ہے، جسکا ہر رکن بجائے خود اپنے فرائض کے لیے پوری طرح
تیار ہے، رسد و سامان جنگ کے پہونچانے، دشمن کی نقل و حرکت کی
خبرین لانے، اور اس طرح کی متعدد چیزون کے لیے الگ الگ محکمہ ہائے
ان سب سے اُسکے کام مین سہولت پیدا ہوتی رہتی ہے۔ پھر اس کے گرد
مشیرون کی ایک بڑی جماعت رہتی ہے، اور جو حکم اُسے دینا ہوتا ہے،
اُس مین وہ اُن کے مشورون سے پورا فائدہ اُٹھاتا ہے، اتنے سارے
شرائط کی جامعیت کے بعد وہ ہر سپاہی کو احکام دیتا ہے، اور ہر سپاہی بھی
ایسا ہوتا ہے جو قواعد دانی و دیگر ضروریات حربی کی برسون تعلیم حاصل کر چکا ہے
پس ایسی صورت مین یہ نتیجہ نکلنا بالکل قدرتی ہے، کہ ہر سپاہی اپنے ہم سطح
غیر فوجی مرد کے مقابلہ مین بہتر دل و دماغ کی خصوصیات کا اظہار کرے۔
اس مثال سے اندازہ ہو گیا ہوگا کہ جماعت سے مفید و تعمیری کام

لینے کا اصلی راز اُسکی خوش ترتیبی، باضابطگی، و انتظام مین مضمر ہے، اور جو جماعت
جتنی زیادہ مرتب، منتظم، اور خوگر انضباط ہوگی، اُسی قدر اُس مین اُس کی
صلاحیت موجود ہوگی، برخلاف اسکے جو جماعت جسقدر غیر مرتب، غیر منتظم، اور
ڈسپلن سے گریز کرنے والی ہوگی، اُسی قدر اس کے عقل و اخلاق مین انحطاط
کے آثار پائے جائینگے، اور اُسی قدر اُس مین وہ خصایص افراط کے ساتھ
پائے جائینگے جو نفس اجتماعی مین طبعًا موجود ہوتے ہین، آگ کو اگر بے احتیاطی
سے ہوا دیجائیگی، تو چند منٹ مین وہ گرد و پیش کے جان و مال، بلکہ خود ہوا
دینے والے کو بھی سلامت نہ چھوڑیگی، لیکن اُسی آگ کو قابو مین رکھکر اگر
دانشمندی سے کام لیا جائے، تو معمولی کھانا پکانے کے کام سے لیکر ریل
و جہاز وغیرہ بڑی سی بڑی ایجادات تک کے ذریعہ سے دنیا کی انتہائی راحت
کا سامان بھی اسی سے نکل سکتا ہے۔ زعیم پہلا راستہ اختیار کرتا ہے، اور قاید
دوسرا۔ ان دونون کے اصول و منتہاے مقصود مین قدم قدم پر اختلاف ہوتا
ہے، لیکن دونون مین جو شے ایک حد تک مشترک ہوتی ہے، وہ وسایط
و وسایل ہین، یعنی اثر آفرینی کے جو اصول ابواب گزشتہ مین بیان کیے جا چکے
ہین، (مثلاً تکرار دعاوی، یا ادعاے تحکم) انھین قاید بھی اختیار کرتا ہے اور زعیم بھی
اسلیے بادی النظر مین لوگون کو ان کے درمیان شناخت مین دقت ہوتی ہے
اور دنیا اکثر کچھ عرصہ تک زعیم کو قاید کے مرتبہ پر رکھتی رہتی ہے، لیکن یہ دھوکا
عارضی ہوتا ہے۔ چند روز کے بعد واقعات اپنے چہرہ سے نقاب اُلٹ دیتے
ہین، اور اُسوقت بڑے سے بڑے متعصب کو بھی نور و ظلمت مین فرق

نظر آنے لگتا ہے۔ یہ دن جلد آئے یا بدیر، مگر آنا ضرور ہے، اور زعیمون کو اس روز سے ڈرنا چاہیے، لیکن اسکے لیے انجام بینی کی ضرورت ہے، اور انجام بینی زعیمون مین شاذونادر ہی ہوتی ہے۔

---

صفحات بالا مین مختلف مواقع پر الفاظ "مستقل" و "دائمی" مستعمل ہوے ہین، امید ہے کہ ناظرین نے اس سلسلہ مین اس نکتہ کو ہرگز نہ فراموش کیا ہوگا کہ یہ الفاظ محض اضافی حیثیت سے استعمال کیے گئے ہین، ورنہ حقیقی معنی مین دنیا کی کوئی شے مستقل و پایدار نہین کہی جاسکتی، اور قیادت کی بڑی سے بڑی ہی قوت بھی فطرت کے عالمگیر قانون فنا و اجل کے سامنے بے بس ہے حکومتین و سلطنتین، شائستگی و تمدن، مذاہب فلسفہ و نظریات سائنس، لٹریچر ادب و کمالات شعر، ادیان و شرائع ان مین سے کون شے ایسی ہے جسے بقا و ثبات حاصل ہے؟ نادانون کو اس پر ناز ہے، کہ ادھر دو چار ہزار سال کی تاریخ علوم، تاریخ مذہب و تاریخ تمدن، زمانہ کی دستبرد سے ابتک محفوظ ہے، لیکن وقت کا وہ بے پایان و غیر محدود سمندر، جو ازل سے ابد تک روان ہے، اُسکے سامنے چند ہزار سال کی مدت، ایک حقیر قطرہ کے برابر بھی تو وقعت نہین رکھتی۔ پس قایدون کی کوششین، خواہ کتنی ہی سرگرمی و خلوص نیت سے کیجائین بالآخر فنا و معدومیت ہی پر ختم ہونے والی ہین۔ یہ اور بات ہے، کہ کوئی تحریک چند گھنٹہ زندہ رہتی ہے، اور کوئی چند سو یا چند ہزار سال تک۔ لیکن بے ثباتی و بے حقیقتی کی جانب جاؤ، تو یہ اور وہ دونون مساوی ہین۔ اور فنا

واجل وہ انجام ہے، جس سے کسی ہستی کو، خواہ ذی حیات ہو، خواہ غیر ذی حیات، کسی حالت مین مفر نہین۔ فقط

---

# فرہنگ مصطلحات

ضمیمۂ " فلسفۂ جذبات " میں نفسیات کی مصطلحات کی کسی قدر تفصیلی فہرست دی جاچکی ہے — یہاں وہ مصطلحات درج کئے جاتے ہیں' جو یا تو بالکل نئے ہیں' اور یا ایسے ہیں' کہ گو ضمیمۂ " فلسفۂ جذبات " میں آچکے ہیں' تاہم اُنکا سمجھہ لینا کتاب ہذا کے مطالب کے ذہن نشین ہونے کے لئے اسقدر ضروري ہے' کہ انکی تصریح کسی دوسری کتاب کے حوالہ پر ملتوی نہیں رکھی جاسکتی —

| شمار | انگریزی اصطلاح | اُردو اصطلاح | تصریح |
|---|---|---|---|
| ۱ | Brain. | دماغ | |
| ۲ | Cognition. | وقوف | |
| ۳ | Cognitive. | وقوفی | |
| ۴ | Collective Mind. | نفس اجتماعی | |
| ۵ | Conciousness. | شعور | |
| ۶ | Concious. | (۱) شاعرہ<br>(۲) شعوری | |
| ۷ | Crowd. | اجتماع | |
| ۸ | Crowd Mentality. | نفس اجتماعی | |
| ۹ | Demogogue. | زعیم | |
| ۱۰ | Dogmatism. | (۱) ادعا<br>(۲) تحکم | |
| ۱۱ | Emotion. | جذبہ | |
| ۱۲ | Emotional. | جذبی | |
| ۱۳ | Fealing. | احساس | |
| ۱۴ | Imagination. | (۱) تخئیل<br>(۲) متخیلہ | |
| ۱۵ | Impulse. | تہیج | |
| ۱۶ | Instinct. | جبلت | |
| ۱۷ | Instinctive. | جبلی | |
| ۱۸ | Leader. | قاید | |
| ۱۹ | Leadership. | قیادت | |

| تصریح | اُردو اصطلاح | انگریزی اصطلاح | شمار |
|---|---|---|---|
| | (۱) نفسی<br>(۲) ذهنی | Mental. | ۲۰ |
| | ذهنیت | Mentality. | ۲۱ |
| | (۱) نفس<br>(۲) ذهن | Mind. | ۲۲ |
| نخاع کا وہ حصه جو گردن کے بالائی حصه میں پہنچکر کسی قدر چوڑا هو جاتا هے | نخاع مستطیل | Medulla Oblangata. | ۲۳ |
| | نخاعی | Medullar. | ۲۴ |
| | شخصیت | Personality. | ۲۵ |
| اثر، اقتدار، نفوذ، رعب یا دهاک | سطوت | Prestige. | ۲۶ |
| کسی شے کو بار بار دهرانا | تکرار | Repetition. | ۲۷ |
| | نخاع | Spinal Cord. | ۲۸ |
| | مہیج | Stimulus. | ۲۹ |
| | (۱) نیم شعوری<br>(۲) نیم شاعرہ | Sub-Concious. | ۳۰ |
| | (۱) نیم شعوریت<br>(۲) شعور خفی<br>(۳) تحت الشعور | Sub-Conciousness. | ۳۱ |
| | اثر آفرینی | Suggestion. | ۳۲ |
| | اثر پذیری | Suggestibility. | ۳۳ |
| | (۱) لا شعوری<br>(۲) غیر شاعرہ | Unconcious. | ۳۴ |
| | ارادہ | Volition. | ۳۵ |
| | فعل ارادی | Voluntary Action. | ۳۶ |
| | ارادہ | Will. | ۳۷ |

N. K. Press, Lucknow—No. 766 of 1915.

# غلط نامہ فلسفۂ اجتماع

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|
| الف | ۷ | رنجش | رنجش، |
| ۵۴ | ۱۲ | جس | حسّ |
| ۶۸ | ۱۱ | دقیق تعلیل | دقیق تحلیل |
| ۷۹ | ۱۹ | ٹائم | قائم |
| ایضاً | ایضاً | بشری مین | بشری کی |
| ″ | ″ | اسرارشناسی کی | اسرارشناسی مین |
| ۸۹ | ۵ | ہم ذیل کا | ذیل کا |
| ایضاً | ۱۴ | ہیبت | ہیئت |
| ″ | ۱۹ | (بیالوجی) | (بیالوجی) کے |
| ۹۳ | ۸ | کہ یہ خبرین | یہ خبرین |
| ایضاً | ۱۰ | ھنسٹربرگ | منسٹربرگ |
| ۱۰۳ | ۱۱ | حاوی | عادی |
| ۱۰۴ | ۸ | بلکہ اس مین | اس مین |
| ۱۰۶ | ۱۸ | یادگار ہین | یادگار ین |
| ۱۲۱ | ۳ | لیکن اُن مین | لیکن ان مین |

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
| --- | --- | --- | --- |
| ایضاً | ۹ | الارادہ قنّیان | الارادہ عینیاں |
| ۱۲۴ | ۳ | اُسی سطوت | اِسی سطوت |
| ۱۲۸ | ۶ | کی بان | لی بان |
| ۱۳۴ | ۱۶ | ترسول قران | نزول قران |
| ۱۴۴ | ۵ | مرغوب کن | مرعوب کن |
| ۱۴۴ | ۸ | ایک بلکہ وہی | ایک ملکہ وہبی |
| ایضاً | ۱۲ | اسقدر تو | اسقدر |
| ۱۴۷ | ۵ | نہایت اراط | نہایت افراط |
| ایضاً | ۷ | پیغمبر جو | پیغمبر پر جب |
| ۱۵۰ | + | + | صفحہ ۱۴۶ کا فٹ نوٹ ہونا چاہیے |
| ۲۰۶ | ۱۴ | باعث تو یہ ہے | باعث کچھ تو یہ ہے |

# مطبوعات انجمن ترقی اُردو

## سلسلۂ جدید

(۱) **فلسفۂ جذبات** (مصنفۂ مسٹر عبد الماجد بی اے)۔ علم النفس پر اُردو میں سب سے پہلی کتاب۔ قیمت عمہ و عہ

(۲) **مقدمات الطبیعات** (مولفۂ مرزا مہدی خاں کوکب ایم۔ آر۔ ایس۔ ایم۔ آر۔ اے۔ ایس۔ ای، ایف۔ جی۔ ایس سابق ناظم محکمۂ مردم شماری ریاست حیدرآباد دکن) علوم طبعیہ کے لیے یہ کتاب بہترین دیباچہ ہے۔ قیمت عہ و عمہ

(۳) **البیرونی** (مصنفۂ مسٹر سید حسن برنی بی اے (علیگ)۔ علامۂ ابوریحان بیرونی کی سوانحعمری ہے۔ قیمت عمہ

(۴) **فلسفۂ اجتماع** (مصنفۂ مسٹر عبد الماجد بی اے)
قیمت عمہ و عہ

اور سابق کی مطبوعات کے لیے مفصل فہرست
عند الطلب روانہ ہوگی

ملنے کا پتہ: دار الاشاعت انجمن ترقی اردو۔ کٹرۂ سید حسین خان۔ چوک۔ لکھنؤ

[library stamp, illegible]